Yaane "*Do (2) rakat witr ke baad baeth kar adaa farmaai jaati thee'n, lihaaza isha ki sunnat ko un terah (13) rakato'n mein shaamil karne ka matlab ye hoga ke witr ke baad bhi isha ki sunnat padhna durust hai … alakh*". (Al-Adad as-Sahih: P26-27)

Arz hai ke Maulana Tahir Gyaawi Saahab ne daawa to ye kiya hai ke unki pesh-karda hadees mein sunnat-e-fajr ke alaawa terah (13) ka bayan hai, jabke unki pesh-karda hadees mein sunnat-e-fajr ke alaawa sirf gyaara (11) rakat hi ka bayan hai jinhe'n koi bhi gin kar dekh le. Lihaaza us riwayat mein sunnat-e-isha ko shaamil karne ka sawaal hi paida nahi hota.

Yaad rah eke jis sahih riwayat mein witr ke baad baeth kar do (2) rakat padhne ka zikr hai, is mein un do (2) rakat se qabl padhi jaane waali rakat ki taadaad nau (9) se ziyaada nahi hai. Dar-asl Allah ke Nabi ﷺ ne jis waqt shuru mein kuch rakat kam padhe'n to usi waqt witr ke baad baith kar do (2) rakat adaa kee'n jo shuru mein kam ki gai namaz ki badal thee'n.

Imam Tahawi ؒ (d 321h) farmate hain:

يحتمل أن يكون على صلاته بعد ما بدن، فيكون ذلك على إحدى عشرة منها تسع فيها الوتر وركعتان بعدهما وهو جالس.

"*Is baat ka ehtemaal hai ke witr ke baad baith kar padhi jaane waali do (2) rakat aap ne jaseem*[1] *hone ke baad adaa ki ho'n, is tarah kul taadaad gyaara (11) rakat hi hoti hain, jin mein se nau (9) witr hongi aur do (2)*

[1] T: (جَسِيم) Dabeez jism waala, well built, having large physique [RKT]

uske baad baith kar padhi jaane waali namaz hongi". (Sharh Maani al-Aasaar: V1 P283 [P: An-Najjaar])

Ye bhi mumkin hai ke jin riwayat mein witr ke baad baith kar do (2) rakat padhne ka zikr hai un mein asal raat ki namaz Nabi-e-Akram ﷺ ne gyaara (11) se kam hi padhi ho aur phir aakhir mein baith kar jo do (2) rakat padhi. Ye asal salaat al-lail ka hissa na ho, balke bataur ikhtitamiya adaa kiya ho, jaise farz ki asal namaz ke baad sunnat-e-muwakkada bataur-e-ikhtitaamiya padhi jaati hai.

Behrehaal ye kaifiyat batlaane waali riwayaat mein rakat ki majmooi taadaad gyaara (11) rakat se ziyaada nahi batlaati gai, lihaaza un do (2) rakat ko asal salaat ul-lail ka hissa maane'n ya bataur-e-ikhtitamiya alag namaz maane'n, behr-e-soorat usse gyaara (11) se ziyaada rakat ka isbaat nahi hota.

Mazeed ye ke jis riwayat mein sunnat-e-isha ki shumooliyat ki baat kahi jaati hai, wo ibtidaai do (2) rakat ke liye kahi jaati hai na ke ikhtitaami rakat ke liye, Maulana Tahir Gyaawi Saahab ne na-maaloom kaise samajh liya ke ikhtitaami rakat ko sunnat-e-isha batlaya ja raha hai.

Maulana Tahir Gyaawi Saahab likhte hain: "*Hazrat Ayesha* رضي الله عنها *se irwayat maujood hai*"

كان إذا فاتته الصلاة من الليل من وجع، أو غيره، صلى من النهار ثنتي عشرة ركعة.

"*Aap* ﷺ *se kisi takleef waghaera ki wajah se raat ki namaz reh jaati thi to aap din mein baarah (12) rakat qaza ke aur par padha karte the*". (Sahih Muslim: V1 P256)

Aage likhte hain: "*Isse azhar-min-ash-shams ho gaya ke raat ki baara (12) rakat mein har waqt sunnat-e-isha ya sunnat-e-fajr shaamil nahi hoti thi*". (Al-Adad as-Sahih: P27-28)

Tahir Gyaawi Saahab ye kehna chaahte hain ke qaza sirf khaalis raat waali namaz ki hoti thi jis mein sunnat-e-isha ya sunnat-e-fajr shaamil nahi hai aur yahan qaza mein baara (12) rakat ka zikr hai, jisse pata chalta hai ke khaalis namaz bhi gyaara (11) se zaaed yaane baara (12) rakat hai.

Jawaaban arz hai: Ye qaza asal gyaara (11) rakat hi ki hoti thi, lekin choonke ye qaza din mein hoti thi aur din mein witr nahi hai. Is liye Nabi-e-Akram ﷺ un gyaara (11) rakat mein ek (1) rakat mazeed shaamil karke use juft[1] bana lete the. Ye ek rakat din ki wajah se izaafi hoti thi. Jiski raat waali namaz se koi taalluq nahi hai, warna Tahir Gyaawi Saahab batlaae'n ke Nabi-e-Akram ﷺ ne kya witr waali rakat ki qaza nahi ki? Yaane agar raat waali namaz terah (13) rakat thi aur usi ki qaza ki gai to terah (13) ki qaza baara (12) se kaise ho sakti hai?

Saaf baat hai ke raat ki namaz gyaara (11) rakat hi ki thi aur Allah ke Nabi ﷺ ne mukammal gyaara (11) rakat ki qaza ki hai, lekin din ki wajah se mazeed ek (1) zaaed rakat shaamil karke use juft bana liya hai.

Neez uski wazaahat Sahih Muslim ki us mufassal hadees se bhi hoti hai jis mein Hazrat Ayesha رضی اللہ عنہا ne ye qaza waali baat kehne se qabl raat ki namaz ki taadaad batlaate hue kaha: '... فتلك إحدى عشرة ركعة ...' "*To (Nabi ﷺ ki raat ki namaz mein) ye kul gyaara (11) rakat hoti thee'n*". (Sahih Muslim: V2 P513 H746)

Ye kehne ke baad Hazrat Ayesha رضی اللہ عنہا ne bayan kiya ke jab raat mein Nabi ﷺ ki namaz choot jaati thi, yaane ye gyaara (11) rakat choot jaati thee'n to Aap ﷺ din mein unki qaza karte to baara (12) rakat padhte. Yaane aslan gyaara (11) rakat hi ki qaza karte aur din ki wajah se ek (1) zaaed rakat shaamil karke use juft bana lete.

Baaz ahle ilm se ye bhi manqool hai ke qaza waali baara (12) rakat mein raat ke hisse ki namaz aath (8) rakat hoti thee'n aur baaqi chaar (4) rakat chaasht ki hoti thee'n.

Allama Obaidullah Rahmani Mubarakpuri رحمۃ اللہ علیہ likhte hain:

قيل: ثمان منها صلاة الليل، وأربع صلاة الضحى.

"*Ye bhi kaha gaya hai ke qaza waali namaz aath (8) rakat hoti thee'n aur chaar (4) rakat chaasht ki hoti thee'n*". (Mir-aat al-Mafateeh: V2 P266)

Behrehaal Tahir Gyaawi Saahab ka is qiza waali hadees se ye kehna

[1] T: (جُفْت) Joda, har shae jo do (2) ho'n [RKT]

saabit nahi hota ke Nabi-e-Akram ﷺ raat ki namaz mein sunnat-e-isha ya sunnat-e-fajr ke alaawa bhi gyaara (11) se zaaed rakat padhte the.

Latifa: Qaraeen! Ek (1) taraf ahnaaf ka maamla to ye hai ke taraweeh se mutaalliq Hadees-e-Ayesha رضی اللہ عنہا ki baaz riwayaat mein sunnat-e-isha ki shumooliyat na-qaabil-e-faham hai aur doosri taraf khud ka haal ye hai ke taraweeh se mutaalliq ek aisi hadees se istidlaal kar daala jo mauzoo-o-manghadat to thi hi, saath hi unke mudda-a[1] ke bhi khilaaf thi, kyounke us mein witr samet kul sataees (27) rakat ka zikr hai. (Isi kitaab ka safha: 339 dekhe'n[2])

Ab yahan teen (3) witr nikaal de'n to kul chaubees (24) rakat hoti hain, na ke bees (20), yaane chaar (4) rakat mazeed reh jaati hain! Ab masla ye tha ke un chaar (4) ka kya kare'n? Soorat-e-haal aisi hai ke yahan sunnat-e-isha ki baat bhi nahi chal sakti. Kyounke isha ki sunnat sirf do (2) rakat hai aur kul chaar (4) rakat ki khapat[3] darkaar hai

Us naazuk soorat-e-haal mein hal ye nikaala gaya ke chaar (4) rakat isha ki farz rakat thee'n, jinhe'n raawi ne taraweeh ki rakat mein shaamil karke bayan kar diya.

ناطقہ سر بہ گریباں ہے اسے کیا کہیے![4]

Kahan doosro'n ki mustadal[5] riwayat mein sunnat-e-isha ki shumooliyat bhi na-qaabil-e-hazam thi aur kahan apni mustadal riwayat mein isha ki farz rakat bhi sama gaee'n!!

Note: Raat ki namaz mein sunnat-e-isha ki shumooliyat se mutaalliq Hadees-e-Ayesha رضی اللہ عنہا ke hawaale se Tahir Gyaawi Saahab ke jo eterazaat the, unke jawabaat yahan darj kar diye gae hain, mausoof ne deegar Sahaba ki riwayaat mein sunnat-e-isha ki shumooliyat par jo eterazaat kiye hain, unke jawabaat un ahadees ke bayan ke saath pesh kiye jaaenge.

---

[1] T: (مُدَّعا) Maqsood, maqsad, gharz [RKT]
[2] T: Ye Urdu pdf ka page number hai [RSB]
[3] T: (کَھپَت) Talab, istemaal, lag jaana, kaam se lagna [RKT]
[4] T: Iska mafhoom hai: Zabaan bhi girebaan mein chupi hui hai, yaane izhaar ki taaqat bhi khatm ho gai hai aur use kya kaha jaae [RSB]
[5] T: (مُستَدَل) Jis par daleel pesh ki gai ho, jo saabit ho, suboot ko pohoncha hua, mudallal [RKT]

Hadees-e-Ayesha ؓ Ki Ek Riwayat Mein Baad Ke Raawi Ki Taraf Se Sunnat-e-Isha Ko Shumaar Karne Waali Riwayat:

Imam Bukhari ؒ (d 256h) farmate hain:

حدثنا عبد الله بن يوسف، قال: أخبرنا مالك، عن هشام ابن عروة، عن أبيه ، عن عائشة رضى الله عنها، قالت: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي بالليل ثلاث عشرة ركعة، ثم يصلي إذا سمع النداء بالصبح ركعتين خفيفتين.

"*Ham se Abdullah bin Yusuf Tunisi ne bayan kiya, unho'n ne kaha ke hame'n Imam Maalik ؒ ne khabar deen-e-islaam, unhe'n Hisham bin Urwa ne, unhe'n unke waalid (Urwa bin Zubair) ne aur unhe'n Ayesha Siddiqa ؓ ne ke Rasool Allah ﷺ raat mein terah (13) rakat padhte the. Phir jab subh ki azaan sunte to do (2) halki rakat (sunnat-e-fajr) padh lete*". (Sahih Bukhari: V2 P57 H1170)

Is hadees mein terah (13) rakat ke baad alag se fajr ki do (2) rakat-e-sunnat ka bhi zikr hai jisse maaloom hota hai ke shuru ki terah (13) rakat mein sunnat-e-isha ko bhi shaamil karke bayan kiya gaya hai. Lekin is riwayat mein sunnat-e-isha ka izaafa Hazrat Ayesha ؓ ki taraf se hargiz nahi, balke is hadees ke raawi Hisham bin Urwa ki taraf se hai, kyounke Hazrat Ayesha ؓ ne Urwa ne ye hadees naql ki hai aur Urwa ke tamaam talaamiza ne muttafaqa taur hi riwayat kiy ahai ke Hazrat Ayesha ؓ ne sunnat-e-fajr ko bhi shaamil karke terah (13) rakat bayan ki hain. Masalan:

- Urwa ke shaagird Imam Zohri. (Sahih Bukhari: H6310)
- Urwa ke shaagird Araak bin Maalik. (Sahih Muslim: H737)
- Urwa ke shaagird Muhammad bin Jaafar bin az-Zubair. (Abu Dawood: H1359 [Sanad Sahih] Ibne Ishaq ne simaa ka zikr kiya hai dekhiye: Musnad Ahmad: V6 P275)

In tamaam shagirdo'n ne Hazrat Ayesha ؓ se Urwa ki riwayat-karda hadees mein yehi bayan kiya hai ke Hazrat Ayesha ؓ ne sunnat-e-fajr ko shaamil karke terah (13) rakat ka zikr kiya hai, balke ek riwayat mein khud Hisham ne aisa hi riwayat kiya hai jiske alfaaz hain:

يصلي من اليل ثلاث عشرة ركعة بركعتيه بعد الفجر قبل الصبح.

Yaane "*Nabi ﷺ sunnat-e-fajr ke saath raat ki terah (13) rakat padhte the*". (Musnad Ahmad: V6 P275 [Sanad Sahih] P: Al Maimaaniya)

Is tafseel se saaf maaloom hota hai ke Hazrat Ayesha رضی اللہ عنہا se Urwa ne jo hadees riwayat ki hai, us mein bhi Hazrat Ayesha رضی اللہ عنہا ne sunnat-e-fajr ko mila kar terah (13) rakat bayan kiya hai, lekin Urwa ke ek shaagird Hisham ne baaz dafa sunnat-e-fajr ko alag se bayan kar diya aur sunnat-e-isha ko shaamil karke terah (13) rakat alag se bayan kiya.

Agar ye taujeeh na maani jaae to phir Hisham ki mazkoora riwayat ek jamat ke khilaaf, balke khud unki hi doosri riwayat ke khilaaf hone ke sabab marjooh[1] hogi aur yehi baat Allama Albani رحمہ اللہ ne kahi hai. (Tamaam al-Minnah: P250)

Lekin hamari nazar mein munaasib taujeeh yehi hai ke Hisham ke munfarid bayan ko is baat par mahmool kiya jaae ke unho'n ne us mein sunnat-e-isha ko bhi shaamil karke bayan kiya hai.

Bataur-e-faaeda arz hai ke ahd-e-farooqi mein gyaara (11) rakat-e-taraweeh se mutaalliq Muhammad bin Yusuf ki riwayat mein Imam Malik samet che (6) ruwaat ne gyaara (11) ki taadaad bayan ki hai, lekin sirf Muhammad bin Ishaq ne terah (13) rakat bayan ki hain. Muhammad bin Ishaq ki us riwayat ke baare mein Allama Nemwi Hanafi ne ye taujeeh pesh ki hai ke unho'n ne sunnat-e-isha ko bhi shumaar kar liya hai, jaisa kea age uska tazkira hoga.

Ek (1) Zaeef Riwayat:

Abu Jaafar Tahawi رحمہ اللہ (d 321h) farmate hain:

حدثنا بكار، قال: ثنا أبو داود، قال: ثنا أبو حرة، عن الحسن، عن سعد بن هشام الأنصاري أنه سأل عائشة رضى الله عنها عن صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم بالليل، فقالت: كان يصلي العشاء ثم يتجوز بركعتين، وقد أعد سواكه وطهوره فيبعثه الله لما شاء أن يبعثه، فيتسوك، ويتوضأ، ثم يصلي ركعتين، ثم يقوم فيصلي ثمان ركعات يسوي بينهن في القراءة، ثم يوتر بالتاسعة.

[1] T: (مَرجُوح) Kamzor, maghloob, defeated [RKT]

"*Hazrat Ayesha ﷺ farmati hain ke Aap ﷺ isha ki namaz padhte, phir do (2) halki riwat padhte aur main aap ki miswaak aur wazu ka paani taiyaar rakhti, phir Allah ki taufeeq se bedaar hote aur miswaak aur wazu karte, phir khade ho kar do (2) rakat namaz adaa karte, phir khade ho kar aath (8) rakat padhte, sab mein masaawi qirat karte, phir nawee'n rakat se witr padhte*". (Sharh Maani al-Aasaar: V1 P280 [P: An-Najjaar])

Is riwayat ke matn mein ikhtilaaf hai aur iski sanad zaeef hai. Agar shawaahid ki raushni mein ise taqwiyat di jaae to tatbeeq ki gunjaaish tasleem ki jaae to uska yehi matn mehfooz qaraar paaega.

Is riwayat ke ibtidaai hisse par ghaur kare'n jis mein saraahat hai ke Hazrat Ayesha ﷺ ne isha ke fauran baad do (2) rakat ka zikr kiya hai jo waazeh daleel hai ke ye sunnat-e-isha hi thi, uske baad aage kul gyaara (11) rakat ka zikr hai, yaane sunnat-e-isha ko bhi shaamil karke majmooi rakat terah (13) hoti hain.

Is tarah ye riwayat saaf daleel hai ke Hazrat Ayesha ﷺ kabhi-kabhi sunnat-e-isha ko bhi shaamil karke rakat ki taadaad batlaati thee'n.

Allama Albani ﷺ ne is riwayat ki sanad ko sahiah kaha hai. (Salaat at-Taraweeh: P102) Lekin hamari nazar mein ye riwayat is sanad se zaeef hai, kyounke is mein Hasan Basri se riwayat karne waale Waasil bin Abdur Rahman, Abu Hira haina ur ye Abu Hira jab Hasan Basri se riwayat karte the to tadlees karte the. (Taqreeb-ut-Tehzeeb li-Ibne Hajar: #7385; Mojam al-Mudalliseen: P488)

(Ba) 'ب' Iztiraab Ki Doosri Daleel, Namaz Ki Kaifiyat Mein Ikhtilaaf:

Ahnaaf iztiraab saabit karne ke liye doosri baat ye pesh karte hain ke Hazrat Ayesha ﷺ ki deegar ahadees mein namaz ki alag kaifiyaat mazkoor hain.

Jawaaban arz hai ke isse iztiraab hargiz saabit nahi hota, kyounke Sahih Bukhari waali hadees mein Hazrat Ayesha ﷺ ne kaifiyat ko hasr ke saath bayan nahi kiya, yaane ye hargiz nahi kaha hai ke Nabi-e-Akram ﷺ sirf ek hi kaifiyat mein namaz padhte the, balke hasr sirf rakat ki aksar taadaad mein bayan kiya hai aur Alhamdulillah us hasr ke khilaaf koi

baat maujood nahi hai.

Baaqi rahi rakat ki kam-az-kam taadaad ya kaifiyaat mein ikhtilaaf to Hazrat Ayesha ؓ ne us mein hasr bayan nahi kiya, lihaaza ye saari kaifiyaat saabit hain aur sab par amal karna masnoon hai.

Khulaasa-e-kalaam ye hai ke Hazrat Ayesha ؓ ne rakat ki aksar taadaad mein jo hasr bayan kiya hai, wo gyaara ki taadaad hai aur ye baat qatai taur par saabit hai.

Yaad rahe ke Hazrat Ayesha ؓ ke baare mein Abdullah bin Abbas ؓ ne kaha hai:

أعلم أهل الأرض بوتر رسول الله صلى الله عليه وسلم.

"*Roo-e-zameen par Hazrat Ayesha ؓ se ziyaada Rasool-e-Akram ﷺ ki namaz-e-witr (raat ki namaz) ke baare mein koi doosra nahi jaanta tha*".
(Sahih Muslim: V2 P513, 746)

Note: Baaz Hazraat Hadees-e-Ayesha ؓ mein iztiraab saabit karne ke liye deegar Sahaba ki riwayaat bhi pesh karte hain jin mein alag-alag taadaad marwi hai. Arz hai ke usse Hadees-e-Ayesha ؓ par koi asar nahi padta, kyounke Hadees-e-Ayesha ؓ ka iztiraab tab saabit hoga jab usi hadees mein ruwaat ka qaadeh ikhtilaaf saabit kar diya jaae, lekin aisa bilkul nahi hai jaisa ke tafseel pesh ki ja chuki hai. Alaawa-baree'n deegar Sahaba ki riwayaat bhi Hadees-e-Ayesha ؓ ke khilaaf nahi, us par mufassal bahes agle eteraaz ke jawaab mein aarahi hai.

Kya Kisi Mohaddis Ne Hadees-e-Ayesha ؓ Ko Muztarib Kaha Hai?

Haqiqat ye hai ke Hadees-e-Ayesha ؓ ko kisi bhi siqa mohaddis ne muztarib nahi kaha, balke ye ba-ijma-e-ummat sahih-o-saabit hai, lekin baaz log ghair-mutaalliq hawaale pesh karke awaam ko tashweesh mein daalte hain, is liye un hawaalo'n ki haqiqat bhi ham waazeh karte hain.

Imam Abu al-Abbas Ahmad bin Umar al-Qurtabi ؒ (d 656h) farmate hain:

وقد أشكلت هذه الأحاديث على كثير من العلماء، حتى إن بعضهم نسبوا حديث عائشة رضى الله عنها في صلاة

الليل إلى الاضطراب، وهذا إنما كان يصح لو كان الراوي عنها واحدًا، أو أخبرت عن وقت واحد.

"*Ye ahadees bahut se ulama ko baais-e-ishkaal lagee'n, hatta ke baaz ne raat ki namaz se mutaalliq Hadees-e-Ayesha ﷺ ko iztiraab par mahmool kiya hai aur ye baat tab durust hoti jab Hazrat Ayesha ﷺ se ek (1) hi raawi ne ye saari taadaad naql ki hoti, ya Hazrat Ayesha ﷺ ne ek hi waqt se mutaalliq ye alag-alag baate'n batlaai hotee'n*". (Al Mufhim Limaa Ashkal Min Talkhees Kitaab Muslim: V2 P367)

Imam Abu al-Abbas Qurtabi ka yehi wo kalaam hai jise baad ke kai ahle ilm ne naql kiya hai, is kalaam mein teen (3) baate'n madde nazar rakhni chaahiye'n:

❶ Is kalaam mein iztiraab ka jo ilzaam hai wo Hazrat Ayesha ﷺ par hi lagaya gaya hai, yaane Hazrat Ayesha ﷺ se neeche kisi raawi ka koi qusoor nahi, balke ye kotaahi nauzubillah Hazrat Ayesha ﷺ ki taraf se hui hai ke wo theek tarah se taadaad bayan nahi kar sakee'n.

Zaahir hai wo fanni naqd nahi hai jise usool-e-hadees mein iztiraab ke naam se jaana jaata hai, kyounke usool-e-hadees mein iztiraab ki bahes sahaabi ke baad ke ruwaat ke ikhtilaaf ko le kar hoti hai.

❷ Ye iztiraab waali jarh Imam Abu al-Abbas Qurtabi رحمه الله ki apni baat nahi, balke kisi majhool shakhs ki baat hai jise Imam Qurtabi ne mahez naql kiya hai, is liye baaz ahnaaf ka use Imam Qurtabi ki jarh qaraar dena mahez ghalat-bayaani hai. Lihaaza is majhool-o-gumnaam shakhs ki ghair-usooli aur be-daleel baat ka koi etebaar hi nahi.

❸ Imam Abu al-Abbas Qurtabi ne us majhool shakhs ki baat naql karke uski sakhti se tardeed kardi hai. Chunache saaf likha hai ke ye ilzaam us waqt durust hota jab ye ikhtilaaf baad ke ruwaat ki taraf se hota, yaane fanni etebaar se is kalaam ki gunjaaish tab hoti jab Hazrat Ayesha ﷺ se neeche ke ruwat ki taraf ikhtilaaf hota, kyounke usool-e-hadees mein usi shakl mein iztiraab ke kalaam ki gunjaaish hoti hai.

Uske baad farmaya ke Hazrat Ayesha ﷺ par bhi us ilzaam ki gunjaaish tab hoti jab Hazrat Ayesha ﷺ ne kisi ek hi waqt se mutaalliq alag-alag haalat bayan ki hoti hai, jab ke aisa nahi hai.

Imam Abu al-Abbas Qurtabi ke usi kalaam ko Haafiz Ibne Hajar, Allama Shaukani aur Allama Ameer Yamani ne bhi naql kiya to baaz nadaano'n ne un naaqileen ko bhi qaaileen-e-iztiraab bana kar pesh kar diya 'إنا للّٰه'.

Halaanke un naaqileen mein koi bhi iztiraab ka qaail nahi, balke har-ek ne majhool shakhs ki baat ko naql karne ke saath-saath uski tardeed bhi naql ki hai.

Tambeeh: Haafiz Zuhoor Ahmad al-Hussaini Saahab farmate hain: "*Maulana Irshad-ul-Haq Asri Saahab ghair-muqallid likhte hain: Allama Qurtabi fiqa maaliki ke musallama imam hain, unke kalaam ko bila-daleel radd karna bhi bahut badi jasaarat hai*". (Tauzeeh-ul-Kalaam: V1 P65; Rakaat-e-Taraweeh - Ek (1) Tehqiqi Jaaeza: P203)

Arz hai ke awwal to us qaul ka pas-e-manzar ye hai ke yahan Imam Qurtubi, jo fiqa maaliki ke imam hain, unho'n ne Imam Maalik ka ek (1) qaul naql kiya hai, lihaaza us naql ke baare mein mazkoora-baala baat kahi gai hai, yaane fiqa maaliki ka ek (1) musallama imam apne matboo[1] Imam hi se ek (1) baat naql kar raha hai, lihaaza use bila-daleel radd karna bahut badi jasaarat hai.

Doosra ye ke ye tafseer waale Imam Qurtabi hain jin ka naam Abu Abdullah Muhammad bin Ahmad bin Abi Bakr bin Farah al-Ansari al-Khazraji Shamsuddin al-Qurtabi (d 671h) hai. Jabke Hadees-e-Ayesha رضی اللہ عنہا se mutaalliq jin ke kalaam par baat ho rahi hai, wo Sahih Muslim ke shaareh[2] hain aur unka naam Abu al-Abbas Ahmad bin Abi Hafs Umar bin Ibrahim al-Haafiz al-Ansari al-Qurtabi (d 656h) hai. Haafiz Zuhoor Ahmad Saahab ne ghaliban jaldbaazi mein un dono ko ek (1) samajh liya hai!!

Maulana Tahir Gyaawi Saahab ne Imam Suyuti ki taraf iztiraab waali ek (1) ibaarat mansoob ki hai aur hawaala Imam Suyuti ki kitab 'Tanweer al-Hawaalik' ka diya hai. (Ahsan at-Tanqeeh: P332)

Arz hai ke Tanweer al-Hawaalik ke jitne nuskho'n tak hamari rasaai ho saki, kisi mein bhi ye ibaarat hame'n nahi mili, usi ibaarat ko Tahir

[1] T: (مَتْبُوع) Jiski paerawi ki jaae, peshwa, haakim, sardaar [RKT]
[2] T: (شارح) Shaareh ki jamaa, sharah likhne waala, tafseel se bayaan karne waala [RKT]

Gyaawi Saahab ne apni ek doosri kitab mein Imam Suyuti ki kitab Tanweer al-Hawaalik ki taraf mansoob karne ke saath-saath Allama Aeni ki Umdatul-Qaari ka bhi hawaala diya hai. (Al-Adad as-Sahih: P19) Ye ibaarat Umdatul-Qaari mein isi tarah maujood hai:

وقال ابن عبد البر: وأهل العلم يقولون: إن الاضطراب عنها في الحج والرضاع وصلاة النبي صلى الله عليه وسلم بالليل وقصر صلاة المسافر لم يأت ذلك إلا منها، لأن الرواة عنها حفاظ، وكأنها أخبرت بذلك في أوقات متعددة وأحوال مختلفة.

"*Imam Ibne Abdul Bar* رحمه الله *ne kaha: Ahle Ilm kehte hain ke Hajj, Razaa-at*[1]*, raat mein Nabi* ﷺ *ki namaz aur musaafir ki namaz-e-qasr se mutaalliq Hazrat Ayesha* رضي الله عنها *ki ahadees mein jo iztiraab hai, wo Hazrat Ayesha* رضي الله عنها *hi ki taraf se hai, kyounke unse naql karne waale ruwaat huffaaz hain aur zaahir ye hai ke Hazrat Ayesha* رضي الله عنها *ne mutaaddid auqaat aur mukhtalif haalaat ke lihaaz se alag-alag tarah ki baate'n naql ki hain*". (Umdatul-Qaari Sharah Sahih Bukhari: V7 P187)

Is hawaale se saaf zaahir ho gaya ke ye ibaarat Imam Suyutu ki hargiz nahi hai, balke Imam Ibne Abdul Bar ki hai aur Imam Ibne Abdul Bar ne bhi baaz na-maaloom logo'n ke hawaale se ye baat naql ki hai, bhala uska kya etebaar ho sakta hai!

Mazeed ye ke Imam Ibne Abdul Bar رحمه الله ne ye baat naql karke aakhir mein uski tardeed kardi hai aur Hazrat Ayesha رضي الله عنها ki ahadees ko alag-alag auqaat-o-haalaat par mahmool kiya hai.

Isse waazeh ho gaya ke Imam Suyuti ki taraf iztiraab ki jarh ki nisbat yaksar ghalat hai, balke Imam Suyutu ki jis kitab ki taraf Gyaawi Saahab ne iztiraab ki baat mansoob ki hai. Imam Suyuti ne to apni us kitab mein Imam Baaji ke hawaale se us iztiraab waali baat ki sakhti se tardeed ki hai, chunache Imam Suyuti رحمه الله (d 911h) ne Imam Baaji se naql karte hue kaha hai:

وقد ذكر بعض من لم يتأمل أن رواية عائشة رضى الله عنها اضطربت في الحج والرضاع وصلاة النبي صلى الله عليه وسلم بالليل وقصر الصلاة في السفر، قال: وهذا غلط ممن قاله فقد أجمع العلماء على أنها أحفظ الصحابة

[1] T: (رَضاعَت) Baccho'n ko doodh pilaana, doodh peene ka amal [RKT]

فكيف بغيرهم، وإنما حمله على هذا قلة معرفته بمعاني الكلام ووجوه التأويل.

"*Baaz log jo ghaur-o-fikr nahi kar sake, unho'n ne ye zikr kiya hai ke Hazrat Ayesha ﵂ ki riwayat hajj, razaa-at, raat mein Nabi ﷺ ki namaz aur safar mein qasr ki namaz se mutaalliq muztarib hai. Imam Baaji farmate hain: Ye baat ghalat hai, kyounke ahle ilm ka ijma hai ke Hazrat Ayesha ﵂ Sahaba mein sab se ziyaada haafiza waali hain, to doosre logo'n ke muqaabil mein unke hifz ka kya muqaabla! Jis ne bhi ye iztiraab waali baat kahi hai, uski wajah yehi hai ke wo kalaam ke maani aur jama-o-tatbeeq ke tareeqo'n se bahut kam waaqif hai*". (Tanweer al-Hawaalik Sharh Muwatta Imam Malik: V1 P152 [P: Dar Ihya al-Kutub al-Arabiya, bi-misr]; Tanweer al-Hawaalik Sharah Muwatta Imam Maalik: V1 P108 [P: Al-Maktaba at-Tijaariya al-Kubra, Misr]; Tanweer al-Hawaalik Sharah Muwatta Imam Maalik P142 [P: Dar al-Kutub al-Islamiya])

Mulaahaza farmaae'n ke Imam Suyuti to Imam Baaji ka taaqqub ba-raza-o-raghbat[1] naql karke iztiraab ki baat kehne waalo'n ki tardeed kar rahe hain, jabke Maulana Tahir Gyaawi Saahab Imam Suyuti hi ki tarf ye khurafaat mansoob kar rahe hain. SubhanAllah!

Baaz ahle ilm ne Hadees-e-Ayesha ﵂ par bahes karte hue alfaaz ke ikhtilaaf ki taraf ishaara kiya to Tahir Gyaawi Saahab ne aise logo'n ki taraf bhi iztiraab ki baat mansoob kardi, halaanke mahez ikhtilaaf batlaana iztiraab ka hukm lagana nahi hota hai, kyounke un ahle ilm ne ikhtilaaf bataane ke saath jama-o-tatbeeq bhi pesh ki hai aur jama-o-tatbeeq ka matlab hi yehi hai ke un ahadees ki sehat tasleem ki ja rahi hai.

Mohtaram Haafiz Zuhoor Ahmad Hussainwi Saahab ki ek ghaflat ka tazkira oopar ho chuka hai, aanjanaab[2] se usi zimn mein ek aur chook ye hui hai ke mausoof ne Shaikh-ul-Islam Ibne Taimiya ﵀ ki taraf bhi us iztiraab ki baat mansoob kardi hai. Likhte hain: "*Shaikh-ul-Islam Haafiz Ibne Taimiya farmate hain*"

Us asal (hadees-e-Ayesha) mein iztiraab hai. واضطرب في هذا الأصل.

(Rakat-e-Tarawih Ek Tehqiqi Jaaza: P202)

[1] T: (رَغْبَت) Kisi cheez ki taraf tabiyyat ka jhukaao, khwahish ya mailaan, rujhaan, tawajjo [RKT]
[2] T: (آنجنابه) Mohtaram, izzat ma-aab [RSB]

Hamara khayaal hai ke yahan bhi Haafiz Zuhoor Saahab ne jaldbaazi se kaam liya hai aur Shaikh-ul-Islam Ibne Taimiya ﷺ ki poori ibaarat ko siyaaq ke saath dekhne ki zehmat gawaara nahi farmaai. Warna mausoof Shaikh-ul-Islam Ibne Taimiya ﷺ ki taraf is iztiraab waali baat ki nisbat na karte. Shaikh-ul-Islam Ibne Taimiya ﷺ ki poori ibaarat ye hai:

واضطرب قوم في هذا الأصل لما ظنوه من معارضة الحديث الصحيح لما ثبت من سنة الخلفاء الراشدين وعمل المسلمين، والصواب أن ذلك جميعه حسن كما قد نص على ذلك الإمام أحمد، وأنه لا يتوقت في قيام رمضان عدد.

"*Kuch log is maamle (taraweeh ki muaiyyan rakaat apnaane ke silsile mein) iztiraab ka shikaar hue hain, kyounke unho'n ne ye samajh liya ke Khulafa-e-Raashideen aur musalmano kea mal se jo tariqa saabit hai wo sahih hadees ke khilaaf hai, jabke durust baat ye hai ke ye saari shakle'n (kisi bhi taadaad ko apnaana) acchi hain, jaisa ke Imam Ahmad ﷺ ne iski saraahat ki hai aur ye rakat-e-taraweeh ki koi mutaiyyan taadaad nahi hai*". (Majma al-Fataawa: V23 P113 [P: Al-Baaz])

Mulaahaza farmae'n ke Shaikh-ul-Islam Ibne Taimiya ﷺ ne iztiraab ki baat kisi hadees se mutaalliq nahi kahi, balke logo'n ke tarz-e-amal se mutaalliq kahi hai. Neez, phir aage uski tardeed bhi kardi hai, lihaaza yahan ye matlab lena ke unho'n ne Hadees-e-Ayesha ﷺ ko muztarib kaha hai, ye ibaarat-fehmi ka naqs hai, jiski wajah shayad ujlat-baazi hai. Mohtaram Haafiz Zuhoor Saahab se muaddabaana[1] guzaarish hai Imam Ibne Taimiya ﷺ ki us ibaarat par dobaara nigaah daale'n aur use poore siyaaq-o-sabaaq[2] ke saath jod kar itminaan se padhe'n aur apne saabiq faham ki khud hi islaah farmaae'n.

Fareeq-e-Mukhaalif Se Ek Sawaal:

Is bahes ke akheer mein fareeq-e-mukhaalif se ham ye poochna chaahenge ke agar Hadees-e-Ayesha ﷺ is wajah se muztarib hai ke uski alag-alag riwayaat mein mukhtalif alfaaz hain to phir us iztiraab ki zadd

[1] T: (مُؤَدَّبانَه) Izzat-o-ehteraam ke saath, tehzeeb aur adab ke saath [RKT]
[2] T: (سِیاق و سَباق) Silsila-e-kalaam, aage-peeche ki ibaarat ya kalaam jisse mafhoom mutaiyyan ho [RKT]

mein sirf sahihain ki us hadees hi ko kyoun laaya jaata hai ke jis mein gyaara (11) rakat ka zikr hai?

Agar waaqai ye hadees muzhtarib hai to phir us zimn mein Hadees-e-Ayesha ؓ ki koi riwayat bhi hujjat nahi honi chaahiye, lekin ye kahan ka insaaf hai ke usi zimn ki saari ahadees, khwah aam sunan-o-muaajim[1] hi ki kyoun na ho'n, unhe'n bila-taammul[2] qubool kar liya jaae aur koi sahihain se usi silsile ki ek riwayat ka naam le-le to fauran iztiraab ki gola-baari shuru kardi jaae! Aakhir ye kahan ka adl-o-insaaf hai?

Doosra Eteraaz: Hadees-e-Ayesha ؓ Mein Adm-e-Hasr Ka Daawa:

Ye wazaahat guzar chuki hai ke Hadees-e-Ayesha ؓ mein hasr ka taalluq sirf aksar rakat se hai aur us hasr ke khilaaf koi bhi daleel maujood nahi. Is silsile mein Hazrat Ayesha ؓ hi ki jin riwayaat se hasr ki nafi ki ja rahi thi unki wazaahat ho chuki hai, lekin baaz hazraat Hadees-e-Ayesha ؓ ke hasr ke khilaaf deegar Sahaba ki ahadees pesh karte hain, lihaaza ahle baet ham un ahadees par guftagu karenge.

Hadees Ibne Abbas ؓ

Imam Bukhari ؒ (d 256h) farmate hain:

حدثنا سعيد بن أبي مريم، أخبرنا محمد بن جعفر، قال: أخبرني شريك بن عبد الله بن أبي نمر، عن كريب، عن ابن عباس رضى الله عنه ، قال بت عند خالتي ميمونة، فتحدث رسول الله صلى الله عليه وسلم مع أهله ساعة، ثم رقد، فلما كان ثلث الليل الآخر، قعد فنظر إلى السماء، فقال: ﴿ إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ﴾ (آل عمران: ١٩٠)، ثم قام فتوضأ واستن فصلى إحدى عشرة ركعة، ثم أذن بلال، فصلى ركعتين ثم خرج فصلى الصبح.

"*Ham se Saeed bin Abi Maryam ne bayan kiya, kaha ham ko Muhammad bin Jaafar ne khabar deen-e-islaam, kaha ke mujhe Shareek bin Abdullah bin Abi Nimr ne khabar deen-e-islaam, unhe'n Kuraeb ne, aur unho'n ne Ibne Abbas ؓ se bayan kiya ke main ek raat apni khala (Umm-ul-Momineen) Maimoona ؓ ke ghar reh gaya. Pehle Rasool Allah ﷺ ne*

[1] T (مُعاجِم) Mojam ki jama, lughat [RKT]
[2] T: Bila-taraddud, fauran [RKT]

apni biwi (Maimoona ﵂) ke saath thodi der tak baat-cheet ki, phir so gae. Jab raat ka teesra hissa baaqi reh gaya to aap uth kar baeth gae aur aasmaan ki taraf nazar ki aur ye aayat tilaawat ki:"

اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَاخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الۡاَلۡبَابِ.

(Surah Aale Imran: 190)

Beshak Aasmaano Aur Zameen Ki Paedaaish Aur Din-o-Raat Ke Mukthalif Hone Mein Aqlmando'n Ke Liye (badi) Nishaniya'n Hain.

"*Uske baad Aap ﷺ khade hue aur wazu kiya aur miswaak ki, phir gyaara (11) rakat padhee'n. Jab Bilal ﵁ ne (fajr ki) azaan deen-e-islaam to aap ne do (2) rakat (fajr ki sunnat) padhi aur baahar masjid mein tashreef laae aur fajr ki namaz padhai*". (Sahih Bukhari: V6 P41 H4569)

Is hadees ko baghaur padhe'n aur dekhe'n ke Abdullah bin Abbas ﵁ ne is waqia mein poori saraahat ke saath Nabi-e-Akram ﷺ ki raat ki namaz ki taadaad gyaara (11) rakat batlaai hain, jaisa ke Hazrat Ayesha ﵂ ne bhi yehi taadaad batlaai hai, lekin Abdullah bin Abbas ﵁ se yehi waaqia doosri ahadees mein manqool hai aur us mein rakat ki taadaad terah (13) batlaai gai hai.

Chunache Imam Bukhari ؒ (d 256h) farmate hain:

حدثنا عبد الله بن مسلمة مالك عن بن أنس، عن مخرمة بن سليمان عن كريب أن ابن عباس أخبره أنه بات عند ميمونة وهي خالته فاضطجعت في عرض وسادة، واضطجع رسول الله صلى الله عليه وسلم وأهله في طولها، فنام حتى انتصف الليل أو قريبا منه فاستيقظ يمسح النوم عن وجهه، ثم قرأ عشر آيات من آل عمران، ثم قام رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى شن ،معلقة ، فتوضأ فأحسن الوضوء، ثم قام يصلي، ، فصنعت مثله، فقمت إلى جنبه، فوضع يده اليمنى على رأسي وأخذ بأذني يقتلها، ثم صلى ركعتين، ثم ركعتين ثم ركعتين ثم ركعتين، ثم ركعتين، ثم ركعتين، ثم أوتر، ثم اضطجع حتى جاءه المؤذن، فقام، فصلى ركعتين، ثم خرج، فصلى الصبح.

"*Ham ne Abdullah bin Maslama ne bayan kiya, unse Imam Maalik ne bayan kiya, unse Makhrama bin Sulaiman ne bayan kiya, unse Kuraeb ne aur unhe'n Abdullah bin Abbas ﵁ ne khabar deen-e-islaam ke aap ek (1) raat apni khala Umm al Momineen Maimoona ﵂ ke yaha'n soe (Aap ﵁ ne kaha ke) Main takiya ke arz mein let gaya aur Rasool Allah ﷺ aur aap ki biwi lambaai mein lete'n. Aap ﷺ so gae jab aadhi raat guzar gai ya uske lag-bhag to Aap ﷺ bedaar hue aur neend ke asar ko chehra-e-*

mubaarak par haath pher kar Aap ﷺ ne door kiya. Uske baad Aale Imran kid us (10) aayate'n padhee'n. Phir ek (1) puraani mashak[1] paani ki bhari hui latak rahi thi, Aap ﷺ uske paas gae aur acchi tarah wazu kiya aur namaz ke liye khade ho gae. Maine bhi aisa hi kiya. Aap ﷺ pyaar se apna daahina haath mere sar par rakh kar aur mera kaan pakad kar use malne lage. Phir Aap ﷺ ne do (2) rakat namaz padhi, phir do (2) rakat, phir do (2) rakat, phir do (2) rakat, phir do (2) rakat, phir do (2) rakat (sab baarah (12) rakat) phir ek (1) rakat witr padh kar Aap ﷺ let gae, yahan tak ke muezzin ittila dene aaya to Aap ﷺ ne phir khade ho kar do (2) rakat sunnat namaz padhi. Phir baahar tashreef laae aur subh ki namaz padhaai". (Sahih Bukhari: V2 P24 H992)

Mulaahaza farmaae'n! Dono ahadees ko Abdullah bin Abbas ؓ ke shagird Kuraeb ne hi bayan kiya hai aur dono mein raat guzaarne ka waaqia hai. Is hadees ke tamaam turq ko jama karne ke baad bhi yehi natija nikalta hai ke ye ek hi waaqia hai.

Haafiz Ibne Hajar ؒ farmate hain:

والحاصل أن قصة مبيت ابن عباس يغلب على الظن عدم تعددها.

"*Haasil-e-bahes ye hai ke Ibne Abbas ؓ ke raat guzaarne ke waaqia se mutaalliq ghaalib zan[2] yehi hai ke ek (1) hi dafa ka waaqia hai*". (Fath-ul-Baari: V2 P484 [P: As-Salafiya])

Lihaaza jab ye ek (1) hi waaqia hai to ek saath gyaara (11) rakat ya terah (13) rakat dono ki taadaad sahih nahi ho sakti. Is liye tatbeeq dena laazim hai aur tatbeeq ki sirf yehi soorat hai ke terah (13) rakat waali hadees ko is baat par mahmool kiya jaae ke Ibne Abbas ؓ ne is mein sunnat-e-Isha ko bhi shaamil karke bayan kiya hai.

Haafiz Ibne Hajar ؒ ne khoob bahes-o-tehqeeq ke baad bil-aakhir yehi raae deen-e-islaam hai:

---

[1] T: (مَشَک) Paani bharne aur le jaane ke liye kisi jaanwar ki saalim khaal ka bana hua thaile ki shakl ka zuroof (bartan) jis ka mu'n chota hota hai, wo bakri ya bhed ki sili hui khaal jis se saqqe paani bharte hain. [RKT]

[2] T: (ظَن) Gumaan [RKT]

والمحقق من عدد صلاته في تلك الليلة إحدى عشرة وأما رواية ثلاث عشرة فيحتمل أن يكون منها سنة العشاء.

"*Aur mohaqqaq[1] baat yehi hai ke us raat Aap ﷺ ki namaz ki taadaad gyaara (11) rakat hi thi aur jis riwayat mein terah (13) rakat ka bayan hai us mein ehtemaal hai ke sunnat-e-isha ko bhi shaamil karke bayan kiya gaya hai*". (Fath-ul-Baari: V2 P484 [P: As-Salafiya])

Balke Sahih Bukhari hi ki ek riwayat se saaf maaloom hota hai ke Syedna Abdullah bin Abbas رضي الله عنهما ne un rakat mein sunnat-e-isha ko bhi shaamil kiya tha. Chunache Imam Bukhari رحمه الله (d 256h) farmate hain:

حدثنا آدم، قال حدثنا شعبة، قال: حدثنا الحكم، قال: سمعت سعيد بن جبير، عن ابن عباس قال: بت في بيت خالتي ميمونة بنت الحارث زوج النبي صلى الله عليه وسلم ، وكان النبي صلى الله عليه وسلم عندها في ليلتها، فصلى النبي صلى الله عليه وسلم العشاء، ثم جاء إلى منزله، فصلى أربع ركعات، ثم نام، ثم قام، ثم قال: نام الغليم أو كلمة تشبهها، ثم قام، فقمت عن يساره، فجعلني عن يمينه فصلى خمس ركعات، ثم صلى ركعتين، ثم نام حتى سمعت غطيطه أو خطيطه، ثم خرج إلى الصلاة.

"*Ham se aadam ne bayan kiya, unho'n ne kaha ke ham ko Shu'ba ne khabar deen-e-islaam, un ko Hakam ne kaha ke maine Saeed bin Jubair se suna, wo Abdullah bin Abbas رضي الله عنهما se naqal karte hain ke ek (1) raat maine apni khaala Maimoona bint al-Haaris رضي الله عنها zauja-e-Nabi-e-Kareem ﷺ ke paas guzaari aur Nabi-e-Kareem ﷺ (us din) unki unki raat[2] mein un hi ke ghar the. Aap ﷺ ne isha ki namaz masjid mein padhi, phir ghar tashreef laae aur chaar (4) rakat (namaz-e-nafil) padh kar Aap ﷺ so gae, phir uthe aur farmaya ke (abhi tak ye) ladka so raha hai, ya isi jaisa lafz farmaya. Phir Aap (namaz padhne) khade ho gae aur main (bhi wazu karke) Aap ki baaee'n jaanib khada ho gaya. To Aap ﷺ ne mujhe daaee'n jaanib (khada) kar liya, tab Aap ﷺ ne paanch (5) rakat padhee'n, phir do (2) padhee'n, hpir Aap ﷺ so gae. Yahan tak ke maine Aap ﷺ ke kharaate ki aawaaz suni, phir aap khade ho kar namaz ke liye (baahar) tashreef le aae*". (Sahih Bukhari: V1 P34 H117)

Is riwayat mein ghaur kare'n ke isha ke baad Nabi-e-Akram ﷺ ke ghar pohonchte hi Ibne Abbas رضي الله عنهما chaar (4) rakat padhna bayan kar rahe hain,

[1] T: (مُحَقَّق) Saabit, yaqeeni, daleel se saabit kiya gaya [RKT]

[2] T: Yahan Hazrat Maimoona رضي الله عنها ki baari waali raat ki taraf ishaara hai [RSB]

jo saaf daleel hai ke Ibne Abbas ﷺ ne apni bayaan-karda taadaad mein sunnat-e-isha ko bhi shaamil kiya hai.

Mumkin hai koi kahe ke Bukhari ki is riwayat mein kul chaar (4) aur phir paanch (5) yaane kul nau (9) rakat ka zikr hai aur us nau (9) mein bhi shuru ki do (2) rakat sunnat thee'n, to asal qiyaam ki kul taadaad sirf saat (7) hoti hai!

To arz hai ke is riwayat mein Ibne Abbas ﷺ ke shagird Saeed bin Jubair ne ya unse neeche kisi raawi ne sirf ibtida ki chaar (4) rakat ba-shumool sunnat-e-isha bayan ki hai aur phir aakhir mein khaas witr ki paanch (5) rakat bayan kardi hai aur ikhtisaar karte hue beech ki chaar (4) rakat ka zikr nahi kiya, jiski daleel ye hai ke khud Saeed bin Jubair hi ne doosri riwayat mein darmiyan ki chaar (4) rakat bhi bayan kardi hain.

Chunache Imam Nasai رحمه الله (d 303h) farmate hain:

أخبرني محمد بن علي بن ميمون قال: نا القعنبي قال: ثنا عبد العزيز وهو ابن محمد الدراوردي عن عبد المجيد عن يحيى بن عباد عن سعيد بن جبير أن ابن عباس حدثه أن عباس بن عبد المطلب بعثه في حاجة له إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم وكانت ميمونة ابنة الحارث خالة ابن عباس فدخل عليها فوجد رسول الله صلى الله عليه وسلم في المسجد. قال ابن عباس: فاضطجعت في حجرتها وجعلت أحصي كم يصلي رسول الله صلى الله عليه وسلم فجاء وأنا مضطجع في الحجرة بعد أن ذهب الليل فقال: أرقد الوليد؟ قال: فتناول ملحفة على ميمونة فارتدى ببعضها وعليها بعض ثم قام فصلى ركعتين ركعتين حتى صلى ثماني ركعات ثم أوتر بخمس ... الخ

"Saeed bin Jubair ﷺ kehte hain ke unhe'n Ibne Abbas ﷺ ne bataya ke Abbas ﷺ ne unhe'n ek (1) zaroorat ke tahat Allah ke Nabi ﷺ ke paas bheja aur Umm al Momineen Mimoona ﷺ Ibne Abbas ﷺ ki khaala thee'n. Ibne Abbas ﷺ unke paas aae, lekin us waqt Nabi ﷺ masjid mein the. Ibne Abbas ﷺ ne kaha: Phir main unke kamre mein let gaya aur iraada kiya ke main ginunga ke Nabi ﷺ kitni rakat padhte hain. Nabi-e-Akram ﷺ raat ko tashreef laae aur main kamre mein leta hua tha, Aap ﷺ ne kaha: Kya baccha so gaya hai? Phir Aap ﷺ Maimoona ﷺ ke saath lihaaf mein so gae, phir Aap ﷺ bedaar hue, phir do-do (2-2) rakat yaane chaar (4) rakat padhee'n, yahan tak ke kul aath (8) rakat ho gaee'n (yaane ghar aate hi pehle jo chaar padh chuke the unke saath ye kul aath (8) rakat huee'n) Phir Aap ﷺ ne paanch (5) rakat witr padhee'n …

alakh". (Sunan Nasai Kubra: V1 P424 H1342 [Sanad Sahih])

Is riwayat par ghaur kare'n ke Ibne Abbas ﷺ se Saeed bin Jubair hi ki riwayat mein paanch (5) rakat witr se qabl aath (8) rakat ka bayan hai, yaane mazkoora-baala riwayat mein darmiyaan ki jin chaar (4) rakat ka zikr nahi tha, uska zikr is riwayat mein aagaya hai, jo daleel hai ke mazkoora-baala riwayat mein ikhtisaar se kaam lete hue sirf ibtida ki chaar (4) rakat aur aakhir ki paanch (5) rakat-e-witr ka zikr hai aur darmiyaan ki mazeed chaar (4) rakat ka zikr nahi hai.

Jahan tak is aakhri riwayat (Sunan Nasai al-Kubra: H1342) ke siyaaq ki baat hai to is siyaaq mein bhi pehli riwayat (Sahih Bukhari: H117) ke siyaaq ki koi sareeh mukhalifat nahi hai, kyounke is aakhri riwayat ki taujeeh ye hai ke Nabi ﷺ ke ghar aate hi isha ke baad fauran un chaar (4) rakat ka tafseelan zikr nahi hai, jiska bayan oopa rki hadees mein ahai. Lekin raat mein uthne ke baad chaar (4) rakat ka zikr hai aur phir majmooi taadaad aath (8) bataadi gai, jiska matlab ye nikla ke usse qabl ki chaar (4) rakat ko shaamil karke kul aath (8) rakat ki taadaad bataai gai aur uske baad paanch (5) rakat witr ka bayan hua.

Iski taaeed is baat se hoti hai ke oopar waali hadees, yaane Saeed bin Jubair ki Sahih Bukhari waali hadees mein chaar (4) rakat adaa karne ke baad Nabi ﷺ ne ye poocha: 'نام الغليم؟' Yaane '*Kya ye baccha so gaya?*' Jabke us doosri riwayat, yaane Sunan Nasai waali riwayat mein bhi ye sawaal in alfaaz mein hai: 'أرقد الوليد؟' '*Kya ye baccha so gaya?*'. Lekin is sawaal se pehle Nabi ﷺ ke sone aur chaar (4) rakat namaz padhne ka zikr nahi hai, jiska matlab ye nikla ke is riwayat mein shuru ki chaar (4) rakat ka tafseelan zikr nahi hai, lekin darmiyan ki chaar (4) rakat zikr karte waqt shuru ki chaar (4) rakat bhi shumaar ki gai hain.

Al-gharz Ibne Abbas ﷺ se Saeed bin Jubair ﷺ kid ono riwayaat ko mila kar natija ye nikla ke Ibne Abbas ﷺ ne apni riwayat mein baaz dafa isha ke baad ki sunnat ko bhi shumaar kiya hai, is liye kul terah (13) rakat ki taadaad batlaai hai aur jis riwayat mein isha ki sunnat ko shumaar nahi kiya us mein kul gyaara (11) rakat ki taadaad batlaai hai, is tarah na sirf ye ke Abdullah bin Abbas ﷺ ki tamaam riwayaat mein tatbeeq ho jaati

hai, balke ye bhi saabit ho jaata hai ke Ibne Abbas ﷺ ne bhi Hazrat Ayesha ﷺ hi ki tarah asal *salat al-lail* ki kul gyaara (11) taadaad hi bayan ki hai.

Rahi baat ye ke Sahih Bukhari mein Ibne Abbas se Kuraeb ki jo doosri riwayat hai jis mein terah (13) rakat ka zikr hai, uska siyaaq kehta hai ke saari rakate'n Aap ﷺ ne aadhi raat ke baad ek saath adaa ki thee'n, jiska matlab ye hua ke saari rakat aadhi raat ke baad padhi gai hain, aur aadhi raat ke baad padhi jaane waali rakat mein sunnat-e-isha ki shumooliyat baeed[1] hai.

To arz hai ke ye siyaaq is dalaalat par sareeh[2] nahi hai, jabke doosri taraf Ibne Abbas ﷺ ke shagird Saeed bin Jubair ﷺ ki riwayat Sahih Bukhari hi se oopar darj ki ja chuki hai, jis mein poori saraahat hai ke Nabi ﷺ isha ke baad ghar aate hi chaar (4) rakat padh kar so gae the aur jab dobaara bedaar hue taadaad to baaqi-maanda[3] rakat hi padhi thee'n.

Lihaaza is sareeh riwayat ke hote hue Ibne Abbas ﷺ se Kuraeb waali mujmal riwayat ka yehi mafhoom tae hoga ke us mein ikhtisaar karte hue ijmaalan ek saath hi saari rakat ka zikr kar diya gaya hai. Chunache Haafiz Ibne Hajar ﷺ is baare mein farmate hain:

فيمكن أن يحمل قوله صلى ركعتين، ثم ركعتين. أي قبل أن ينام ويكون منها سنة العشاء، وقوله: ثم ركعتين إلخ أي بعد أن قام.

"*Mumkin hai ke Ibne Abbas ﷺ ne pehle jo do-do (2-2) rakat (chaar (4) rakat) bayan kiya hai, use sone se qabl ke waqt par mahmool kiya jaae jis mein sunnat-e-isha ka bhi bayaan hai, aura age jo do-do (2-2) rakat ka bayan hai (baqiya nau (9) rakat to) use sun eke baad ke waqt par mahmool kiya jaae*". (Fath-ul-Baari: V2 P484)

Yaane Allah ke Nabi ﷺ ne alag-alag waqt mein ye rakat padhi thee'n, lekin Ibne Abbas ﷺ ne unhe'n ek riwayat mein ek saath aakhir mein bayan kar diya hai.

---

[1] T: (بَعِيد) Naamumkin, muhaal [RKT]
[2] T: Saaf, elaaniya [FL]
[3] T: (بَاقِی مانْدَه) Bachaa hua, baaqi [RKT]

Is taujeeh se Alhamdulillah ye ishkaal[1] jad se khatm ho jaata hai ke aadhi raat ke baad padhi jaane waali rakat mein sunnat-e-isha kaisi shaamil kar sakte hain? Kyounke ibtidaai chaar (4) rakat aadhi raat se qabl hi padhi gai thee'n, lekin Ibne Abbas ﷺ ne ek (1) riwayat mein saari rakat ko ek saath mujmalan[2] bayan kar diya hai.

Taaham agar ye bhi farz kar liya jaae ke Nabi ﷺ ne aadhi raat ke baad hi sunnat-e-isha padhi thi to bhi us mein koi ishkaal nahi, kyounke sahihain hi ki hadees se ye bhi saabit hai ke Nabi ﷺ ne zohar ke baad ki sunnat rakat asr ke baad padhi hain. (Sahih Bukhari: H1233; Sahih Muslim: H834)

Lihaaza jab Nabi-e-Akram ﷺ Zohar ke baad ki sunnat asr ke baad adaa kar sakte hain to isha ke baad ki sunnat aadhi raat ke baad kyoun nahi padh sakte?

Is tafseel se baaz hazraat masalan Tahir Gyaawi Saahab (Al Adad us Sahih: P25) ke us eteraaz ki koi haisiyat nahi reh jaati ke aadhi raat ke baad sunnat-e-isha kaise padhi ja sakti hai.

Hadees-e-Zaid bin Khalid al-Johni ﷺ:

Imam Muslim رحمه الله (d 261h) farmate hain:

حدثنا قتيبة بن سعيد ، عن مالك بن أنس، عن عبد الله ابن أبي بكر، عن أبيه، أن عبد الله بن قيس بن مخرمة، أخبره عن زيد بن خالد الجهني، أنه قال: لأرمقن صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم الليلة، فصلى ركعتين خفيفتين، ثم صلى ركعتين طويلتين طويلتين طويلتين، ثم صلى ركعتين، وهما دون اللتين قبلهما، ثم صلى ركعتين، وهما دون اللتين قبلهما، ثم صلى ركعتين، وهما دون اللتين قبلهما، ثم صلى ركعتين، وهما دون اللتين قبلهما، ثم صلى ركعتين وهما دون اللتين قبلهما، ثم أوتر، فذلك ثلاث عشرة ركعة.

"Zaid bin Khalid Johni ﷺ se marwi hai, unho'n ne kaha ke main aaj Rasool Allah ﷺ ki raat ki namaz dekhunga, to Aap ﷺ ne do (2) rakat halki padhee'n, phir do (2) rakat padhee'n, aur lambi se lambi aur lambi se lambi, phir do (2) Rakat jo unse kam thee'n, phir do (2) au rke wo unse bhi kam thee'n. Phir do (2) aur ke wo unse bhi kam thee'n, phir do (2) aur ke wo unse bhi kam thee'n, phir witr padha (ek (1) rakat) ye sab terah

[1] T: (اِشْكال) Diqqat, dushwaari [RKT]
[2] T: (مُجمَل) Mazmoon ya mafhoom waghaera jo thode lafzo'n mein bayan kiya gaya ho [RKT]

rakat huee'n". (Sahih Muslim: V2 P531 H765)

Is hadees mein ye saraahat nahi ke ye terah (13) rakat sunnat-e-isha ke alaawa thee'n, is liye Hazrat Ayesha ﵂ aur Ibne Abbas ﵄ ki taraf se bayaan-karda gyaara (11) rakat ke hasr ke khilaaf ye mujmal riwayat bhi daleel nahi ban sakti, balke jama-o-tatbeeq ki raah apnaate hue ye maanna laazim hai ke is hadees ki bayan-karda rakat mein ibtidaai do (2) rakat sunnat-e-isha ki rakat thee'n.

Bil-khusoos jab ke ibtidaai do (2) rakat ko khafeef[1] batlaya gaya hai aur baqiya deegar rakat se alag kaifiyat mein bayan kiya gaya hai. Jabke raat ki asal namaz ki tamaam riwayaat is par muttafiq hain ke us mein Nabi ﷺ ka qiyaam taweel hota hai. Ye is baat ki daleel hai ke ye khafeef rakat raat ki asal namaz ka hissa nahi, balke isha ki sunant hi thee'n.

Tambeeh: Muwatta ba-riwayat Yahya min yehi hadees hai aur us mein ibtidaai do (2) rakat ko bhi taweel batlaya gaya hai aur baaz hazraat ne use is baat ki daleel banaya hai ke ye sunnat-e-isha nahi ho sakti. Halanke ye baqaul Ibne Abdul Bar 'خطأ واضح', yaane waazeh ghalati hai. (At-Tamheed li-Ibne Abdul Bar: V17 P288)

Kyounke sirf Yahya ki riwyat mein aisa hai aur baaqi Muwatta ki tamaam riwayaat mein ibtidaai rakat ko khafeef hi bayan kiya gaya hai, jaisa ke Muwatta ke shaariheen-o-mohaqqiqeen ne wazaahat kardi hai. Chunache Imam Ibne Abdul Bar ﵀ (d 463h) farmate hain:

هكذا قال يحيى في الحديث: فقام رسول الله صلى الله عليه وسلم فصلى ركعتين طويلتين طويلتين، ولم يتابعه على هذا أحد رواة الموطأ عن مالك.

"*Yahya ne hadees mein aise hi bayan kiya hai ke Nabi ﷺ khade hue aur do (2) taweel rakat padhee'n jabke Imam Maalik se Muwatta ke kisi bhi raawi ne Yahya ki is par mutaaba-at nahi ki hai*". (At-Tamheed li-Ibne Abdul Bar: V17 P288; neez dekhiye: Muwatta Imam Maalik: V2 P168 (haashiya) [P: Al-Aazmi])

Mazeed ye ke ma-qabl mein jo Muslim ki hadees pesh ki gai hai wo Imam Maalik hi ki sanad se hai aur us mein ibtidaai do (2) rakat ko khafeef

[1] T: (خَفِيف) Aisi namaz jis mein qirat taweel na ho aur qirat-e-masnoona se ziyaada kam bhi na ho [RKT]

bayan kiya gaya hai. Ye saari baate'n qatai-daleel hain ke Muwatta bariwaayat Yahya mein waazeh ghalati hai. Afsos hai ke ek (1) waazeh ghalati ko bhi daleel banan se log zara bhi nahi hichkichaate!

Maulana Tahir Gyaawi Saahab farmate hain: "*Isha ki sunnat to Aap ﷺ hujre mein adaa farmate the, jahan azwaaj-e-mutahharaat bhi hoti thee'n aur raawi Zaid bin Khalid hain jo ghair-mahram[1] hain, to kya hujra mein sunnat-e-isha padhte hue Zaid bin Khalid dekh rahe the aur aap ki azwaaj-e-mutahharaat Zaid bin Khalid Johni se parda na farmaya karti thee'n?*" (Al-Adad us Sahih: P26)

Arz hai, ke mausoof ka ye eteraaz us waqt durust hota jab is hadees mein ye hota ke Nabi ﷺ ne raat ki namaz masjid mein padhi thi aur masjid hi ka mushaahada Zaid bin Khalid ne naql kiya hai. Lekin is hadees ke mutaabiq Nabi ﷺ ne ye namaz mukammal taur par apne ghar hi mein adaa farmai thi aur Zaid bin Khalid ne Nabi ﷺ ke ghar hi ka mushaahada bayan kiya hai. Iski wazaahat khud isi hadees ke kai turq mein maujood hai. Chunache Sunan Abu Dawood ke alfaaz hain:

لأرمقن صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم الليلة، قال: فتوسدت عتبته أو فسطاطه...

"*Zaid bin Khalid Johni ؓ ne kaha ke aaj raat main Rasool Allah ﷺ ki namaz zaroor dekh kar rahunga, chunache maine aap ki chaukhat ya darwaze par tek lagaa li*". (Sunan Abu Dawood: H1366 [Sanad Sahih])

Mulaahaza farmae'n! Sahabi khud saraahat kar rahe hain ke Nabi ﷺ ki namaz ki kaifiyat dekhne ke liye wo Nabi ﷺ ke ghar ki chaukhat par tek laga kar let gae, jiska saaf matlab ye hai ke unho'n ne jo haal bayan kiya hai wo ghar ke andar ka haal tha, na ke masjid ka. Is liye Tahir Gyaawi Saahab jo eteraaz sunnat-e-isha par pesh farma rahe hain, dar-haqiqiat wo eteraaz saari namazo'n par waarid hota hai.

Ahle baet raha ye ishkaal ke Zaid bin Khalid ؓ to ghair-mahram the, unho'n ne Nabi ﷺ ke ghar ke andar kyoun nigaah daali, to ahle ilm ne iske bhi jawabaat diye hain. Masalan: Ek (1) jawab ye diya gaya hai ke Abu Dawood ki riwayat, jis mein tek lagaane ka zikr hai, usek liye 'عتبة'

[1] T: (غَير مَحْرَم) Jisse nikah jaaiz ho, naa-mahram [RKT]

ya 'فسطاط' ka lafz hai aur ye raawi ka shak hai. Raajeh ye hai ke 'فسطاط' hi ka lafz sahih hai aur ye lafz khema se bane ghar par saadiq aata hai, jo safar waghaera mein aarzi taur par banta hai, lihaaza maaloom ye hota hai ke ye safar ka waaqia tha.

Maulana Khalil Ahmad Saharanpuri is hadees ki sharah mein likhte hain:

ولعل هذه القصة وقعت في السفر.

"*Lagta hai ye waaqia safar ka hai*". (Bazl al-Majhood: V7 P142)

Allama Mahmood Khattab as-Subki is hadees ki sharah mein famrate hain:

ولعل هذا هو الصواب وكان النبي صلى الله عليه وسلم في سفر وكان ذلك بإذنه.

"*Yehi baat durust maaloom hti hai ke Nabi ﷺ safar ki haalat mein the aur Zaid bin Khalid ne aisa aap ki ijaazat se kiya tha*". (Sharah Sunan Abu Dawood: V7 P299)

Mulaahaza farmae'n! Maulana Tahir Gyaawi Saahab ne jo ishkaal sunnat-e-isha ke mushaahada par kiya hai, us hadees ke shariheen wohi ishkaal poori namaz ke mushaahade par mehsoos kar rahe hain aur jawab ye de rahe hain ke ye safar ka waaqia tha aur Zaid bin Khalid ne Nabi ﷺ se ijaazat le kar aisa kiya tha.

Behrehaal us ishkaal ko jis tarah chaahe'n rafa'[1] kare'n, behre-soorat sunnat-e-isha se mutaalliq ishkaal bhi rafa'-o-jaaega, kyounke hadees ke alfaaz se saaf zaahir hai ke saari namaze'n ghar (hujra ya khema) ke andar padhi gai thee'n, aur agar ye baat farz bhi karli jaae ke Nabi ﷺ ne asal namaz ghar ke baahar padhi thi to phir us baat se kya cheez maane'[2] hai ke Nabi ﷺ ne isha ki sunnat ko bhi ghar se baahar padha ho?

Baaz riwayaat mein ye aana ke Nabi ﷺ isha ki sunnat ghar mein padhte the, usse aam maamool ka suboot to milta hai, lekin usse ye laazmi natija nahi nikaala ja sakta ke Nabi ﷺ ne kabhi isha ki sunnat ghar se baahar padhi hi nahi, balke agli sutoor mein aane waali hadees-e-Jaabir

[1] T: (رَفْع) Door, khatm, door ho jaane, ya zaayal ho jaane ka amal [RKT]
[2] T: (مَانِع) Rukaawat, rokne waala, manaa karne waala [RKT]

ﷺ mein is baat ki waazeh daleel maujood hai ke Nabi ﷺ ne ghar ke baahar sunnat-e-isha padhi hai.

Hadees-e-Jaabir bin Abdullah ﷺ:

Imam Muhammad bin Nasr al-Mirwazi (d 294h) farmate hain:

حدثنا إسحاق، أخبرنا يزيد بن هارون، أخبرني يحيى ابن سعيد ، عن شرحبيل بن سعد، أنه سمع جابر بن عبد الله يحدث قال: أقبلنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم من الحديبية حتى إذا كنا بالسقيا، قام رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى جنبه، فصلى العتمة، ثم صلى ثلاث عشرة سجدة.

"*Jaabir ﷺ kehte hain ke ham Rasool Allah ﷺ ke saath Hudaibiya se laute, yahan tak ke jab suqiya pohonche to Allah ke Rasool saath khade hue aur isha ki namaz padhi, phir terah (13) rakat padhee'n*". (Mukhtasar Qiyaam al-Lail: P122 [hadees Hasan])

Yehi hadees Musnad Ahmad mein hai, jiske alfaaz hain:

فصلى العتمة وجابر فيما ذكر إلى جنبه ثم صلى بعدها ثلاث عشرة سجدة.

"*Aap ﷺ ne isha ki namaz padhi, Jaabir ﷺ aap ke baazu mein the, phir uske baad Aap ﷺ ne terah (13) rakat padhee'n*". (Musnad Ahmad: V3 P380 [hadees Hasan] [P: Al Maimaaniya])

Is hadees mein bhi terah (13) rakat ka zikr hai, lekin us mein sunnat-e-isha ki shumooliyat is qadr waazeh hai ke kisi bahes ki zaroorat hi nahi. Riwayat ke mutaabiq Nabi-e-Akram ﷺ ne isha ki namaz padhi aur phir uske baad terah (13) rakat padhee'n. Zaahir hai ke un terah (13) rakat mein ibtidaai do (2) rakat sunnat-e-isha ki thee'n.

Is hadees ko Imam Ibne Hibban رحمہ اللہ ne sahih kaha hai. (Sahih Ibne Baaz (Ihsaan) #2628) Imam Ibne Khuzaima ne bhi ise sahih kaha hai. (Sahih Ibne Khuzaima: H1165) Iski sanad mein Sharjeel bin Saad hain jin par haafize ke lihaaz se jarh hai, lekin fee-nafsihi[1] sacche hain. (Taqreeb-ut-Tehzeeb li-Ibne Hajar: 2724)

Mazeed ye ke yahan unse Yahya bin Saeed al-Qattaan riwayat kar rahe hain, jo mazeed itminaan ka baais hai, aur sabse ahem baat ye hai ke Jaabir ﷺ se yehi hadees Sahih Ibne Khuzaima mein ek doosri sahih sanad

[1] T: (فِي نَفْسِه) Apni zaat se, khud se [RKT]

se bhi marwi hai, jiske alfaaz hain:

فتقدم رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي، وصلينا معه، فصلى ثلاث عشرة ركعة بالوتر.

"*To Allah ke Rasool aage badhe aur namaz padhne lage. Ham ne bhi unke saath namaz (e isha) padh li, phir Allah ke Nabi ﷺ ne witr samet terah (13) rakat padhee'n*". (Sahih Ibne Khuzaima: 1536 [Sanad Hasan])

Is sanad ke saath mil kar ye hadees hasan ho jaati hai. *Walhamdulillah*

Is hadees se na sirf ye pata chala ke is mein isha ki sunnat bhi shaamil hai, balke oopar ki ahadees mein jo ye wazaahat ki gai hai ke un mein bhi isha ki sunnat ko shaamil kiya gaya hai, uski bhi pur-zor taaeed hoti hai.

Maulana Tahir Gyaawi Saahab farmate hain: "*Kya Maulwi Ali Ahmad ya koi doosre ghair-muqallid saahab kisi sahih riwayat se is baat ka suboot faraaham kar sakte hain ke Huzoor ﷺ ne kabhi tahajjud ke saath mila kar isha ki sunnat padhi hai*". (Al-Adad as-Sahih: P25-26)

Arz hai:

Awwalan: Is baat ka suboot to khud wohi riwayaat hain jin mein fajr ki sunnat ke alaawa terah (13) rakat ka zikr hai, kyounke usi qism ki baaz riwayaat ke deegar turq mein gyaara (11) ki taadaad naql hui hai, jo saaf daleel hai ke terah (13) rakat mein isha ki do (2) sunnat shaamil ki gai hai.

Saniyan: Uske alaawa Sahih Bukhari: Hazrat 117 mein Abdullah bin Abbas ؓ ki ek (1) riwayat mein ek (1) sareeh daleel maujood hai jo ma-qabl mein guzar chuki hai.

Saalisan: Muakhkhar-uz-zikr Jaabir ؓ ki hadees mein poori tarah saraahat hai ke Nabi-e-Akram ﷺ ne isha ki sunnat ko raat ki namaz ke saath mila kar padha.

Gyaara (11) aur Terah (13) Rakat Waali Riwayaat Ke Ma-baen Tatbeeq Ki Ek (1) Aur Soorat:

Hamare nazdeek raajeh aur aqrab-ilas-sawaab baat yehi hai ke gyaara (11) aur terah (13) rakat se mutaalliq jumla riwayaat mein tatbeeq ki soorat yehi hai ke terah (13) waali riwayaat mein ya to sunnat-e-isha ya sunnat-e-fajr ki do (2) rakat bhi shumaar ki gai hain. Ye tatbeeq is liye ziyaada wazni hai kyounke baaz riwayaat mein saraahatan ya ishaaratan uska zikr maujood hai.

Lekin baaz ahle ilm ne ek (1) aur tatbeeq deen-e-islaam hai ke Allah ke Nabi ﷺ raat ki asal namaz shuru karne se qabl iftitaahiya ke taur par do (2) halki rakat padhte the. Ye do (2) rakat asal salat al-lail ka hissa na hoti thee'n, is liye baaz riwayaat mein unka shumaar na karte hue gyaara (11) rakat ka bayan hai. Aur baaz riwayaat mein unhe'n bhi shumaar kar liya gaya hai, is liye kul-taadaad terah (13) raka batlaai gai hai.

Agar ye taujeeh maanli jaae to bhi Hadees-e-Ayesha رضی اللہ عنہا ka hasr barqaraar rehta hai, kyounke daree'n-soorat[1] bataur-e-iftitaahiya do (2) rakat ki haisiyat alaahada namaz ki hogi, jaise faraaiz mein asal farz rakat se qabl iftitaahiya kuch rakat padhi jaati hain.

Haafiz Ibne Hajar رحمہ اللہ ne Hadees-e-Ayesha رضی اللہ عنہا ki baabat ek (1) taujeeh to wohi zikr ki jise ham ne raajeh qaraar diya hai, yaane terah (13) rakat waali hadees mein sunnat-e-isha ko bhi shaamil kar liya gaya hai, lekin uske baad Haafiz Ibne Hajar رحمہ اللہ ne doosri taujeeh yehi pesh ki hai ke ye sirf iftitaahi do (2) rakat thee'n aur usi ko raajeh qaraar diya hai. (Fath-ul-Baari: V3 P21)

Ek (1) Ahem Nukta:

Mohaddiseen ne gyaara (11) aur terah (13) rakat ke ma-baen jama-o-tatbeeq ki soorat apnaai hai, jo un mohaddiseen ki taraf se ishaara hai ke ye hazraat salat al-lail ki aksar taadaad gyaara (11) hi maante hain, warna gar un mohaddiseen ke yahan aksar taadaad terah (13) hoti to gyaara (11) ke saath jama-o-tatbeeq ki zaroorat hi mehsoos na karte.

[1] T: (دَرِیں صورت) Aisi soorat mein, is/us haalat mein [RSB]

Ek (1) Zaeef Riwayat (Hadees Umme Salama ؓ):

Imam Tirmizi ؒ (d 279h) farmate hain:

حدثنا هناد قال: حدثنا أبو معاوية، عن الأعمش، عن عمرو ابن مرة، عن يحيى بن الجزار ، عن أم سلمة، قالت: كان النبي صلى الله عليه وسلم يوتر بثلاث عشرة، فلما كبر وضعف أوتر بسبع.

"*Umm al-Momineen Umme Salama ؓ kehti hain: Nabi-e-Akram ﷺ witr terah (13) rakat padhte the, lekin jab aap umr-raseeda aur kamzor ho gae to saat (7) rakat padhne lage*". (Sunan Tirmizi: V2 P319 H457 [Sanad Zaeef] [Tehqeeq Shakir])

Iski sanad zaeef hai, Sulaiman al-Amash ne yahan a'n (عن) se riwayat kiya hai aur ye teesre darje ke mudallis[1] hain. (Dekhiye: An-Nukat Alaa Kitaab Ibn as-Salaah li-Ibne Hajar: V2 P640. Is silsile mein mazeed tafseel ke liye dekhiye: Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaeza: P393-395)

Is zof ke saath Amr bin Murrah iztiraab ka bhi shikaar hue hain, chunache yahan unho'n ne ye riwayat Umme Salama ؓ se bayan ki hai, jabke kabhi unho'n ne yehi riwayat Umme Darda (raz) ke hawaale se bayan ki hai. (Sharah Maani al-Aasaar: V1 P291)

Iski sanad bhi Amash ke an-ana (عنعنه)[2] ke sabab zaeef hai. Mazeed ye ke Ammara bin Umair ne unki mukhalifat ki hai aur use Hazrat Ayesha ؓ ke hawaale se bayan kiya hai. (Sunan Nasai: V3 P238)

Imam Nasai ؒ (d 303h) ne iski wazaahat karte hue kaha:

خالفه عمارة بن عمير فرواه عن يحيى بن الجزار عن عائشة.

"*Ammaara bin Umair ne Amr bin Murrah ki mukhalifat ki hai aur is hadees ko Hazrat Ayesha ؓ ke hawaale se bayan kiya hai*". (Sunan Nasai: V3 P237)

Is riwayat mein terah (13) rakat ki baat nahi hai, taaham ye riwayat bhi Amas ke an-ana ke sabab zaeef hi hai aur sabse ahem baat ye ke Umme Salama ؓ se Abu Salama ؓ ne ye hadees is tarah bayan ki hai. Imam Nasai ؒ (d 303h) farmate hain:

---

[1] T: (مُدَلِّس) Wo raawi jis ne silsila-e-riwayat mein apne shaikh ka naam chod diya ho [RKT]

[2] T: (عَنْعَنَه) Kisi riwayat ko an (عن) falaa'n an (عن) falaa'n keh kar bayan karna [RKT]

أخبرني إبراهيم بن يعقوب قال حدثنا عثمان وهو ابن عمر قال أنبأ إسرائيل عن أبي إسحاق عن أبي سلمة عن أم سلمة قالت: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي من الليل ثلاث عشرة ركعة ثماني ركعات، ويوتر بثلاث، ويركع ركعتي الفجر.

"*Umme Salama ﵂ farmati hain ke Allah ke Rasool raat mein terah (13) rakat padhte the. Aath (8) rakat padhte, phir teen (3) rakat witr padhte aur uske baad fajr ki do (2) rakat padhte*". (Sunan Nasai Kubra: V1 P160 H394)

Is riwayat mein ye saraahat aagai hai ke Umme Salama ﵂ ne fajr ki do (2) rakat ko shumaar karne ke saath majmooi taadaad terah (13) rakat batlaai hai.

Iski sanad bhi Abu Ishaq as-Subee (السبعي) ke an-ana ke sabab zaeef hai, lekin be-aenihi[1] usi baat ko Hazrat Ayesha ﵂ ne bhi bayan kiya hai. (Sahih Bukhari: V2 P51 H1140)

Is liye agar is shaahid ke sabab is hadees ki tasheeh ki jaae to natija yehi niklega ke Umme Salama ﵂ ne fajr ki do (2) rakat shaamil karte hue raat ki rakat ki majmooi taadaad terah (13) rakat batlaai hai.

Ek (1) Zaeef Aur Munkar Riwayat (Hadees-e-Ali ﵁):

Imam Abdullah bin Ahmad bin Hambal ﵀ (d 290h) farmate hain:

حدثني العباس بن الوليد حدثنا أبو عوانة، عن أبي إسحاق، عن عاصم بن ضمرة، قال: سئل علي رضى الله عنه عن صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم:قال كان يصلي من الليل ست عشرة ركعة.

"*Hazrat Ali ﵁ se Nabi-e-Akram ﷺ ki namaz ke baare mein poocha gaya to unho'n ne farmaya: Aap ﷺ raat mein sola (16) rakat padhte the*". (Zawaaed Alaa Musnad Ahmad: V1 P145 [sanad zaeef aur matn munkar] [P: Al Maimaaniya])

Arz hai ke is riwayat ke markazi raawi Abu Ishaq as-Subee (السبعي) hain, aur unse marwi is hadees mein rakat ke silsile mein shadeed iztiraab hai. Masalan: Mazkoora riwayat mein unho'n ne raat ki sola rakat batlaai hai, jabke baaz riwayat mein 'يصلى من النهار ست عشرة ركعة' Yaane "*Din ki sola (16) rakat ka zikr kiya hai*". (Musnad Ahmad: V1 P146)

[1] T: (بِعَينِهٖ) Hoo-bahoo, bilkul, waisa hi [RKT]

Baaz riwayat mein 'يصلي من الليل التطوع ثماني ركعات، وبالنهار ثنتي عشرة ركعة' yaane "*Raat mein aath (8) rakat aur din mein baara (12) rakat padhne ka zikr hai*". (Musnad Abi Yaala al Mausuli: 495)

Uske alaawa iztiraab ki aur bhi shakle'n hain, lekin yahan un par tafseeli guftagu ki zaroorat nahi hai, kyounke ye saari riwayat muztarib hone ke saath-saath zaeef bhi hain, kyounke un sab mein Abu Ishaq as-Subee ne 'عن'' se riwayat kiya hai aur ye teesre tabqe ke mudallis hain. (Tabaqaat al-Mudalliseen li-Ibne Hajar: P42 [P: Al Qairooti])

Albatta is silsile ki hadees mein Abu Ishaq as-Subee ne simaa ki saraahat[1] kardi hai, lihaaza sirf yehi riwayat sahih hai aur us mein ye rakat raat ke bajaae din ki batlaai gai hain, chunache Imam Ahmad bin Hambal رحمہ اللہ (d 241h) farmate hain:

حدثنا محمد بن جعفر، حدثنا شعبة، عن أبي إسحاق، قال: سمعت عاصم بن ضمرة، يقول: سألنا عليا رضى الله عنه عن صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم من النهار، فقال: إنكم لا تطيقون ذلك. قلنا: من أطاق منا ذلك؟ قال: إذا كانت الشمس من ها هنا كهيئتها ما هاهنا عند العصر صلى ركعتين، وإذا كانت الشمس من هاهنا كهيئتها من هاهنا عند الظهر صشى أربعا، و يصلى فلبف الظهر أربعا وبعدها ركعتين، وقبل العصر أربعا، و يفصل بين كل ركعتين بالتسليم على الملائكة المقربين والنبيين و من تبعهم من المؤمنين والمسلمين.

"*Aasim bin Zamrah kehte hain ke ham ne Ali رضی اللہ عنہ se Rasool Allah ﷺ ki din ki namaz ke baare mein poocha to unho'n ne kaha: Tum uski taaqat nahi rakhte. Us par ham ne kaha: Ham mein se kaun uski taaqat rakhta hai? To unho'n ne kaha: Rasool Allah ﷺ jab sooraj is tarah (mashriq ki taraf) is tarah ho jaata jaise asr ke waqt us taraf (maghrib ki taraf) hota hai to do (2) rakat padhte. Phir jab sooraj us taraf (mashriq mein) is tarah ho jaata jaise us taraf (maghrib mein) Zohar ke waqt hota hai to chaar (4) rakat padhte aur chaar (4) rakat Zohar se pehle padhte, phir do (2) rakat uske baad, phir asr se pehle chaar (4) rakat padhte, har do (2) rakat ke darmiyan muqarrab farishto'n aur ambiya-o-rusul par aur momino aur musalmano mein se jin logo'n ne unki paerawi ki hai aur un par salaam pher kar fasl[2] karte*". (Musnad Ahmad: V1 P160 H1375 [Sanad Sahih]; Sunan Tirmizi: H598

[1] T: (صَراحَت) Tasreeh, wazaahat, tashreeh [RKT]
[2] T: (فَصْل) Darmiyaani waqfa, faasla [RKT]

Aur us mein Shu'ba ki riwayat hai jo Abu Ishaq se hai)

Mulaahaza farmae'n! Is hadees mein Abu Ishaq al-Subee ne simaa ki saraahat kar deen-e-islaam hai aur us mein riwayat kin ahi, balke din ki rakat ka zikr hai, lihaaza is silsile ki yehi hadees sahih-o-mehfooz hai aur baaqi riwayaat munkar aur zaeef-o-baaham muztarib hain.

Maulana Tahir Gyaawi Saahab Abu Ishaq ki manian (معنعن)[1] aur munkar-o-zeef riwayat pesh karne ke baad uske rijaal ki siqaahat[2] par acchi-khaasi tafseel pesh karke farmate hain: "*Sanad ke tamaam raawiyo'n ki tauseeq naql ki jaa chuki hai jiske baad riwayat ki sehat mein kisi shubhe ki gunjaaish nahi reh jaati*". (Ahsan at-Tanqeeh: P313)

Arz hai ke uske rijaal ki siqaahat par koi eteraaz hai hi nahi, is liye uske isbaat par tawanaai sarf karne ki koi zaroorat hi nahi. Asal wajah-e-zof Abu Ishaq ka an-ana aur nakaarat[3] hai, jiske izaale mein mausoof ne ek (1) harf bhi nahi likha.

Aur do-rangi ki intiha to dekhiye ke us riwayat ke matn mein shadeed iztiraab hai, phir bhi us riwayat ke sahih hone ke liye mahez rijaal ka siqa hona hi kaafi hai. Sehat-e-sanad ki bhi zaroorat nahi aur Sahih Bukhari ki Hadees-e-Ayesha ﷺ jiske na sirf ruwaat[4] siqa[5] hain, balke sanad bhi muttasil-o-sahih hai aur matn[6] bhi be-daagh hai. Wahan ye shor machaaya jaa raha hai ke sanad ke sahih hone se matn ka sahih hona laazim nahi aata. *SubhanAllah!*

[1] T: (مُعَنْعَن) Wo hadees jo aese logon se suni gai ho jin ka silsila riwayat mein mazkoor na ho aur silsila-e-riwayat ko an (عن) laga kar naql kiya gaya ho. Wo hadees jiki riwayat falaa'n bin falaa'n ke alfaaz se ki gai ho aur saraahat se sama' ka zikr na ho [RKT]

[2] T: (ثِقاہَت) Raawi ki seerat mein un sharto'n ka paaya jaana jo uska bayan motabar hone ke liye zaroori hain [RKT]

[3] T: (نَکارَت) Na-pasandeedgi, bezaari, nafrat, ajnabi-pan [RKT]

[4] T: (رُوات) Raawi, riwaayat karne waale [RKT]

[5] T: (ثِقا) Motabar, qaabil-e-etebaar [FL]

[6] T: (مَتْن) Kisi kitaab, mazmoon ya dastawez wagahira ki asal ibaarat [RKT]

Ek (1) Mursal Riwayat:

Imam Abdul Razzaq ﷺ (d 211h) farmate hain:

عن معمر، عن ابن طاووس، عن أبيه قال: كان النبي صلى الله عليه وسلم يصلي سبع عشرة ركعة من الليل.

"*Tawoos (taabai) farmate hain ke Nabi-e-Akram ﷺ raat mein satra (17) rakat padhte the*". (Musannaf Abdul Razzaq: V3 P38 H4710)

Ye riwayat mursal[1] hai, kyounke Tawoos taabai hain aur Allah ke Nabi ﷺ se baghaer waasta zikr kiye riwayat kar rahe hain. Lihaaza mursal hone ke sabab ye riwayat zaeef hai aur zaeef hone ke saath hi saari sahih riwayaat ke khilaaf bhi hai, kyounke kisi bhi sahih riwayat meinr aat ki majmooi taadaad satra (17) nahi batlaai gai.

Maulana Tahir Gyaawi Saahab is riwayat ke baare mein farmate hain: "*Agarche ye riwayat mursal hai, lekin choonke uski taaeed sahih aur muttasil riwayat ho jaati hai, is liye usool-e-hadees ki raushni mein ye bhi qaabil-e-ehtijaaj ho jaati hai*". (Ahsan at-Tanqeeh: P309)

Arz hai ke uske baad mausoof ne ma-qabl waali Syedna Ali ﷺ ki zaeef-o-munkar riwayat pesh ki hai jiska hashr qaraeen oopar dekh chuke hain.

Teesra Eteraaz: Tahajjud Aur Taraweeh Mein Farq Ka Falsafa:

Hadees-e-Ayesha ﷺ sahih hone ke saath-saath aksariyat taadaad ke hasr mein bilkul sareeh hai. Asr-e-haazir ke ahnaaf ke paas uksa koi jawaab nahi hai, is liye un hazraat ne ek (1) naya falsafa taraasha aur chauda-sau (1400) saal ke baad ek (1) naya daawa kiya ke tahajjud aur taraweeh ye do (2) alag-alag namaze'n hain.

Arz hai ke awwal to taraweeh aur tahajjud dono ek (1) hi namaz hai, yaane salat al-lail raat ki namaz hai, un dono mein farq haalaat ke lihaaz se hai. Yaane raat ki namaz aam dino'n mein padhi jaae to use tahajjud kehte hain aur ramzan mein usi ka naam namaz-e-taraweeh hai. Haalaat ke lihaaz se uski sifaat mein bhi tabdeeli hoti hai, yaane ramzan mein ye namaz jamat ke saath padhi jaati hai, lekin aam dino'n mein jamat ke

[1] T: (مُرسَل) Wo hadees jis ka raawi taabai ho aur jis ka silsila kisi sahaabi se na chalaa ho [RKT]

saath nahi padhi jaati, lekin baaz haalaat mein sifaat ki tabdeeli is baat ki daleel nahi ke ye dono alag-alag namaze'n hain.

Misaal ke taur par Zohar ki farz namaz aam haalaat mein chaar (4) rakat padhi jaati hai, lekin agar koi safar mein ho to uske liye qasr hai, yaane wo sirf do (2) rakat padhta hai. Zaahir hai ke haalat-e-safar mein us namaz ki sifat alag hoti hai, lekin iska ye matlab nahi ke ye koi alag namaz hai, balke ye wohi zohar ki namaz hai jo hazr[1] mein chaar (4) rakat padhi jaati hai, lekin safar mein uski kaifiyat badal gai hai. Taqriban yehi misaal raat ki namaz ki hai. Aam dino mein ye fardan-fardan padhi jaati hai, lekin ramzan mein ye jamat ke saath adaa ki jaati hai, lekin haalaat ke lihaaz se sifat ki ye tabdeeli is baat ki daleel nahi ke ye alag-alag namaze'n hain.

Ek (1) duniyawi misaal se samjhe'n, ke baaz ilaazo'n mein saare hi insaan gore hote hain, yaane unke ausaaf doosre ilaaqo'n ke ausaaf se mukhtalif hote hain, to kya ausaaf mein us ikhtilaaf ke pesh-e-nazar unke insaan hone ki nafi kardi jaae aur unhe'n kisi aur nasl ka haiwaan qaraar de diya jaae?

Doosri baat ye hai ke agar farz kar le'n ke ye alag-alag namaze'n hain to aisi soorat mein mazkoora-baala hadees ki roo se dono namazo'n ki taadaad yaksaa'n maanna laazmi hoga, kyounke Hazrat Ayesha ﵂ ne dono ki taadaad yaksaa'n batlaai hai. Chunache Hazrat Ayesha ﵂ se jo sawaal hua tha wo ramzan ki khaas namaz, yaane taraweeh ke silsile mein hua tha, lekin Hazrat Ayesha ﵂ ne taraweeh aur tahajjud dono ki rakato'n ki taadaad yaksaa'n batlaate hue jawaab diya.

Agar ye maan liya jaae ke is hadees mein taraweeh ki taadaad ka zikr nahi to ye laazim aaega ke Hazrat Ayesha ﵂ ne saail ke asal sawaal ka jawaab hi nahi diya, kyounke asal sawaal to taraweeh hi ke baare mein hua tha, lihaaza ye maanna zaroori hai ke Hazrat Ayesha ﵂ ne asal sawaal ka jawaab dene ke saath-saath ek (1) zaaid baat bhi batladi, yaane taraweeh ki rakat ke saath-saath tahajjud ki rakat bhi batla dee'n.

Maulana Tahir Gyaawi Saahab ne ye daawa kiya hai ke sawaal tahajjud

[1] T: Apne watan, shaher, ya muqaam par maujood hone ki haalat, safar mein na hona [RSB]

hi ke baare mein tha aur daleel yehi deen-e-islaam hai ke jawaab mein Hazrat Ayesha ؓ ne ramzan aur ghair-ramzan dono ki baat kahi hai. Farmate hain: "*Tahajjud ki namaz jo ramzan aur ghair-ramzan dono zamano'n mein aam hai, jawaab mein us umoom ka saraahatan Hazrat Ayesha ؓ ne zikr bhi farmaya hai… alakh*". (Ahsan at-Tanqeeh: P248)

Arz hai ke Gyaawi Saahab sawaal ko bhool gae ke is mein ramzan waghaera ki saraahat nahi, balke sirf ramzan hi ki saraahat hai. Jo saaf daleel hai ke sawaal khaas ramzan ki namaz, yaane taraweeh ke baare mein hua tha. Lekin choonke ye namaz aur deegar zamaano'n mein tahajjud ki namaz ek (1) hi hai, is liye jawaab mein Hazrat Ayesha ؓ ne dono ki taadaad yaksaa'n batlaai hai.

Bil-farz maan bhi le'n ke sawaal sirf tahajjud ke baare mein tha to bhi Hazrat Ayesha ؓ ne jawaab mein jo tafseel ka usloob apnaya hai, uska laazmi taqaaza tha ke aap taraweeh ki baabat bhi wazaahat kar detee'n, lekin tafseeli jawaab dene ke bawujood bhi taraweeh se mutaalliq alag se ek (1) harf bhi na kehna is baat ki daleel hai ke Hazrat Ayesha ؓ ramzan mein tahajjud aur taraweeh ko ek (1) hi maanti hain.

Tahajjud Aur Taraweeh Ke Ek (1) Hone Se Mutaalliq Dus (10) Dalaael

Pehli Daleel:

Sahih Bukhari ki pesh-karda hadees mein saail[1] ne ramzan ki namaz, yaane taraweeh ke baare mein sawaal kiya tha, lekin Hazrat Ayesha ؓ ne taraweeh aur tahajjud dono ko ek (1) hi namaz maan kar dono ke baare mein ek (1) hi jawaab diya, jo is baat ka suboot hai ke tahajjud aur taraweeh ek (1) hi namaz hai. Is par Tahir Gyaawi Saahab ke eteraaz ka jawaab oopar diya ja chuka hai.

Doosri Daleel:

Allah ke Nabi ﷺ se taraweeh aur tahajjud alag-alag padhna saabit nahi hai, jo is baat ki waazeh daleel hai ke taraweh aur tahajjud ek (1) hi namaz hai. Allama Anwar Shah Kashmiri ؒ taraweeh aur tahajjud ke ek

[1] T: (سائِل) Daryaaft karne waala, poochne waala [RKT]

(1) hi namaz hone ki daleel dete hue likhte hain:

وإِنَّما يثبُتُ تغايُرُ النَّوعَين إذا ثَبَت عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أنه صلى التهجُّدَ مع إقامَتِهِ بالتراويح.

"*Dono namazo'n ka alag-alag namaz hona us waqt saabit hoga jab is baat ka suboot mil jaae ke Allah ke Nabi ﷺ ne taraweeh padhne ke saath-saath tahajjud bhi padhi hai*". (Fath-ul-Baari: V4 P23)

Allama Kashmiri ne jo baat kahi hai wohi baat Ahle Hadees hazraat bhi kehte hain, jis par Tahir Gyaawi Saahab ne ek (1) dilchasp eteraaz kiya hai, farmate hain: "*Mazkoora istidlaal padhne ke baad be-saakhta ji chaahta hai ke usi andaaz mein unse bhi ek (1) baat daryaaft karni chaahiye, kisi hadees se ye saabit nahi kiya jaa sakta ke un teen (3) raato'n mein Rasool Allah ﷺ ne taraweeh ke alaawa namaz-e-isha bhi ada farmaai thi … alakh*". (Ahsan at-Tanqeeh: P260)

Gyaawi Saahab se guzaarish ahi ke Ahle Hadees hazraat ke saamne is be-saakhtgi[1] ke izhaar ke bajaae Allama Kashmiri ke talaamiza[2] par maatam keejiye ke ye bad-naseeb fahm-o-firaasat mein kis darja muflis the ke apne ustaaz ki is be-tuki baat par motariz hone ke bajaae use ilmi khazana samajh kar hawaala-e-tehreer kar diya.

Behrehaal hamari taraf se jawaaban guzaarish hai:

<u>Awwalan</u>: Is tarah ki be-saakhtgi ke izhaar se qabl kutub-e-ahadees ki warq-gardaani bhi kar leejiye, kyounke ek (1) nahi, balke kai ahadees mein saraahat hai ke Aap ﷺ ne isha ki namaz padhne ke baad taraweeh ki mazkoora-baala namaz padhi thi. Musnad Ahmad ki riwayat mein Hazrat Ayesha رضی اللہ عنہا hi ka bayan hai:

فخرج إليه رسول الله صلى الله عليه وسلم بعد أن صلى العشاء الآخرة، قالت فاجتمع إليه من في المسجد، فصلى بهم رسول الله صلى الله عليه وسلم ليلا طويلا.

"*Isha ki namaz padhne ke baad log masjid mein the, sab Aap ﷺ ke saath jama ho gae to Aap ﷺ ne unhe'n der raat tak namaz padhai*". (Musnad Ahmad: V6 P267 [Sanad Sahih])

[1] T: (بے ساخْتَگی) Saadgi, banwaawat na hona, bholapan [RKT]
[2] T: (تَلامِذَه) Shaagird, talaba [RKT]

Saniyan:

Bil-farz agar hadees mein iski saraahat na bhi hoti to bhi Gyaawi Saahab ki be-saakhtgi be-maane thi, kyounke namaz-e-isha ka mahal[1] alag hai aur qiyaam-ul-lail ka mahal alag hai. Agar Nabi ﷺ ne kisi din isha hi ke mahal mein isha jaisi koi namaz padhi hoti to is sawaal ki gunjaaish thi ke us mauqa se Nabi ﷺ ne isha ki namaz padhi ya nahi padhi?

Lekin Aap ﷺ ne Sahaba ke saath teen (3) raat ba-jamaat jo khaas namaz padhi wo qiyaam-ul-lail ke mahal mein padhi hai aur qiyaam-ul-lail jaisi namaz padhi hai, farq sirf baaz kaifiyat mein hai, is liye yahan ye sawaal bilkul baja hai ke Nabi-e-Akram ﷺ ne alag se koi aur qiyaam kiya ya nahi?

Balke aage teesri daleel ke tahat jo riwayat aarahi hai is mein to yahan tak bayan hai ke aakhri raat Nabi ﷺ ne itni der tak namaz padhai hai ke sahaba ko dar hua ke kahee'n unhe'n sehri karne ka waqt bhi na mile. Ab gyaawi saahab batlaae'n ke agar us raat bhi Aap ﷺ ne alag se koi namaz padhi thi to uske liye waqt hi kahan se bacha tha?

Tahir Gyaawi Saahab farmate hain: "*Jab Aap ﷺ ka hamesha se maamool tha ke tahajjud padhte the to us raat bhi us maamool par amal kiya hoga, arz hai ke Aap ﷺ ne sahaba ke saath jo namaz padhi, yehi to wo amal tha, uske alaawa alag se us amal ki koi daleel nahi hai*".

Tahir Gyaawi Saahab ne ghair-mutaalliq misaale'n de kar saada-looh qaraeen ko behkane ki koshish ki hai. Ham bhi ek (1) misaal arz karte hain. Farz kare'n kisi shakhs ka daaimi maamooli hai ke wo shaam ka khana apne ghar mein apne ahle khana ke saath tanaawul karta hai, lekin kisi shaam kisi ne uski daawat ki aur us din us ne daawat mein jaakar doosre logo'n ke hamraah khana tanaawul farma liya, to kya us shakhs ke baare mein ye kaha jaaega ke usne apne ghar par bhi aakar apne saabiqa maamool ke mutaabiq khana khaya hoga?

[1] T: (مَحَل) Mauqa, waqt, jagah [RKT]

Teesri Daleel:

عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: صُمْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم فَلَمْ يُصَلِّ بِنَا، بَقِيَ سَبْعٌ مِنَ الشَّهْرِ ، فَقَامَ بِنَا حَتَّى ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ، يَقُمُ بِنَا فِي السَّادِسَةِ، وَقَامَ بِنَا فِي الخَامِسَةِ، حَتَّى ذَهَبَ شَطْرُ اللَّيْلِ، فَقُلْنَا لَهُ: يَا رَسُولَ اللهِ، لَوْ نَفَّلْتَنَا بَقِيَّةَ لَيْلَتِنَا هَذِهِ؟ فَقَالَ: إِنَّهُ مَنْ قَامَ مَعَ الإِمَامِ حَتَّى يَنْصَرِفَ كُتِبَ لَهُ قِيَامُ لَيْلَةٍ، ثُمَّ لَمْ يُصَلِّ بِنَا حَتَّى بَقِيَ ثَلَاثٌ مِنَ الشَّهْرِ، وَصَلَّى بِنَا فِي الثَّالِثَةِ، وَدَعَا أَهْلَهُ وَنِسَاءَهُ، فَقَامَ بِنَا حَتَّى تَخَوَّفْنَا الفَلَاحَ. قُلْتُ لَهُ: وَمَا الفَلَاحُ، قَالَ: السُّحُورُ. هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

"Abu Zar ﷺ farmate hain ke ham ne Rasool Allah ﷺ ke saath roze rakhe. Aap ne teiswee'n (23) raat ko hame'n lekar khade hue yahan tak ke tihaai raat guzar gai, phir chaubeeswee'n (24) raat ko namaz na padhai, lekin pachiswee'n raat ko aadhi raat tak namaz (e taraweeh) padhai. Ham ne arz ki: Ya Rasool Allah ﷺ! hamari aarzu thi ke aap baaqi raat bhi hamare saath nawaafil padhte. Aap ﷺ ne farmaya: Jo shakhs imam ke saath uske faarigh hone tak namaz mein shareek raha, uske liye poori raat ka qiyaam likh diya gaya. Phir Nabi ﷺ ne sataeeswee'n (27) raat tak namaz na padhai. Sataeeswee'n (27) raat ko phir khade hue aur hamare saath apne ghar waalo'n aur aurato'n ko bhi bulaya, aur qiyaam kiya. Yahan tak ke hame'n andesha hua ke 'falaah' ka waqt na nikal jaae. Raawi kehte hain ke maine Abu Zar se poocha: 'falaah' kya hai? To unho'n ne farmaya: Sehri. Imam Abu Isa Tirmizi رحمه الله farmate hain: Ye hadees Hasan Sahih hai". (Sunan Tirmizi: V3 P160 H806 [Sanad Sahih])

Is hadees se maaloom hua ke Allah ke Nabi ﷺ ne teesre din taraweeh ko itni der tak padha tha ke sahaba ko dart ha ke kahee'n sehri ka mauqa hi na mile. Zaahir hai ke jab sehri ka waqt na milne ka khauf tha to tahajjud ka waqt milne ka sawaal hi nahi paida hota.

Agar taraweeh aur tahajjud dono alag-alag namaze'n hotee'n to Allah ke Nabi ﷺ taraweeh mein itni taakheer na karte ke sehri ke waqt bhi mushkil se mile. Neez, Sahaba Kiraam رضي الله عنهم ye na kehte ke hame'n ye dar hua ke kahee'n sehri ka waqt na mile, balke you'n kehte ke hame'n ye dar hua ke kahee'n tahajjud hi ka waqt na mile.

Mazeed-baraa'n[1] ye hadees is baat ki qatai daleel hai ke us raat

[1] T: (مَزِيْد بَراں) Iske siwa, maa-siwa, iske alaawa [RKT]

taraweeh ke baad tahajjud ke liye koi mauqa tha hi nahi aur Aap ﷺ ne us raat tahajjud nahi padhi. Agar taraweeh aur tahajjud dono alag-alag namaze'n hotee'n to Aap ﷺ us raat bhi tahajjud khud padhte aur sahaba ko bhi uska mauqa dete.

Chauthi Daleel:

عَنْ قَيْسِ بْنِ طَلْقِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُولُ: لَا وِتْرَانِ فِي لَيْلَةٍ.

"*Qais bin Talq bin Ali apne waalid se riwayat karte hain ke maine Allah ke Rasool ko farmate hue suna: Ek (1) raat mein do (2) witr nahi hain*".
(Sunan Tirmizi: V2 P333 H470 [Sanad Sahih])

Ye hadees bhi is baat ki daleel hai ke taraweeh aur tahajjud ek (1) hi namaz hai, kyounke Aap ﷺ ne taraweeh ke saath wtir bhi padhe the, jaisa ke aage hadees aarahi hai aur witr ki namaz tahajjud ke saath hi padhi jaati hai.

Agar taraweeh aur tahajjud alag-alag maane'n to ye laazim aaega ke Allah ke Nabi ﷺ ne do (2) baar witr padhe haina ur ye na-mumkin hai, kyounke mazkoora-baala hadees mein khud Allah ke Nabi ﷺ ka farman hai ke ek (1) raat mein do (2) witr nahi.

Paanchwee'n Daleel:

Jaabir ؓ ki sahih aur sareeh hadees aage aarahi hai, jis mein mazkoor hai ke Allah ke Nabi ﷺ ne taraweeh aath (8) rakat aur teen (3) witr hi padhe hain aur rakat ki yehi taadaad Hazrat Ayesha ؓ ne mazkoora-baala hadees mein bhi bayan ki hai, jo is baat ki daleel hai ke taraweeh aur tahajjud ek (1) hi namaz hai.

Chatti Daleel:

Allah ke Nabi ﷺ ne Sahaba Kiraam ؓ ko jab taraweeh ki namaz jamat se padhaai thi to teen (3) din padhane ke baad aap ne jamat se taraweeh padhana chod diya tha aur Ibne Hibban ki riwayat ke mutaabiq uski wajah batate hue farmaya:

كرهتُ أن يكتب عليكم الوتر.

"*Meine is baat ko na-pasand kiya ke tum par witr farz kar diya jaae*".

(Sahih Ibne Khuzaima: V2 P138)

Is hadees mein Allah ke Nabi ﷺ ne taraweeh ki namaz hi ko witr kaha hai aur witr ye tahajjud ki namaz hi ke saath hai. Ye bhi is baat ki zabardast daleel hai ke taraweeh aur tahajjud ek (1) hi namaz hai.

Saatwee'n Daleel:

Khalifa-e-Duwam Umar Farooq ؓ taraweeh aur tahajjud ko ek (1) hi namaz samajhte the, usi wajah se wo jamat ke saath taraweeh nahi padhte the, kyounke aam taur par log use raat ke ibtidaai hisse mein padhte the aur Umar Farooq ؓ raat ke akheer hisse mein padhna use behtar samajhte the, is liye aap jamat se taraweeh na padh kar baad mein raat ke akheer hisse mein tanha padhte the aur us par tambeeh karte hue farmate the:

والتي ينامون عنها أفضل من التي يقومون، يريد آخر الليل، وكان الناس يقومون أولهم.

"*(Raat ka) Wo hissa jis mein ye log so jaate hain, us hisse se behtar aur afzal hai jis mein ye namaz padhte hain. Aap ki muraad raat ke aakhri hisse (ki fazilat) se thi, kyounke log ye namaz raat ke shuru hi mein padh lete the*". (Sahih Bukhari: V3 P45 H2010)

Ye is baat ki daleel hai ke Umar Farooq ؓ taraweeh aur tahajjud ko ek (1) hi namaz samajhte the. Agar Umar Farooq ؓ ki nazar mein taraweeh aur tahajjud do (2) alag-alag namaze'n hotee'n to aap taraweeh bhi masjid mein logo'n ke saath padhte aur raat ke aakhri hisse mein tahajjud bhi padhte. Neez, aap taraweeh ki namaz ko raat ke aakhri hisse mein padhne ko afzal na batlaate, balke us fazilat ko tahajjud hi ki namaz ke liye khaas samajhte.

Allama Anwar Shah Kashmiri ؒ farmate hain:

يؤيده فعل عُمر رضى الله عنه فإنَّه كان يصلي التراويح في بيته في آخر الليل، مع أنه كان أمرهم أن يؤدُّوهَا بالجماعة في المسجد، ومع ذلك لم يكن يدخُل فيها، وذلك لأنه كان يعلم أن عمل النبي صلى الله عليه وسلم كان بأدائها في آخر الليل، نَبَّهَهُم عليه، قال: إنَّ الصلاة التي تقومون بها في أول الليل مفضولةٌ عما لو كُنتم تقيمونَها في آخر الليل، فجعل الصلاة واحدة.

"*Taraweeh aur tahajjud ke ek (1) hone ki taaeed Umar Farooq ؓ ke fe'l*

se bhi hoti hai, kyounke aap apne ghar meinr aat ke akheer mein taraweeh padhte the, jab ke aap ne logo'n ko masjid mein jamat se padhne ka hukm diya tha, uske bawujood bhi aap unke saath shaamil na hote the aur aisa us wajah se tha, kyounke aap ko maaloom tha ke Allah ke Nabi ﷺ us namaz ko raat ke aakhri hisse mein padhte the. Phir aap ne logo'n ko us par tambeeh karte hue kaha: Jis namaz (taraweeh) ko tum log raat ke ibtidaai hisse mein padhte hue, wo fazilat mein kamtar hai, ba-nisbat iske ke agar tum use raat ke aakhri hisse mein padho. Chunache yahan Umar Farooq رضي الله عنه ne taraweeh aur tahajjud ko ek (1) hi namaz qaraar diya hai". (Faiz-ul-Baari Sharah Sahih Bukhari: V4 P24)

Aathwee'n Daleel:

Mohaddiseen ne Hazrat Ayesha رضي الله عنها ki is hadees ko ramzan ke qiyaam yaane taraweeh aur tahajjud dono tarah ke unaween aur abwaab ke tahat zikr kiya hai jo is baat ki daleel hai ke mohaddiseen ki nazar mein taraweeh aur tahajjud ek (1) hi hai aur Hazrat Ayesha رضي الله عنها ki mazkoora hadees mein taraweeh aur tahajjud hi ki rakat ka zikr hai.

Chunache mulaahaza kare'n:

- Imam Bukhari رحمه الله ne Sahih Bukhari mein 'كتاب صلاة التراويح' mein is hadees ko darj kiya hai aur us par 'فضل من قام رمضان' yaane taraweeh padhne ki fazilat ka baab qaayam kiya hai. (Sahih Bukhari: H2013)

- Imam Shamsuddin al-Kirmani (d 786h) Sahih Bukhari ki sharh mein is baab ki sharah karte hue likhte hain:

(باب فضل من قام رمضان) اتفقوا على أن المراد بقيامه صلاة التراويح.

"*(Qiyaam-e-Ramzan ki fazilat ka bayan) Ahle ilm ka ittifaaq hai ke qiyaam-e-ramzan se muraad taraweeh hai*". (Al-Kawaakib ad-Durriya Fee Sharah Sahih Bukhari: V9 P152)

- Imam Bayhaqi رحمه الله ne bhi is hadees ko 'باب ما روي في عدد ركعات القيام في شهر رمضان' yaane ramzan mein taraweeh ki rakat ki taadaad ke bayan mein zikr kiya hai. (Sunan Bayhaqi: Kitab us Salaah: H4285)

Imam Abu Hanifa ke shagird Muhammad bin al-Hasan ne Muwatta Muhammad 'باب قيام شهر رمضان وما فيه من الفضل' yaane 'Ramzan mein taraweeh padhne aur uski fazilat ke byaan ke tahat use zikr kiya hai'. (Muwatta Muhammad bin al-Hasan ash-Shaibani: H239)

Allama Abdul Hai Lukhnawi Hanafi ne Muwatta Muhammad ke is baab ki tashreeh karte hue likha hai: 'قوله: قيام شهر رمضان، ويسمى التراويح' yaane 'Maah-e-ramzan ke qiyaam ka naam taraweeh hai'. (At-Taaleeq al Mumajjad lil Kanuwi: V1 P351)

Ahnaaf kehte hain ke baaz mohaddiseen ne is hadees ko 'كتاب التهجد' mein zikr kiya hai. Arz hai ke us mein pareshan hone ki baat kiya hai? Jab taraweeh aur tahajjud dono ek (1) hi namaz hain to us hadees ka zikr taraweeh ke bayan mein bhi hoga aur tahajjud ke bayan mein bhi hoga. Chunache mohaddiseen ne agar tahajjud ke bayan mein use zikr kiya hai to taraweeh ke bayan mein bhi use zikr kiya hai. Jaisa ke oopar hawaale diye gae hain.

Maulana Tahir Gyaawi Saahab farmate hain: "*Agar Hadees-e-Ayesha* ﷺ *ka tazkira qiyaam-e-ramzan ke tahat kiya gaya hai to usse ye istidlaal karna durust nahi hai ke musannif ke khayaal mein laaziman us riwayat ka taraweeh hi se taalluq hai, is liye ke tahajjud ki namaz bhi ramzan mein padhi jaati hai aur us buniyaad par qiyaam-e-ramzan mein padhi jaati hai aur us buniyad par qiyaam-e-ramzan ke tahat uska zikr bhi ghair-munaasib nahi hai*". (Ahsan at-Taqeeh: P250)

Arz hai ke jin mohaddiseen ne qiyaam-e-ramzan ke tahat is hadees ka zikr kiya hai, un mohaddiseen ne qiyaam-e-ramzan se tahajjud nahi, balke taraweeh hi muraad leli hai. Balke Imam Bukhari رحمه الله ne to saraahatan taraweeh hi ka lafz istemaal kiya hai.

Imam Bayhaqi ne qiyaam-e-ramzan ka jo baab qaayam kiya hai uske tahat bees (20) rakat waali zaeef riwayaat bhi darj ki hain, jo is baat ki baiyyan daleel hai ke unho'n ne qiyaam-e-ramzan se taraweeh hi muraad liya hai.

Imam Muhammad رحمه الله ne qiyaam-e-ramzan ke tahat wo hadees bhi zikr

ki hai jis mein Aap ﷺ ne ba-jamaat taraweeh padhai thi. Ye bhi is baat ki daleel hai ke unho'n ne qiyaam-e-ramzan bol kar tahajjud nahi, balke taraweeh hi ko muraad liya hai. Balke Hanafi aalim Allama Luknawi رحمه الله ne uski tashreeh taraweeh se ki hai. كما مضى [1] Is liye Tahir Gyaawi Saahab ki taaweel kisi kaam ki nahi hai.

Nawee'n Daleel:

Allah ke Nabi ﷺ ke hawaale se ek (1) mauzoo aur manghadat riwayat naql ki jaati hai ke Allah ke Nabi ﷺ ne bees (20) rakat taraweeh padhi. Is hadees ko mardood saabit karte hue bahut saare mohaddiseen-o-ahle ilm ne use Hazrat Ayesha رضي الله عنها ki is hadees ke khilaaf qaraar diya hai. Masalan:

- Imam Boosri رحمه الله. (Ithaaf al-Khaira al-Mahra lil-Boosiri: V2 P384)
- Haafiz Ibne Hajar رحمه الله. (Fath-ul-Baari li-Ibne Hajar: V4 P254)
- Imam Ze'li al-Hanafi رحمه الله. (Nasb ar-Raaya liz-Ze'li: V2 P153)
- Imam Suyuti رحمه الله. (Al-Haawi lil Fataawa: V1 P414)
- Imam Ibn al-Humaam al-Hanafi. (Fath-ul-Qadeer lil-Kamal ibn al-Humaam: V1 P467)
- Abu at-Taiyyab Muhammad bin Abdul Qadir Sindi Hanafi. (Sharah Tirmizi: V1 P423) (In tamaam Ahle Ilm ke aqwaal aage aarahe hain)

Mohaddiseen-o-ahle ilm ki jaanib se bees (20) rakat taraweeh waali riwayat ke khilaaf Hazrat Ayesha رضي الله عنها ki us hadees ka pesh kiya jaana, is baat ki daleel hai ke ye hadees taraweeh se mutaalliq hai aur taraweeh-o-tahajjud dono ek (1) hi namaz hai.

Daswee'n Daleel:

Jo taraweeh padh le, ahle ilm ne use tahajjud padhne se mana kiya hai. Chunache Allama Anwar Shah Kashmiri Hanafi likhte hain:

ثُمَّ إِنَّ محمد بن نَصْرٍ وَضَعَ عدة تراجم في قيام الليل، وكتب أن بعض السلف ذهبوا إلى مَنْع التهجد لِمَن صلَّى التروايح.

[1] T: (كما مضى) Jaisa ke pehle bayan kiya gaya [RSB]

"*Neez Muhammad bin Nasr ne qiyaam-ul-lail ke baare mein kai abwaab qaayam kiye hain aur likha hai ke baaz salaf ne us shakhs ko tahajjud padhne se mana kiya hai jisne taraweeh padhli hai*". (Faiz-ul-Baari Sharah Sahih Bukhari: V4 P24)

Ye bhi is baat ki daleel hai ke taraweeh aur tahajjud dono ek (1) hi namaz hai.

Un dalaael se roz-e-raushan ki tarah ayaa'n ho jaata hai ke taraweeh aur tahajjud dono ek (1) hi namaz hai. Taraweeh aur tahajjud ke alag-alag hone ka nazariya dar-asl Sahih Bukhari ki Hadees-e-Ayesha ﵂ par amal karne se bachne ke liye pesh kiya gaya hai.

Waazeh rahe ke mutaqaddimeen mein se kisi ek (1) bhi aalim ne ye nahi kaha hai ke taraweeh aur tahajjud alag-alag namaz hai. Ahnaaf mein Allama Anwar Shah Kashmiri ne bhi saaf taur par elaan kiya hai ke taraweeh aur tahajjud dono ek (1) hi namaz hai, balke Hanafi log taraweeh aur tahajjud ke alag-alag hone ke liye jitne bhi dalaael dete hain. Unke khulaasa ye hai ke wo taraweeh aur tahajjud ki alag-alag sifaat ginaate aur usi ko daleel banate hain ke ye alag-alag namaze'n hain.

Allama Anwar Shah Kashmiri Hanafi is be-buniyaad daleel ka radd karte hue aur taraweeh-o-tahajjud ko ek (1) hi saabit karte hue likhte hain:

قال عامة العلماء: إنَّ التراويح وصلاة الليل نوعان مختلفان والمختار عندي أنهما واحد وإن اختلفت صفتاهما، كعدم المواظبة على التراويح، وأدائها بالجماعة، وأدائها في أول الليل تارةً، وإيصالها إلى السَّحَر أُخرى، بخلاف التهجد فإنه كان في آخر الليل ولم تكن فيه الجماعة، وجَعْلُ اختلافِ الصفات دليلا على اختلاف نوعيهما ليس بجيّد عندي، بل كانت تلك صلاة واحدة، إذا تقدمت سُمِّيت باسم التراويح، وإذا تأخرت سُمِّيت باسم التهجد، ولا بِدْعَ في تسميتها باسمين عند تغاير الوَصْفَين، فإنَّه لا حَجْر في التغاير الاسمي إذا اجتمعت عليه الأُمه، وإنّما يثبت تغايُرُ النَّوعَين إذا ثبت عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه صلى التهجد مع إقامته بالتراويح.

"*Aam taur se (hamare Hanafi) ulama ne kaha hai ke taraweeh aur tahajjud do (2) alag-alag namaze'n hain, lekin mere nazdeek ye dono ek (1) hi namaz hain agarche un dono ki sifaat alag-alag hain. Masalan*

taraweeh ki muwaazabat[1] hoti hai use jamat ke saath padha jaata hai. Use raat ke ibtidaai hisse mein padha jaata hai aur kabhi-kabhi sehri tak padha jaata hai. Lekin uske bar-khilaaf tahajjud ko raat ke aakhri hisse mein padha jaata hai aur us mein jamat nahi hoti hai. Sifaat ke alag-alag hone ko un dono namazo'n ke alag-alag hone ki daleel banana mere nazdeek behtar nahi hai".

"*Balke taraweeh aur tahajjud ye doono ek (1) hi namaz hain. Jab use pehle padha jaata hai to use taraweeh ka naam diya jaata hai aur jab use taakheer se padha jaata hai to use tahajjud ka naam diya jaata hai. Sifaat ke alag-alag hone ki wajah se use do (2) naam se mausoom karna koi nai baat nahi hai, kyounke ausaaf ke mukhtalif hone ke baais mukhtalif naam rakhne mein koi rukaawat nahi hai. Is liye ke jab ummat ka ittifaaq ho jaae to naam ke ikhtilaaf mein koi muzaaiqa nahi. Albatta ye do (2) alag-alag namaze'n us waqt saabit hotee'n, jab Allah ke Nabi ﷺ se ye saabit hotee'n ke aap ne taraweeh padhne ke saath-saath tahajjud bhi padhi hai*". (Faiz-ul-Baari Sharah Sahih Bukhari: V2 P567)

Is ibaarat mein Allama Anwar Shah Kashmiri ne ye baat waazeh kardi hai ke mahez sifaat ke alag-alag hone se nauiyat ki alaahadgi ka faisla nahi kiya ja sakta. Neez, guzishta sutoor mein ham bhi waazeh kar chuke hain ke zohar ki namaz hazr mein chaar (4) rakat farz hai, lekin safar mein qasr karte hue sirf do (2) rakat farz hai. Ab dekhiye un dono sifaat mein kitna farq ho gaya.

Lekin sifaat ki is tabdeeli ko ham is baat ki daleel nahi bana sakte ke hazr ki zohr aur safar ki zohr ye dono alag-alag namaze'n hain.

Al-gharz baaz haalaat mein agar kisi namaz ki sifaat badal gaee'n to mahez baaz haalaat mein badly hui sifaat ki bina par use alag namaz nahi kaha ja sakta.

Tambeeh: Yaad rah eke is hadees mein jo ye zikr hai:

يُصَلِّي أَرْبَعًا، فَلَا تَسَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُولِهِنَّ، ثُمَّ يُصَلِّي أَرْبَعًا، فَلَا تَسَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُولِهِنَّ.

"*Aap ﷺ pehli chaar (4) rakat padhte, tum unki husn-o-khoobi aur tool*

[1] T: (مُواظَبَت) Tawajjo, dawaam aur istiqaamat ke saath koi kaam kiye jaana [RKT]

ka haal na pooch, phir chaar (4) rakat padhte, unki bhi husn-o-khoobi aur tool ka haal na poocho".

To iska ye matlab nahi hai ke Aap ﷺ chaar (4) chaar (4) rakat ek (1) salaam se padhte the, kyounke yahan chaar (4) rakat ke baad salam pherne ki saraahat nahi hai. Lihaaza yahan matlab sirf ye hai ke chaar (4) rakat padh kar theherte the aur salaam har do (2) rakat par hi pherte the, jaisa ke khud Hazrat Ayesha رضی اللہ عنہا hi ne doosri hadees mein saraahat kardi hai, jo aage aarahi hai.

Tahajjud Aur Taraweeh Ki Namaz Mein Farq Ke Hanafi Dalaael Aur Unka Jaaeza

Tahajjud aur taraweeh ki namaz ko alag-alag saabit karne ke liye sabse ziyaada zor Tahir Gyaawi Saahab ne lagaya hai aur ba-zom-e-khaweesh[1] kul paanch (5) dalaael uske haq mein diye hain. Zel mein ham unke tamaam dalaael ka jaaeza pesh karte hain.

Pehli Daleel: Tahajjud Ki Qaza Aur Taraweeh Ki Adm-e-Qaza:

Maulana Tahir Gyaawi Saahab farmate hain: "*Taraweeh aur tahajjud dono ke alaahada-alaahada do (2) namaz hone ki sabse badi daleel ye hai ked ono namazo'n ke ahkaam bhi juda hain. Masalan: Taraweeh ki namaz agar koi shaksh waqt par adaa na kar saka to din ke waqt uski qaza nahi kar sakta, is liye uski qaza saabit nahi hai, jahan tak meri maalumaat ka taalluq hai*". (Ahasan at-Taqeeh: P235)

Uske baad Tahir Gyaawi Saahab ne apni fiqa-hanafi ki kitaab Radd al-Mohtaar ki ibaarat pesh ki hai aur khwah-ma-khwah ek (1) Hanafi mauqif ko Ahle Hadees par bhi musallat kar diya ke Ahle Hadees ka bhi yehi maanna hai ke taraweeh ki qaza nahi ki ja sakti.

Halaanke Ahle Hadees kya, khud ahnaaf mein bhi baaz hazraat uske qaayal hain ke kisi ki taraweeh choot gai to wo baad mein tanha uski qaza kar sakta hai, chunache mausoof ne jahan se naql kiya hai waheen ye bhi mazkoor hai:

[1] T: (بَزُعْمِ خوِیْشْ) Apne khayaal mein, apne gumaan mein [RSB]

قيل: يقضيها وحده ما لم يدخل وقت تراويح أخرى، وقيل : ما لم يمض الشهر.

"*Ye bhi kaha gaya hai ke tanha qaza kar sakta hai jab tak ke doosri taraweeh ka waqt na aajaae aur ye bhi kaha gaya hai ke jab tak maah-e-ramzan khatm na ho jaae*". (Radd al-Mohtaar Alaa Ad-Dur al-Mukhtar: V2 P45; Dekhiye Al Mausooah al-Fiqhiya al-Kuwaitiya: V27 P149)

Yaane khud ahnaaf hi is baat par muttafiq nahi hain aur Maulana Gyaawi Saahab bila-taammul use Ahle Hadees ki taraf mansoob kar rahe hain, behrehaal mausoof ne mazkoora baat kehne ke baad tahajjud ke qaza ki daleel mein Hazrat Ayesha ؓ ki wo hadees pesh ki hai jo ma-qabl mein guzar chuki hai, jiska khulaasa ye hai ke Nabi-e-Akram ﷺ ki raat ki namaz choot jaati to Aap ﷺ din mein baarah (12) rakat padhte the.

Tahir Gyaawi Saahab ke is mafrooze[1] ka jawaab is qadar aasaan hai ke khud Tahir Gyaawi Saahab ko bhi uska ehsaan hai, is liye mausoof Ahle Hadees ki taraf se khud hi jawaab dete hue farmate hain: "*Agar isi riwayat ko daleel bana kar koi ghair-muqallid saahab ye shagofa chode'n ke jab hamare nazdeek tahajjud aur taraweeh dono ek (1) hi namaz hai to tahajjud ki qaza ke saabit ho jaane ke baad taraweeh ki qaza ka jawaaz bhi az-khud saabit ho gaya to arz hai ke us riwayat se, jis tahajjud ki qaza saabit hogi wo baara (12) rakat hai aur aap ke nazdeek aath (8) rakat se ziyaada taraweeh ya tahajjud Aap ﷺ se saabit hi nahi hai*". (Eezan[2])

Arz hai ke Tahir Gyaawi Saahab ne jawaab to hamari taraf se khud hi de diya is liye hame'n jawaab dene ki zaroorat hi nahi, albatta mausoof ne jo jawaab al-jawaab[3] pesh kiya hai uska jaaeza bhi ham pesh kar dete hain. Dar-asal ye wohi baat hai jise ma-qabl mein bhi ham unki doosri kitaab se naql kar chuke hain aur wahan jo jawaab diya gaya hai wohi jawaab yahan bhi hai, jiska khulaasa ye hai ke qaza asal gyaara (11) rakat hi ki hoti thi, lekin choonke ye qaza din mein hoti thi aur din mein witr nahi hai, is liye Nabi-e-Akram ﷺ us gyaara (11) rakat mein ek (1) rakat

[1] T: (مَفرُوضَه) Farz kiya hua, tasleem kiya hua, wo baat jo istidlaal ki buniyaad par maan li jaae neez farz kiya hua waaqia ya baat [RKT]

[2] T: (اَيضاً) Hasb-e-baala ya saabiq, bilkul wohi hai jo oopar likha gaya [RKT]

[3] T: (جَواب الجَواب) Jawaab ka jawaab, jawaab ka jawaab dena [RSB]

mazeed shaamil karke use juft bana lete the, to ye ek (1) rakat din ki wajah se izaafi hoti thi, uska raat waali namaz se koi taalluq nahi hai. (Mazeed tafseel ke liye isi kitab ka safha: 42-45 dekhe'n)[1]

Ahle baet jab ye saabit ho gaya ke qaza waali namaz ki bhi aslan taadaad wohi hai jo taraweeh ki namaz ki hai to ye daleel Tahir Gyaawi Saahab hi par ulat kar is baat ki daleel ban gai ke ye dono ek (1) hi namaz hain.

Tahir Gyaawi Saahab ne apni us daleel ko sabse mazboot daleel kaha tha, halaanke andar se uski kamzori par unhe'n us qadr yaqeen tha ke khud hi Ahle Hadees ki taraf se uska jawaab bhi de daala, behrehaal mausoof ke daawe ke mutaabiq ye sabse badi daleel thi jiski haqiqat bayan ki ja chuki hai.

Doosri Daleel: Bayan-e-Farziya Ki Taabeer Se Tafreeq Par Istidlaal:

Tahir Gyaawi Saahab ki daleel ka khulaasa ye hai ke tahajjud ki namaz shuru mein farz thi, baad mein uski farziyat mansookh ho gait hi, lihaaza ramzan waali jis namaz ke baare mein Allah ke Nabi ﷺ ne farz hone ka andesha zaahir kiya wo koi alag namaz honi chaahiye, warna Nabi ﷺ ye na farmate ke kaee'n ye namaz tum par farz na ho jaae, balke ye farmate ke kahee'n ye namaz dobaara tum par farz na ho jaae.

Gyaawi Saahab ke alfaaz hain:

"*Aap ﷺ ne irshad farmaya* 'خشيت أن تفرض عليكم صلاة الليل' *yaane mujhe salat al-lail ke tum par farz ho jaane ka dart ha. To agar ye salat ul-lail wohi namaz-e-tahajjud hi thi, jiski farziyat ek (1) martaba mansookh ho chuki thi to aap ko you'n farman chaahiye tha* 'خشيت أن تعاد عليكم صلاة الليل فريضة' *mujhe dart ha ke tum par salaat al-lail dobaara farz kardi jaaegi*".
(Ahsan at-Tanqeeh: P256)

Jawaban arz hai:

<u>Awwalan</u>: Mahez us taabeer par tafreeq[2] ki imaarat khadi karna intihaai na-maaqool baat hai, kyounke is taabeer mein asal maqsood ke bayan

[1] T: Ye Urdu pdf ka page number hai [RSB]
[2] T: (تَفْرِيق) Alaahadgi, judaai, talaaq, khulaa [RKT]

mein koi naqs waaqe nahi hota, is liye ke asal maqsood us namaz ki farziyat ko batlana hai naake us namaz ki ibtida se lekar ahle baet tak ke rudaad[1] batlaana maqsood hai, lihaaza farziya batlaane ke liye is baat ki qatai haajat nahi hai ke saabiqa farziya ka bhi hawaala diya jaae, lihaaza ye taabeer Gyaawi Saahab ki tafreeq ki daleel hargiz nahi ban sakti.

Albatta is namaz ki saabiqa farziya is baat ki daleel ban sakti hai ke baad mein jis namaz, yaane taraweeh se mutaalliq farziya ka andesha Nabi ﷺ ko laahiq hua, wo wohi namaz thi jo pehle farz ho chuki thi, aur ye cheez min-jumla un asbaab mein se thi jinki bina par Allah ke Nabi ﷺ ne namaz-e-taraweeh ki farziyat ka andesha mehsoos mehsoos kiya. You'n ye daleel bhi khud Tahir Gyaawi Saahab par ulat gai aur usi ne suboot faraaham kar diya ke ye dono ek (1) hi namaz hain.

Saniyan: Bil-farz agar ham maan bhi le'n ke ek (1) hi namaz ki dobaara farziya ka andesha zaahir karne ke liye laazim tha ke mahez farziyat ki baat kehne ke bajaae, iaada-e-farziyat[2] ki baat kahi jaati, to bhi is muhmal-goi[3] ke liye zaroori hai ke Nabi-e-Akram ﷺ ne namaz-e-taraweeh ki jis nauiyat se mutaalliq farziyat ka andesha zaahir kiya tha, pehli farziyat bhi aen usi nauiyat ki rahi ho, jab ke riwayaat ke siyaaq mein uski koi gunjaaish nahi hai.

Yaad rahe ke salat al-lail ki pehli farziyat mein na to ek (1) jamat ke saath ye farz thi aur na hi uske liye masjid mein haazir hona farz tha, balke mahez usko adaa karna farz tha, khwah wo kahee'n bhi adaa ki jaae, lekin taraweeh ke baare mein jis farziyat ka andesha tha wo ye tha ke kahee'n masjid mein ek (1) hi jamat ke saath usko ada karna farz na kar diya jaae.

Isi liye Allah ke Nabi ﷺ ne jo cheez tark ki thi, wo sirf masjid mein us namaz ko ek (1) hi jamat ke saath adaa karna tha, lekin fardan ya mutafarriq jamat ke saath masjid ya masjid ke baahar usko adaa karne se Allah ke Nabi ﷺ ne mumaaniat nahi farmai, balke khud bhi ye namaz saabiqa tarz par padhte rahe aur Sahaba Kiraam رضی اللہ عنہم ko bhi unke saabiqa

[1] T: (روئیداد) Maajra, ahwaal, waaqia [RKT]
[2] T: Farz ka dohraana/baar-baar karna [RSB]
[3] T: (مُہمَل گوئی) Be-maane shaayari, laa-yaani guftagu [RKT]

amal par baaqi rakha.

Isse saafi zaahir hai ke is baar Nabi-e-Akram ﷺ ko ek (1) khaas kaifiyat (masjid mein ek (1) hi jamat ke saath adaa karne) main uski farziyat ka andesha tha, na ke mutlaqan uski farziyat ka andesha tha, kyounke agar aisa hota to Aap ﷺ sire se ye namaz hi padhna band kar dete ya Sahaba ko adaa karne se mutalaqn rok dete, lekin Nabi ﷺ ne ek (1) khaas kaifiyat (masjid mein ek (1) hi jamat ke saath adaa karne) ko tark kiya aur Sahaba Kiraam رضي الله عنهم ko usse baaz rakha.

Ye is baat ki daleel hai ke khaas usi kaifiyat ke farz hone ka Nabi-e-Akram ﷺ ko andesha tha, lihaaza pehli farziyat alag kaifiyat ki thi aur dobaara jis farziyat ka andesha tha uski kaifiyat alag thi to saabiqa farziyat ke iaade[1] ki taabeer ko laazim qaraar dena intihaai fuzool aur be-mehel baat hai.

Waazeh rah eke ek (1) shubhe ke jawabaat mein Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne jis jawaab ko sabse qawi qaraar diya hai wo ye hai:

يحتمل أن يكون المخوف افتراض قيام الليل بمعنى جعل التهجد في المسجد جماعة شرطا في صحة التنفل بالليل.

"*Is baat ka ehtemaal hai ke Nabi ﷺ ne qiyaam-ul-lail ki jis farziyat ka andesha mehsoos kiya tha, wo us maane mein tha ke qiyaam-ul-lail ke sehat ke liye ye shart na lagadi jaae ke use masjid hi mein jamat ke saath adaa karna hoga*". (Fath-ul-Baari: V3 P14)

Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ke is ibaarat mein bhi ye bayan hai ke Nabi-e-Akram ﷺ ko mutlaq farziyat ka andhesha nahi tha, balke ek (1) khaas kaifiyat mein is namaz ke farz hone ka andesha tha. Balke khud Tahir Gyaawi Saahab ne apni usi kitaab mein aage chal kar likha hai: "*Doosri tamaam riwayato'n mein witr ki farziyat ke khauf ke bajaae namaz-e-taraweeh ba-jamaat ki farziyat ke khauf ka zikr maujood hai*". (Ahsan at-Tanqeeh: P215)

Mulaahaza farmae'n ke Gyaawi Saahab ne khud elaan kar diya ke 'Namaz-e-Taraweeh Ba-jamaat Ki Farziyat Ke Khauf Ka Zikr Maujood Hai'. Lihaaza jab Aap ﷺ alag kaifiyat mein uski farziyat ka khauf mehsoos

[1] T: (اِعادَہ) Dohraana, dobaara kara [RKT]

kar rahe the to iaada-e-farziyat ki taabeer be-maane hai, is tafseel se Maulana Tahir Gyaawi Saahab ki doosri daleel bhi kisi kaam ki nahi reh jaati.

Teesri Daleel: Ek (1) Zaeef Riwayat Se Istidlaal:

Maulana Tahir Gyaawi Saahab 'Teesri Daleel' ke unwaan se farmate hain: "*Taraweeh aur Tahajjud mein mughaayarat*[1] *ki ek (1) teesri daleel ye hai ke tahajjud ki namaz to Aap ﷺ aur Sahaba Kiraam رضی اللہ عنہم hamesha hi padha karte the, phir jin teen (3) raato'n ki namaz ko Aap ﷺ ne padhaya tha, agar ye wohi namaz-e-tahajjud hoti to ye na koi nai namaz thi aur na koi naya haadsa hi tha ke waaqai ko Sahaba Kiraam رضی اللہ عنہم is tarah naql farmate*". (Ahsan at-Tanqeeh: P257)

Arz hai ke ye namaz to yaqinan wohi thi, lekin in teen (3) dino'n mein usko ada karne ki kaifiyat alag thi. Yehi kaifiyat waali baat nai thi aur yehi naya haadisa tha is liye Sahaba Kiraam رضی اللہ عنہم ne use is tarah naql kiya.

Yaad rah eke Ahle Hadees hazraat ka qatan ye daawa nahi ke taraweeh aur tahajjud ki kaifiyat mein koi farq nahi hai. Ahle Hadees dono ki kaifiyat mein farq maante hain, lekin dono namazo'n ko aslan ek (1) hi namaz tasleem karte hain. Masalan: "*Jis tarah Ahle Hadees Zohar ki hazr waali namaz aur Zohar ki qasr waali namaz mein farq maante hain, lekin dono ko ek (1) hi maante hain*".

Gyaawi Saahab aage Ahle Hadees aalim ki kitab se ek (1) hadees naql karte hue raqm farmate hain: "'خشيت أن يفرض عليكم قيام هذا الشهر' '*Mujhe dar hua ke is mahine ka qiyaam tum par farz na kar diya jaae*'. (Rakat-e-Taraweeh Ki Sahih Taadaad: P22) *Is tareeq-e-taabeer se ye cheez azhar min ash-shams hai ke ye namaz khaas usi mahine ki namaz thi jiski farziyat ka aap ko andesha tha. Agar ye namaz saal ke doosre mahine mein bhi padhi jaane waali namaz hoti to usko is mahine ki namaz ke naam se yaad karne ki koi wajah na thi.* 'قيام هذا الشهر' *to wohi namaz hogi jisko us mahine se khusoosi taalluq ho … alakh*". (Ahsan at-Tanqeeh: P257)

[1] T: (مُغايَرَت) Ajnabiyat, ghiriyat, be-gaangi, judaai, na-muwaafaqat [RKT]

Arz hai:

Awwalan: Ye riwayat zaeef hai, uski poori sanad is tarah hai:

حدثنا يزيد أخبرنا سفيان، يعني ابن حسين، عن الزهري، عائشة عن عروة، عن عائشة.

(Musnad Ahmad: V6 P182)

"*Is sanad mein Sufyan bin Hussain, Zohri se riwayat kar rahe hain aur Sufyan bin Hussain jab Zohri se riwayat karte hain to unki riwayat zaeef hoti hai. Jaisa ke mutaaddid aimma-e-fan ne saraahat ki hai*". Masalan:

Imam Ibne Hibban رحمه الله (d 354h) farmate hain:

ثقة في غير حديث الزهري.

"*Ye zohri ki hadees ke alaawa deegar ahadees mein siqa hai*". (As-Siqaat li-Ibne Hibban: V6 P404 [P: Al-Usmaniya])

Imam Ibne Adee رحمه الله (d 365h) farmate hain:

وهو في غير الزهري صالح الحديث كما قال ابن معين ومن الزهري يروي عنه أشياء خالف فيها الناس من باب المتون ومن الأسانيد.

"*Ye zohri ki hadees ke alaawa deegar ruwaat se riwayat karne mein saaleh hai, jaisa ke Ibne Maeen ne kaha hai. Zohri se aisi riwayaat naql karta hai jin ke mutoon aur asaneed mein wo deegar ruwaat ki mukhalifat karta hai*". (Al Kaamil li-Ibne Adi: V4 P477 [Tehqeeq: Aadil-o-Ali])

Is riwayat ko bhi Sufyan ne Zohri hi se suna hai aur mazkoora alfaaz naql karne mein usne deegar ruwaat ki mukhalifat ki hai, kyounke is waaqia ke kisi bhi raawi ne mazkoora bil-alfaaz naql nahi kiye, lihaaza is riwayat ke zaeef hone mein koi shubha nahi reh jaata.

Saniyan: Agar is riwayat ko sahih bhi maan le'n to ye riwayat taraweeh aur tahajjud ke farq hone par dalaalat nahi karti, balke uske bar-aks taraweeh aur tahajjud ke ek (1) hone par dalaalat karti hai, kyounke is hadees mein 'قيام هذا الضهر' yaane is maah ki namaz kaha gaya hai, iska matlab hai ke ye namaz har maah mein hoti hai, jabhi to ramzan mein uske liye is maah ki namaz ki taabeer istemaal ki gai hai. Jaise kaha jaae ke is maah ka chaand, to uska saaf matlab hai ke har maah mein chaand hota hai, warna kisi ek (1) maah ke saath use muqaiyyid karne ki

zaroorat hi nahi hai.

Uske baad Tahir Gyaawi Saahab ne Allama Sanaullah Amratsari ﷺ ki ek (1) tehreer pesh karke ye dikhlane ki koshish ki hai ke wo bhi taraweeh aur tahajjud ki namaz ko alag-alag namaz samajhte the, halaanke mausoof ki naql-karda poori tehreer mein taraweeh aur tahajjud ki alag-alag kaifiyat batlaai gai hai, lekin unhe'n do (2) alag namaz nahi kaha gaya. Aur kaifiyat kea lag-alag hone se namaz ka alag-alag hona laazim nahi aata jaisa ke Allama Anwar Shah Kashmiri ki zabaani uski wazaahat ho chuki hai, aur mazeed wazaahat aage aarahi hai.

Chauthi Daleel: Sahaba-o-Taabaeen Ki Taraf Ghalat Intisaab:

Maulana Tahir Gyaawi Saahab farmate hain: "*Tahajjud aur taraweeh ke do (2) mustaqil namaz hone ki ek (1) daleel ye bhi hai ke Sahaba Kiraam ﷺ se mutaalliq qaraain*[1] *aur ulama ki tasrihaat se ye bhi saabit hai ke log taraweeh ke saath tahajjud bhi alag se padha karte the*". (Ahsan at-Tanqeeh: P264)

Arz hai ke taraweeh ke saath tahajjud padhna ek (1) waaqia hoga aur waaqia ka suboot qaraain ya ulama ki tasrihaat se nahi, balke sahih riwayat se hota hai. Maulana Gyaawi Saahab ko chaahiye ke apne us daawe par koi sahih riwayat pesh kare'n. Aage Gyaawi Saahab ne taabaeen ke hawaale se do (2) riwayaat bhi pesh ki hain, aaiye unhe'n bhi dekh lete hain.

Imam Ibne Abi Shaiba ﷺ (d 235h) farmate hain:

① حديث أبو الأحوص، عن مغيرة، عن إبراهيم، قال: كان المتهجدون يصلون في جانب المسجد، والإمام يصلي بالناس في شهر رمضان. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V5 P164 [T: Ash-Shashri)

② حدثنا أبو خالد الأحمر، عن الأعمش، عن إبراهيم، قال: كان الإمام يصلي بالناس في المسجد، والمتهجدون يصلون في نواحي المسجد لأنفسهم. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V5 P165; Ashan at-Tanqeeh: P246)

Mazkoora baala dono riwayaat ka khulaasa ye hai ke Ibrahim Nakhai ne baaz logo'n ka amal naql kiya hai ke wo ba-waqt jamat-e-tarweeh masjid ke goshe mein tahajjud padhte the.

[1] T: (قَرائِن) Qaaede, andaaze [RKT]

Arz hai ke awwal to us mein ye saraahat nahi ke ye amal sahaba ka tha. Doosre us mein ye saraahat hai ke ye tahajjud padhne waale jamat ke saath taraweeh nahi padhte the, kyounke aen jamat hi ke waqt ye taraweeh padh rahe hote the, aur khud Tahir Gyaawi Saahab ye eteraaf karte hue bade dardnaak lehje mein farmate hain: "*In riwayato'n se ye saabit to na ho saka ke ek (1) hi shakhs ne taraweeh aur tahajjud dono padhi thi, magar itna zaroor saabit hua ke taraweeh aur tahajjud dono ko alag-alag do (2) namaz us waqt bhi log samajhte the*". (Ahsan at-Tanqeeh: P265)

Arz hai ke alag-alag naam un namazo'n ki alag-alag kaifiyat ki bina par hai na ke un dono ke mustaqil alag namaz hone ke sabab, yaane ye namaz ek (1) hi hai. Agar use jamat ke saath padha jaae to uska naam taraweeh hoga aur fardan padha jaae to uska naam tahajjud hoga.

Is tarah ye aasaar to ulta is baat par daleel hain ke ye hazraat taraweeh aur tahajjud dono ko ek (1) hi samajhte the, is liye taraweeh padhne waale tahajjud nahi padhte the, aur tahajjud padhne waale taraweeh nahi padhte the.

Taabaeen ke mazkoora baala ghair-mutaalliq aasaar pesh karne ke baad aage Gyaawi Saahab ne Sahabi-e-Rasool Syedn Anas ﷺ ki taraf mansoob ek (1) asar Imam Mirwazi ki kitab se be-sanad naql kiya hai. (Ahsan at-Tanqeeh: P265)

Arz hai ke uski sanad Musannaf Ibne Abi Shaiba mein hai. Chunache Imam Ibne Abi Shaiba ﷺ (d 235h) farmate hain:

حدثنا عباد ، عن سعيد ، عن قتادة عن أنس قال: لا بأس به، إنما يرجعون إلى خير يرجونه ويبرؤون من شر يخافونه.

"*Anas ﷺ ne (taaqeeb[1]) ke baare mein kaha: Is mein harj nahi, log khair ki ummeed se waapas aate hain aur shark-e-khauf se usse bachte hain*". (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V5 P166)

Iski sanad mein Qatada hain jo mashoor mudallis hain aur riwayat a'n (عن) se hai, lihaaza ye sanad zaeef hai, mazeed ye ke usse asal tahajjud nahi, balke aam nafli namaz muraad hai jo khaarij az bahes hai.

[1] T: (تَعْقِيب) Namaz padhne ke baad wazife ya dua ke liye baethna, kisi cheez ko baar-baar karte rehna [RKT]

Paanchwee'n Daleel: Taraweeh Ke Baad Nawaafil Padhne Se Istidlaal:

Paanchwee'n daleel ke taur par Maulana Tahir Gyaawi Saahab ne jo kuch raqm kiya hai uska maa-hasl[1] ye hai ke baaz ahle ilm ne us par bahes ki hai ke taraweeh adaa karne ke baad nafil padh sakte hain ya nahi. Jisse pata chalta hai ke qadeem door hi se taraweeh aur tahajjud mein farq ka nazariya maujood hai. (Maa-hasl az Ahsan at-Tanqeeh: P270)

Jawaaban arz hai ke is bahes mein bhi baad mein adaa ki jaane waali namaz ka taalluq ya to aam nawaafil se hai jo khaarij az-bahes hai ya asal salat al-lail hi se hai. Sirf kaifiyat badal jaane se use alag-alag naam se mausoom kiya gaya hai, masalan usi zimn mein mausoof ne fiqa hambali se ek (1) iqtibaas[2] kya hai:

ثم التراويح وهي عشرون ركعة يقوم بها في رمضان في جماعة ويوتر بعدها في الجماعة فإن كان تهجد جعل الوتر بعده.

"*Taraweeh bees (20) rakat hai jise ramzan mein jamat ke saath padhega aur aakhir mein witr padhega, lekin agar taraweeh ke baad use tahajjud padhna ho to wo witr tahajjud ke baad padhega*". (Ahsan at-Tanqeeh: P270)

Is mein jis ba-jamaat namaz ko taraweeh kaha gaya hai aur uske baad jis namaz ko tahajjud kaha gaya hai, ye dono ek (1) hi namaz hain, bas jamat ki kaifiyat ke sabab use taraweeh se mausoom kiya hai aur jamat ke baad fardan padhne ke sabab use tahajjud se mausoom kar diya hai.

Yaane ye kaifiyat ka farq hai, namaz ka farq nahi. Yaad rah eke Imam Ahmad رحمه الله ke nazdeek taraweeh ka koi muaiyyan adad nahi hai, balke wo jitni bhi chaahe padh sakta hai, jaisa ke aage uska hawaala aaraha hai.

Ye wo paanch badi daleele'n thee'n jinhe'n Maulana Tahir Gyaawi Saahab ne bahut numayaa'n karke pesh kiya tha, balke ba-qaaeda har daleel ko heading laga kar pesh kiya tha, guzishta safhaat mein un saari daleelo'n ka mufassal jawaab diya ja chuka hai, uske alaawa jaa-ba-jaa

[1] T: (ماحَصَل) Jo haasil ho, natija, khulaasa, labbe-lubaab [RKT]

[2] T: (اِقْتِباس) Akhaz, istifaada, wo ibaarat jo kisi kitab ya mazmoon min-o-an ya intikhaab-o-ikhtisaar karke naql ki jaae, extraction, extract [RKT]

mausoof ne kuch umoor ko bhi farq ki daleel banaya hai, isi tarah deegar ahnaaf bhi us zimn mein kuch aur baate'n pesh karte hain, ahle baet aage ham unka jaaeza lete hain.

Dono Namazo'n Ki Kaifiyat Ke Farq Se Istidlaal

Ahnaaf ki yehi sabse mashoor daleel hai ked ono namazo'n ki kaifiyat mein farq hai, phir un furooq ko ginaate hue har farq ko ye hazraat alag-alag daleel ke taur par ginaate hain, isi tarah mazooma[1] dalaael ki acchi khaasi qataar laga dete hain. Halaanke un saare dalaael ko ek (1) jumla mein you'n kaha ja sakta hai ke dono namazo'n ki kaifiyat mein farq hai. Is liye ye be-shumaar dalaael nahi balke ek (1) hi daleel hai aur wo hai dono namazo'n ki kaifiyat ka alag-alag hona.

Jawaaban arz hai ke ye baat mahel-e-naza[2] hi nahi hai ked ono namazo'n ki kaifiyat mein farq hai. Ahle Hadees hazraat ko bhi ye tasleem hai ke dono namazo'n ki kaifiyat mein farq hai, lekin kaifiyat ka farq namaz ke farq ki daleel nahi hai. Iski wazaahat ma-qabl mein ho chuki hai aur taaeed mein Allama Anwar Shah Kashmiri Hanafi ki ibaarat bhi naql ki ja chuki hai.

Witr Se Qabl Sone Se Mutaalliq Sawaal Se Istidlaal:

Maulana Tahir Gyaawi Saahab kisi buzurg ka iqtibaas naql karte hue likhte hain: "*Abu Salam ne usi silsila-e-istifsaar mein umm-ul-momineen se ye bhi poocha tha ke kya Aap ﷺ witr se pehle so jaate the to umm-ul-momineen ne jawaab diya: Maine Aap se uske mutaalliq daryaaft kiya tha aur aap ne farmaya tha ke meri aankhe'n so jaati hain, lekin dil-bedaar rehta hai (yaane so jaata ho'n. Bukhari-o-Muslim) Isse ye bhi saabit hua ke ye sawaal tahajjud hi ke mutaalliq tha, kyounke Hazrat Risaalat-e-Ma-aab ﷺ aur aap ke sahaba ka tahajjud ke baad witr se pehle to maho-e-khwaab hona saabit hai, taraweeh aur witr ke darmiyan sona saabit nahi hai*". (Ahsan at-Tanqeeh: P249; At-Tauzeeh a'n Rakat at-Taraweeh se manqool: P320)

[1] T: (مَزعُومَه) Maz-oom, farzi, gumaan-shuda, qiyaas kiya hua [RKT]
[2] T: (مَحَلّ نزاع) Tanaaza ka muqaam/jagah, jhagde ka muqaam/jagah [RKT]

Bracket waale alfaaz hamari taraf se nahi, balke iqtibaas hi ka hissa hain aur us mein hawala Bukhari-o-Muslim ka diya gaya hai, lekin afsos hai ke Bukhari-o-Muslim mein hame'n us silsile ki koi bhi hadees nahi mil saki, jis mein saail Abu Salama ne witr se qabl sone se mutaalliq bhi sawaal kiya ho! Na-maaloom Gyaawi Saahab ke buzurg marhoom ne ye baat kahan se akhaz ki hai aur hawaala Bukhari-o-Muslim ka de diya hai, phir usi par istidlalaat ki imaarat khadi kardi hai!

Qaraeen Bukhari-o-Muslim se ye hadees nikaal kar dekhenge to maaloom hoga ke saail Abu Salama ne witr se mutaalliq aisa koi sawaal kiya hi nahi, balke unho'n ne sirf salaat-e-ramzan ke baare mein poocha tha aur Hazrat Ayesha ﵂ ne jawab mein ramzan ke saath-saath ghair ramzan ki salaat-ul-lail ki kaifiyat bhi batla di aur aakhir mein khud Hazrat Ayesha ﵂ ne witr se mutaalliq Nabi ﷺ se apne sawaal-o-jawaab ka haal bhi suna diya.

Is wazaahat se mausoof ke istidlaal ki poori imaarat khaak mein mil jaati hai, taaham agar ye farz bhi kar le'n ya Bukhari-o-Muslim ke alaawa kisi aur riwayat mein ye mil bhi jaae ke saail Abu Salama ne baad mein witr se mutaalliq bhi ye sawaal kiya tha to ye doosra aur alag sawaal hoga, lihaaza us doosre sawaal ke jawaab se pehle sawaal ki nauiyat tae karna bilkul lughwi aur fuzool baat hogi.

Is silsile mein mazeed shubhaat ke izaale ke liye usi kitaab ka safha (391-399) mulaahaza kare'n.

Doosri Hadees

Imam Muslim رحمہ اللہ (d 261h) farmate hain:

حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّي فِيمَا بَيْنَ أَنْ يَفْرُغَ مِنْ صَلَاةِ الْعِشَاءِ - وَهِيَ الَّتِي يَدْعُو النَّاسُ العَتَمَةَ إِلَى الْفَجْرِ، إِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً، يُسَلِّمُ بَيْنَ كُلِّ رَكْعَتَيْنِ، وَيُوتِرُ بِوَاحِدَةٍ، فَإِذَا سَكَتَ الْمُؤَذِّنُ مِنْ صَلَاةِ الْفَجْرِ، وَتَبَيَّنَ لَهُ الْفَجْرُ، وَجَاءَهُ الْمُؤَذِّنُ، قَامَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ، ثُمَّ اضْطَجَعَ عَلَى شِقِّهِ الْأَيْمَنِ، حَتَّى يَأْتِيَهُ الْمُؤَذِّنُ لِلإِقَامَةِ.

"*Syeda Ayesha رضی اللہ عنہا farmati hain ke Allah ke Rasool ﷺ isha ki namaz se faarigh hone ke baad se fajr ki namaz ke darmiyan tak gyaara (11) rakate'n padhte the aur har do (2) rakat ke baad salam pherte aur ek (1) rakat ke zariye witr bana lete, phir jab muezzin fajr ki azaan dekar khamosh ho jaata aur fajr zaahir ho jaati aur muezzin Aap ﷺ ke paas aata to Aap ﷺ khade ho kar halki-halki do (2) rakat padhte, phir Aap ﷺ daae'n karwat par let jaate, yahan tak ke muezzin aqaamat kehne ke liye aata*". (Sahih Muslim: V1 P508 H736)

Is hadees mein umoom ke saath ye baat hai ke Aap ﷺ isha aur fajr ke beech sirf gyaara (11) rakat ma' witr padhte the. Is umoom mein ramzan ki taraweeh bhi shaamil hai, kyounke taraweeh wohi namaz hai jise aam dono'n mein tahajjud kaha jaata hai. Is baare mein tafseel guzishta hadees ke zimn mein guzar chuki hai.

Teesri Hadees

Imam Ibne Khuzaima ﷺ (d 311h) farmate hain:

نا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بنِ كُرَيْبٍ، نا مَالِكٌ يَعْنِي ابْنَ إِسْمَاعِيلَ، نا يَعْقُوبُ، ح وَثنا مُحَمَّدُ بنُ عُثْمَانَ العِجْلِيُّ ، نا عُبَيْدُ اللهِ يَعْنِي ابْنَ مُوسَى، نا يَعْقُوبُ وهو ابْنُ عَبْدِ اللهِ الْقُمِّيُّ، عَنْ عِيسَى بْنِ جَارِيَةَ ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِي رَمَضَانَ ثَمَانَ رَكَعَاتٍ وَالْوِتْرَ، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْقَابِلَةِ اجْتَمَعْنَا فِي الْمَسْجِدِ وَرَجَوْنَا أَنْ يَخْرُجَ إِلَيْنَا، فَلَمْ نَزَلْ فِي الْمَسْجِدِ حَتَّى أَصْبَحْنَا، فَدَخَلْنَا عَلَى رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْنَا لَهُ: يَا رَسُولَ اللهِ! رَجَوْنَا أَن تَخْرُجَ إِلَيْنَا فَتُصَلِّيَ بِنَا ، فَقَالَ: كَرِهْتُ أَن يُكْتَبَ عَلَيْكُمُ الوِتْرُ.

"*Jaabir bin Abdullah ﷺ se riwayat hai ke Allah ke Nabi ﷺ ne hame'n ramzan mein aath (8) rakat traweeh aur namaz-e-witr padhai. Phir agli baar ham masjid mein jama hue aur ye ummeed ki ke Allah ke nabi hamare paas (imama ke liye) aaenge, yahan tak ke subh ho gai, phir Allah ke Nabi hamare paas aae to ham ne kaha: Aye Allah ke rasool! Hame'n ummeed thi ke aap hamare paas aaenge aur imaamat karaae'nge, to Aap ﷺ ne farmaya: Mujhe khadsha hua ke namaz-e-witr tum par farz na kardi jaae*". (Sahih Ibne Khuzaima: V2 P138 H1070)

Ye hadees bilkul sahih hai aur uske tamaam ruwaat siqa hain. Tafseel mulaahaza ho:

Isa bin Jaariya ﷺ ka taaruf:

Jaabir ﷺ se ye riwayat bayan karne waale 'Isa bin Jaariya' hain, jo siqa hain.

Unki tauseeq par mohaddiseen ke aqwaal mulaahaza ho'n:

- Imam Abu Zurah ar-Raazi ﷺ (d 264h) farmate hain: 'لا بأس به' "*Un mein koi harj ki baat nahi, yaane ye siqa hain*". (Al Jarh wa Taadeel li-Ibne Abi Haatim: V6 P273)

- Imam Haithami ﷺ farmate hain: 'وثقه أبو زرعة' "*Abu Zurah ne unhe'n siqa kaha hai*". (Majma az-Zawaaid lil Haithami: V2 P88)

- Haafiz Zuhoor Ahmad Saahab farmate hain: "*Mashoor ghair-muqallid maulana Irshad-ul-Haq Asri likhte hain:* 'أرجو أنه لا بأس به يكتب حديثه، يعتبر به'

"*aise alfaaz hain ke unke haamileen ki riwayat qaabil-e-ehtijaaj nahi ho sakti*". (Rakat-e-Taraweeh Ek Tehqiqi Jaaeza: P218)

Arz hai ke ye baat sirf 'لا بأس به' se mutaalliq nahi kahi gai, balke aise 'لا بأس به' se mutaalliq kahi gai hai jiske saath aage 'يكتب حديثه، يعتبر به' ke alfaaz bhi saadir kiye gae hain, lihaaza us siyaaq ne yaha'n 'لا بأس به' ki wazaahat kardi ke yahan ye mahez dayaanat ke maane mein hain aur zabt ki gawaahi ko shaamil nahi hai.

Phir 'لا بأس به' par hi kya mauqoof, is tarah ke siyaaq ke saath kisi raawi ke baare mein lafz 'ثقة' ka bhi istemaal ho to ye lafz bhi aam istilaah tauseeq ke maane main nahi hoga aur usse wo raawi qaabil ehtijaaj nahi hoga. Chunache Imam Zahbi رحمہ اللہ ne baaz muqamaat par ye saraahat kar rakhi hai ke naaqideen kabhi-kabhi dayaanat-daari aur sacchai ke lihaaz se kisi ko siqa keh dete hain aur usse naaqideen ka maqsad istilaahi maane mein siqa kehna nahi hota. Zel mein Imam Zahbi ki ye saraahat mulaahaza ho.

Imam Haakim رحمہ اللہ ne ek (1) raawi Kharja bin Musab al-Khorasani ki tauseeq ki to Imam Zahbi رحمہ اللہ ne ye wazaahat ki ke is tauseeq se muraad ye hai ke is raawi se jhoot bolna saabit nahi hai. Imam Zahbi رحمہ اللہ ke alfaaz hain:

وَقَالَ الحَاكِمُ: هُوَ فِي نَفْسِهِ ثِقَة، يَعْنِي مَا هُوَ بِمُتَهَمٍ.

"*Imam Haakim ne kaha: Ye fee-nafsihi siqa hai. (Imam Zahbi رحمہ اللہ kehte hain) Imam Haakim ki muraad ye hai ke ye jhoot bolne waala nahi hai*". (Siyaar Aalaam an-Nubala: V7 P327)

Maaloom hua ke baaz naaqideen kabhi-kabhi dayanat-daari aur sacchai ke lihaaz se kisi ko siqa keh dete hain, jisse naaqideen ka maqsad istilaah maane mein siqa kehna nahi hota, theek yehi muaamala 'لا بأس به' ka bhi hai.

Is tafseel se maaloom hua ke Imam Abu Zurah ki taraf se 'لا بأس به' tauseeq hi ke maane mein hai, kyounke us maane se pherne ke liye koi

qarina nahi hai, yehi wajah se ke Imam Haithami ؒ ne kaha hai:

‘وثقه أبو زرعة’ “*Abu Zurah ne unhe’n siqa kaha hai*”. (Majma az-Zawaaid lil Haithami: V2 P88)

Imam Ibne Khuzaima ؒ (d 311h) ne bhi us hadees ko sahih kaha hai, jaisa ke unki kitaab Sahih Ibne Khuzaima se ye hadees naql ki gai hai. Yaad rahe ke naaqid mohaddis ki taraf se kisi raawi ki riwayat ki tasheeh ya tehseen uski tauseeq hoti hai. (Tafseel ke liye dekhiye hamari kitaab: Yazeeb bin Muaawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaeza: P689-690)

Yahan ye eteraaz karna ke Ibne Khuzaima ne jahan hadees naql ki hai, wahan khusoosi tasheeh nahi ki hai, bilkul ghalat hai, kyounke Ibne Khuzaima ؒ ne kitaab ke shuru mein ijtimaai tasheeh kardi hai. (Mazeed tauzeeh[1] ke liye dekhe’n: Anwaar al-Badar: P307-310, Neez dekhe’n: Hadees-e-Yazeed Mohaddiseen Ki Nazar Mein: P53-64)

Imam Ibne Hibban ؒ (d 354h) ne unhe’n siqaat mein zikr kiya hai. (Dekhiye: As-Siqaat li-Ibne Hibban: V5 P214 [T: Al-Usmaniya])

Neez Imam Ibne Hibban ne unki usi hadees ko sahiah bhi kaha hai. (Dekhe’n: Sahih Ibne Hibban: V6 P169)

Yahan Ibne Hibban ke tasaaul[2] ki baat karna durust nahi hai, kyounke Ibne Hibban ؒ is tauseeq mein munfarid nahi, balke deegar aimma se bhi unki motabar tauseeq saabit hai.

Imam Abu Yaala al-Khalili ؒ (d 446h) farmate hain:

عِيسَى بْنُ جَارِيَةَ تَابِعِيٌّ ... وَرَوَى عَنْهُ الْعُلَمَاءُ، مَحَلُّهُ الصِّدْقُ.

“*Isa bin Jaariya taabai hain, unse ulama ne riwayat kiya hai, ye sacche hain*”. (Al-Irshad Fee Maarifatil Ulama al-Hadees lil-Khalili: V2 P785)

Imam Munziri ؒ (d 656h) ne unki ek (1) riwayat ke baare mein kaha hai:

رواه أبو يعلى بإسناد جيد، وابن حبان في صحيحه.

“*Use Abu Yaala ne jaiyyad sanad se riwayat kiya hai aur Ibne Hibban ne*

[1] T: (تَوضِيْح) Wazaahat, saraahat, tashreeh, sharah [RKT]
[2] T: (تَساہُل) Ghaflat, be-parwaai, susti [RKT]

use apni sahih mein riwayat kiya hai". (At-Targheeb wat-Tarheeb lil Munziri: V1 P293 H1081; neez dekhiye: At-Targheeb wat-Tarheeb: P328 #1047 (P: Maktaba al-Maarif])

Imam Zahbi رحمہ اللہ (d 748h) ne unki isi riwayat ke baare mein kaha hai: "إسناده وسط' "*Uski sanad ausat darje ki hai*". (Meezaan-ul-Etedaal liz Zahbi: V3 P311)

Imam Haithami رحمہ اللہ (d 807h) ne unki ek (1) riwayat ke baad kaha:

رواه أبو يعلى والطبراني في الأوسط بنحوه، وفي الكبير باختصار، ورجال أبي يعلى ثقات.

"*Use Abu Yaala ne riwayat kiya hai aur Tabrani ne 'ausat' mein usi jaisa riwayat kiya hai. 'Kabeer' mein ikhtisaar ke saath riwayat kiya hai aur Abu Yaala ke rijaal siqa hain*". (Majma az-Zawaaid lil Haithami: V2 P219)

Haafiz Zuhoor Ahmad Saahab ne is munaasibat se baaz Ahle Hadees-o-Ahle Ilm ke aise hawaale diye hain jahan unho'n ne Imam Haithami رحمہ اللہ se ikhtilaaf kiya hai. (Rakat-e-Taraweeh Ek Tehqiqi Jaaeza: P221-222)

Arz hai ke ahle ilm ne beshak qawi-tar dalaael ki raushni mein baaz muqamaat par Allama Haithami رحمہ اللہ se ikhtilaaf kiya hai lekin uska ye matlab to nahi ke Imam Haithami رحمہ اللہ se har masle mein ikhtilaaf kiya jaaega aur unki kisi bhi baat par etemaad nahi kiya jaaega.

Aghar Ahle Hadees ne chand muqamaat par unse ikhtilaaf kiya hai to be-shumaar muqamaat hain, jahan un par etemaad bhi kiya hai. *Walhamdulillah*

Asal masla dalaael ka hai, jahan dalaael se Imam Haithami رحمہ اللہ ka qaul marjooh qaraar paaega wahan unki baat na li jaaegi aur jahan unki kisbat baat ke ghalat hone ki daleel na mile. Wahan unki baat qubool ki jaaegi. Isa bin Jaariya se mutaalliq unki tauseeq ke ghalat hone ki koi daleel nahi, balke uski taaeed maujood hai, lihaaza unki ye baat qaabil-e-tasleem hai.

Imam Haithami رحمہ اللہ se mutaalliq jis tarah ki guftagu Hafiz Zuhoor Saahab ne ki hai usi ko Imam Boosiri, Imam Munziri, Haafiz Ibne Hajar aur baaz deegar aimma ke saath bhi dohraya hai aur sabka jawaab yehi hai jo oopar arz kar diya gaya hai.

Imam Boosiri رحمہ اللہ (d 840h) ne unki ek (1) riwayat ke baare mein kaha

hai:

هَذَا إِسْنَادِ حسن، يَعْقُوب مُخْتَلِف فِيهِ وَالْبَاقِي ثِقَات.

"*Ye sanad hasan hai, yaaqoob mukhtalif-feeh hai aur baaqi rijaal siqa hain*". (Misbaah az-Zajaaj lil-Boosiri: V4 P245)

Haafiz Ibne Hajar رحمه الله (d 852h) ne unki ek (1) riwayat ke baare mein kaha hai: 'رجاله ثقات' "*Uske rijaal siqa hain*". (Al-Isaaba li-Ibne Hajar: V3 P349 H3913)

Ahnaaf ne bhi us raawi ko siqa maana hai, chunache unki ek (1) riwayat naql karke Namwi Hanafi ne kaha: 'إسناده صحيح' "*Uski sanad sahih hai*". (Aasaar as-Sunan: 961)

Balke ahnaaf ne unki us hadees ko bhi sahih tasleem kiya hai, chunache Mulla Ali Qari (d 1014h) farmate hain:

فإنه صح عنه أنه صلى بهم ثماني ركعات والوتر.

"*Kyounke Aap ﷺ se ba-sanad-e-sahih saabit hai ke aap ne sahaba ko aath (8) rakat witr padhaae*". (Mirqaah al-Mafateeh lil-Mulla Ali Qaari: V3 P971)

Allama Anwar Shah Kashmiri رحمه الله (d 1353h) farmate hain:

وفي الصحاح صلاة تراويحه عليه الصلاة والسلام ثماني ركعات.

"*Aur sahih hadees ki kitaab mein hai ke Aap ﷺ ki taraweeh aath (8) rakat thi*". (Al Urf ash-Shazi lil-Kashmiri: V1 P412)

Jaariheen Ke Aqwaal Ka Jaaeza Hai:

Allama رحمه الله (d 233h) farmate hain:

عيسى بن جارية عنده أحاديث مناكير.

"*Isa bin Jaariya unke paas munkar ahadees hain*". (Taareekh Ibne Maeen Riwaayah ad-Dauri: V4 P369)

In alfaaz mein Isa bin Jaariya par ba-raah-e-raast jirah nahi hai, kyounke Imam Ibne Maeen ne kaha hai ke unke paas munkar ahadees hain aur kisi ke paas mahez munkar ahadees ka hona us baat ko mustalzim nahi hai ke wo raawi munkir-ul-hadees aur zaeef hai.

Imam Haakim, Imam Daraqutni ﷺ (d 385h) se apna sawaal jawaab naql karte hue likhte hain:

فسليمان بن بنت شرحبيل ؟ قال: ثقة. قلت: أليس عنده مناكير؟ قال: يحدث بها عن قوم ضعفاء، فأما هو فهو ثقة.

"*Maine poocha: Sulaiman bin Bint Sharjeel kaisa hai? Imam Daraqutni ne jawab diya: Ye siqa hai. Maine kaha: Kya uske paas manakeer[1] nahi hain? Imam Daraqutni ne jawab diya: Un manakeer ko ye zaeef logo'n se riwayat karta hai, lekin ye khud siqa hai*". (Sawalaat al-Haakim lid-Daraqutni: P217)

Imam Zahbi ﷺ (d 748h) farmate hain:

ما كل من روى المناكير يضعف.

"*Aisa nahi hai ke jis kisi ne bhi munkar ahadees riwayat kee'n, wo zaeef qaraar paaega*". (Meezaan-ul-Etedaal liz-Zahbi: V1 P118)

Mazeed ye ke baaz mohaddiseen mahez tafarrud ke maane mein bhi nakaarat ki jarh karte hain. Yaane munkar kehne ka matlab ye hota hai ke falaa'n raawi ki ahadees aisi hain jin ki mutaaba-at nahi milti aur mahez us cheez se raawi par laazim jarh saabit nahi hoti hai. (Shifa-ul-Aleel bi-Alfaaz wa Qawaaid al-Jarh wa Taadeel: P310-311)

Ham Isa bin Jaariya hi se mutaalliq Imam Ibne Maeen ﷺ ke deegar aqwaal dekhte hain to maaloom hota hai ke Imam Ibne Maeen ﷺ ne tafarrud ke maane mein hi unki ahadees ko munkar kaha hai, chunache ek doosre mauqa par Imam Ibne Maeen ﷺ ne kaha:

رويى عنه يعقوب القمي، لا نعلم أحدا روى عنه غيره، وحديثه ليس بذاك.

"*Unse Yaqoob al-Qummi ne riwayat kiya hai aur ham nahi jaante ke unke alaawa bhi kisi ne unse riwayat kiya hai aur unki hadees aala darje ki hadees nahi hai*". (Taareekh Ibne Maeen Riwaaya ad-Dauri: V4 P365)

Imam Ibne Maeen ﷺ ke us qaul se ye baat saaf ho gai ke unho'n ne tafarrud ke maane mein hi unki ahadees ko munkar kaha hai aur us maane mein agar kisi raawi ki ahadees ko munkar kaha jaae to usse

[1] T: (مَناكِير) Wo riwayaat ya aqwaal jo ahkaam-e-Ilaahi ke khilaaf ho'n, na-shaaista, khilaf-e-shariyat baate'n ya cheeze'n, mamnuaat [RKT]

raawi ki tazeef laazim nahi aati.

Alaawa-baree'n Imam Ibne Maeen ne unki hadees ko 'ليس بذالك' bhi kaha hai aur us segha se hadees ki tazeef nahi hoti, balke aala darje ki sehat ki nafi hoti hai. Lihaaza ek (1) taraf Ibne Maeen ؒ ka unke paas munkar ahadees kehna aur doosri taraf unki hadees ko 'ليس بذالك' kehna is baat ki daleel hai ke Imam Ibne Maeen ki nazar mein yahan munkar se muraad hadees ki tazeef nahi, balke aala darje ki sehat ki nafi hai, isi tarah Isa bin Jaariya ؒ unke nazdeek zaeef nahi, balke aala darje ke siqa hain. Neez Imam Ibne Maeen ؒ ne unke baare mein jo ye kaha hai: 'ليس بشيء' "*Unka koi muqaam nahi*".

To usse Imam Ibne Maeen ؒ ki muraad jarh nahi, balke unka qaleel-ul-hadees hona hai, kyounke Imam Ibne Maeen ؒ qaleel-ul-hadees ke maane mein bhi 'ليس بشيء' ke alfaaz bolte hain. (Taareef Bi-Rijaal al Muwatta: V1 P812; Fath al-Mughees: V2 P123; At-Tankeel: P54)

Yahan is maane ke liye qarina Imam Ibne Maeen ؒ ka ye farmana hai ke main nahi jaanta ke Yaqoob al-Qummi ke alaawa kisi aur ne unse riwayat kiya hai 'كما مضى'[1] Ye is baat ki daleel hai ke Imam Ibne Maeen ki nazar mein ye qaleel ur-riwaaya the aur usi sabab Imam Ibne Maeen ؒ ne unhe'n 'ليس بشيء' kaha hai.

Imam Abu Dawood ؒ (d 275h) farmate hain: 'منكر الحديث' "*Ye munkar-ul-hadees hai*". (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V22 P589)

Arz hai ke Imam Mizzi ne Imam Abu Dawood hi se ye bhi naql kiya hai:

'وَقَال في موضع آخر: ما أعرفه، روى مناكير' "*Imam Abu Dawood ne doosre muqaam par kaha: Main use nahi jaanta, usne munkar riwayaat naql ki hain*". (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V22 P590)

Imam Abu Dawood ke is doosre qaul se waazeh ho gaya ke Imam Abu Dawood ne us raawi ko munkar-ul-hadees sirf is maane mein kaha hai

[1] T: (كما مضى) Jaisa ke pehle bayan kiya gaya, jaisa ke guzar chuka [RKT]

ke unho'n ne munkar riwayaat naql ki hain aur sirf itni baat se kisi raawi ki tazeef saabit nahi hoti, kyounke kisi raawi ka munkar-ul-hadees hona aur kisi raawi ka munkar riwayaat bayan karna dono mein farq hai.

Imam Nasai ﷺ (d 303h) farmate hain:

عيسى بن جارية ، يروي عنه يعقوب القمي، منكر.

"*Isa bin Jaariya, unse Yaqoob al-Qummi riwayat karte hain, ye munkar hai*". (Az-Zuafa wal Matrukeen lin-Nasai: P76)

Arz hai ke Imam Nasai ﷺ tafarrud[1] ke maane mein bhi munkar bol dete hain aur Isa bin Jaariya ﷺ kai riwayaat mein munfarid hain, is liye bahut mumkin hai ke Imam Nasai ﷺ ne tafarrud ke maane mein nakaarat ki jarh ki ho.

Haafiz Ibne Hajar ﷺ farmate hain:

فقد أطلق الإمام أحمد والنسائي وغير واحد من النقاد لفظ المنكر على مجرد التفرد.

"*Imam Ahmad aur Imam Nasai waghaera naaqideen ne lafz-e-munkar ko mahez*". (An-Nukat Alaa Kitaab Ibn as-Salaah li-Ibne Hajar: V2 P674)

Waazeh rahe ke Imam Nasai se mutaalliq Haafiz Ibne Hajar ﷺ ki is wazaahat ke bar-aks koi baat nahi milti, lekin Imam Ahmad ﷺ ka maamla ye hai ke wo munfarid hadees par to munkar ka itlaaq karte hain, lekin uske raawi par alfaaz-e-tauseeq hi ka istemaal karte hain, jaisa ke uski mudallal wazaahat aage aarahi hai, taaham Imam Nasai aur baaz deegar aimma ka ye manhaj musallam hai. Alaawa-baree'n Imam Nasai ﷺ mutashaddideen mein se bhi hain, jaisa ke Imam Zahbi aur Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne kaha hai. (Meezaan-ul-Etedaal liz Zahbi: V1 P437; Muqaddama Fath-ul-Baari: P387) Lihaaza us pehlu ko bhi yahan madde nazar rakhna zaroori hai.

[1] T: (تَفَرُّد) Infiraadiyat, oneness [RKT]

Allama Nazeer Amlawi ؒ Par Hanafi Taaqqub Ka Jaaeza:

Haafiz Zuhoor Ahmad Saahab ne 'munkar-ul-hadees' ki jarh se mutaalliq mutaaddid hawaale naql karke ye saabit kiya hai ke ye qaadeh[1] jarh hai aur aise raawi ki riwayat zaeef hoti hai. (Rakat-e-Taraweeh Ek Tehqiqi Jaaeza: P211)

Arz hai ke uske is maane se kisi ko inkaar nahi, lekin yahan ye segha is maane mein nahi hai, jaisa ke wazaahat ki gai, lihaaza is muqaam par ye hawaale ghair-mutalliq hain.

Allama Nazeer Ahmad Amlawi ؒ ne ye batane ke liye munkar al hadees ka seegha bahut saare mafhoom mein aata hai, chand misaale'n pesh ki thee'n, unka maqsood ye tha ke jab ye seegha kai mafhoom mein aata hai to qaraain ke baghaer use jarh-e-qaadeh mahmool karna durust nahi hai.

Uske jawaab mein Haafiz Zuhoor Saahab ne in misaalo'n par bahes karte hue ye batlaane ki koshish ki hai ke un mein se kisi bhi maane mein Isa bin Jaariya par ki gai jarh ka taalluq nahi hai. Zel mein uska tajziya pesh-e-khidmat hai:

① Allama Amlawi ؒ ne pehle maane ye batlaae the ke baaz mohaddiseen kisi raawi ko ek (1) hi hadees riwayat karte hue paate hain to us maane mein bhi use munkar-ul-hadees bol dete hain. Us par Haafiz Zuhoor Saahab ne ye farmaya ke Isa bin Jaariya se sirf ek (1) hi hadees marwi nahi, balke kai aur riwayaat bhi marwi hain. (Rakat-e-Taraweeh Ek Tehqiqi Jaaeza: P212)

Arz hai ke zaroori nahi ke jin-jin aimma ne munkar ki baat kahi hai, un sab ke paas bhi usi ki saari ahadees pohonch gai ho'n, mumkin hai kisi ke paas uski sirf ek (1) hi hadees pohonchi ho.

② Allama Amlawi ؒ ne doosre maane ye bayan kiya tha ke koi siqa raawi kisi zaeef raawi se munkar riwayat naql kare to is wajah se us siqa par bhi ye seegha bol diya jaata hai. Uske jawaab mein Haafiz Zuhoor Saahab ne Tehzeeb-ul-Kamaal aur Tehzeeb-ut-Tehzeeb se Isa bin Jaariya ke asaatiza ki fehrist pesh ki hai aur ye bataya hai ke unke saare asaatiza

[1] T: (قادِح) Buraai aur aeb nikaalne waali [RKT]

siqa hain. (Rakat-e-Taraweeh Ek Tehqiqi Jaaeza: P212)

Arz hai ke ye riwayate'n un logo'n kin ahi hain, jinho'n ne munkar ka seegha istemaal kiya hai, mumkin hai jinho'n ne munkar ka seegha istemaal kiya hai, unke paas uski aur riwayaat bhi rahi ho'n.

③ Allama Amlawi رحمہ اللہ ne teesre (3) maane ye bayan kiya tha ke kisi raawi ki chand riwayaat ke taalluq se munkar-ul-hadees bolte hain na ke uski saari riwayaat se mutaalliq, aur us baat ko Allama Lucknawi ki kitab 'الرفع والتكميل' se naql kiya tha jis mein ye baat Imam zahbi رحمہ اللہ ki kitab Meezaan ke hawaale se manqool thi.

Uske jawaab mein Haafiz Zuhoor Ahmad Saahab ne Abu Ghadda Saahab ke haashiye ka sahaara lete hue kaha ke ye ibaarat Meezaan ke nuskhe mein nahi hai. (Rakat-e-Taraweeh Ek Tehqiqi Jaaeza: P213) Arz hai ke Abu Ghadda Saahab ne ye kaha hai ke ye ibaarat Meezaan ke kisi aur nuskhe mein ho sakti hai. Ham kehte hain ke ye baeed nahi, kyounke Imam Zahbi ne isi mafhoom ki baat apni kitaab Taareekh al-Islam mein Abdullah bin Muaawiya az-Zubairi ke tarjume mein kahi hai. (Taareekh al-Islam: V4 P902 T: Bashaar) Ye baat taareekh al islam ke tamaam nuskho'n mein maujood hai.

Behrehaal Allama Amlawi رحمہ اللہ ka maqsood ye nahi tha ke mutaalliqa bahes mein ye seegha in maane mein hai, balke unho'n ne sirf ye samjhaya hai ke ye seegha kai maane mein aata hai, is liye qaraain waghaera se aankhe'n band karke sirf ek (1) hi maane lekar nahi baethna chaahiye.

Ham oopar batla chuke hain ke baaz aimma ki nazr mein us seeghe ka ek (1) mafhoom tafarrud batlana bhi hota hai aur qaraain ki raushni mein yahan yehi mutaiyyan hai. Kyounke waqiatan is hadees ki riwayat mein Isa bin Jaariya munfarid hain aur tafarrud, fee-nafsihi aeb nahi, jab tak ke us tafarrud ke mardood hone par qaraain na ho'n aur Alhamdulillah is hadees mein Isa bin Jaariya ke tarfarrud ke rad hone ki koi daleel maujood nahi hai.

Haafiz Zuhoor Saahab ne aage Allama Sindhi ke hawaale se taweel bahes karne ke baad kaha: "*Wo manae Isa bin Jaariya ke baare mein muraad*

nahi ho sakta, kyounke usko munkar-ul-hadees kehne ke saath 'عنده مناكير' *bhi kaha gaya hai*". (Rakat-e-Taraweeh Ek Tehqiqi Jaaeza: P213) ()

Arz hai: 'عنده مناكير' bhi kaha gay ahai to ye is baat ki daleel hai ke 'munkar-ul-hadees' ka matlab 'عنده مناكير' hai aur 'عنده مناكير' waala har raawi zaeef nahi hota.

Imam Haakim, Imam Daraqutni رحمہ اللہ (d 385h) se apna sawaal jawaab naql karte hue likhte hain:

فسليمان بن بنت شرحبيل؟ قال: ثقة. قلت: أليس عنده مناكير؟ قال: يحدث بها عن قوم ضعفاء، فأما هو فهو ثقة.

"*Maine poocha: Sulaiman bin bint Sharjeel kaisa hai? Imam Daraqutni ne jawab diya: Ye siqa hai. Maine kaha: Kya uske paas manakeer nahi hain? Imam Daraqutni ne jawaab diya: Un manakeer ko ye zaeef logo'n se riwayat karta hai, lekin ye khud siqa hai*". (Sawalaat al-Haakim lid-Daraqutni: P217)

Waazeh rahe ke baaz log Imam Nasai se is raawi se mutaalliq munkar al hadees aur matrook ki jarh naql karte hain, lekin ye alfaaz Imam Nasai se saabit nahi. Imam Nasai ki kitab mein sirf munkar ka lafz hai, ghaliban baaz ahle ilm ne ise munkar al hadees ke maane mein samajh kar maanawi taur par munkar al hadees naql kar diya hai. Matrook ka lafz Imam Nasai ne apni kitab mein isse qabl waale Raawi Isa bin Abdur Rahman ke baare mein kaha hai. (Az-Zuafa wal Matrukoon lin-Nasai: P76)

Baaz logo'n ne sabqat-e-nazar ke sabab is jarh ko baad waale raawi Isa bin Jaariya ke baare mein samajh liya hai. (Dekhiye hamari kitaab: Anwaar al-Badar Fee Waza' al-Yadain Alaa as-Sadr: P407-419)

Imam Ibne Adi رحمہ اللہ (d 365h) farmate hain: 'كلها غير محفوظة' "*Iski mazkoora-baala tamaam ahadees ghair-mehfooz hain*". (Al-Kaamil Fee Zuafa ar-Rijaal li-Ibne Adee: V6 P438)

Arz hai ke Imam Ibne Adi ne ye tabsara karne se qabl Isa bin Jaariya par baaz mohaddiseen se nakaarat ki jarh naql ki hai jo saabit nahi hai, jisse maaloom hua ke Imam Ibne Adi ki jarh ki buniyaad ghair-saabit aqwaal

hain, lihaaza Imam Ibne Adee ki jarh ghair-masmoo[1] hai.

Haafiz Ibne Hajar ﷺ (d 852h) farmate hain: 'فيه لين' "*Un mein kamzori hai*". (Taqreeb-ut-Tehzeeb li-Ibne Hajar: 5288)

Ye bahut halki jarh hai jisse mutaalliq tazeef laazim nahi haati, yehi wajah hai ke doosre muqaam par Hafiz Ibne Hajar ﷺ ne kaha: 'رجال ثقات' "*Iske rijaal siqa hain*". (Al-Isaaba li-Ibne Hajar: V3 P349)

Neez, ek doosre muqaam par unki ek (1) riwayat ko hasan qaraar dete hue likhte hain:

كما أخرجه أبو يعلىٰ بإسناد حسن من رواية عيسى بن جارية.

"*Jaisa ke Abu Yaala ne Isa bin Jaariya ki riwayat hasan sanad se naql ki hai*". (Fath-ul-Baari: V2 P98 [P: Darul Maarifa])

Haafiz Zuhoor Saahab likhte hain: "*Haafiz Ibne Hajar ne* 'فيه لين' *ko alfaaz-e-jarh-o-taadeel ke chatte tabqa mein shumaar kiya hai. (Taqreeb: P1)*". (Rakat-e-Taraweeh Ek Tehqiqi Jaaeza: P216)

Arz hai ke Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne muhawwala[2] muqaam par chatte martabe mein jis seeghe ko shumaar kiya hai wo you'n hai:

السادسة من ليس له من الحديث إلا القليل، ولم يثبت فيه ما يترك حديثه من أجله، وإليه الإشارة بلفظ: مقبول حيث يتابع، وإلا فلين الحديث.

"*Chatta martaba: Jiski bahut kam ahadees ho'n aur uske baare mein aisi baat saabit na ho jiske sabab uski hadees ko tark kiya jaae to uski taraf maqbool se ishaara hoga, yaane jab uski mutaaba-at ki jaae warna wo* 'لين الحديث' *hoga*". (Taqreeb-ut-Tehzeeb li-Ibne Hajar: P74 [T: Awaama])

Mulahaza farmaae'n! Yahan Haafiz Ibne Hajar ﷺ apni ek (1) khaas istilaah 'maqbool' ki wazaahat kar rahe hain aur ye batla rahe hain ke is noo[3] ke ruwaat ki jahan mutaaba-at na mile, wahan ye 'لين الحديث' hoga.

[1] T: (غَير مَسْمُوع) Jo nahi suna ja sakta [RKT]
[2] T: (مُحَوَّلَه) Jiska hawaala diya gaya ho [RKT]
[3] T: (نوع) Qism, jins, tarah [RKT]

Lekin Isa bin Jaariya ko Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne na to 'مقبول' kaha hai aur na 'لين الحديث' hi kaha hai, balke sirf 'فيه لين' kaha hai jo in dono se alag hai aur sirf maamooli zof par daal hai jo tauseeq ke manaafi nahi, usi liye khud Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne doosre muqaam par unhe'n siqa kaha hai.

Haafiz Zuhoor Saahab 'لين الحديث' aur 'فيه لين' ke farq par dehaan nahi de sake. Is farq ki wazaahat ke baad us zimn mein unki saari tafsilaat be maane ho jaati hain aura age aanjanaab ne Allama Amlawi ﷺ ka jo tazaad dikhlane ki koshish ki hai uski haqiqat bhi numayaa'n ho jaati hai.

Imam Uqaili ne Az Zuafa mein is raawi ka tazkira kiya hai, lekin khud koi jarh nahi ki aur mahez Az-Zuafa waali kitaab mein kisi raawi ke tazkire se ye natija nikalna durust nahi hai ke zuafa ke muallif ki nazar mein ye raawi zaeef hai. (Dekhiye hamari kitaab: Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaeza: P675-677)

Khulaasa ye ke Isa bin Jaariya par koi bhi motabar jarh saabit nahi hai, lihaaza ye siqa hain, kyounke kai mohaddiseen ne unki tauseeq ki hai, jaisa ke ma-qabl mein tafseel pesh ki gai.

Yaqoob Bin Abdullah al-Qummi Ka Taaruf:

Isa bin Jaariya se is hadees ko naql karne waale Yaqoob bin Abdullah al-Qummi hain, Aap bukhari taaliqan aur Sunan Arba ke siqa raawi hain.

- Imam Ibne Maeen ﷺ (d 223h) farmate hain: 'ثقة' "*Ye siqa hain*". (Sawalaat Ibn al-Junaid li-Ibne Maeen: P411)

- Imam Ibne Hibban ﷺ (d 354h) ne unhe'n siqaat mein zikr karte hue kaha: '... يعقوب بن عبدالله بن سعد الأشعري القمي' . (As-Siqaat li-Ibne Hibban: V7 P645 [T: Al-Usmaniya])

- Imam Tabarani ﷺ (d 360h) ne unki yehi hadees naql karke kaha: 'ثقة' "*Ye siqa hain*". (Al-Mojam as-Sagheer li-Tabarani: V1 P317)

- Imam Zahbi ﷺ (d 748h) farmate hain: 'صدوق' "*Ye sadooq hain*". (Al-Kaashaf liz-Zahbi: V2 P394)

Neez ek doosri kitab mein kaha: 'الإمام، المحدث، المفسر' "*Aap Imam, Mohaddis, aur Mufassir hain*". (Siyaar A'laam an-Nubala liz-Zahbi: V8 P299)

Imam Daraqutni ﷺ (d 385h) farmate hain: 'ضعيف' "*Yaqoob zaeef hain*". (Ilal ad-Daraqutni: V13 P116)

Arz hai ke zaeef, ghair mufassar jarh[1] hai. Aur Imam Daraqutni hi ke doosre qaul mein iski tafseer bhi aagai hai, chunache Imam Daraqutni ﷺ farmate hain: 'ليس بالقوي' "*Ye bahut ziyaada qawi nahi hain*". (Ilal ad-Daraqutni: V3 P92)

Arz hai ke 'ليس بالقوي' ki jarh qaadeh nahi hai aur usse raawi ke aam maane mein zaeef hona saabit nahi hota, jaisa ke ham ne uski poori tafseel apni kitaab "Yazeed Bin Muaawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaeza" (P 677-679) mein pesh ki hai.

Al-gharz Imam Daraqutni ﷺ ke us doosre qaul se maaloom hua ke zaeef kehen se Imam Daraqutni ﷺ ki muraad haafize mein maamooli kami batlana hai, na kea am maane mein zaeef batlana.

Maalik bin Ismail an-Nahdi Ka Taaruf:

Yaqoob se is riwayat ko kai siqa-ruwaat ne naql kiya hai. Imam Ibne Khuzaima ﷺ ne Yaqoob se neeche do (2) (2) sanade'n zikr ki hai aur dono sahih hain, balke pehli sanad ke saare rijaal Bukhari ya Muslim ke hain. Is sanad mein Yaqoob se is riwayat ko naql karne waale Maalik bin Ismail an-Nahdi hain. Aap Bukharo-o-Muslim samet kutub-e-sitta ke rijaal mein se hain aur bil-ittifaaq siqa hain.

Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne aap ke baare mein naaqideen ke aqwaal ka khulaasa bayan karte hue kaha hai:

ثقة، متقن، صحيح الكتاب، عابد.

"*Aap siqa, mutqin*[2]*, sahih-ul-kitaab aur aabid hain*". (Taqreeb-ut-Tehzeeb li-Ibne Hajar: 6424)

---

[1] T: (جَرح مُفَسَّر) Waazeh taur par radd karna criticize [RSB]

[2] T: (مُتْقِن) Tehqeeq-o-justaju karne waala, thos ilm waala, kaam mein maahir [RKT]

Muhammad bin al-Alaa al-Hamdani Ka Taaruf:

Aap bhi Bukhari-o-Muslim samet kutub-e-sitta ke rijaal mein se hain aur bil-ittifaaq siqa-haafiz hain. Haafiz Ibne Hajar رحمہ اللہ ne aap ke baare mein naaqideen ke aqwaal ka khulaasa bayan karte hue kaha: ‘ثقة حافظ’ “*Aap siqa aur hafiz hain*”. (Taqreeb-ut-Tehzeeb li-Ibne Hajar: 6204)

Maaloom hua ke is hadees ki sanad ke saare ruwaat siqa hain. والحمدللہ

Tambeeh-e-Baleegh:

Maulana Tahir Gyaawi Saahab aur baaz ahnaaf ye likhte rahe hain ke Hadees-e-Jaabir رضی اللہ عنہ ki sanad mein “Muhammad bin Humaid” naami ek (1) raawi hai, jo kazzaab hai.

Arz hai ke yahan ham ne hadees-e-Ibne Jaariya ki jo sanad pesh ki hai us mein us raawi ka koi naam-o-nishaan hi nahi, lihaaza yahan us eteraaz ki koi gunjaaish hi nahi hai. Albatta ahnaaf bees (20) rakat se mutaalliq Jaabir رضی اللہ عنہ hi ki ek (1) riwayat zaroor pesh karte hain, jis mein ye kazzaab raawi maujood hai aur uski koi doosri sanad maujood hi nahi, uska tazkira age aaraha hai.

Lekin ajooba dekhiye ke jab ye kazzaab munfarid aur tanha ho kar Jaabir رضی اللہ عنہ ke hawaale se aath (8) se zaaid rakat bayan karta hai to us kazzaab par imaan laaya jaata hai aur jab Jaabir رضی اللہ عنہ se ye aath (8) rakat bayan karta hai aur doosri sanad se Jaabir رضی اللہ عنہ ki yehi baat saabit hoti hai to khwah-ma-khwah us par jarh karke doosri sahih sanad par bhi hamla kiya jaata hai. Al-gharz ye hadees bilkul sahih hai. Isi liye darj-e-zel ulama ne bhi use sahih qarar diya hai:

- Imam Ibne Khuzaima رحمہ اللہ (d 311h). Aap na apni kitab Sahih Ibne Khuzaima mein ise naql kiya hai, yaane aap ne us hadees ko sahih qaraar diya hai.

- Imam Ibne Hibban رحمہ اللہ (d 354h). Aap ne apni kitab Sahih Ibne Hibban mein ise naql kiya hai, yaane aap ne is hadees ko sahih qaraar diya hai. (Sahih Ibne Hibban: V6 P169)

Haafiz Ibne Hajar رحمه الله (d 852h). Aap ne Fath-ul-Baari: V3 P12 mein is hadees ko naql kiya hai. Aur us par sukoot ikhtiyaar kiya hai. Fath-ul-Baari mein kisi hadees par aap ka sukoot aap ke nazdeek us hadees ke sahih y hasan hone ki daleel hai. (Anwaar al-Badar Fee Waza' al-Yadain Alaa as-Sadr: P229)

Hadees-e-Jaabir رضي الله عنه Ki Sehat Par Ahle Ilm-o-Ulama-e-Ahnaaf Ki Shahaadat

Balke ahnaaf ne bhi use sahih kaha hai, mulaahaza ho:

Mulla Ali Qaari رحمه الله (d 1014h). Aap ne kaha:

فإنه صح عنه أنه صلى بهم ثماني ركعات والوتر.

"*Kyounke Aap ﷺ se ba-sanad-e-sahih saabit hai ke aap ne sahaba ko aath (8) rakat aur witr padhaee'n*". (Mirqaat al-Mafateeh lil-Mulla Ali Qari: V3 P971)

Allama Anwar Shah Kashmiri رحمه الله (d 1353h). Aap ne kaha:

وفي الصحاح صلاة تراويحه عليه الصلاة والسلام ثماني ركعات.

"*Aur sahih hadees ki kutub mein hai ke Aap ﷺ ki taraweeh aath (8) rakat thi*". (Al-Urf ash-Shazi lil-Kashmiri: V1 P412)

Kya Hadees-e-Jaabir رضي الله عنه Munqata Hai?

Haafiz Zuhoor Ahmad Saahab likhte hain: "*Ye riwayat ghair muqallideen ke bayaan-karda qaaeda ke muwaafiq munqata hai, kyounke us riwayat ko Hazrat Jaabir se naql karne waale Isa bin Jaari hain, jin ke mutaalliq Haafiz Ibne Hajar رحمه الله farmate hain: 'من الرابعة' ke wo tabqa raabia ke raawi hai*". (Taqreeb: V1 P769)

"*Chauthe tabqe ke mutaalliq Maulana Nazeer Ahmad Rahmani ghair muqallid likhte hain: 'Aur chautha tabqa wo hai jo taabaeen ke tabqa wusta ke qareeb hai, jin ki aksar riwayate'n kibaar taabaeen se li gai hain, sahaba se nahi'.*". (Anwaar al-Masabeeh: P280)

"*So, jab Isa bin Jaariya chauthe tabqa ka raawi hai aur ba-qaul Maulana Rahman Saahab us tabqa waalo'n ki ahadees Sahaba Kiraam*

ﷺ se marwi nahi, to phir jab Isa bin Jaariya ne bhi is riwayat ko Hazrat Jaabir ﷺ se naql kiya hai jo Sahabi-e-Rasool hain to ghair muqallideen ke usool ke mutaabiq Isa bin Jaariya ki Hazrat Jaabir ﷺ se naql-karda riayat munqata thehri". (Rakat-e-Taraweeh Ek Tehqiqi Jaaeza: P209)

Haafiz Zuhoor Ahmad Saahab se guzaarish hai ke pehle Haafiz Ibne Hajar ﷺ ka mauqif padh le'n. Haafiz Ibne Hajar ﷺ (d 852h) farmate hain:

الرابعة: طبقة تليها: جُلُّ روايتهم عن كبار التابعين، كالزهري وقتادة.

"*Chautha Tabqa: Ye tabqa-e-wusta ke taabaeen ke qareeb ka tabqa hai, unki aksar riwayaat kibaar taabaeen se hain, jaise Zohri aur Qataada hain*". (Taqreeb-ut-Tehzeeb li-Ibne Hajar: P81 [Tehqeeq: Shaaghif])

Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne sahaba se us tabqe ki riwayaat ka yaksar inkaar nahi kiya, balke sirf ye kaha hai ke unki aksar riwayaat kibaar taabaeen se hain, yaane baaz riwayaat Sahaba se bhi hain aur ye taadaad mein bahut kam hain. Yehi baat maanawi taur par Allama Nazeer Ahmad Amlawi ﷺ ne bhi kahi hai. Balke ye baat keh kar unho'n ne aage Haafiz Ibne Hajar ﷺ ki usi kitaab *Taqreeb* hi ka hawaala diya ahi.

Allama Nazeer Ahmad Amlawi ﷺ ke alfaaz hain: "*Aur chautha tabqa wo hai jo taabaeen ke tabqa-e-wusta ke qareeb hai jin ki aksar riwayate'n kibaar taabaeen se li gai hain, sahaba se nahi*". (Taqreeb: P3)

Yahan Allama Nazeer Ahmad Amlawi ﷺ ne us tabqe ki sahaba se mutlaqan riwayaat ka inkaar nahi kiya, balke sirf ye kaha hai ke unki aksar riwayaat sahaba se nahi hain, na ke tamaam riwayaat bhi kibaar taabaeen se hain aur sahaba se koi riwayat bayan nahi karte.

Yehi baat Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne bhi kahi hai. Jiska hawaala aage Allama Nazeer Ahmad Amlawi ﷺ ne de diya hai aur ma-qabl mein ham Haafiz Ibne Hajar ﷺ ke alfaaz pesh karke uski wazaahat kar chuke hain.

Yahan ghaur talab baat ye hai ke Allama Nazeer Ahmad Amlawi ﷺ ne us tabqe ko taabaeen ka tabqa kaha hai, us tabqe ko taabaeen ka naam dene ka matlab hi yehi hai ke sahaba se unki riwayaat ko saabit maana ja raha hai, kyounke taabai usi ko kaha jaata hai jo sahabi se mila ho.

Mohtaram Zuhoor Ahmad Saahab agar Haafiz Ibne Hajar ﷺ ki ibaarat ba-ghaur nahi dekh sake to aanjanaab ko kam-az-kam ye to samajh lena chaahiye tha ke Allama Amlawi ﷺ ne khud us chauthe tabqe ko taabaeen ka tabqa kaha hai, yaane Allama Amlawi ﷺ unhe'n taabaeen keh kar sahaba se unki mulaqaat ka isbaat kar rahe hain.

Khulaasa ye ke chauthe tabqe ke taabaeen ne bhi sahaba se riwayaat bayan ki haina ur uska inkaar kisi ne nahi kiya, lekin choonke us tabqe ke logo'n ki sahaba se riwayaat kam hain aur kibaar taabaeen se ziyaada hain, is liye unhe'n taabaeen ke chauthe tabqe mein shumaar kiya gaya hai.

Us tabqe ke taabaeen ki jis sahabi se mulaqaat ka suboot na mile, us sahabi se unki riwayaat munqata hongi, lekin jis sahabi se unki mulaqaat ka suboot mile, us sahabi se unki riwayaat muttasil-o-sahih hongi.

Yaad rahe ke Isa bin Jaariya ne aath (8) rakat taraweeh waali riwayat Jaabir ﷺ se naql ki hai aur aath (8) rakat taraweeh se mutaalliq hi ek (1) riwayat mein Isa bin Jaariya ne Jaabir ﷺ se simaa-o-tahdees[1] ki saraahat karte hue kaha hai: '... حدثنا جابر بن عبدالله' "*Ham ne Jaabir bin Abdullah ﷺ se bayan kiya ...*". (Musnad Abi Yaala al-Mosuli: V3 P336 [Sanad Sahih])

Lihaaza ye riwayat muttasil hai aur inqita ke eteraaz ki koi gunjaaish nahi.

Lihaaza ye riwayat muttasil hai aur inqita ke eteraaz ki koi gunjaaish nahi.

Kya Hadees-e-Jaabir ﷺ Munkar-o-Muztarib Hai?

Maulana Tahir Gyaawi Saahab ne is hadees ke aakhri alfaaz: 'كَرِهْتُ أَنْ يُكْتَبَ عَلَيْكُمُ الْوِتْرُ' "*Mujhe khadsha hua ke namaz-e-witr rum par farz na kardi jaae*" ko buniyaad bana kar ye daawa kiya hai ke ye riwayat munkar-o-muztarib hai. Unke eteraaz ka ma-haasil[2] ye hai ke hadees-e-

[1] T: (تَحْدِيث) Riwayat, bayaan-e-hadees [RKT]
[2] T: (ماحَصَل) Jo haasil ho, natija, khulaasa, labbe-lubaab [RKT]

jaabir hi ke baaz turq mein 'يكتب عليكم' ke baad witr ka lafz nahi hai aur baaz riwayaat mein witr ke bajaae 'صلاة الليل' ke alfaaz hain. (Maa-hasl az Ahsan-ut-Tanqeeh: P215-216)

Arz hai ke ye ikhtilaaf mahez lafzi hai, maanawi taur par saari riwayaat ka mafhoom ek (1) hi hai, chunache baaz riwayaat mein 'صلاة الليل', yaane raat ki namaz ka zikr hai aur baaz riwayaat mein uska zikr nahi, lekin muraad yehi hai. Jis riwayat mein "*witr*" ka lafz hai, usse muraad raat ki namaz hi hai, kyounke raat ki poori namaz, yaane qiyaam-ul-lail par bhi witr ka itlaaq hota hai. Jaisa ke ahadees aur ahle ilm ki tasrihaat[1] se ye baat ayaa'n hai.

Masalan: Ek (1) hadees mein Nabi-e-Akram ﷺ ka irshad hai:

صلاة الليل مثنى مثنى، فإذا خشي أحدكم الصبح صلى ركعة واحدة توتر له ما قد صلى.

"*Raat ki namaz do-do (2-2) rakat hai, phir jab koi subh ho jaane se dare to ek (1) rakat padh le, wo uski saari namaz ko witr bana degi*". (Sahih Bukhari: V2 P24 H990)

Is hadees mein poori salat-ul-lail par witr ka itlaaq hua hai, Haafiz Ibne Rajab (d 795h) Bukhari ki mazkoora-baala hadees ki tashreeh mein likhte hain:

يدل على أن هذه الركعة الواحدة جعلت مجموع ما صلى قبلها وتراً، فيكون الوتر هو مجموع صلاة الليل الذي يختم بوتر، وهذا قول إسحاق بن راهويه، واستدل بقول النبي صلى الله عليه وسلم أوتروا يا أهل القرآن وإنما أراد صلاة الليل.

"*Allah ke Nabi ﷺ ki ye hadees is baat ki daleel hai ke aakhri rakat pehli tamaam rakat ko witr bana deti hai, pas witr ka matlab raat ki poori namaz hai jo witr par khatm hoti hai. Ye Ishaq bin Raahwiya ka qaul hai, unho'n ne uske liye Nabi-e-Akram ﷺ ke us qaul: 'Aye Ahle Quran! Witr padho' se bhi istidlaal kiya hai ke usse muraad raat ki namaz hai*". (Fath-ul-Baari: V9 P116)

Balke khud Maulana Tahir Gyaawi Saahab ne bhi apni usi kitab mein doosri jagah likha hai: "*Tahajjud ke saath choonke witr padhi jaati hai,*

[1] T: (تَصْرِيح) Wazaahat, saraahat, tauzeeh [RKT]

is liye dono ke majmua par mohaddiseen ke nazdeek witr ka itlaaq majaazan hota hai, yehi wajah hai ke hadees-e-mazkoor mein chaar (4) aur teen (3) aur che (6) aur teen (3), aath (8) aur teen (3), dus (10) aur teen (3) yaane tahajjud ma' al-wirr ko shumaar karaya gaya hai". (Ahsan at-Tanqeeh: P246)

Mulahaza farmae'n! Jahan Gyaawi Saahab ne ye mehsoos kiya ke raat ki namaz par witr ka itlaaq unke haq mein mufeed hoga, wahan badi aasaani se raat ki poori namaz lafz '*witr*' mein sama gai, lekin Hadees-e-Jaabir ﷺ mein yehi lafz-e-'witr' raat ki majmooi namaz ke liye mustamal ho gaya to fauran iztiraab aur nakaarat ki talwaar miyaan se baahar aagai!

Kya Hadees-e-Jaabir ﷺ Kisi Ashah Hadees Ke Khilaaf Hai?

Maulana Tahir Gyaawi Saahab ne Syedna Huzaifa ﷺ se ek (1) riwayat Aun al-Maabood ke hawaale se zikr ki hai jo Imam Mirwazi ki kitab mein maujood hai aur use Hadees-e-Jaabir ﷺ ke mukhalif bataya hai. Sabse pehle ham ye riwayat ma' sanad-o-matn zikr karte hain. Imam Muhammad bin Nasr al-Mirwazi (d 294h) farmate hain:

حدثنا إسحاق، أخبرنا النضر بن محمد، عن العلاء بن المسيب، عن عمرو بن مرة، عن طلحة بن يزيد الأنصاري ، عن حذيفة رضى الله عنه أنه صلى مع النبي صلى الله عليه وسلم الذات ليلة في رمضان، فكان إذا ركع قال: سبحان ربي العظيم مثل ما كان قائما، وإذا سجد قال: سبحان ربي الأعلى، مثل ذلك، ثم جلس يقول: رب اغفر لي، رب اغفر لي مثل ما كان قائما ، ثم سجد، فقال: سبحان الأعلى مثل ما ربي كان قائما، فما صلى إلا أربع ركعات حتى جاء بلال يناديه إلى الغداة.

"*Huzaifa ﷺ riwayat karte hain ke unho'n ne Nabi-e-Akram ﷺ ke saath ramzan ki ek (1) raat namaz adaa ki … alakh, to Allah ke Nabi ﷺ ne sirf chaar (4) rakat hi ada kee'n ke Bilal fajr ki azaan dene ke liye pohonch gae*". (Mukhtasar Qiyaam al-Lail: P181)

Is riwayat ko Maulana Gyaawi Saahab ne sahih baawar karaane ke baad use Hadees-e-Jaabir ﷺ ke khilaaf batlaate hue irshad farmaya: "*Fan ka ye usool musallam hai ke qawi-ul-isnaad ke khilaaf usse kamzor sanad waali riwayat saaqit samjhi jaati hai*". (Ansan at-Tanqeeh: P238)

Arz hai:

Awwalan: Hadees-e-Jaabir ﷺ ke muqaable mein mazkoora-baala Hadees-e-Huzaifa ko qawi-ul-isnaad batlana seena-zori ke siwa kuch nahi, kyounke Huzaifa ﷺ ki ye riwayat sanad aur matn dono lihaaz se intihai kamzor hai. Mukhtalif kutub-e-ahadees mein uske matn mein jo shadeed iztiraab hai, us par guftagu bahut tafseel-talab hai, lekin choonke manqoola matn bhi Hadees-e-Jaabir ﷺ ke manaafi nahi, neez uski sanad bhi sahih nahi hai, is liye sar-e-dast[1] ham usi matn aur uski us sanad par baat karenge.

Hazrat Huzaifa ﷺ ke hawaale se use naql karne waale Talha bin Yazeed hain, jinho'n ne Huzaifa ﷺ se ye riwayat suni hi nahi, jaisa ke isi riwayat ko Imam Nasai ؒ ne riwayat karne ke baad is par khaas yehi jarh ki hai.

Imam Nasai ؒ (d 303h) farmate hain: 'لم يسمعه طلحة بن يزيد من حذيفة' "*Is hadees ko Talha bin Yazeed ne Syedna Huzaifa ﷺ se nahi suna hai*". (Sunan Kubra lin-Nasai: V2 P148)

Sunan Abu Dawood waghaera mein yehi riwayat maujood hai, jis mein Abu Hamza yaane Talha bin Yazeed aur Huzaifa ﷺ ke darmiyan ek (1) 'رجل' ka waasta maujood hai. (Sunan Abu Dawood: V2 P154 H874 [T: Al-Arnaout])

Imam Nasai ؒ ne doosre muqaam par ye gumaan zaahir kiya hai:

لم يسمعه طلحة بن يزيد من حذيفة.

"*Ho sakta hai ke 'rajul' (ye na-maaloom shakhs) 'Salah bin Zafar' ho*". (Sunan Kubra lin Nasai: V2 P149)

Yehi gumaan aur bhi baaz ahle ilm ka hai, un ahle ilm ne aisa shayad is liye kaha hai ke uske beshtar turq mein Huzaifa ﷺ ki hadees ko Salah bin Zafar ne riwayat kiya hai, lekin yaad rehna chaahiye ke Huzaifa se ye hadees naql karne waale tanha Salah bin Zafar hi nahi hain, balke aur bhi bahut se ruwaat ne Huzaifa se usi hadees ko alfaaz ke ikhtilaaf ke saath naql kiya hai, mazeed ye ke Huzaifa ﷺ se Salah bin Zafar ki naql-karda hadees Sahih Muslim mein bhi hai, lekin uske alfaaz usse mukhtalif hain.

[1] T: (سَرِ دَسْت) Fil-haal, fil-waqt, ab, is waqt, abhi [RKT]

Agar waaqiatan ye rajul Salah bin Zafar hi hote to kisi na kisi tareeq mein uski saraahat aani chaahiye thi, lekin ham dekhte hain ke Talha kabhi to us na-maaloom shakhs ko saaqit karke riwayat karte hain aur kabhi uska hawaala bhi dete hain to 'rajul' keh kar use mubham bana dete hain. Zaahir hai ke ye agar Salah bin Zafar hi hote to unhe'n saaqit karne aur zikr karne ke bawujood bhi mubham banana ki koi wajah nahi hai, mazeed ye ke Talha ke asaatiza mein Salah bin Zafar ka tazkira kisi ke yahan nahi milta na kisi aur muqaam par Salah se Talha ki riwayat milti hai.

In tamaam bato'n ki raushni mein ye bahut baeed hai ke Talha aur Huzaifa ﷺ ke beech jo mubham shakhs hai wo Salah bin Zafar ho'n, lihaaza ye riwayat is inqita-o-ibhaam ke sabab zaeef hi hai.

Maulana Tahir Gyaawi Saahab Imam Nasai se inqita waali jarh naql karke uska jawaab you'n dete hain: "*Lekin Tehzeeb-ut-Tehzeeb: V5 P92 se zaahir hai ke Talha bin Yazeed ba-raah-e-raast Hazrat Huzaifa se riwayat karte hain*". (Ahsan at-Tanqeeh: P240)

Halaanke Haafiz Ibne Hajar ﷺ ke alfaaz hain:

روى عن حذيفة بن اليمان، وقيل عن رجل عنه.

"*Unho'n ne Huzaifa bin Yamaan se riwayat ki hai aur ye bhi kaha gaya hai ke ek (1) na-maaloom shakhs ke waaste se unho'n ne Huzaifa ﷺ se riwayat hai*". (Tehzeeb-ut-Tehzeeb li-Ibne Hajar: V5 P29 [P: Al-Hind])

Mulaahaza farmaae'n! Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne Huzaifa ﷺ se Talha ke adm-e-sima ki taraf bhi ye kehte hue ishaara kar diya hai ke baaz mohaddiseen ke baqaul Huzaifa aur unke beech mein ek (1) na-maaloom shakhs ka waasta hai aur ye baat durust hai, jaisa ke oopar tafseel guzar chuki hai.

Mazeed ye ke tehzeeb aur asaatiza-o-talaamiza ki jo fehrist di jaati hai wo wirf riwayaat ke lihaaz se hoti hain, us mein simaa-o-adm-e-simaa ko malhooz nahi rakha jaata. Ye baat aam taalib-e-ilm ko bhi pata hai, lihaaza Tahir Gyaawi Saahab ko apni maalumaat par nazr-e-saani karni chaahiye.

Saniyan: Agar ham mubham shakhs ko 'Salah bin Zafar' maan bhi le'n to uske matn mein shadeed iztiraab hai, lihaaza raajeh riwayat wohi qaraar paaegi jo Sahih Muslim mein hai aur Sahih Muslim mein is waaqia mein ramzan ka lafz nahi hai. (Sahih Muslim: V1 P536 #772)

Salisan: Agar ham ye bhi farz kar le'n ke ye ramzan ka waaqia tha to uske kisi bhi tareeq mein ye ishaara tak nahi hai ke ye teen (3) raat taraweeh waala waaqia hai, balke baaz turq mein aisi tasrihaat hain jo saaf batlaati hain ke ye teen (3) raat taraweeh waale se alag waaqia hai.

Masalan: Mustadrak Haakim ke alfaaz hain:

صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم ليلة من رمضان في حجرة من جريد النخل.

"*Huzaifa ﷺ kehte hain ke maine ramzan ki ek (1) raat Allah ke Rasool ﷺ ke saath khajoor ki tehniyo'n se bane ek (1) kamre mein namaz padhi*". (Al Mustadrak Alaa as-Sahihain lil-Haakim: V1 P466)

Zaahir hai ke teen (3) raat taraweeh waali namaz us muqaam par nahi hui thi aur baaz riwayat mein to ye bhi hai ke Huzaifa ﷺ ke us waaqia mein Nabi ﷺ ke saath sirf Huzaifa ﷺ hi the, koi teesra tha hi nahi. (Al-Mojam al-Ausat: V4 P321)

Zaahir hai ke teen (3) raat taraweeh waale waaqia mein Sahaba ki ek (1) badi taadaad shirk-e-jamat thi.

Raabian: Sab se ahem baat ye ke Huzaifa ﷺ ki is riwayat mein gyaara (11) rakat se kam ka to zikr hai, lekin gyaara (11) se zaaid ka zikr nahi hai aur hamara mauqif yehi hai ke gyaara (11) se zaaid rakat padhna Nabi-e-Akram ﷺ saabit nahi hai, na ramzan mein na ghair-ramzan mein, albatta gyaara (11) se kam rakat ki ham-nafi nahi karte, lihaaza agar kisi riwayat mein milta hai ke Nabi ﷺ ne kisi raat gyaara (11) se kam taadaad mein namaz padhi hai to ye baat Hadees-e-Ayesha ﷺ ya Hadees-e-Jaabir ﷺ mein se kisi ke khilaaf nahi.

Kya Hadees-e-Jaabir ﷺ Se Sirf Ek (1) Raat Ki Rakat Maaloom Hoti Hain?

Allama Abdur Rahman Mubarakpuri ﷺ ne apne alfaaz mein Hadees-e-Jaabir ﷺ ka mafhoom-o-mustafaad[1] batlaate hue likha hai:

لم يرد في حديث أبي ذر هذا بيان عدد الركعات التي صلاها رسول الله في تلك الليالي، لكن قد ورد بيانه في حديث جابر رضى الله عنه وهو أنه صلى في تلك الليالي ثمان ركعات ثم أوتر، كما ستقف عليه.

"*Abu Zar ﷺ ki us hadees mein is baat ka bayan nahi hai ke un raato'n mein Nabi-e-Akram ﷺ ne kitni rakat namaz padhi thee'n, lekin iska bayan Jaabir ﷺ ki hadees mein hai aur wo ye ke Aap ﷺ ne un raato'n mein aath (8) rakat aur witr padhi thee'n, jaisa kea age aap ke saamne ye hadees aaegi*". (Tohfa al-Ahwazi: V3 P438)

Us par Maulana Tahir Gyaawi Saahab ne likha hai: "*Hadees-e-Jaabir mein sirf* 'ليلة' *yaane ek (1) raat ki tasreeh maujood hai, magar kitni daleri ke saath usko Maulana ne 'layaali'* (ليالى) *bana liya hai. Kya ye baat unki ilmi siqaahat ko mushtaba nahi kar daalti?!*" (Ahsan at-Tanqeeh: P14)

Halanke Allama Mubarakpuri ﷺ ne hadees ke matn mein 'layaali' ka lafz nahi likha hai, balke apne kalaam mein riwayat ka mafhoom-o-mustafaad batlaate hue likha hai aur ye bilkul durust hai, jaisa ke khud ahnaaf ke akaabir ahle ilm ne bhi aisa likha hai.

Chunache dilchasp baat ye hai ke is tarah ki ilzaam taraashi ke jawaab mein ek (1) Ahle Hadees aalim ne aaina dikhaya ke aen yehi kaam Allama Mubarakpuri ﷺ se pehle Allama Aeni aur Allama Lucknawi ﷺ bhi kar chuke hain, unho'n ne bhi hadees-e-Jaabir se istidlaal karte hue 'layaali' ka lafz istemaal karte hue batlaya ke un raato'n mein Nabi ﷺ ne aath (8) rakat aur witr padhi thi.

Allama Aeni ﷺ (d 855h) ne likha hai:

فإن قلت: لم يبين في الروايات المذكورة عدد هذه الصلاة التي صلاها رسول الله صلى الله عليه وسلم في تلك الليالي؟ قلت: روى ابن خزيمة وابن حبان من حديث جابر رضى الله عنه... الخ.

[1] T: (مُسْتَفاد) Jo haasil ho ya nikle [RKT]

"*Agar aap kahe'n ke mazkoora riwayaat mein is namaz ki taadaad ka zikr nahi jise Aap ﷺ ne un raato'n mein padha tha to main kehta hoo'n ke Ibne Khuzaima aur Ibne Hibban ne Jaabir ؓ se riwayat kiya … alakh*". (Umdatul-Qaari Sharah Sahih Bukhari: V7 P177)

Yaane Allama Aeni ne ek (1) raat nahi, balke raato'n mein padhi gai namaz ki taadaad-e-rakat ke bayan mein Hadees-e-Jaabir ؓ ko pesh kiya.

Neez, Allama Abdul Hai Lucknawi (d 1304h) ne likha hai:

وأمّا العدد فروى ابن حبّان وغيره أنّه صلى بهم في تلك الليالي ثمان ركعات، وثلاث ركعات وتراً.

"*Jahan tak (masnoon rakat-e-taraweeh ki) taadaad ki baat hai to Ibne Hibban waghaera ne riwayat kiya hai ke Aap ﷺ ne un raato'n mein aath (8) rakat aur teen (3) rakat witr padhi thee'n*". (Umdah ar-Raaya: V1 P166)

Ye aaina dekhne ke baad Tahir Gyaawi Saahab hadbada gae ke jo kachda unho'n ne Allama Mubarakpuri ؒ par uchaala tha khud unhee'n ke akaabir par aagira hai. Phir apne akaabir ke chehro'n ko saaf karne ke liye Tahir Gyaawi Saahab ne apni fiqhi baseerat se kuch is tarah parda uthaya:

"*Un Hanafi ulama ne Ibne Hibban aur Ibne Khuzaima ke hawaale se hadees-e-Jaabir ko naql farmaya hai jis mein* 'ليلة' *ka lafz maujood hi nahi hai, is liye unke saamne jo riwayat hai us mein ek (1) raat ki qaid na hone ki wajah se ba-zaahir umoom samjha jaata tha aur usi zaahiri maane ki buniyaad par unho'n ne likha hai jo ziyaada se ziyaada bila-tehqeeq hone ki wajah se sahoo kiya jaaega, lekin Maulana Abdur Rahman Saahab ke saamne Meezaan-ul-Etedaal waali Hazrat Jaabir ؓ ki riwayat hai, chunache wo Zahbi ki* 'إسناده وسط' *se istidlaal bhi farma rahe hain, bana-baree'n unke saamne jo riwayat hai us mein* 'ليلة' *ki saraahat ke saath qaid maujood hai, lekin uske bawujood wo* 'ليالي' *tehreer farma rahe hain, jo bila-iraada ya ghaflat ki wajah se nahi, balke bila-shubha qasdan aur iraadatan hai, is liye wo eteraaz ki zad se nahi nikal sakte*". (Ahsan ut-Tanqeeh: P214)

Ye safaai bayan padh kar lagta hai ke Tahir Gyaawi Saahab ki sirf fiqhi

baseerat hi nahi, balke basaarat bhi iflaas ka shikaar hai. Mausoof ko is hadees ke ek (1) tareeq mein waarid lafz 'ليلة' to nazar aagaya, lekin is hadees ka poora siyaaq na unhe'n dikhaai de raha hai aur na samajh hi mein aaraha hai.

Dar-asl lafz 'ليلة' ko us hadees se nikaal bhi diya jaae, tab bhi us hadees ka poora siyaaq pukaar-pukaar kar keh raha hi ke Jaabir ﷺ ki shirkat sirf aakhri raat mein hui thi, uske baad agli raat se Nabi ﷺ ne jamat tark kardi. Yehi wajah hai ke Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne sirf Ibne Khuzaima aur Ibne hibban hi ke hawaale se is hadees ko naql kiya jis mein lafz 'ليلة' ka koi wujood nahi tha, phir bhi Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne likha:

احتمل أن يكون جابر ممن جاء في الليلة الثالثة فلذلك اقتصر على وصف ليلتين.

"*Is baat ka ehtemaal hai ke Jaabir ﷺ un logo'n mein se the jinho'n ne teesri raat shirkat ki thi, isi liye unho'n ne sirf do (2) raat ki haalat bayan ki hai (yaane ek (1) raat ba-jamat namaz padhne ki aur doosri raat jamat tark karne ki)*". (Fath-ul-Baari: V3 P12-13 [P: As-Salafiyya])

Mulaahaza farmae'n! Haafiz Ibne Hijr ﷺ ke saamne hadees-e-jaabir ﷺ ke jo alfaaz hain, is mein 'ليلة' ka lafz hargiz nahi, phir bhi wo Jaabir ﷺ ki shirkat sirf ek (1) raat mein maan rahe hain, iski wajah yehi hai ke lafz 'ليلة' ke baghaer bhi hadees ka siyaaq usi par dalaalat karta hai, kyounke Jaabir ﷺ ne sirf ek (1) raat namaz padhne ka tazkira kiya aur uske fauran baad kaha ke agli raat Nabi Mukarram ﷺ namaz padhane aae hi nahi.

Ahle baet Tahir Gyaawi Saahab se guzaarish hai ke basaarat aur baseerat mein zara bhi hayaat baaqi ho to unhe'n baroo-e-kaar laate hue batlaae'n ke jab hadees ka siyaaq hi waazeh taur par batla raha hai ke Jaabir ﷺ sirf ek (1) hi raat shareek-e-jamat the to phir uske bawujood bhi Allama Aeni aur Allama Luknawi ne 'ليالي' ka lafz kaise istemaal kar liya?!

Balke ham ye bhi batla de'n ke Haafiz Ibne Hajar ﷺ, jinho'n ne waazeh lafzo'n mein saraahat ki hai ke Jaabir ﷺ sirf ek (1) raat mein shareek hue the, unho'n ne bhi jab teen (3) raato'n mein padhi gai namaz ki taadaad-

e-rakat par hadees-e-Jaabir ﷺ ke hawaale se baat ki, to lafz 'ليالي' hi istemaal kiya. (Fath-ul-Baari: V3 P12 [P: Salafiya])

Dar-asl Allama Aeni ho'n ya Haafiz Ibne Hajar, Allama Lucknawi ho'n ya Allama Mubarakpuri, sab ka istidlaal you'n hai ke teen (3) raato'n mein taadaad-e-rakat ki baabat hadees-e-jaabir ke alaawa koi riwayat nahi milti aur hadees-e-jaabir ke mutaabiq Jaabir ﷺ ne un teen (3) mein se ek (1) raat ki taadaad batla di hai jo is baat ki daleel hai ke yehi taadaad teeno raat mein bhi thi.

Isi liye agarche hadees-e-jaabir ka siyaaq sirf ek (1) raat mein Jaabir ﷺ ki shirkat batla raha hai, uske bawujood bhi mazkoora ahle ilm ne isse istimbaat kiya hai ke yehi taadaad teeno raat ki thi.

Lekin Gyaawi Saahab bad-qismati se ahle ilm ke us tariqa-e-istimbaat ko samajh hi na sake, jiske natije mein ek (1) taraf Allama Mubarakpuri par badbudaar iltizaam lagaya aur doosri taraf Allama Aeni waghaera ka bhi lihaaz na rakh sake aur apni kaj-fehimi aur la-yaane falsafa 'umoom' ko un hazraat ki taraf bhi mansoob kar daala.

Chauthi Hadees

Imam Ibne Hibban ﷺ (d 354h) farmate hain:

أخبرنا أبو يعلىٰ، قال حدثنا عبد الأعلى بن حماد النرسي، قال: حدثنا يعقوب القمي، قال: حدثنا عيسى بن مني الليلة جارية، قال: حدثنا جابر بن عبد الله، قال: جاء أبي بن كعب إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال: يا رسول الله! كان شيء في رمضان. قال: وما ذاك يا أبي؟ قال: نسوة في داري قلن إنا لا نقرأ القرآن فنصلي بصلاتك، قال: فصليت بهن ثماني ركعات، ثم أوترت. قال: فكان شبه الرضا، ولم يقل شيئا.

"*Jaabir bin Abdullah se riwayat hai ke Ubai bin Kaab ﷺ Allah ke Nabi ﷺ ke paas aae aur kaha: Aye Allah ke Rasool! Guzishta raat ramzan mein mujh se ek (1) cheez sarzad hui hai. Allah ke Rasool ne kaha: Aye Ubai! Wo kya cheez hai? Ubai bin Kaab ﷺ ne kaha: Meri ghar mein khawateen ne mujhe se kaha ke ham Quran nahi padh sakte'n, lihaaza hamari khwaahish hai ke aap ki iqtida mein namaz padhe'n. Ubai bin Kaab ﷺ kehte hain ke phir maine unhe'n aath (8) rakat taraweeh jamat se padhae'n, phir witr padhaya. Allah ke Nabi ﷺ ne use manzoor farmaya aur us pa koi nakeer na ki*". (Sahih Ibne Hibban: V6 P290 H2549 [Sanad Sahih])

Ye hadees bhi sahih hai. Isa bin Jaariya aur Yaaqoob al-Qummi ka taaruf guzishta riwayat ke tahat ho chuka hai. Abd al-Aala bin Hammad al-Baahili, Bukhari-o-Muslim aur Abu Dawood waghaera ke rijaal mein se hain aur bil-ittifaaq siqa hain. Kisi bhi Imam ne un par koi jarh nahi ki.

Imam Zahbi ﷺ (d 748h) farmate hain: 'المحدث الثبت' "*Ye mohaddis aur sabt hain*". (Al Kaashaf liz-Zahbi: V1 P610)

Maaloom hua ke ye hadees bilkul sahih hai, isi liye Imam Ibne Hibban ﷺ ne isi sanad se use Sahih Ibne Hibban mein riwayat kiya hai. (Sahih Ibne Hibban: V6 P290)

Imam Haithami ﷺ (d 807h) farmate hain:

'رواه أبو يعلىٰ والطبراني بنحوه في الأوسط وإسناده حسن' "*Ye mohaddis aur sabt hain*". (Majmua Zawaaed lil-Haithami: V2 P91)

Kya Ubai Bin Kaab ﷺ Ka Waaqia Ramzan Ka Nahi Hai?

Maulana Tahir Gyaawi Saahab ne ye saabit karne ki koshish ki hai ke ye waaqia ramzan ka nahi hai, uske liye mausoof ne sabse pehle zawaaed musnad se ek (1) riwayat pesh ki hai, jiska zof is qadr waazeh tha ke ek (1) maamooli taalib-e-ilm bhi mahez sanad dekh kar hi muttala ho jaata, kyounke uski sanad mein ek (1) raawi 'rajul' ke zikr ke saath mubha haim. Lekin Maulana Gyaawi Saahab ne Musnad Ahmad se poori sanad naql karne ke bajaae ibtida se zof waala hissa hazaf karke riwayat naql kardi. Ham zel mein ye poori riwayat ma' sanad naql karte hain.

Imam Abdullah bin Ahmad bin Hambal رحمہ اللہ (d 290h) farmate hain:

حدثني أبو بكر بن أبي شيبة عبد الله بن محمد، حدثنا ،رجل، سماه، حدثنا يعقوب بن عبد الله الأشعري، حدثنا عيسى بن جارية عن جابر بن عبد الله عن أبي بن كعب، قال: جاء رجل إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال: يا رسول الله! عملت الليلة عملا :قال ما هو ؟ قال: نسوة معي في الدار قلن لي: إنك تقرأ ولا نقرأ، فصل بنا، فصليت ثمانيا والوتر قال: فسكت رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فرأينا أن سكوته رضا بما كان.

"*Ubai bin Kaab ﷺ riwayat karte hain ke ek (1) shakhs Nabi ﷺ ke paas aaya aur kaha: Aye Allah ke Rasool! Kal raat maine ek (1) kaam kiya. Aap ﷺ ne daryaaft kiya: Wo kya? To usne kaha: Mere saath ghar ki khawateen thee'n, wo kehne lagee'n: Aap quran padhna jaante hain aur ham nahi jaante, to aap hame'n namaz padha de'n, to maine unhe'n aath (8) rakat aur witr padhaae. Kehte hain: Us par Allah ke Rasool ﷺ khamosh ho gae to ham ne jaan liya ke aap ki khamoshi us kaam ke liye razamandi thi*". (Musnad Ahmad: V5 P115)

Mulahaza farmae'n! Sanad mein 'rajul' ek (1) mubham raawi hai jiske sabab ye riwayat zaeef hai aur iska matn bhi mukhtalif hai. Sahih riwayat mein ye waaqia khud Ubai bin Kaab ﷺ lekin ye zaeef riwyat mein ye waaqia Ubai bin Kaab ﷺ kisi aur se naql kar rahe hain. Kuch logo'n ne isi zaeef riwayat ka sahaara lete hue us riwayat ko muztarib kehne ki koshish bhi ki hai, halanke jab ye riwayat hi saabit nahi to ise buniyaad bana kar iztiraab ka eteraaz bhi be-maane aur la-ilmi ka natija hai.

Tabrani ki ek (1) aur riwayat mein bhi ramzan ka zikr nahi hai uski sanad ka haal bhi dekh le'n. Imam Tabarani رحمہ اللہ (d 360h) farmate hain:

حدثنا عثمان بن عبيد الله الطلحي قال: نا جعفر بن حميد قال: نا يعقوب القمي، عن عيسى بن جارية، عن جابر قال: جاء أبي فقال: يا رسول الله كان مني الليلة شيء، إن نساء اجتمعن في داري لا يقرأن فصليت بهن ثماني ركعات، ثم أوترت فسكت النبي صلى الله عليه وسلم، فكان شبه الرضاء.

"*Jaabir ﷺ farmate hain ke Ubai ﷺ aae aur kaha: Aye Allah ke Rasool ﷺ kal raat mujh se ek (1) amal hua hai, mere ghar kuch khawateen jama huee'n, jo Quran nahi padh sakti thee'n, to maine unhe'n aath (8) rakat namaz padhai, phir witr padhaya to Nabi ﷺ khamosh ho gae to ye razamandi jaisa tha*". (Al-Mojam al-Ausat lit-Tabrani: V4 P108)

Iski ek (1) sanad mein 'Usman bin Obaidullah at-Talhi al-Kufi' hai, uski koi motabar tauseeq nahi mili. Lihaaza ye riwayat zaeef hai. Hamare ilm ki had tak yehi do (2) riwayaat hain jin mein ramzan ka zikr nahi milta hai aur ye dono riwayaat zaeef hain.

Baaz riwayaat mein 'يعني رمضان' ke alfaaz hain jisse Gyaawi Saahab ne ye natija nikaala ke ye lafz mudraj[1] hai, yaane Ubai bin Kaab ke alaawa baad ke kisi raawi ki taraf se izaafa hai, iski tadeed ke liye yehi kaafi hai ke ham ne yaha'n asal riwayat Sahih Ibne Hibban se jo pesh ki hai jis mein Ubai bin Kaab ﷺ ke alfaaz mein ramzan ka lafz maujood hai. Usse maaloom hua ke doosri riwayat mein jo 'يعني رمضان' ke alfaaz hain wo Jaabir ﷺ hi ke hain, jise unho'n ne riwayat bil-maane karte hue bayan farmaya hai.

[1] T: (مُدْرَج) Aesi hadees jis mein raawi ne apna ya kisi aur ka kalaam bhi tashreeh ya maane waghaera ki gharz se shaamil kar diya ho [RKT]

Baab 2: Rakat-e-Taraweeh Aur Aasaar-e-Sahaba
Ahd-e-Farooqi Mein Aath (8) Rakat Taraweeh

Imam Maalik ﷺ (d 179h) farmate hain:

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّهُ قَالَ: أَمَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أُبَيِ بْنَ كَعْبٍ وَتَمِيمًا الدَّارِيِّ أَنْ يَقُومَا لِلنَّاسِ بِإِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً قَالَ: وَقَدْ كَانَ الْقَارِئُ يَقْرَأُ بِالْمِينَ، حَتّى كُنَّا نَعْتَمِدُ عَلَى الْعِصِيِّ مِنْ طُولِ الْقِيَامِ، وَمَا كُنَّا نَنْصَرِفُ إِلَّا فِي فُرُوعِ الْفَجْرِ.

"Saaib bin Yazeed ﷺ se riwayat hai ke Umar bin Khattab ﷺ ne Ubai bin Kaab aur Tameem Daari ﷺ ko gyaara (11) rakat taraweeh padhne ka hukm diya. Saaib bin Yazeed ﷺ kehte hain ke imam sau-sau (100-100) aayate'n ek (1) rakat mein padhta tha, yahan tak ke ham taweel qiyaam ki wajah se lakdi par tek laga kar khade hote the aur fajr ke qareeb hi namaz se faarigh hote the". (Muwatta Imam Malik: V1 P115 [sanad sahih alaa shart ash-Shaikhain; Maalik ke turq se Sunan Kubra lin-Nasai: V3 P113 H4687; Sharah Maani al-Aasaar lit-Tahawi: V1 P293; H1741; Al-Fawaaid li-Abu Bakr an-Nisaburi: أ/136ق; Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P496 # 4392 Sahi Maalik ke tareeq se hain)

Ye riwayat Bukhari-o-Muslim ki shart par sahih hai, iski sanad mein kisi illat ka naam-o-nishaan tak nahi.

Is riwayat se maaloom hua ke Umar Farooq ﷺ ne aath (8) rakat taraweeh aur teen (3) rakat witr hi ka hukm diya aur unke daur mein aath (8) rakat taraweeh hi hoti thee'n. Is riwayat ke bar-khilaaf kisi ek (1) bhi riwayat mein ye suboot nahi milta ke ahd-e-farooqi mein ya usse qabl ya uske baad kisi ek (1) bhi sahabi ne aath (8) rakat se zaaid taraweeh padhi ho'n. Isse saabit hua ke taraweeh ki aath (8) rakat hone par tamaam sahaba ka ijma tha.

Ab zel mein is riwayat ki sanad par maalumaat pesh-e-khidmat hain.

Sanad Ke Rijaal Ka Taaruf:

Mazkoora-baala riwayat ki sanad bilkul sahih aur be-daagh hai. Is riwayat ki ahem khususiyat ye hai ke ise Sahabi-e-Rasool Umar Farooq ﷺ se naql karne waale Saaib bin Yazeed ﷺ bhi sahabi hain. Phir Imam Maalik aur un Sahabi ke beech sirf ek (1) raawi Muhammad bin Ysufu hain, jo Bukhari-o-Muslim ke zabardast siqa raawi hai.

Ab, fardan-fardan is sanad ke rijaal ka taaruf mulaahaza ho:

۞ Umar bin Khattab ؓ.

Aap Sahabi aur Khalifa-e-Duwam hain, is liye mazeed kisi tafseel ki zaroorat nahi.

۞ Saaib bin Yazeed ؓ.

Aap bhi sahabi hain, jaisa ke Bukhari ki ek (1) riwayat mein iska suboot hai. Chunache Imam Bukhari ؒ (d 256h) farmate hain:

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: حُجَّ بِي مَعَ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا ابْنُ سَبْعِ سِنِينَ.

"*Muhammad bin Yusuf ؒ bayan karte hain ke Saaib bin Yazeed ؓ ne kaha ke mujhe Rasool Allah ﷺ ke saath hajj karaya gaya tha aur main us waqt saat (7) saal ka tha*". (Sahih Bukhari: H1858)

Lihaaza jab aap bhi sahabi hain to aap ke bhi mazeed taaruf ki zaroorat nahi.

۞ Muhammad bin Yusuf al-Madani ؒ.

Aap Bukhari-o-Muslim ke zabardast siqa raawi hain. Aap ki siqaahat-o-itqaan[1] par ahle fan ka ittifaaq hai. Mere naaqis mutaala-a ke had tak kisi bhi naaqid imam ne un par koi jarh nahi ki, lihaaza unke baare mein bhi tafseel pesh karne ki zaroorat nahi.

Haafiz Ibne Hajar ne unse mutaalliq ahle fan ke aqwaal ka khulaasa pesh karte hue unhe'n 'ثقة ثبت' kaha hai, chunache Haafiz Ibne Hajar ؒ farmate hain: 'محمد بن يوسف بن عبد الله الكندي المدني الأعرج ثقة ثبت'[2] (Taqreeb-ut-Tehzeeb li-Ibne Hajar: 6414)

۞ Imam Maalik ؒ.

Aap aimma arba mein se ek (1) maaroof imam hain, aap bhi mohtaaj-e-

[1] T: (إتْقان) Istehkaam, mahaarat, istawaari [RKT]

[2] T: Muhammad bin Yusuf bin Abdullah al-Kindi Madani, jo ke qaabil-e-etemaad aur saabit-qadm hain [RSB]

taaruf nahi. Maaloom hua ke riwayat-e-mazkoora bahut hi buland-paaya, siqa aur maaroof-o-mashoor riwayat se manqool hai, lihaaza is riwayat ki sanad aala darje ki sahih hai.

Faaeda: Riwayat-e-mazkoora ke tamaam rijal na sirf ye ke Bukhari-o-Muslim ke rijaal mein se hain, balke aen isi silsila-e-sanad se Bukhari-o-Muslim mein ahadees bhi manqool hain.

Sanad-e-Mazkoor Se Bukhari Mein Riwayat:

① Imam Bukhari رحمہ اللہ (d 256h) farmate hain:

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: حُجَّ بِي مَعَ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا ابْنُ سَبْعِ سِنِينَ.(Sahih Bukhari: H1858)

Imam Bukhari رحمہ اللہ (d 256h) farmate hain:

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: صَحِبْتُ طَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللهِ، وَسَعْدًا ، وَالمِقْدَادَ بْنَ الْأَسْوَدِ، وَعَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ رضى الله عنه، فَمَا سَمِعْتُ أَحَدًا مِنْهُمْ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم إِلَّا أَنِّي سَمِعْتُ طَلْحَةَ يُحَدِّثُ عَنْ يَوْمِ أُحُدٍ.(Sahih Bukhari: H2824)

Imam Bukhari رحمہ اللہ (d 256h) farmate hain:

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي الأَسْوَدِ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بنَ يَزِيدَ، قَالَ: صَحِبْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ، وَطَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللهِ، وَالمِقْدَادَ، وَسَعْدًا رضى الله عنه فَمَا سَمِعْتُ أَحَدًا مِنْهُمْ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِلَّا أَنِّي سَمِعْتُ طَلْحَةَ يُحَدِّثُ عَنْ يَوْمِ أُحُدٍ.(Bukhari: H4026)

Sanad-e-Mazkoor Se Muslim Mein Riwayat:

Imam Muslim رحمہ اللہ (d 261h) farmate hain:

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْسَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ، يُحَدِّثُ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: شَرُّ الْكَسْبِ مَهْرُ الْبَغِيِّ، وَثَمَنُ الْكَلْبِ، وَكَسْبُ الْحَجَّامِ.

Lataaif-e-Sanad:

Awwal: Sahabi se riwayat karne waale bhi sahabi hain.

Duwam: Uloo (علو), Imam Maalik رحمہ اللہ aur Sahabi ke beech sirf ek (1) raawi

ka faasla hai, yaane ye riwayat had-darja aali hai.

Suwam: Madani sanad. Ba-shumoor Imam Maalik, sanad ke tamaam rijaal madani hain, yaane mazkoora riwayat madani sanad se manqool hai.

Ghar Ki Shahaadat:

Maulana Nemwi Hanafi (d 1322h) ne riwayat-e-mazkoora ki sanad ko sahih qaraar dete hue kaha hai: 'إسناده صحيح' "*Yaane iski sanad sahih hai*".
(Aasaar as-Sunan: V2 P250)

Riwayat-e-Mazkoora Par Eterazaat:

Is riwayat par do (2) qism ke eterazaat kiye jaate hain:

Pehli qism: Matn par eteraaz.

Doosri qism: Ruwaat par eteraaz.

Zel mein ham dono qismo'n par mushtamil eterazaat ki haqiqat bayan karte hain.

Eteraaz Ki Pehli Qism: Matn Par Eteraaz:

Matan Par Pehla Eteraaz:

Matn par pehla eteraaz: Taadaad-e-Rakat Ke Bayan Mein Ikhtilaaf:

Kaha jaata hai ke is riwayat mein rakat-e-taraweeh ki taadaad ke bayan mein iztiraab hai. Kisi mein gyaara (11) ki taadaad bataai gai hai to kisi mein terah (13) ki aur kisi mein ikkees (21) ki, lihaaza ye riwayat muztarib hai.

Arz hai ke gyaara (11) ki taadaad ke alaawa jis tareeq mein ikkees (21) ki taadaad aai hai wo saabit hi nahi, to phir iztiraab kaha'n? Jahan tak terah (13) ka maamla hai to use Muhammad bin Ishaq ne bayan kiya hai:

Awwalan: Ye gyaara (11) ki taadaad ke khilaaf nahi, balke un mein tatbeeq mumkin hai, jiski tafseel agli sutoor mein aarahi hai. Yaad rahe

ke Allama Nemwi Hanafi ﷺ ne bhi tatbeeq hi ka mauqif ikhtiyaar kiya hai. كما سيأتي

Saniyan: Agar tatbeeq ki soorat na ikhtiyaar ki jaae to laazmi taur par Ibne Ishaq ki riwayat shaaz[1] hogi, kyounke Ibne Ishaq ne tanha, Muhammad bin Yusuf se terah (13) ki taadaad naql ki hai aur kisi bhi doosre raawi ne unki mutaaba-at nahi ki. Jabke Imam Malik ﷺ ne gyaara (11) ki taadaad naql ki hai aur Imam Malik ﷺ haafiza mein Ibne Ishaq se badh kar hain. Mazeed ye ke deegar paanch (5) raawiyo'n ne bhi Imam Malik ki mutaaba-at ki hai. كما سيأتي Lihaaza paanch (5) raawiyo'n ki jamat ke bil-muqaabil tanha Ibne Ishaq ke bayan ki koi haisiyat nahi, bil-khusoos jab ke unke hifz par bhi logo'n ne kuch kalam kiya hai.

Saalisan:

Ahnaaf to Muhammad bin Ishaq ko kazzaab-o-dajjal aur na-jaane kya-kya kehte-phirte hain, phir kis mu'n se wo uski is riwayat ko ek (1) jamat ki riwayaat ke khilaaf pesh kar rahe hain. Lutf to ye hai ke hazraat-e-ahnaaf qirat khalf al-imam waghaera ke masle mein Imam Malik ﷺ hi ke hawaale se kehte hain ke Imam Malik ne Muhammad bin Ishaq ko dajjal kaha hai, lekin jab taraweeh ki baat aati hai to Imam Maalik hi ke khilaaf uski riwayat pesh akr dete hain!!

Al-gharz gyaara (11) ki taadaad ki mukhalifat saabit nahi, lihaaza iztiraab ka daawa fuzool hai. Neez iztiraab us waqt tasleem kiya jaata hai jab tarjeeh[2] ki koi soorat na ho, lekin agar tarjeeh ki soorat maujood ho to iztiraab ka daawa mardood hai.

Imam Ibne Salah ﷺ (d 643h) farmate hain:

المضطرب من الحديث هو الذي تختلف الرواية فيه فيرويه بعضهم على وجه وبعضهم على وجه آخر مخالف له، وإنما نسميه مضطربا إذا تساوت الروايتان أما إذا ترجحت إحداهما بحيث لا تقاومها الأخرى بأن يكون راويها ،أحفظ، أو أكثر صحبة للمروي عنه، أو غير ذلك من وجوه الترجيحات المعتمدة، فالحكم للراجحة ولا يطلق

[1] T: (شَاذْ) Wo hadees jo qaabil-e-etebaar logo'n ki riwaayat ke khilaaf ho [RKT]
[2] T: (تَرْجِيح) Bartari, behtar, fauqiyat, fazilat [RKT]

عليه حينئذ وصف المضطرب.

"*Muztarib wo hadees hai jiski riwayat mein is tarah ikhtilaaf ho ke baaz ek (1) tarah riwayat kare'n aur baaz uske mukhaalif doosri tarah riwayat kare'n. Ham aisi hadees ko us waqt muztarib kahenge jab tarfain ki riwayat masaawi aur ek (1) darje ki ho, lekin agar dono mein se koi riwayat raajeh qaraar paae is tarah ke doosri riwayat uske ham-palla na ho, baae'n taur ke uske raawi ahfaz ho'n ya marwi-a'nh ke saath usne ziyaada muddat guzaari ho, ya uske alaawa motamad*[1] *wujooh-e-tarjihaat mein se koi ho to hukm rajah riwayat ke etebaar se lagega aur aisi soorat mein ye riwayat muztarib nahi hogi*". (Muqaddama Ibne Salah: P94 Is silsile mein mazeed aqwaal ke liye dekhiye: Anwaar al-Badar: P522_625)

Matn Par Doosra Eteraaz: Ruwaat Ne Kabhi Taadaad Bayan Ki Hai Aur Kabhi Nahi:

Awwalan: Ye koi masla hi nahi, kyounke mohaddiseen ikhtisaar ki khaatir apni bayan-karda riwayat mein kami-beshi karte rehte hain, is tarah ki baato'n ko iztiraab ki daleel banan us fan se na-waaqfiyat ki daleel hai. Agar is tarah ki baato'n ko buniyaad bana kar iztiraab ka daawa kiya jaane laga to phir qurani aayaat bhi muztarib nazar aane lagengi. Kyounke quran mein ek (1) baat ek (1) muqaam par mukhtasar hai jabke doosre muqaam par mufassal hai aur ye saara kalam sirf Allah Waahid hi ka hai.

Duwam: Is shubhe ki buniyaad jin riwayaat par qaayam hai, yaane wo riwayaat jin mein taadaad ka zikr nahi, wo mahel-e-nazar hain, chunache us silsile mein ek (1) hi kitab se do (2) riwayaat pesh ki jaati hain, dono ki haqiqat mulaahaza ho:

Pehli Riwayat: Imam Umar bin Shabba (عُمَرُ بنُ شَبَّةَ) رحمہ اللہ (d 262h) farmate hain:

حَدَّثَنَا أَبُو ذُكَيْرٍ قَال: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ يُوسُفَ الْأَعْرَجَ، يُحَدِّثُ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: جَاءَ عُمَرُ رضى الله عنه لَيْلَةٌ مِنْ لَيَالِي رَمَضَانَ إِلَى مَسْجِدِ الرَّسُولِ صلى الله عليه وسلم، وَالنَّاسُ مُتَفَرِّقُونَ، يُصَلِّي الرَّجُلُ بِنَفْسِهِ، وَيُصَلِّي

[1] T: (مُعْتَمَد) Etebaar kiya gaya, jis par logon ko etemaad ho, bharosa kiya hua, qaabil-e-etebaar [RKT]

الرَّجُلُ وَمَعَهُ النَّفَرُ فَقَالَ: لَوِ اجْتَمَعْتُمْ عَلَى قَارِئٍ وَاحِدٍ كَانَ أَمْثَلَ، ثُمَّ عَزَمَ فَجَمَعَهُمْ عَلَى أُبَيِّ بنِ كَعْبٍ، ثُمَّ جَاءَ مِنَ الْعَالِيَةِ وَقَدِ اجْتَمَعُوا عَلَيْهِ وَاتَّفَقُوا، فَقَال: نِعْمَتِ الْبِدْعَةُ هَذِهِ، وَالَّتِي يَنَامُونَ عَنْهَا أَفْضَلُ مِنَ الَّتِي يُصَلُّونَ، وَكَانَ النَّاسُ يُصَلُّونَ أَوَّلَ اللَّيْلِ وَيَرْقُدُونَ آخِرَه.

(Taareekh al-Madina li-IBne Subbah: V2 P713)

Ye riwayat zaeef hai, kyounke musannif ke ustaaz Abu Zakeer (zaal (ذ) ke saath) na-maaloom raawi hain. Baaz ne uski taayyub Abu Zakeer (zaa (ز) se) se ki hai, jin ka naam Yahya bin Muhammad bin Qais al-Basri al-Mahaarbi az-Zareer hai. Lekin arz hai ke ye raawi bhi zaeef hai.

Imam Uqiali رحمہ اللہ (d 322h) farmate hain: 'لا يتابع على حديثه' "*Iski hadees ki mutaaba-at nahi hoti*". (Az-Zuafa al-Kabeer lil-Uqaili: V4 P427)

Imam Ibne Maeen رحمہ اللہ (d 2332h) farmate hain: 'أبو زكير ضعيف' "*Abu Zakeer zaeef hai*". (Al-Jarh wa Taadeel li-Ibne Abi Haatim: V9 P184 [sanad sahih])

Imam Ibne Hibban رحمہ اللہ (d 354h) farmate hain:

كان ممن يقلب الأسانيد ويرفع المراسيل من غير تعمد، فلما كثر ذلك منه صار غير به إلا عند الوفاق.

"*Ye un logo'n mein se tha jo ghair iraadi taur par asaneed ko palat dete the, aur mursal ko marfoo bayan karte the. Jabke uske andar ye ghalati kasrat se hone lagi to ye na-qaabil-e-ehtijaaj ho gaya, magar jab uski muwaafaqat mil jaae*". (Al-Majruheen li-Ibne Hibban: V3 P119)

Doosri Riwayat: Imam Umar bin Shabba رحمہ اللہ (d 262h) farmate hain:

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مَالِكٌ، وَعَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ، وَأُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ يُوسُفَ، حَدَّثَهُمْ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: جَمَعَ عُمَرُ رضى الله عنه النَّاسَ عَلَى أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَتَمِيمِ الدَّارِيِّ، فَكَانَا يَقُومَانِ فِي الرَّكْعَةِ بِالْمِئِينَ مِنَ الْقُرْآنِ، حَتَّى إِنَّ النَّاسَ لَيَعْتَمِدُونَ عَلَى الْعِصِيِّ مِنْ طُولِ الْقِيَامِ، وَيَتَنَوَّطُ أَحَدُهُمْ بِالْحَبَلِ الْمَرْبُوطِ بِالسَّقْفِ مِنْ طُولِ الْقِيَامِ، وَكُنَّا نَخْرُجُ إِذَا فَرَغْنَا وَنَحْنُ نَنْظُرُ إِلَى بُزُوغِ الْفَجْرِ.

(Taareekh al-Madina li-Ibne Shubbah: V2 P716)

Ye ikhtisaar Ibne Wahb ki taraf se hai, kyounke mausoof ne is sanad mein mazkoor apne teeno asaatiza (Imam Malik, Usama bin Zaid, Abdullah bin Umar) se ek (1) hi siyaaq mein riwayat naql ki aur riwayat ke sirf usi mazmoon ko pesh kiya jise unke tamam asaatiza ne muttafaqa

taur par bayan kiya hai, kyounke yahan unke asaatiza mein Abdullah bin Umar bin Hafs al-Umri bhi hain aur unse taadaad waali riwayat manqool nahi. Lihaaza zaahir hai ke wo taadaad bayan karte to is riwayat ko apne tamaam asaatiza se ek (1) hi siyaaq mein naql na kar sakte. Lihaaza unho'n ne riwayat ke sirf usi mazmoon ko naql kiya hai jiske bayan mein unke tamaam asaatiza muttafiq hain aur muttafaqa mazmoon bayan karne ke liye ikhtisaar to kiya ja sakta hai, lekin izaafa nahi kiya ja sakta. Is liye Ibne Wahb ne yahan apne tamaam asaatiza ki riwayaat se wo hissa naql kiya hai jise sab ne muttafaqa taur par bayan kiya hai.

Yaad rahe ke agar koi raawi mukhtalif asaatiza aur mukhtalif asaneed ke saath ek (1) hi riwayat bayan kare aur uske tamaam asaatiza us riwayat par muttafiq na ho'n to ye cheez raawi par jarh ka sabab ban jaati hai, jaisa ke Muhamamd bin Umar al-Waaqidi ka maamla hai. Us par jin asbaab ki bina par jarh hui hai, un mein se ek (1) ye bhi hai ke wo mukthalif asaneed se ek (1) hi mazmoon ki riwayat naql karte the, halaanke us mazmoon par tamaam logo'n ka ittifaaq nahi hota tha.

Chunache Imam Ahmad رحمہ اللہ ne Muhammad bin Waaqidi par jarh karte hue kaha hai:

ليس أنكر عليه شيئا، إلا جمعه الأسانيد، ومجيئه بمتن واحد على سياقة واحدة عن جماعة ربما اختلفوا.

"*Us par jo cheez qaabil-e-nakeer hai wo yehi hai ke ye mukhtalif asaneed ko ek (1) hi matn aur ek (1) hi siyaaq se ek (1) jamat se riwayat karte hain jabke baaz ke alfaaz mukthalif bhi ho sakte hain*". (Taareekh Baghdad lil-Khatib Baghdadi: V4 P24 [Shawaahid ki saath iski sanad hasan ke darje ko pohonchti hai])

Lihaaza mohaddiseen jab mukhtalif turq se koi ek (1) riwayat pesh karte hain to riwayat ka sirf wo hissa pesh karte hain jo saare turq se manqool ho, ya kabhi kami-beshi ke saath bhi naql kar dete hain aur saath mein wazaahat bhi kar dete hain ke kiske tareeq mein kya farq hai, ba-soorat-e-deegar ye tarz-e-amal un par jarh ka moojib[1] hoga.

Al-gharz Ibne Wahb ne ek (1) hi mazmoon apne mutaaddid asaatiza se naql kiya haia ur ikhtisaar ki gharz se sirf wo mazmoon naql kiya hai jis par sab ka ittifaaq tha. Muttafaqa mazmoon bayan karne ke liye

[1] T (مُوجِب) Sabab, wajah, baais [RKT]

ikhtisaar to kiya ja sakta hai, lekin izaafa nahi kiya ja sakta, is liye jis baat ko bayan karne mein sab muttafiq na the, uska tazkira Ibne Wahb ne chod diya hai.

Ahle baet raha masla ye ke un teeno asaatiza mein kis-kis ne nahi? To arz hai ke is sanad mein mazkoor unke asaatiza mein siwaae Abdullah bin Umar bin Hafs al-Umri ke baqiya dono asaatiza se taadaad manqool hai, jise khud Ibne Wahb hi ne doosre muqamaat par bayan kiya hai.

Chunache Ibne Wahb ne apne ustaz Imam Maalik se taadaad ka bayan Imam Tahawi ki riwayat mein naql kiya hai. (Sharah Maani al-Aasaar: V1 P293 H1740 [Sanad Sahih]) Neez, Abu Bakr Nisapuri ki riwayat mein bhi naql kiya hai. (Fawaaid Abi Bakr an-Nisaburi: ق136/أ [Sanad Sahih]) Isi tarah Ibne Wahb ne apne ustaaz Usama bin Zaid se taadaad ka bayan Imam Abu Bakr Nisapuri ki riwyat mein naql kiya hai. (Fawaaid Abi Bakr an-Nisaburi: ق135/أ [Sanad Sahih])

Ab baaqi bache unke ustaaz Abdullah bin Umar bin Hafs al-Umri to ye mausoof hi hain jinho'n ne apni riwayat mein taadaad bayan nahi ki aur ye hazrat jamhoor mohaddiseen ke nazdeek zaeef hain. Unke baare mein baaz ahle fan ke aqwaal mulaahaza ho'n:

Imam Yahya bin Saeed رحمہ اللہ (d 198h) farmate hain: 'ضعيف' "*Ye zaeef hai*". (Az-Zuafa al-Kabeer lil-Uqaili: V2 P280 [Sanad Sahih])

Imam Ibne Maeen رحمہ اللہ (d 233h) farmate hain: 'ضعيف' "*Ye zaeef hai*". (Ilal wa Maarifa ar-Rijaal li-Ahmad: V2 P605 [sanad Sahih])

Imam Ahmad bin Hambal رحمہ اللہ (d 240h) farmate hain: 'هُوَ يَزِيْدُ فِيْ الْاَسَانِيْدِ' "*Ye sanado'n mein izaafa kar deta hai*". (Az-Zuafa al-Kabeer lil-Uqaili: V2 P280 [Sanad Sahih])

Imam Ibne Hibban رحمہ اللہ (d 354h) farmate hain: 'فَلَمَّا فحش خَطؤُهُ اسْتحق التّرْك' "*Jab uski ghalatiyaa'n fahash ho gaee'n to ye tark ka mustahiq ho gaya*". (Al-Majruheen li-Ibne Hibban: V2 P7)

Imam Haakim رحمہ اللہ (d 405h) farmate hain: 'لم يذكر إلا بسوء الحفظ فقط' "*Ye sirf bure haafize ke saath mazkoor hain*". (Al Mustadrak lil-Haakim: V3 P645)

❁ Imam Bayhaqi ﷺ (d 458h) farmate hain: ‘اَلْعُمَرِیُّ غَیْرُ مُحْتَجٍّ بِهٖ’ “*Umri na-qaabil-e-ehtijaaj hai*”. (Maarifa as-Sunan wal-Aasaar lil Bayhaqi: V9 P253)

❁ Imam Ibn al-Qeesaraani ﷺ (d 507h) farmate hain: ‘ضعیف’ “*Ye zaeef hai*”. (Maarifa at-Tazkeer li-Ibne al-Qeesraani: P199)

❁ Haafiz Ibne Hajar ﷺ (d 852h) farmate hain: ‘ضعیف عابد’ “*Ye zaeef hai aur ibaadat-guzaar tha*”. (Taqreeb-ut-Tehzeeb: V1 P229)

Mausoof ke baare mein mazeed jarh ke liye aam kutub-e-rijaal mulaahaza ho.

Maaloom hua ke adm-e-zikr waali riwayat Abdullah bin Aumar bin Hafs al-Umri se marwi hai aur ye zaeef hain, lihaaza taadaad ke zikr se khaali ye riwayat hi zaeef hai.

Suwam: Agar adm-e-zikr ki riwayaat ko bhi maqbool maan liya jaae to bhi zikr waali riwayaat raajeh qaraar paaengi, kyounke wo ziyaada mazboot aur mutaaddid logo’n se manqool hain aur jab tarjeeh ki soorat mumkin hai to iztiraab ka daawa mardood hai. Chunache darj-e-zel hazraat ke baare mein kaha jaata hai ke unho’n ne taadaad bayan nahi ki:

❁ Imam Malik. ❁ Usaama bin Zaid al-Laithi. ❁ Abdullah bin Umar al-Umri. ❁ Abu Zakeer.

Arz hai:

❁ Jahan tak Imam Malik ﷺ ka maamla hai to Imam Malik ke tamaam shagirdo’n ne Imam Malik se taadaad naql ki hai, hatta ke mazkoora sanad mein unke shaagird Ibne Wahb ne bhi Imam Malik se ye taadaad naql ki hai. ‘كما مضى وسيأتي’[1] Lihaaza Ibne Wahb ki wohi riwayat raajeh qaraar paaegi jis par Imam Malik ke tamaam shaagird muttafiq hain.

❁ Jahan tak Usama bin Zaid al-Laithi ka maamla hai to Ibne Wahb ne

[1] T: (كما مضى وسيأتي) Jaisa ke guzar chuka hai, waesa hi aaega, ye aam taur par kisi cheez/baat ke tasalsul ya musalsal hone ki taraf ishaara karti hai [RSB]

apne us ustaaz se bhi taadaad naql ki hai, jaisa ke Rabee bin Sulaiman ne unse riwayat kiya hai aur ye riwayat Muhammad bin Yusuf ke deegar tamaam shagirdo'n ke muwaafiq hai, lihaaza yehi raajeh hai, neez uski sanad bhi aala aur mazboot hai. و سيأتي

Rahi Abdullah bin Umar al-Umri ki riwayat ki baat to ye mutakallim-feeh[1] haina ur jamhoor mohaddiseen ke nazdeek zaeef hain, aur rahi Abu Zakeer ki riwayaat to ye majhool hain, lihaaza un dono ki riwayaat bhi marjooh qaraar paaengi.

Mazeed ye ke darj-e-zel chaar (4) logo'n ne bhi Muhammad bin Yusuf se mazkoora riwayat taadaad ke saath naql ki hai aur unke shagirdo'n mein sire se koi ikhtilaaf hai hi nahi:

- Ismail bin Umaiyya bin Amr bin Saeed al-Qurashi (d 144h).
- Ismail bin Jaafar bin Abi Kaseer al-Ansaari (d 180h).
- Abdul Aziz bin Muhammad bin Obaid ad-Daraawardi (d 186h).
- Imam Yahya bin Saeed (d 198h).

In sab ki riwayate'n aage Imam Maalik ki mutaaba-at ke tahat aarahi hain. Is poori tafseel se maaloom hua ke sirf aur sirf Ibn Wahb ne taadaad bayan nahi ki hai aur wo bhi sirf ek (1) dafa aur ikhtisaar ki gharz se, lihaaza mahez unki mukhtasar riwayat mein taadaad ka zikr na hona koi asar nahi rakhta.

Note: Muhammad bin Yusuf se Dawood bin Qais ki ek (1) riwayat mein bhi taadaad ka zikr nahi, liken ye had-darja mukhtasar hai. Is mein sire se namaz yaane taraweeh padhne ka hi zikr nahi, is liye taadaad zikr hone ka sawaal hi paida nahi hota. Ye riwayat aage aarahi hai. Aur ye guzar chuka hai ke Muhammad bin Yusuf ke chaar (4) chagirdo'n ne muttafaqa taur par gyaara (11) ki taadaad naql ki hai aur ye saari riwayaat ba-sanad-e-sahih saabit hain jaisa kea age sab ka mufassal bayan aaraha hai.

[1] T: (مُتَكَلَّم فيه) jis par baat-cheet ki gai ho, jiske baare mein guftagu ki gai ho [RKT]

Matn Par Teesra Eteraaz: Alfaaz Mein Ikhtilaaf:

Ye riwayat bil-maane hai, use iztiraab qaraar dena be-basi ke alaawa kuch nahi. Agar mafhoom ki yaksaaniyat ke bawujood alfaaz ke ikhtilaaf ko iztiraab qaraar diya jaae to us soorat mein to shayad hi koi hadees iztiraab ki zad se bach sake, balke hadees to dar-kinaar qurani aayaat mein bhi iztiraab nazar aaega. Misaal ke taur par Quran mein Aadam (a) aur iblees ka waaqia mutaaddid muqamaat par bayan hua hai, lekin har jagah alfaaz yaksaa'n nahi hain.

Eteraaz Ki Doosri Qism: Ruwaat Par Eteraaz

Ruwaat Par Pehla Eteraaz:

Kaha jaata hai ke Muhammad bin Yusuf se rakat-e-taraweeh ki taadaad ki riwayat mein ghalati hui, kyounke Muhammad bin Yusuf hi ke ustaaz se Haaris bin Abdur Rahman bin Abi Zubaab aur Yazid bin Khusaifa ne bhi yehi riwayat bayan ki hai, lekin unho'n ne rakat ki taadaad gyaara (11) nahi batlaai.

Arz hai ke ye dono riwayaat saabit hi nahi hain, lihaaza unki buniyaad par Muhammad bin Yusuf ki taghleet be-maane hai. Zel mein ham un dono riwayaat ki haqiqat bayan karte hain.

Pehli Riwayat: Az Haaris bin Abdur Rahman bin Abi Zubaab

Imam Abdur Razzaq ﷺ (d 211h) farmate hain:

عَنِ الأَسْلَمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي ذُبَابٍ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: كُنَّا نَنْصَرِفُ مِنَ الْقِيَامِ عَلَى عَهْدِ عُمَرَ، وَقَدْ دَنَا فُرُوعُ الْفَجْرِ، وَكَانَ الْقِيَامُ عَلَى عَهْدِ عُمَرَ ثَلَاثَةٌ وَعِشْرِينَ رَكْعَةً.

"*Saaib bin Yazeed ﷺ kehte hain ke ham Umar Farooq ﷺ ke daur mein taraweeh se faarigh hote the to fajr ka waqt qareeb hota tha, aur Umar Farooq ﷺ ke daur mein 23 rakat padhi jaati thee'n*". (Musannaf Abdur Razzaq: V4 P261)

Ye riwayat mauzoo hai aur is mein kai illate'n hain:

Riwayat-e-Mazkoora Ki Illate'n:

Pehli Illat:

" الحارث بن عبدالرحمٰن بن عبد الله بن سعد بن أبي ذُباب ".

Mausoof agarche sadooq hain, lekin ye munkar riwayaat bayan karte hain:

Imam Abu Haatim ar-Raazi رحمہ اللہ (d 277h) farmate hain:

" يروي عنه الدراوردي أحاديث منكر وليس بذلك بالقوي ".

"*Darawardi usse munkar ahadees bayan karte hain aur ye siqa ruwaat ki tarah qawi nahi hain*". (Al-Jarh wa Taadeel li-Ibne Abi Haatim: V3 P79)

Faaeda: Allama Albani رحمہ اللہ ne Salaat-ut-Taraweeh: P52 par sirf isi ek (1) illat ki bina par is riwayat ko zaeef kaha hai, kyounke unhe'n is riwayat ki poori sanad na mil saki thi. Dar-asl Allama Albani رحمہ اللہ ne is riwayat ko Allama Aeni ki kitab Umdatul-Qaari se naql kiya tha aur Allama Aeni ne ise Allama Ibne Abdul Bar رحمہ اللہ se naql kiya hai, Umdatul-Qaari mein mukammal sanad manqool na thi, isl iye Allama Albani رحمہ اللہ poori sanad se aagaah na ho sake, lekin unho'n ne sanad ke baqiyya hisse ke baare mein bhi shak zaahir karte hue kaha:

على أننا لا ندري إذا كان السند بذلك إليه صحيحا فليس كتاب ابن عبد البر في متناول يدنا لنرجع إليه فننظر في سائر سنده إن كان ساقه.

"*Hame'n ye bhi nahi maaloom ke Haaris bin Abdur Rahman tak baqiya sanad sahih hai, kyounke Ibne Abdul Bar رحمہ اللہ ki kitab tak hamari rasaai nahi hai, ke ham uski taraf rujoo kare'n aur saari sanad dekh sake'n. Ba-sharte-ke Ibne Abdul Bar ne poori sanad zikr ki ho*". (Salaat at-Taraweeh lil-Albani: P52)

Lekin haqiqat ye hai ke Ibne Abdul Bar رحمہ اللہ ne bhi poori sanad zikr nahi ki, mulaahaza kare'n:

وروى الحارث بن عبد الرحمن بن أبي ذباب عن السائب ابن يزيد قال كنا ننصرف من القيام على عهد عمر.

(Al-Istizkaar li-Ibne Abdul Bar: V2 P69)

Arz hai ke hamare saamne iski poori sanad hai aur sanad ke jis hisse se

Allama Albani ؒ waaqif na ho sake the, us hisse mein to kazzaab raawi hai. Agar Allama Albani ؒ ko ye poori sanad mil gai hoti to mausoof is riwayat ko mauzoo kehte. Hamare saamne choonke is sanad ka baqiya hissa bhi maujood hai aur us mein kazzaab raawi hai is liye is riwayat ke mauzoo hone mein hame'n zara bhi shak nahi, is sanad mein jo kazzaab raawi hai uske baare mein tafseel agli sutoor mein mulaahaza kare'n.

<u>Doosri Illat</u>:

Ibrahim bin Muhammad bin Abi Yahya al-Aslami

Imam Yahya bin Saeed ؒ (d 198h) farmate hain: 'كنا نتهمه بالكذب' "*Ham use jhoot se muttaham[1] karte hain*". (Az-Zuafa lil Uqaili: V1 P63 [Sanad Sahih])

Imam Ibne Maeen ؒ (d 233h) farmate hain: ' ابراهيم بن أبي يحيى ليس بثقة، كذاب' "*Ibrahim bin Abi Yahya siqa nahi hai, bahut bada jhoota hai*". (Al-Jarh wa Taadeel li-Ibne Abi Haatim: V2 P126)

Imam Ali bin al-Madeeni ؒ (d 234h) farmate hain: ' إبراهيم بن أبي يحيى كذاب' "*Ibrahim bin Abi Yahya bahut bada jhoota hai*". (Sawalaat Ibne Abi Shaiba li-Ibn al-Madini: P124)

Imam Abu Haatim Raazi ؒ (d 2774h) farmate hain: 'كذاب متروك الحديث' "*Ye bahut bada jhoota aur matrook-ul-hadees hai*". (Al-Jarh wa Taadeel li-Ibne Abi Haatim: V2 P126)

Ye sirf wo saabit aqwaal hain jin mein ahle fan ne raawo-e-mazkoor ko kazzaab kaha hai, iske alaawa jo shadeed jarhe'n us par hui hain uske liye Tezeeb aura am kubut-e-rijaal ki taraf muraaja-at[2] ki jaae.

Khulaasa-e-kalaam ye ke ye riwayat 'Ibrahim bin Muhammad bin Abi Yahya al-Aslami' ki wajah se mauzoo-o-manghadat hai. Lihaaza us kazzaab ki riwayat ko buniyaad bana kar Bukhari-o-Muslim ke siqa raawi Muhammad bin Yusuf ki taghleet karna bahut bada zulm hai.

[1] T: (مُتَّهَم) Jis par tohmat lagaai jaae, jis par ilzaam lagaaya jaae [RKT]
[2] T: (مُراجَعَت) Kisi cheez ki taraf rujoo karna [RKT]

Al-Aslami Ke Taayyun Par Ishkaal Aur Uska Jawaab:

"Al-Ijma" ke mazmoon-nigaar saahab ne likha: "*Haaris bin Abdur Rahman bin Abi Zubaab ke shagirdo'n mein al-Aslami ke naam se do (2) raawi hain: ① Ibrahim bin Muhammad bin Abi Yahya al-Aslami (d 184h) ② Muhammad bin Faleeh al-Aslami (d 197h)*". (Al-Ijma: Shumaara 1: P55)

Arz hai:

Awwalan: Yahan is sanad mein jo 'Al-Aslami' hai, wo Imam Abdur Razzaq ka ustaaz bhi hai aur Imam Abdur Razzaq ke asaatiza mein sirf ek (1) hi 'Al-Aslami' ka zikr milta hai, jo 'Ibrahim bin Muhammad bin Abi Yahya al-Aslami' hi hai. (Tehzeeb-ul-Kamaal lil-Mizzi: V18 P52)

Isse maaloom hua ke yaha'n 'Al-Aslami' ke naam se Haaris bin Abdur Rahman bin Abi Zubaab ka jo shagird hai wo yehi kazzaab hi hai, na ke Muhammad bin Faleeh muraad hai.

Saniyan: Muhammad bin Faleeh ka 'Al-Aslami' ke naam se sanado'n mein aana maaroof nahi, jabke Ibrahim bin Muhammad bin Abi Yahya ba-kasrat 'Al-Aslami' ke naam se sanado'n mein aata hai, jaisa ke musannaf Abdur Razzaq ki kai riwayaat mein hai aur ek (1) riwayat mein to khud mazmoon-nigaar ne bhi tasleem kiya hai ke waha'n 'Al-Aslami' se muraad yehi kazzaab hai. (Al-Ijma: Shumaara 1: P56)

Salisan: Imam Abdur Razzaq ne apne ustaaz ko 'Al-Aslami' bata kar ek (1) riwayat bayan ki to Haafiz Ibne Hajar رحمہ اللہ ne kaha:

أخرجه عبد الرزاق عن الأسلمي عن عبد الله بن دينار، لكن الأسلمي، أضعف من موسى عند الجمهور.

"*Ise Abdur Razzaq ne 'Al-Aslami' ke tareeq se Abdullah bin Dinaar se riwayat kiya hai, lekin 'Al-Aslami' jamhoor ke nazdeek Musa se bhi ziyaada zaeef hai*". (At-Tamaiyyuz li-Ibne Hajar: V4 P1767 [T: Daktoor As-Saani])

Ek (1) aur muqaam par Haafiz Ibne Hajar رحمہ اللہ ne kaha hai:

قال عبد الرزاق في مصنفه: أخبرنا الأسلمي عن زيد بن أسلم وهذا ضعيف مع إرساله، والأسلمي هو إبراهيم بن محمد بن أبي يحيى.

"*Imam Abdur Razzaq ne apni kitab 'Musannaf' mein kaha hai: Ham se 'Al-Aslami' ne Zaid bin Aslam se bayan kiya … ye mursal hone ke saath*

zaeef bhi hai. 'Al-Aslami' ye 'Ibrahim bin Muhammad bin Abi Yahya'. hai". (At-Tamaiyyuz li-Ibne Hajar: V4 P1767 [T: Daktoor As-Saani])

Ek (1) aur muqam par Haafiz Ibne Hajar رحمہ اللہ farmate hain:

وروى عبد الرزاق عن الأسلمي هو إبراهيم بن أبي يحيى عن هشام بن عروة .... إبراهيم ضعيف.

"*Abdur Razzaq ne 'Al-Aslami' se riwayat kiya. Ye 'Ibrahim bin Abi Yahya' hai, aur usne Hisham bin Urwah se … Ibhraim zaeef hai*". (Fath-ul-Baari: V3 P459)

Maaloom hua ke Abdur Razzaq ke ustaz ki jagah jab bhi 'Al-Aslami' aate hain to usse muraad 'Ibrahim bin Muhammad bin Abi Yahya al-Aslami' kazzaab hi hota hai, jaisa ke Haafiz Ibne Hajar رحمہ اللہ ki tasrihaat se maaloom hota hai.

Raabian: Ba-farz-e-muhaal tasleem bhi kar le'n ke Imam Abdur Razzaq ke asaatiza mein do (2) salami hain to bhi yaha'n taayyun kazzaab salami hi ka hoga jaisa ke mazkoora-baala dalaael shaahid hain.

Doosri Riwayat az Yazeed bin Khusaifa:

Alaa bin al-Jaa'd bin Obaid al-Baghdadi (d 230h) farmate hain:

أَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: كَانُوا يَقُومُونَ عَلَى عَهْدِ عُمَرَ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ بِعِشْرِينَ رَكْعَةً، وَإِنْ كَانُوا لَيَقْرَءُونَ بِالْمِينَ مِنَ الْقُرْآنِ.

"*Saaib bin Yazeed رضی اللہ عنہ kehte hain ke log Umar Farooq رضی اللہ عنہ ke daur mein ramzan mein bees (20) rakat padhte the aur ek-ek (1-1) rakat mein sau-sau (100-100) aayaat padhte the*". (Musnad Ibn al-Jaad: P413; Yazeed bin Haroon ke tareeq se Al-Faryaabi ne apni kitaab As-Siyaam: P131)

Haafiz Zubair Ali Zai Saahab likhte hain: "*Is riwayat ka ek (1) raawi Ali bin al-Jaa'd tashaiyyo ke saath majrooh hai. Ye Syedna Muawiya waghaera sahaba ki tanqees karta tha, (dekhe'n: Tehzeeb-ut-Tehzeeb waghaera) Iski riwayaat Sahih Bukhari mein mutaaba-at mein hain aur jamhoor mohaddiseen ne iski tauseeq ki hai, lekin aese mukhtalif-feeh raawi ki shaaz riwayat Muwatta Imam Maalik ki sahih riwayaat ke khilaaf kyounkar pesh ki ja sakti hai?*" (Qiyaam-e-Ramzan: P31; doosra edition: P77)

Arz hai ke is riwayat mein Ali bin al-Jaa'd ka koi qusoor nahi hai, kyounke

is riwayat ke naql karne mein wo munfarid nahi, balke teen (3) siqa ruwaat ne uski mutaaba-at ki hai:

① Yazeed bin Haroon (siqa) ne. (As-Siyaam lil-Faryaabi: P131) ② Muhammad bin Yusuf (siqa) ne. (Fawaaid Abi Bakr an-Nisaburi: ق153/ب) ③ Ismail bin Umaiyya (siqa) ne. (Fawaaid Abi Bakr an-Nisaburi: ق153/ب)

Lihaaza Ali bin al-Jaa'd ko moorid-e-ilzaam[1] theherna durust nahi hai, albatta ye riwayat doosri wujuhaat ki bina par shaaz hai, jiski tafseel kuch you'n hai:

Shuzooz Ki Pehli Wajah:

Sanad mein maujood Yazeed bin Khusaifa, rakat ki taadaad sahih taur se zabt nahi kar sake jiska eteraaf khud unho'n ne kiya hai aur poori saraahat ke saath batla diya hai ke unhe'n taadaad biz-zabt yaad nahi hai. Kyounke unhe'n aisa lagta tha ke Muhammad bin Saaib ne ikkees (21) ki taadaad bataai hogi. Chunache Imam Abu Bakr Nisapuri رحمہ اللہ (d 324h) farmate hain:

حدثنا يوسف بن سعيد، ثنا حجاج، عن ابن جريج، حدثني إسماعيل بن أمية، أنّ محمد بن يوسف ابن أخت السائب بن يزيد أخبره، أنّ السّائب بن يزيد أخبره قال: جمع عمر بن الخطاب الناس على أبي بن كعب وتميم الداري، فكانا يقومان بمائة في ركعة، فما تنصرف حتى نرى أو نشك في فروع الفجر، قال: فكنا نقوم بأحد عشر قلت أو واحد وعشرين؟ قال: لقد سمع ذلك من السائب ابن يزيد ابنُ خصيفة - فسألتُ يزيد بن خصيفة، فقال: حسبتُ أنّ السائب قال أحد وعشرين قال محمد: أو قلت لإحدى وعشرين؟

"Saaib bin Yazeed رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke Umar bin Khattab رضی اللہ عنہ ne logo'n ko Ubai bin Kaab aur Tameem-daari رضی اللہ عنہم ke saath taraweeh padhne ke liye jama kar diya, to ye dono ek (1) rakat mein sau (100) aayaat padhate the, phir jab ham namaz se faarigh hote the to ham ko lagta ke fajr tuloo ho chuki hai. Saaib bin Yazeed رضی اللہ عنہ kehte hain ke ham gyaara (11) rakat padhte the. Is riwayat ke raawi Ismail bin Umaiyya ne jab Muhammad bin Yusuf se ye suna to poocha: Ya ikkees (21) rakat? Muhammad bin Yusuf ne kaha: Is tarah ki baat Yazeed bin Khusaifa ne hi Saaib bin Yazeed رضی اللہ عنہ se suni hai. Ismail bin Umaiyya kehte hain ke phir maine

[1] T: (مَورِدِ اِلزام) Jis par koi ilzaam lagaya gaya ho, jise mulzim qaraar diya gaya ho [RKT]

Yazeed bin Khusaifa se is baare mein sawaal kiya to unho'n ne kaha: Mujhe lagta hai ke Saaib bin Yazeed ﷺ ne ikkees (21) kaha tha. Muhammad bin Yusuf ne kaha: Kya maine ikkees (21) rakat kaha?". (Fawaaid Abi Bakr an-Nisaburi: ق153/ب)

Ye kitaab abhi tak makhtoot hai, is liye mutaalliqa safha se uska aks safha (400) mein mulaahaza ho.

Is riwayat mein ghaur keejiye ke Muhammad bin Yusuf se unke shagird Ismail bin Umaiyya ne jab gyaara (11) ki taadaad suni to poocha ke '*Ya ikkees (21) rakat?*'

Ye istifsaar karne par bhi Muhammad bin Yusuf ne gyaara (11) hi ki taadaad bayan ki aur kaha ikkees (21) waali baat to Ibne Khusaifa bayan karte hain, goya Muhammad bin Yusuf ko apne hifz-o-zabt par mukammal etemaad tha, isi liye unho'n (ne)[1] gyaara (11) hi ki taadaad aage riwayat ki, jisse maaloom hua ke Muhammad bin Yusuf ne poore wusooq se gyaara (11) ki taadaad bayan ki hai.

Uske bar-aks Yazeed bin Khusaifa ka haal ye hai ke unse jab taadaad ke baare mein poocha gaya to unho'n ne taraddud zaahir kiya aur you'n kaha ke mujhe lagta hai ke Saaib bin Yazeed ne ikkees (21) ki taadaad batlaai thi, neez unhe'n ye bhi nahi maaloom tha ke unke doosre saathi kya taadaad bayan karte hain, lihaaza unki bayan-karda taadaad mashkook hai aur Muhammad bin Yusuf ki bayankarda taadaad ke khilaaf hone ki wajah se mardood hai.

Ismail bin Umaiyya Ne Apne Ustaaz Muhammad bin Yusuf Se Sawaal Kyou'n Kiya?

Yaha'n ek (1) baat ghaur-talab ye hai ke Ismail bin Umaiyya ke Ustaaz Muhammad bin Yusuf ne jab unke saamne gyaara (11) ki taadaad bayan ki to unho'n ne apne ustaaz se dobaara kyou'n poocha ke '*ya ikkees (21) rakaat?*'

Daktoor Baqqali Saahab ne kaha hai:

[1] T: Urdu pdf mein unho'n 'انہوں' aur gyaara (11) 'گیارہ' ke beech mein ne 'نے' type nahi hua tha. Ye mera izaafa hai [RSB]

فهذا النص يشعر بأن محمد بن يوسف لم يكن بذاك أمية الضابط المتقن للعدد؛ ولذلك جعل إسماعيل بن يراجعه ويستوثقه بقوله: أو واحد وعشرين؟ وكأنه سمع ذلك من غيره.

"*Yaane us nas se pataa chalta hai ke Muhammad bin Yusuf ki taadaad sahih tarah yaad na thi, usi liye unke shagird Ibne Umaiyya ne unse mazeed tasalli ke liye ye kehte hue sawaal kiya: Ya ikkees (21) rakat? Goya Ismail bin Umaiyya ne ikkees (21) ki taadaad Muhammad bin Yusuf ke alaawa kisi aur se sun rakhi thi*". (Fasl al-Khitaab Fee Bayaan Adad Rakat Salaat at-Taraweeh Fee Zimn Umar bin al-Khattab al-Manshoor Ali ash-Shabkah)

Arz hai ke Ismail bin Umaiyya ke sawaal karne se ye qatan saabit nahi hota ke Muhammad bin Yusuf ko taadaad yaad na thi, kyounke Ismail bin Umaiyya ke sawaal ke baad bhi Muhammad bin Yusuf ne gyaara (11) hi ki taadaad batlaai.

Asal baat ye hai ke Ismail bin Umaiyya ke unhe'n Ustaaz Muhammad bin Yusuf hi ke hawaale se kuch log ye bhi bayan karte-phirte the ke unho'n ne ikkees (21) ki taadaad riwayat ki hai, jaisa ke Musannaf Abdur Razzaq mein hai:

عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ، وَغَيْرِهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ عُمَرَ جَمَعَ النَّاسَ فِي رَمَضَانَ عَلَى أُبَيِّ بنِ كَعْبٍ، وَعَلَى تَمِيمٍ الدَّارِيِّ عَلَى إِحْدَى وَعِشْرِينَ رَكْعَةً يَقْرَءُونَ بِالْمِئِينَ وَيَنْصَرِفُونَ عِنْدَ فُرُوعِ الْفَجْرِ.

"*Dawood bin Qais waghaera ne Muhammad bin Yusuf se naql kiya, unho'n ne Saaib bin Yazeed ﷺ se riwayat kiya ke unho'n ne kaha: Umar bin Khattab ﷺ ne ramzan mein logo'n ko Ubai bin Kaab aur Tamimdaari ﷺ ke saath ikkees (21) rakat taraweeh padhne ke liye jama kar diya, ye sau-sau (100-100) aayaat padhte the aur fajr ke qareeb hi namaz se faarigh hote the*". (Musannaf Abdur Razzaq: V4 P260, ye riwayat zaeef hai iski tafseel aage aarahi hai)

Is riwayat mein dekhe'n ke Ismail bin Umaiyya ke Ustaaz Muhammad bin Yusuf hi ke hawaale se kisi ne ikkees (21) ki taadaad naql ki hai, yaqinan ye baat Ismail bin Umaiyya tak bhi pohonchi hogi aur unho'n ne ye sun rakha hoga ke baaz ke baqaul Muhammad bin Yusuf ne ikkees (21) ki taadaad bayan ki hai, lekin jab unho'n ne apni Ustaaz Muhammad bin Yusuf se ba-raah-e-raast ye riwayat suni to Muhammad bin Yusuf ne ikkees (21) ki taadaad nahi batlaai, jaisa ke logo'n ne unke hawaale se

bayan kar rakha tha, balke gyaara (11) ki taadaad batlaai. Zaahir hai ke unke shagird ko hairaani hui hogi, kyounke unho'n ne apne usi ustaaz ke hawaale se ikkees (21) ki taadaad suni thi. Lihaaza unho'n ne fauran sawaal utha diya ke '*Ya ikkees (21) rakat?*' us par unke ustaaz ne batlaya ke gyaara (11) hi rakat hai aur ikkees (21) waali taadaad to doosre saahab Yazeed bin Khusaifa bayan karte hain.

Is wazaahat se ye bhi maaloom hua ke jis riwayat mein Muhammad bin Yusuf ke hawaale se ikkees (21) ki taadaad bayan ki gai hai, wo mardood hai, kyounke Muhammad bin Yusuf ne usse baraa-at zaahir kardi hai.

Tambeeh-e-Baleegh: Yaad rahe ke 'Fawaaid Abi Bakr' lin-Nisapuri abhi tak ghair-matboo hai, lekin kisi saahab ne uski typing karke Shamila format mein taiyyaar kiya hai aur ye shamila ki site par maujood hai, us shamila waale nuskhe mein mazkoor riwayat mein tehreef kardi gai hai aur wo ibaarat jisse Yazeed bin Khusaifa ke wahem ki daleel thi, use badal diya gaya hai.

Chunache Makhtoota mein asal ibaarat you'n hai:

فسألتُ يزيد بن خصيفة، فقال حسبتُ أن السائب قال: أحد وعشرين.

"*Ismail bin Umaiyya ne Yazeed bin Khusaifa se taadaad-e-rakat se mutaalliq poocha to Yazeed bin Khusaifa ne kaha: Mujhe lagta hai ke Saaib bin Yazeed ﷺ ne ikkees (21) kaha tha*". (Fawaaid Abi Bakr an-Nisaburi: ق135/ب)

Choonke is ibaarat se saaf zaahir ho raha tha ke Yazeed bin Khusaifa ko biz-zabt[1] taadaad yaad na thi aur taadaad ki baabat wo taraddud ke shikaar the, is liye kuch logo'n ne is ibaarat mein is tarah tehreef kardi ke yazeed bin Khusaifa ke izhaar-e-taraddud par parda pad jaae.

Chunache Shamila ke muhawwala nuskhe mein hai:

فسألت يزيد بن خصيفة، فقال: أحسنت، إن السائب قال: إحدى وعشرين.

"*Ismail bin Umaiya ne Yazeed bin Khusaifa se taadaad-e-rakat se mutaalliq poocha to Yazeed bin Khusaifa ne kaha: Tum theek keh rahe*

[1] T: (بالضبط) Bilkul durust, theek-theek, ye aam taur par kisi baat ki tasdeeq karne ke liye istemaal hota hai [RSB]

ho, Saaib bin Yazeed ﷺ *ne ikkees (21) kaha tha*". (Fawaaid Abi Bakr Abdullah bin Muhammad bin Ziyaad an-Nisaburi: P14 [tareqqm ash-Shaamila)

Ghaur farmae'n! Us tehreef se ibaarat kya se kya ban gai?! Yaane Yazeed bin Khusaifa ke taraddud[1] ko yaqeen se badal diya gaya. *Inna lillahi wa inna ilaehi raajioon*

Is Shamila waale nuskha ke naasikh ne makhtoota ke masdar[2] ka hawaala you'n diya hai:

مصدر :المخطوط مجاميع المدرسة العمرية، الموجودة في المكتبة الظاهرية، رقم المجموع (٣٧٥٥) عام (مجاميع: ١٨).

si makhtoota se mutaalliqa safha ka aks safha 400[3] par mulaahaz kare'n.

Makhtoota mein saaf padha ja raha hai ke 'حسبت' se qabl 'أ' maujood nahi hai, lihaaza use 'أحسنت' padhna kisi bhi soorat mein durust nahi. (Fawaaid Abi Bakr an-Nisaburi: ق135/ب)

Allama Albani رحمه الله ne bhi makhtoota hi se ye riwayat naql ki hai aur 'حسبت' hi naql kiya hai aur usi se Yazeed bin Khusaifa ke taraddud par istidlaal bhi kiya hai. (Salaat at-Taraweeh lil-Albani: P58)

Daktoor Kamaal Baqaali ne bhi use makhtoota hi se naql kiya hai aur 'حسبت' hi naql kiya hai. Is liye ke mausoof ka mazmoon: 'فصل الخطاب في بيان عدد ركعات صلاة التراويح في زمن عمر بن الخطاب' mulaahaza kare'n. Lihaaza qaaraeen se guzaarish hai ke shaamila ke nuskh se dhoka na khaae'n.

Yaad rah eke Daktoor Baqaali Saahab ne 'حسبت' ki taaweel ki hai, jo baatil hai aur kaha hai ke zaroori nahi hai ke ye shak ke liye istemaal kiya ho, balke mumkin hai ke ehtiyaat ke liye kaha ho aur deegar ruwaat ne to bil-jazm use riwayat kiya hai.

[1] T: (تَرَدُّد) Hichkichaahat, tazabzub, taammul, shak-o-shubha [RKT]
[2] T: (مَصْدَر) Saadir hone ya nikalne ki jagah, asal, buniyaad [RKT]
[3] T: Ye Urdu pdf ka page number hai [RSB]

Arz hai ke ye lafz Muhammad bin Yusuf ke biz-zabt bayan ke bil-muqaabil istemaal kiya gaya hai. Lihaaza siyaaq-o-sabaaq to saaf dalaalat karta hai ke mausoof ne izhaar-e-shak ke liye is lafz ka istemaal kiya hai, rahi deegar riwayaat jo jazm ke saath hain to us shak ke mukhaalif nahi, kyounke un riwayaat mein shak ka inkaar nahi hai.

Neez agar Ibne Khusaifa ne baaz dafa bil-jazm bayan kiya hai to Muhammad bin Yusuf ne to har dafa-bil-jazm bayan kiya hai, lihaaz us pehlu se bhi Muhammad bin Yusuf hi ki riwayaat raajeh qaraar paaengi.

Note: Baaz logo'n ne jab ye dekha ke is riwayat ne to saara pol khol diya aur Yazeed bin Khusaifa ki ghalati roz-e-raushan ki tarah ayaa'n ho gai to un logo'n ne is riwayat mein lafzi-o-maanawi tehreef karte hue ye dikhaane ki koshish ki hai ke Muhammad bin Yusuf hi ne ghalati hai[1] au runho'n ne apni us ghalati se rujob hi kar liya tha, is pur-tehreef[2] daawe ki tardeed ham aage poori tafseel se karenge. In sha Allah

Shuzooz Ki Doosri Wajah:

Ibne Khusaifa Ke Zof-e-Hifz Ki Pehli Daleel:

Hifz-o-zabt mein Yazeed bin Khusaifa, Muhammad bin Yusuf se bahut kamtar hain.

Ibne Khusaifa ke zof-e-hifz[3] ki pehli daleel: Muhammad bin Yusuf ke hifz par kisi ne bhi jarh nahi ki, jabke Yazeed bin Khusaifa ko siqa kehne ke saath-saath unke hifz par darj-e-zel naaqideen ki jarh bhi milti hai:

Pehle naaqid Imam Ahmad bin Hambal رحمہ اللہ (d 241h). Chunache Imam Mizzi رحمہ اللہ famrate hain:

وَقَال أبو عُبَيد الآجري، عَن أبي داود : قال أحمد: منكر الحديث.

---

[1] T: Urdu pdf mein yahan "*ghalati hai*" hi likha hai, jabke "*ghalati ki hai*" padha jaana chaahiye [RSB]

[2] T: (پر تحریف) Tabdeeli/tehreef karna, ye us waqt isemaal hota hai jab kisi matan, riwayat, ya haqiqat mein ghair-majaaz tabdeeli ki baat ki jaae [RSB]

[3] T: (ضعف حفظ) Yaad-daasht ki kamzori, mohaddiseen ke nuqta-e-nazar se iska matlab hai, raawi ki yaad-daasht ki kamzori hai, iska asar ye hota hai ke wo hadees ko duurst tariqe se yaad nahi rakh paate aur uski sahih taur par riwayat nahi kar sakte [RSB]

"*Imam Ahmad ne kaha: Yazeedb in Khusaifa munkar al-hadees hai*". (Tehzeeb-ul-Kamaal lil-Mizzi: V32 P173)

Baaz ahle ilm ka ye kehna hai ke Imam Ahmad ﷺ ne yahan munkar se munfarid hadees bayan karne waala muraad liya hai, lekin uske liye qarina[1] darkaar hai, jo yahan nahi milta. Yaad rahe ke Imam Ahmad bin Hambal ﷺ riwayat par tafarrud ke etebaar se munkar ka itlaaq karte the, na ke raawi par bolte the. (Al-Kamaal Fee Zuafa ar-Rijaal li-Ibne Adee: V5 P499 [Sanad Hasan])

Tambeeh: Kuch log kehte hain ke Daktoor Bashaar Awaad ne Imam Ahmad ﷺ ke us qaul ko ghair-saabit qaraar diya hai aur kaha:

هذا شيء لم يثبت عن أحمد، فيما أرى والله أعلم، فقد تقدم قول الأثرم عنه، وفي العلل لابنه عبد الله، أنه قال: ما أعلم إِلَّا خَيْرًا، وهو توثيق واضح.

"*Mere khayaal se Imam Ahmad se ye cheez saabit nahi hai.* (والله أعلم) *Kyounke pehle unse Imam Asram* (أثرم) *ki riwayat guzar chuki hai, neez Ilal mein hai ke aap (Imam Ahmad ﷺ) ne kaha: Main uske baare mein sirf khair hi jaanta hoo'n*". (Haashiya Tehzeeb al-Kamaal lil-Mizzi: V32 P173)

Arz hai:

Agar Bashaar Saahab ne is qaul ko ghair-saabit kaha hai to deegar ahle ilm ne un par radd bhi kiya hai. Masalan Allama Ishaq al-Huwaini farmate hain:

ولعل هذا الاختلاف من يزيد بن خصيفة، فهو وإن كان ثقة إلّا أن أحمد قال في رواية: منكر الحديث، وقد خولف فيه كما يأتي، وزعم المعلق على تهذيب الكمال (٣٢/١٧٣) أن هذا لم يثبت عن أحمد، ولم يبد حجة سوى قوله: فيما أرى وبأن أحمد قال: «لا أعلم إلا خيرا، وهذا القول لا يمنع أن يكون لأحمد فيه قول آخر، والله أعلم.

"*Shayad ye ikhtilaaf Yazeed bin Khusaifa ki taraf se hai, ye garche siqa the, magar Imam Ahmad ﷺ ne ek (1) riwayat ke mutaabiq kaha: Ye munkar al-hadees hai. Mutaalliqa riwayat mein Yazeed ki mukhalifat ki gai hai. Tehzeeb: V32 P173 ke haashiya-nigaar[2] ne jo ye kaha hei ke ye Imam Ahmad se saabit nahi hai to unho'n ne ye kehne ke alaawa uski*

[1] T: (قَرِينَه) Qiyaas, andaaza, baahami-taalluq [RKT]
[2] T: (حاشِيَه نِگار) Haashiya likhne waala [RKT]

koi daleel nahi pesh ki hai ke 'mere khayaal se'. Aur ye ke Imam ahmad ne kaha: 'Maine unke baare mein sirf khair jaanta hoo'n'. Lekin ye qaul is baat se maane[1] *nahi hai ke uske baare mein Imam Ahmad ka doosra qaul bhi ho.* والله أعلم". (Fazaail al-Quran li-Ibne Kaseer: P117 [haashiya])

Us qaul ko Imam Ahmad bin Hambal se Imam Abu Dawood ne riwayat kiya hai aur unse Abu Obaid ne, phir unhee'n ki kitaab se Imam Mizzi ne us qaul ko naql kiya, phir use ghair-saabit kehna kya maane rakhta hai?!

Imam Ahmad رحمۃ اللہ علیہ hi ki tarah Ibne Hibban رحمۃ اللہ علیہ ne bhi Yazeed bin Khusaifa ke hifz par kalaam kiya hai. Lihaaza bila-wajah Imam Ahmad ki taraf us qaul ki nisbat se inkaar karna durust nahi.

Shumara "Al Ijma" ke mazmoon-nigaar Imam Ahmad ke is qaul par eteraaz karte hue likhte hain: "*Sawalaat-e-Abu Obaid al-Aajiri mein ye qaul hai hi nahi, na matbooa mein aur na hi makhtoota mein*". (Majalla Al-Ijma: Shumaara: ! P26)

Arz hai:

Awwalan: Mazmoon-nigaar par kahan se ye wahee aai hai ke makhtoota mein bhi ye qaul maujood nahi hai, kya mazmoon-nigaar ne Sawalaat al-Aajiri ka mukammal makhtoota dekha hai? Ya aese hi hawaai qiyaas-aarai farmai hai? Guzaarish hai ke kam-az-kam 'Al Ijma' naami majalla mein is tarah ki qiyaas-aaraaiyo'n ka muzaahara na kiya kare'n.

Qaraeen ki ittila ke liye ham arz kar de'n ke hamari maalumaat ki hadd tak Sawalaat al-Aajiri ka koi bhi aisa makhtoota ahle baet tak manzar-e-aam par nahi aaya hai jo mukammal ho. Lihaaza ye kehna ke makhtoota mein bhi ye qaul nahi hai, rajmam-bil-ghaib[2] ke siwa kuch nahi.

Saniyan: Ye qaul ham ne Imam Mizzi رحمۃ اللہ علیہ ki kitab "Tehzeeb-ul-Kamaal" se naql kiya hai aur Imam Mizzi رحمۃ اللہ علیہ ne us kitab mein ye qaul Abu Obaid al-Aajiri ki kitab se naql kiya hai, lihaaza us par eteraaz ki koi gunjaaish hi nahi hai. Agar Sawalaat al-Aajiri ka wo hissa mafqood hai jis mein ye qaul tha to usse koi farq nahi padta. Kyounke Imam Mizzi ne usi hisse se us

[1] T: (مانع) Manaa karne waala, rokne waala, rukaawat daalne waala [RKT]
[2] T: (رجمم بل الغيب) Andaaze se baat karna, baghair ilm ke koi baat karna [RSB]

qaul ko apni kitab mein naql kar rakha hai. Raha mazmoon-nigaar ka ye ilzaam ke ham ne Al-Jarh wa Taadeel mein manqool ek (1) qaul ko durust kyoun nahi jaana? To uski wazaahat apne muqaam par aarahi hai.

Mazmoon-nigaar ne aage ye bahes ki hai ke baaz aimma tafarrud par nakaarat ka itlaaq karte hain. Hame is baat se bilkul inkaar nahi, yaqinan baaz aimma kabhi riwayaat ke liye aur kabhi ruwaat ke liye tafarrud ke maane mein ye lafz istemaal karte hain, lekin uska ye matlab nahi ke aimma-e-jarh ke maane mein us lafz ka istemaal bilkul nahi karte, is liye aise kisi qaul mein tafarrud ke maane khaas karne ke liye dalaael ya qaraain darkaar hain.

Jahan tak Imam Ahmad ﷺ ki baat hai to unke taalluq se ye to musallam hai ke wo raawi ki munfarid hadees par bhi munkar ka lafz istemaal karte hain, lekin ye kehna ke jab wo kisi raawi ke liye munkar al-hadees ka lafz istemaal kare'n to uska bhi hamesha yehi matlab hota hai, ye baat mahel-e-nazar hai.

Iski wajah ye hai ke Imam Ahmad ﷺ ne 'عبد الرحمان بن أبي الموال' (Abdur Rahman bin Abi al-Mawaal) ki istikhaara waali hadees ko 'منكر' (munkar) kaha, lekin Abdur Rahman bin Abi al-Mawaal ko munkar nahi kaha, balke saath hi unhe'n 'لا بأس به'[1] kaha hai. (Al-Kaamil li-Ibne Adee: V5 P499 [Sanad Hasan], T: Adil-o-Ali)

Isse maaloom hota hai ke Imam Ahmad ﷺ raawi ki munfarid riwayat par to munkar ka itlaaq karte hain, lekin raawi par uska itlaaq nahi karte. Is liye khaas Imam Ahmad ﷺ jab kisi riwayat ke bajaae kisi raawi ko munkar al-hadees kahe'n to use tafarrud ke maane mein lene ki koi wajah nahi hai. Illa ye ke uski koi sareeh daleel bhi mil jaae.

Mazmoon-nigaar ne is zimn mein ahle ilm ki jo ibaaraat naql ki hain, un mein bhi yehi baat hai ke Imam Ahmad ne kisi riwayat hi ko munkar kaha hai, yaane riwayaat ka tafarrud muraad liya hai, albatta sirf Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne use raawi se mutaalliq bhi mahmool kiya hai. Balke zer-e-

[1] T: (لا بأس به) Hadees ka raawi (naql karne waala) qaabil-e-etebaar hai, us mein koi harj nahi [RSB]

bahes raawi se mutaalliq hi unki baat hai. Likhte hain:

وروى أبو عبيد الآجري عن أبي داود عن أحمد أنه قال: منكر الحديث. قلت هذه اللفظة يطلقها أحمد على من يغرب على أقرانه بالحديث عرف ذلك بالاستقراء من حاله.

"*Abu Obaid al-Aajiri ne Abu Dawood ke waaste se Imam Ahmad se naql kiya ke unho'n ne kaha: (Yazeed bin Khusaifa) munkar al-hadees hai. Main (Ibne Hajar) Kehta hoo'n: Ye lafz Imam Ahmad* ؒ *us raawi par itlaaq karte hain jo apne saathiyo'n ke beech munfarid hadees riwayat karta hai. Ye baat Imam Ahmad ki haalat ke istiqra*[1] *ke baad pata chali hai*". (Muqaddama Fath-ul-Baari: P453)

Yahan sabse pehle ye waazeh kardu'n ke mamzoon-nigaar ne Ibne Hajar ؒ ki is ibaarat ke aakhri hisse 'عرف ذلك بالاستقراء من حاله' ka tarjuma you'n kiya hai: '*Ye cheez uski tamaam riwayato'n ko dekhne se maaloom hoti hai*'. (Al-Ijma: Shumaara: 1 P30)

Yahan ye jumla Imam Ahmad se mutaalliq hai, lekin mazmoon-nigaar ne use raawi ki riwayaat se mila diya. Ye hai arbi ibaarat-fehmi[2] se mutaalliq mazmoon-nigaar ki haalat!

Ab aisa malka[3] rakhne waale hazraat agar rakat-e-taraweeh se mutaalliq Muhammad bin Ysuuf ki riwayat mein din ko raat bana daale'n to ye koi taajjub ki baat nahi hai.

Behrehaal yahan arz ye karna hai ke Ibne Hajar ؒ ne Imam Ahmad ke hawaale se raawi par bhi jo munkar ke itlaaq ki baat kahi hai, to unho'n ne riwayat waale maamle par use qiyaas hi kiya hai, kyounke khud Ibne Hajar ؒ ne tasreeh ki hai ke Imam Ahmad ؒ munfarid riwayat par munkar ka itlaaq karte hain, jaise khud mazmoon-nigaar ne bhi naql kiya hai.

Chunache ek (1) raawi ki ahadees ko Imam Ahmad ne munkar kaha to Ibne Hajar ؒ ne kaha:

---

[1] T: (اِسْتِقْرا) Justaju, talaash, search, quest [RKT]

[2] T: (عِبارَت فهمی) Samajh ki baat ya samajhne waala jumla, ye us waqt istemaal hota hai jab koi bayan ya jumla kisi cheez ki wazaahat karta hai [RSB]

[3] T: Mahaarat, Hunar, Faham [FL]

المنكر أطلقه أحمد بن حنبل وجماعة على الحديث الفرد الذي لا متابع له فيحمل هذا على ذلك.

"*Munkar ka itlaaq Imam Ahmad aur mohaddiseen ki ek (1) jamaat ne aisi munfarid hadees par kiya hai jiski koi mutaaba-at na mile, lihaaza Imam Ahmad ki us baat ko usi par mahmool kiya jaaega*". (Muqaddama Fath-ul-Baari: P437; Majalla Al-Ijma: Shumaara: 1 P30)

Arz hai ke asal muaamala yehi hai ke Imam Ahmad رحمہ اللہ raawi par nahi, balke riwayat par munkar ka itlaaq karte hain. Ibne Hajar رحمہ اللہ ne usi par raawi se mutaalliq Imam Ahmad ki taraf se munkar ki jarh ko bhi qiyaas kar liya hai aur us qiyaas ki gunjaaish bhi hoti agar Imam Ahmad رحمہ اللہ ki taraf se saraahatan ye suboot na milta ke unho'n ne riwayat par munkar ke itlaaq ke saath hi uske raawi ko siqa bhi kaha hai. كما مضٰى

Mazmoon-nigaar ne ek (1) muqaam par na-cheez se taakeed ke saath jawaab ka mutaalaba karte hue likha hai: "*Aap ke firqa ke mohaqqiq Shahid Mehmood Saahab likhte hain ke balke Imam Ahmad to Muhammad bin Ibrahim at-Tamimi ke baare mein farmate hain ke unho'n ne munkar hadees naql ki hai aur ye (Muhammad bin Ibrahim) Bukhari-o-Muslim ke aur hadees* 'إنما الأعمال بالنيات' *ke bunyaadi raawi hain (Dawaam-e-Hadees: P554). Jab Kifayat Saahab ke nazdeek Imam Ahmad sirf riwayat par tafarrud ke etebaar se munkar ka itlaaq karte hain, to sawaal ye hai ke kya Kifayat Saahab aap ke nazdeek ye riwayat munkar hai? (nauzubillah) Jawaab zaroor inaayat farmaiye!*". (Majalla Al-Ijma: Shumaara: 1 P32)

Arz hai ke Ahle Hadees mohaqqiq Shaikh Shahid Mehmood (hz) ne bhi jo baat kahi hai wo bhi yehi hai ke Imam Ahmad ne riwayat par munkar ka itlaaq kiya hai. Raha ye sawaal ke phir ye riwayat kya hamare nazdeek munkar hai, to ye bataya ja chuka hai ke Imam Ahmad hadees ko munkar keh kar tafarrud-o-gharaabat[1] muraad lete hain, na ke hadees ki tazeef karte hain.

Al-gharz Imam Ahmad رحمہ اللہ ne munkar al-hadees bol kar us raawi par jarh hi ki hai, lekin choonke Imam Ahmad رحمہ اللہ ne uski tauseeq bhi ki hai,

[1] T: (غَرابَت) Ajeeb-o-ghareeb hona [RKT]

lihaaza dono aqwaal ko saamne rakhte hue yehi kaha jaaega ke Imam Ahmad ؒ ke nazdeek ye raawi siqa hai, lekin hifz-o-zabt mein kamzor hai.

Doosre Naaqid: Imam Ibne Hibban ؒ (d 354h), chunache mausoof ne kaha: 'وكان يهم كثيرا إذا حدث من حفظه' *"Ye jab apne haafiza se bayan karte the to bahut ziyaada wahem ka shikaar hote the"*. (Mashaheer Ulama al-Amsaar li-Ibne Hibban: P135)

Yahan Imam Ibne Hibban ؒ ki jarh ko tashaddud ka hawaala de kar radd karne ki gunjaaish nahi hai, kyounke Imam Ibne Hibban ؒ uski siqaahat ke munkir nahi, balke unho'n ne use apni kitab *Siqaat* mein zikr kiya hai, aur yahan wo uske haafiza par mufassar-jarh[1] kar rahe hain. Lihaaza ye khaas aur mufassar jarh qaabil-e-qubool hai. Bil-khusoos jab ke Imam Ahmad ؒ ki mazkoora jarh se bhi uski taaeed hoti hai.

Teesre Naaqid: Imam Zahbi ؒ (d 748h). Chunache mausoof ne is raawi ko apni kitab *Meezaan-ul-Etedaal* mein naql karte hue kaha hai: 'وروى أبو داود أن أحمد قال: منكر الحديث' *"Imam Abu Dawood ne naql kiya hai ke Imam Ahmad ne unhe'n munkar al-hadees kaha hai"*. (Meezaan-ul-Etedaal liz-Zahbi: V4 P430)

Imam Zahbi ؒ ne Imam Ahmad ke qaul par koi taaqqub nahi kiya, jisse maaloom hua ke Imam Zahbi ؒ bhi use siqa maanne ke saath-saath uske haafiza par kalaam ko tasleem karte hain. Yaad rahe ke Imam Zahbi *Meezaan* mein ghair-motabar jarh naql karne ke baad us par radd bhi karte hain.

Ibne Khusaifa Ke Zof-e-Hifz Ki Doosri Daleel:

Muhammad bin Yusuf ki kai ek (1) mohaddiseen ne aala-tauseeq ki hai. Mulaahaza ho:

① Imam Yahya bin Saeed ne aap ko sabat qaraar diya hai: 'كان يحيى بن سعيد يثبته'. (Tehzeeb-ut-Tehzeeb: 5/31; Taareekh Ibn Abi Khatihama: V2 P282 [Sanad Sahih])

[1] T: (جَرح مُفَسَّر) Waazeh taur par radd karna criticize [RSB]

② Imam Ali bin al-Madeeni ؒ ne bhi use ba-raza-o-raghbat naql kiya hai, chunache Imam Ibne Abi Khaithama ؒ (d 279h) farmate hain:

رَأَيْتُ في كتاب علي بن الْمَدِينِي: سمعت يَحْيَى يقول: مُحَمَّد بن يُوسُف أثبت من عَبد الرَّحْمَن بن حُمَيْد وعَبْد الرَّحْمَن بن عَمَّار، قَالَ: قلت: أيما أثبت عَبد الرَّحْمَن بن حميد أو عَبد الرَّحْمَن بن عَمَّار؟ فقال: ما أقربهما، وسألته عن عمر بن نبيه؟ قَالَ: لم يكن به بأس، قَالَ: وكان مُحَمَّد ابن يوسف أعرج، وكان ثبتا، وكان يقول: سمعت السائب بن يزيد وهو جدى من قِبَل أُمِّي.

"*Ulama*". (Taareekh Ibne Abi Khaithama: V2 P282)

③ Imam Bukhari ؒ ne use ba-raza-o-raghbat naql karte hue kaha: 'كَنَا يحيى يُثَبِّتُهُ' "*Imam Yahya bin Saeed unhe'n sabat qaraar dete the*". (Taareekh al-Kabeer lil Bukhari: V2 P42)

④ Haafiz Ibne Hajar ؒ ne naaqideen ke aqwaal ka khulaasa bayan karte hue Yazeed bin Khusaifa ko sirf 'ثقة' kaha hai. (Taqreeb: 7738) Jabke Muhammad bin Yusuf ko 'ثقة ثبت' kaha hai. (Taqreeb: 6414)

Ek (1) Ajeeb Ghalat-fehmi:

Baaz logo'n ne dhaandhli mein ye daawa kar liya ke Haafiz Ibne Hajar ne jo Muhammad bin Yusuf ko siqa ke saath sabat qaraar diya hai to us silsile mein unho'n ne Ahmad bin Saaleh al-Masri ke qaul par etemaad kiya hai, kyounke unho'n ne ye qaul *Tehzeeb* mein usi raawi ke tarjume mein pesh kiya hai, lekin us qaul ka taalluq Muhammad bin Yusuf se nahi, balke usi naam ke doosre raawi se hai aur haafiz mausoof ko wahem hua hai, lihaaza jab ye qaul hi saabit nahi to Haafiz Ibne Hajar ke sabat kehne ki buniyaad bhi khatm ho gai.

Arz hai ke agarche Muhammad bin Yusuf se mutaalliq 'Ahmad bin Saaleh al-Masri' ka qaul saabit nahi, lekhir jarh-o-taadeel ke mashoor Imam Yahya bin Saeed ؒ ne Muhammad bin Yusuf ko 'ثبت' qaraar diya hai aur use Haafiz Ibne Hajar ؒ ne Bukhari ke hawaale se naql kiya hai.

Chunache Haafiz Ibne Hajar likhte hain: 'كان يحيى بن سعيد يثبته' "*Imam Yahya bin Saeed unhe'n sabat qaraar dete the*". (Tehzeeb-ut-Tehzeeb: 35/31)

Imam Bukhari ki riwayat unki kitab *Taareekh* mein you'n maujood hai: ‘كان يحيى يثبته’ “*Imam Yahya bin Saeed unhe'n sabat qaraar dete the*”. (Tareekh-ul-Kabeer lil Bukhari: V2 P42)

Iske saath-saath Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne Imam Yahya bin Saeed ﷺ se ye bhi naql kiya hai: ‘قال ابن معين: قال لي يحيى: لم أر شيخا يشبهم في الثقة’ “*Ibne Maeen ne kaha: Mujh se Imam Yahya bin Saeed ne kaha: Maine siqaahat mein Muhammad bin Yusuf ke ham-palla kisi ko nahi dekha*”. (Tehzeeb-ut-Tehzeeb: 31/35)

Ye aqwaal *Tehzeeb-ul-Kamaal* mein bhi manqool hain, lihaaza Haafiz Ibne Hajar ki buniyaad yehi aqwaal hain jin ke bayan mein unhe'n koi wahem nahi hua, lihaaza Haafiz mausoof ka Muhammad bin Yusuf ko siqa ke saath sabat qaraar dena bilkul mabni-bar-sawaab[1] hai.

Algharz Muhammad bin Yusuf ko do (2) azeem mohaddiseen ne siqa-o-sabat kaha hai. Ek (1) jarh-o-taadeel ke imam Yahya bin Saeed ne aur doosre *khaatima al-huffaaz* Haafiz Ibne Hajar ne. Jabke Yazeed bin Khusaifa ke baare mein sirf aur sirf ek (1) mohaddis Ibne Saad hi se aala tauseeq manqool hai

Chunache Imam Ibne Saad ﷺ ne kaha: ‘وَكَانَ عَابِدًا نَاسِكًا ثِقَةً كَثِيْرَ الْحَدِيْثِ تَبَتًّا’ “*Ye aabid, naasik, siqa, kaseer-ul-hadees aur siqa the*”. (Tabaqaat al-Kubra li-Ibne Saad: V9 P274)

Lekin Yahya bin Saeed jaise jarh-o-taadeel ke imam aur Haafiz Ibne Hajar jaise maahir-e-rijaal ke bil-muqaabil Ibne Saad ki aala tauseeq wazan nahi rakhti.

Ibne Khusaifa Ke Zof-e-Hifz Ki Teesri Daleel:

Muhammad bin Yusuf ne kisi bhi riwayat mein apne haafize par taraddud ka izhaar nahi kiya hai, jabke Yazeed bin Khusaifa ne apne haafize par taraddud ka izhaar kiya hai, jaisa ke Fawaaid Abi Bakr Nisapuri ke hawaale se wazaahat guzar chuki hai.

[1] T: (مَبْنِی بَر صواب) Sahih buniyaad par qaayam, durust tariqe se banaya gaya [RSB]

Ibne Khusaifa Ke Zof-e-Hifz Se Mutaalliq Baaz Shubhaat Ka Izhaala:

Baaz log ye be-buniyaad daawa karte phirte hain ke Yazeed bin Khusaifa, Muhammad bin Yusuf se ziyaada siqa hain. Ahle baet un hazraat ke shubhaat ka izaala[1] pesh-e-khidmat hai:

Pehla Shubha:

Imam Asram (اثرم) ne Ahmad bin Hambal se Yazeed bin Khusaifa ke baare mein naql kiya: ‘ثقة ثقة’ “*Ye siqa hain, ye siqa hain*”. (Al-Jarh wa Taadeel: V9 P274)

Arz hai ke ye mukarrar[2] tauseeq Imam Ahmad رحمہ اللہ se saabit nahi, jiske dalaael darj-e-zel hain:

① Ye mukarrar tauseeq sirf ek (1) makhtoota mein hai, deegar makhtooto’n mein aisa nahi.

② Imam Ahmad bin Hambal ke kisi bhi doosre shagird ne unse ye baat naql nahi ki.

③ Imam Ahmad bin Hambal ke bete ne bhi aisa naql nahi kiya.

④ Imam Ahmad se unke baare mein munkar al-hadees bhi manqool hai.

“Al-Ijma” ke mazmoon-nigaar saahab ne in nukaat ka koi jawaab dene ke bajaae ilzaaman ye kaha hai ke nacheez ne ek (1) muqaam par Imam Bukhari ke hawaale se ek (1) jumle ko durust qaraar diya hai, jabke wo jumla unki kitaab *At-Taareekh al-Ausat* ke is nuskhe mein tha jisse Imam Ibne Kaseer ne naql kiya hai, lekin *At-Taareekh al-Ausat* ke doosre nuskhe mein ye jumla nahi hai. (Maa-hasil az Majalla Al-Ijma: Shumaara: 1 P26-27)

Arz hai ke *At-Taareekh al-Ausat* waali ibaarat se mutaalliq jo baat ham ne kahi hai wo naqs-o-kami se mutaalliq hai, jabke yahan muaamala naqs-o-kami ka nahi, balke tasheef-o-nakaarat ka hai.

Imam Bukhari ka jo kalaam Haafiz Ibne Kaseer رحمہ اللہ ne naql kiya hai, is mein tasheef ka koi imkaan hi nahi, kyounke naasikh is tarah ki ghalati

---

[1] T: (إزالَه) Khaatima, zaael karne ka amala, mitaana [RKT]
[2] T: (مُكَرَّر) Baar baar, takraar ke saath [RKT]

nahi kar sakta ke poora ek (1) naya jumla apni taraf se izaafa kar de. Mazeed ye ke Imam Bukhari ka wo kalaam unke kisi bhi maujood doosre kalam se na to mukhtalif hai aur na unke kisi aur kalam ke muaariz hai. Jabke doosre nuskho'n mein aisa nahi hai. Ye saaf daleel hai ke yaha'n naasikh ka qalm sabqat kar gaya hai au rusne ek (1) hi lafz ko mukarrar likh diya hai. Naasikheen aur katibeen se is tarah ki ghalatiyaa'n aam si baat hain. Aaj bhi likhne waale is tarah ki ghalati karte rehte hain aur proof-reading waale unki islaah karte hain.

Mazeed ye ke yehi qaul Imam Asram hi ke hawaale se Imam Mizzi رحمہ اللہ ne bhi Tehzeeb ul-Kamaal mein naql kiya hai aur sirf ek (1) hi baar lafz 'siqa' naql kiya hai. (Tehzeeb-ul-Kamaal: V23 P173)

Imam Mizzi رحمہ اللہ ba-raah-e-raast Abu Bakr al-Asram ki kitab se naql karte hain, jisse saabit hota hai ke Abu Bakr al-Asram ne ye lafz mukarrar riwayat hi nahi kiya. Balke unke waaste se jab ye lafz Al-Jarh wa-Taadeel mein darj hua to uske kisi naasikh ne sahoo-an ye lafz mukarar likh diya hai. Aur sabse ahem baat ye hai ke Imam Ahmad رحمہ اللہ hi se uske muaariz baat sabit hai, chunache pehle guzar chuka hai ke Imam Ahmad رحمہ اللہ ne Ibne Khusaifa ko munkar-ul-hadees kaha hai, zaahir hai ke use raawi ko Imam Ahmad رحمہ اللہ aala darje ka siqa keh hi nahi sakte.

Doosra Shubha:

Baaz Hazraat kehte hain ke Ibne Maeen ne unhe'n 'ثقة حجة' kaha hai.

Arz hai ke Ibne Maeen se ye qaul saabit hi nahi. Ye qaul Al-Kamaal lil-Maqdisi (V9 P405) mein be-sanad-o-be-hawaala mazkoor hai aur wahee'n se deegar kutub waalo'n ne bhi naql kiya hai. Masalan "(Tehzeeb-ul-Kamaal lil-Mizzi: V32 P173) waghaera.

Ek (1) saahab ne likha ke Ibne Maeen ka koi qaul Yazeed bin Khusaifa ki tazeef[1] mein nahi to phir Ahle Hadees maslak ke usool ki raushni hi mein Kifayatullah Saahab ko ye eteraaz karne ka haq hi nahi hai. (Majalla al-Ijma: Shumaara 1: P32)

[1] T: (تَضْعِيف) Zof, kamzori [RKT]

Ye saahab shayad ye kehna chaahte hain ke Ibne Maeen ؒ se Yazeed bin Khusaifa ki tauseeq saabit hai aur ye bhi tauseeq hi hai, isl iye us par eteraaz nahi karna chaahiye.

Arz hai ke Ibne Maeen ؒ se jo tauseeq saabit hai wo mahez lafz "*siqa*" se saabit hai:

Chunache Imam Ibne Tahmaan al-Baadi ؒ (d 284h) ne Ibne Maeen se naqal kiya: 'ثقة' "*Ye siqa hain*". (Sawalaat Al-Baadi a'n Ibne Maeen: P97)

Imam Ishaq bin Mansoor ؒ (d 251h) naql karte hain: 'ثقة' "*Ye siqa hain*". (Al-Jarh wa Taadeel li-Ibne Abi Haatim: V9 P274 [Sanad Sahih] T: Al Muaalami])

Imam Ibne Maeen ke ye do (2) talaamiza muttafiq ul-lisaan ho kar Ibne Khusaifa ke baare mein Ibne Maeen se sirf lafz 'ثقة' naql kar rahe hain, lekin un dono ke bar-aks Ahmad bin Saad bin Abi Maryam ؒ (d 253h) tanha hi hain jo alag alfaaz mein 'ثقة حجة' naql kar rahe hain.

Zaahir hai jab ek (1) seegha sahih sanad se saabit hai to usse mukhtalif aisa seegha kaise qubool kar liya jaae jiski koi sanad hi na ho. Balke agar Ahmad bin Saad bin Abi Maryam ki ye riwayat sahih sanad se saabit bhi hoti to bhi na-qaabil-e-iltifaat hoti, kyounke Ibne Maeen se tauseeq naql karte hue unki ye aadat hai ke wo Ibne Meen se umooman 'ثقة حجة' hi ke alfaaz mein tauseeq naql karte hain. Yaane 'حجة' ka lafz Imam Ibne Maeen ka nahi hota, balke ye kud riwayat bil-maane karte hue apni taraf se badha dete hain.

Iski wajah yehi maaloom hoti hai ke Ibne Maeen ؒ kabhi-kabhi siqa ka lafz bol ko mahez dayaanat-daari muraad lete the, jaisa ke Allama Muallami ؒ, Ibne Maeen ؒ ke aqwaal ka istiqra karne ke baad farmate hain:

وهذا يشعر بأن ابن معين كان ربما يطلق كلمة ثقة، لا يريد بها أكثر من أن الراوي لا يتعمد الكذب.

"*Ye is baat ki daleel hai ke Ibne Maeen ؒ kabhi-kabhi siqa bol kar sirf ye muraad lete the ke ye raawi jhoot nahi bolta*". (At-Tankeel Binaa Fe Taaneeb al-Kausari Min al-Abateel: V1 P164)

Yaane zabt ke lihaaz se tauseeq muraad nahi hoti thi. Imam Ibne Maeen ﷺ ke is tarz-e-amal se baaz log dhoka kha skate hain aur dayaanat waali tauseeq ko zabt waali tauseeq bhi samajh sakte hain ya uske bar-aks zabt waali tauseeq ko sirf dayaanat par bhi mahmool kar sakte hain. Ibne Maeen ﷺ ke aqwaal-e-tauseeq mein us ishtibaah ko door karne ke liye unke shagird Ahmad bin Saad bin Abi Maryam ne ye tariqa apnaya ke ha wo tauseeq jo mahez dayaanat-daari batlaane ke liye nahi hoti thi. Balke aam istilaahi tauseeq hoti thi. Use naql karte hue lafz 'ثقة' ke saath apni taraf se 'حجة' ka bhi izaafa farmate gae.

Ab raha ye sawaal ke is baat ki kya daleel hai ke Ahmad bin Saad bin Abi Maryam apni taraf se hi lafz 'حجة' ka izaafa karte the? To uski daleel ye hai ke Ibne Maeen ke kisi bhi shagird ne Ibne Maeen ﷺ ki koi ek (1) tauseeq bhi 'ثقة، حجة' ke alfaaz mein naql nahi ki. Hamari maalumaat ki hadd tak Ahmad bin Saad bin Abi Maryam ke alaawa Ibne Maeen ﷺ se unki jin talaamiza ne ba-kasrat sawalaat kiye hain ya unke aqwaal naql kiye hain. Wo darj-e-zel hain:

- Al Mufaddal al-Ghalaabi ﷺ (d 246h)
- Ishaq bin Mansoor ﷺ (d 251h)
- Imam ibn al-Junaid ﷺ (d 260h taqriban)
- Jaafar bin Muhammad al-Baahili ﷺ (d 264h)
- Abbas ad-Dauri ﷺ (d 271h)
- Haashim bin Mirsad ﷺ (d 278h)
- Ibne Tahmaan al-Baadi ﷺ (d 284h)
- Usman ad-Daarmi ﷺ (d 280h)
- Ahmad bin Muhammad bin Qasim bin Muhriz ﷺ (wafaat na-maaloom)

Al-Mufaddal al-Ghalaabi ke sawalaat *Taareekh Baghdad* mein hain,

Ishaq bin Mansoor ke sawalaat al-jarh wa taadeel waghaera mein hain. Jaafar bin Muhammad al-Baahili ke *Sawalaat al Majruheen li-Ibne Hibban*.

Koi shakhs Ibne Maeen ke un tamaam shagirdo'n ke saare sawalaat chaan maanre, hatta ke mazkoora talaamiza ke alaawa baaz deegar talaamiza jinho'n ne Ibne Maeen se ba-kasrat to nahi magar kuch aqwaal zaroor naql kiye hain. Unhe'n bhi dekh daale. Un sab mein kisi ek (1) shagird ke yahaan bhi Ibne Maeen se 'ثقة، حجة' ke alfaaz mein koi tauseeq nahi milegi.

Lekin aap Ahmad bin Saad bin Abi Maryam ke sawalaat dekhe'n to unke yahaa'n Ibne Maeen se naql-karda tausiqaat mein ninyaanwe (99) feesad tausiqaat 'ثقة، حجة' ke alfaaz hi mein paaenge.

Aasaani ke liye 'موسوعة أقوال يحيى بن معين في الجرح و التعديل' hi dekh le'n, uske mutaabiq kam-az-kam bees (20) raawiyo'n se mutaalliq Ahmad bin Saeed bin Abi Maryam ne Imam Ibne Maeen se 'ثقة، حجة' ke alfaaz naql kiye hain, lekin un mein se kisi bhi raawi se mutaalliq Ibne Maeen se duniya ke kisi bhi raawi ne ye alfaaz naql nahi kiye.

Ye soorat-e-haal dekh kar ek (1) maamooli taalib-e-ilm bhi pukaar uthega ke Ahmad bin Saeed bin Abi Maryam ki naql-karda tausiqaat mein 'حجة' ka lafz shagird ka apna lafz hai, na ke Ibne Maeen ka. Aur uski ye taujeeh guzar chuki hai ke us lafz ke izaafa ka maqsad tauseeq mein taakeed ya wazn paida karna nahi, balke mahez lafz-e-siqa ki tashreeh karna maqsood hai ke ye aam istilaahi maane mein tauseeq hai.

Waazeh rah eke Ibne Khusaifa se mutaalliq Ibne Maeen se Ahmad bin Saad bin Abi Maryam ki naql-karda tauseeq saabit bhi nahi hai, jin saahab ki tardeed mein ham ye tafseel likh rahe hain, unho'n ne bahut tawanaai sirf ki lekin us qaul ki koi sahih sanad to dar-kinaar sire se sanad hi talaash nahi ka sake aur apni us be-basi par parda daalne ke liye ye mazhaka-khezi ki ek (1) *Tehzeeb-ul-Kamaal* ke makhtoota ka aks pesh kiya aur farmaya ke ye tauseeq makhtoota mein bhi maujood hai. (Majalla Al-Ijma: Shumara: 1 P24)

SubhanAllah! Samajh mein nahi aata ke us shahkaar tehqeeq par ham kya arz kare'n kyounke ham ne to *Tehzeeb-ul-Kamaal* mein us tauseeq ke wujood ka inkaar hi nahi kiya, phir makhtoota-beeni che maane daarid?

Mausoof un mazhaka-kheziyo'n ke baad farmate hain: "*Maaloom hua us qaul ki koi na koi sanad maujood hai*". (Majalla Al-Ijma: Shumara: 1 P24)

Muaddabana guzaarish hai ke jab '*koi na koi*' ka qiyaasi ghoda hi daudaana hai to apne idaare ka naam '*ijma foundation*' ke bajaae '*qiyaas foundation*' rakh le'n!

Imam Ibne Maeen Ka Ek (1) Aur Ghair-saabit Waghaera Mutaalliq Qaul:

Ibne Maeen se ek (1) aur qaul manqool hai, chunache Ibne Mahrez ne kaha:

سَمِعتُ يَحيَى، وقيل له: أيما أَحبُّ إليكَ: يَزيد بن عبد الله خُصَيفَة، أو مُحَمّد بن عمرو بن عَلقَمَة؟ فقال: يَزيد، بن ويزيد أعلاهما.

"*Imam Ibne Maeen se kaha gaya ke Ibne Khusaifa aur Muhammad bin Amr mein kaun aapko ziyaada pasand hai, Ibne Maeen ne kaha: Yazeed, dono mein ye aala hai*". (Maarifa ar-Rijaal li-Ibne Maeen Riwaya Ibne Mahraz: V1 P116)

Awwal ye aala darje ki tauseeq nahi hai, duwam ye qaul saabit nahi, kyounke Ibne Mahrez na-maaloom-ut-tauseeq[1] hai.

Ham ne ye qaul khud apni kitab mein zikr kiya tha aur uski tardeed ki thi, lekin *Ijma* ke mazmoon-nigaar ne usi ko bataur-e-taaeed pesh kar diya, halanke ham bata chuke the ke ye qaul na to saabit hai aur na us mein koi aala darje ki tauseeq hai. Lekin Majalla *Al-Ijma* ke mazmoon-nigaar Imam Ibne Maeen se manqool yehi qaul naql karne ke baad likhte hain: "*Ye saaf bata raha hai ke Yazeed bin Khusaifa siqa hi nahi, balke hujjat aur mazboot hain, kyounke Muhammad bin Amr bin Alqama (d 145h) sahihain ke raawi hain aur khud Imam al-Jarh wa Taadeel Yahya bin Maeen farmate hain ke aap siqa hain*". (Majalla Al-Ijma: Shumara: 1 P24)

Arz hai ke mausoof ki baat mein kisi had tak wazan tab hota jab Muhammad bin Amr bin Alqama mutlaqan siqa hote aur un par koi jarh na hoti, lekin aimma

[1] T: (نا معلوم التوثيق) Tauseeq maaloom nahi, ya uski tasdeeq nahi ki gai [RSB]

fan ke aqwaal dekhne se maaloom hota hai ke kai aimma ne un par jarh ki hai. Isi liye Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne unse mutaalliq aimma ke aqwaal ka khulaasa karte hue kaha hai: 'صدوق له أوهام' "*Ye sadooq hain, unse auhaam saadir hote the*". (Taqreeb-ut-Tehzeeb: 6188)

Neez Fath-ul-Baari ke muqaddama mein kehte hain:

'صدوق تكلم فيه بعضهم من قبل حفظه' "*Ye sadooq hain, baaz ne haafize ke lihaaz se un par jarh ki hai*". (Muqaddama Fath-ul-Baari: P441)

Jahan tak ye baat hai ke ye sahihain ke raawi hain, to sahihain mein unki riwayat kis haisiyat se hai? Uski wazaahat karte hue Haafiz Ibne Hajar ﷺ farmate hain: 'وأخرج له الشيخان، أما البخاري فمقرونا بغيره وتعليقا، وأما مسلم فمتابعة' "*Shaikhain (Bukhari-o-Muslim) ne unki hadees riwayat ki hai, jahan tak Imam Bukhari ki baat hai, to unho'n ne use doosre ke saath mila kar Imam Muslim to unho'n ne mutaaba-at mein unki hadees riwayat ki hai*". (Muqaddama Fath-ul-Baari: P441)

Maaloom hua ke sahihain mein us raawi se koi bhi aisi hadees nahi hai jiska daar-o-madaar sirf usi par ho, neez aimma-e-fan ne uske haafize par jarh ki hai, is liye Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne Taqreeb aur Muqaddama Fath-ul-Baari, dono kitaab mein use sirf sadooq hi kaha hai, aur saath hi uske hifz ki kamzori bayan ki hai.

Jahan tak Imam Ibne Maeen ﷺ ki baat hai to unho'n ne bhi mutaaddid mawaaqe mein us raawi par jarh ki hai, chunache Abbas ad-Dauri ﷺ (d 271h) ne Ibne Maeen se naql kiya:

لم يكونوا يكتبون حديث محمد بن عمرو حتى اشتهاها أصحاب الإسناد فكتبوها.

"*Mohaddiseen Muhammad bin Amr ki hadees likhte hi nahi the, yahan tak ke asnaad se shauq rakhne waale uski taraf maail hue to mohaddiseen ne likhna shuru kiya*". (Taareekh Ibne Maeen Riwaaya ad-Dauri: V3 P225)

سئل يحيى بن معين عن محمد بن عمرو؟ فقال: ما زال الناس يتقون حديثه قيل له وما علة ذلك؟ قال: كان محمد بن عمرو يحدث مرة عن أبي سلمة بالشيء من رأيه، ثم يحدث به مرة أخرى عن أبي سلمة، عن أبي هريرة.

"*Imam Ibne Maeen se Muhammad bin Amr ke baare mein sawaal kiya*

gaya to aap ne farmaya: Mohaddiseen uski hadees se ijtinaab karte the. Kaha gaya: Uski wajah kya hai? To Ibne Maeen رحمه الله *ne jawaab diya: Muhammad bin Amr, ye Abu Salama se kabhi unki raae naql karte aur phir doosri dafa usi raae ko Abu Salam ke waaste Abu Huraira* رضي الله عنه *se bayan karne lagte*". (Al-Jarh wa Taadeel li-Ibne Abi Haatim: V8 P30 [T: Al Maalami])

Maaloom hua ke deegar mohaddiseen ke alaawa khud Ibne Maeen رحمه الله ne bhi Muhammad bin Amr ke Haafze par jarh ki rakhi hai, lihaaza aise kamzor haafiza waale ke muqaabil mein Ibne Maeen, Yazeed bin Khusaifa ko behtar bataae'n to ye fee-nafsihi aala darje ki tauseeq hai, na kisi mutlaq siqa ke muqaable mein aala tauseeq hai. Balke ek (1) kamzor hifz waale raawi ke muqaable mein unki rutba bada batlaana maqsood hai, aur usse kisko inkaar hai?

Tinke Ka Shaara:

Ek (1) riwayat ke mutaabiq Ibne Maeen رحمه الله ne Muhammad bin Amr ko Muhammab in Ishaq ke muqaable mein ziyaada pasandida qaraar diya to uska hawaala dene ke baad '*Al-Ijma*' ke mazmoon-nigaar ne ye kaha ke Ibne Maeen ne Muhammad bin Ishaq ko 'ثبت في الحديث' kaha hai, phir usse ye natija nikaala ke jab Ibne Maeen ke yahan Ibne Ishaq sabat fil-hadees hain aur Ibne Maeen hi ne Muhammad bin Amr ko unse ziyaada pasandida batlaya hai, phir Ibne Khusaifa ko Muhammad bin Amr par bhi fauqiyat deen-e-islaam hai to usse bhi pata chala ke Ibne Khusaifa bhi Ibne Maeen ke yahan hujjat aur mazboot hain. (Maa-hasl al-Ijma: Shumaara: 1 P25)

Arz hai ke Ibne Maeen ne Ibne Ishaq ke baare mein sirf 'ثبت' hi nahi kaha, balke unho'n ne Ibne Ishaq par mutaaddid dafa jarh bhi ki hai, balke baaz aqwaal mein use zaeef kaha hai aur khud ahnaaf bhi Ibne Maeen ki taraf se Ibne Ishaq ki tazeef ko us waqt maze le-le kar bayan karte hain jab Ibne Ishaq faatiha khalf al-imam waali riwayat bayan karte hain. Balke Imam Maalik ke hawaale se Ibne Ishaq ko dajjaal tak keh jaate hain aur yahan maasumiyat dekhe'n ke Ibne Ishaq ko sirf 'ثقة' hi nahi, balke 'ثبت في الحديث' bhi maanne ke liye majboor hain. 'سبحان الله!'

Jawaaban arz hai ke jis muwaazane par mazmoon-nigaar ne apne istidlaal ki poori buniyaad rakhi hai, uski nauiyat mazmoon-nigaar ke nazdeek siqa raawi Ibne Mahrez ne you'n naql kiya hai:

محمد بن عمرو أحب إلي منه، وأهل المدينة لا يرون أن يحدثوا عن ابن إسحاق، وذلك أنه كان قدريا.

"*Muhammad bin Amr mere nazdeek ziyaada pasandida hai aur ahle madina Ibne Ishaq se riwayat bayan karna pasand nahi karte the, uski wajah ye thi ke wo qadri the*". (Maarifa ar-Rijaal Riwaaya Ibn Mahraz: P173 [T: Al-Azhari])

Mulaahaza farmae'n ke yahan muwaazana hifz-o-zabt ke lihaaz se nahi, balke qadri hone ka lihaaz se hai, lihaaza Muhammad bin Amr par qadri hone ka ilzaam nahi hai to ye cheez unke hifz-o-zabt mein koi izaafa nahi karti.

Taaham use ham nazar-andaaz bhi kar de'n aur ye tasleem kar le'n ke hifz ke lihaaz se ye muwaazana tha to arz hai ke Ibne Maeen رحمہ اللہ ne khud Muhammad bin Amr ke baare mein jo jarh kar rakhi hain unhe'n ma-qabl mein pesh kiya ja chuka hai, lekin uske bawujood unho'n ne Ibne Ishaq se unhe'n ziyaada pasandida qaraar diya hai, jiski wajah ye hai ke Ibne Maeen ne Ibne Ishaq par Muhammad bin Amr se bhi ziyaada jarh kar rakhi hai, hatta ke baaz aqwaal mein unhe'n zaeef tak kaha hai, mulaahaza ho.

Abu al-Hasan al-Maimooni رحمہ اللہ (d 274h) ne Ibne Maeen se naql kiya: 'محمد بن إسحاق ضعيف' "*Muhammad bin Ishaq zaeef hai*". (Al-Ilal li-Ahmad Riwaaya al-Maimoona: P175)

Imam Ibne Abi Khaitama رحمہ اللہ (d 279h) ne Ibne Maeen se naql kiya: 'ليس بذالك، ضعيف' "*Ye lais bizaak aur zaeef hai*". (Taareekh Ibne Abi Khaitama: V4 P324)

Ab tauseeq ke aqwaal dekhe'n:

Abbas ad-Dauri رحمہ اللہ (d 271h) ne Ibne Maeen se naql kiya: 'محمد بن إسحاق صدوق وكلنه ليس بحجة' "*Muhammad bin Ishaq sadooq hain, lekin hujjat nahi hain*". (Al-Jarh wa Taadeel li-Ibne Abi Haatim: V7 P192 [T: Al Maalami])

Neez ye bhi naql kiya hai:

‘ليس هو بقوي في الحديث’ “*Ye hadees mein qawi nahi hain*”. (Taareekh Ibne Maeen Riwaaya ad-Dauri: V3 P247)

Imam Abu Zurah ad-Dimishqi رحمہ اللہ (d 281h) kehte hain ke maine Ibne Maeen se Ibne Ishaq ke hujjat hone ke baare mein sawaal kiya to Ibne Maeen ne jawaab diya: ‘كان ثقة، إنما الحجة عُبيد الله بن عمر...’ “*Ye siqa the, lekin hujjat Obaidullah bin Umar aur falaa’n-falaa’n hain*”. (Taareekh Abi Zurah ad-Dimishqi: V1 P460 [P: Majma])

Tauseeq ke ye aqwaal dekhne se saaf maaloom hota hai ke Ibne Maeen رحمہ اللہ Ibne Ishaq ko aala darje ka siqa nahi maan rahe, bil-khusoos jab ke doosr taraf unho’n ne uski tazeef bhi ki hai. Saare aqwaal ko dekhne ke baad yehi natija saamne aata hai ke Ibne Maeen رحمہ اللہ ki nazar mein Ibne Ishaq na to use zaeef hain ke unki riwayat bil-kul hi rad kardi jaae aur na aise siqa hain ke unki riwayat ko aala darje par faaiz kar diya jaae, ba-alfaaz-e-deegar ye keh le’n ke Ibne Maeen ki nazar mein ye hasan al-hadees hain.

Ahle baet rahi baat ye ke Al-Mufaddal al-Ghulaabi رحمہ اللہ ne unke baare mein ‘ثبت في الحديث’ ke alfaaz naql kiye hain, to arz hai ke unke kalaam mein ye alfaaz hasan al-hadees hi ke maane mein hain jis ki daleel ye hai ke khud unho’n ne hi doosre mauqa par yehi alfaaz naql kiye hain. Chunache Al-Mufaddal al-Ghulaabi رحمہ اللہ (d 246h) hi Ibne Ishaq ke baare mein doosri jagah Ibne Maeen se naql karte hue farmate hain: ‘كان ثقة، وكان حسن الحديث’ “*Ibne Ishaq siqa aur hasan al-hadees the*”. (Taareekh Madina al-Islam lil-Khateeb al-Baghdadi: V2 P11)

Mulahaza farmae’n! Imam Ghulaabi hi ki doosri riwayat se saare baadal chat gae aur ye haqiqat aashkaar ho gai ke unki riwayat mein ‘ثبت في الحديث’ hasan al-hadees hi ke maane mein hai.

Is tafseel se waazeh ho gaya ke Ibne Maeen رحمہ اللہ ki nazar mein Ibne Ishaq ausat darje ke siqa, yaane hasan al-hadees hain. Lihaaza unke muqaable mein agar Ibne Maeen ne Muhammad bin Amr ko ziyaada pasandida kaha hai to uska matlab sirf ye hai ke Muhammad bin Amr, ye Ibne Ishaq

ke muqable mein fauqiyat rakhte hain aur us fauqiyat ka mafhoom usi daaere mein hai jo khud Muhammad bin Amr se mutaalliq Ibne Maeen ke deegar aqwaal se tae hota hai, jiski wazaahat ma-qabl mein ho chuki hai, yaane ye bhi sadooq-o-hasan-ul-hadees hi ke muqaam par hain, lekin Ibne Ishaq ki ba-nisbat unki haalat qadre behtar hai.

Phir Muhammad bin Amr ke muqaable mein Yazeed bin Khusaifa ko aala batlaane ka maqsood ye hai ke Yazeed bin Khusaifa sadooq-o-hasan-ul-hadees ke darje se oopar siqa ke darje par faaiz hain, lekin aala darje ke siqa hargiz nahi hain.

Ye poora jawaab ye farz kar lene ki soorat mein hai ke Ibne Maeen se Muhammad bin Amr aur Ibne Khusaifa ke maabaen mazkoora muwaazana saabit ho, lekin ham arz kar chuke hain ke Ibne Mahriz ke sababa sire se ye muwaazana hi saabit nahi hai.

Teesra Shubha:

Ibne Saad ne Yazeed bin Khusaifa ko taabaeen mein zikr kiya hai, lekin Muhammad bin Yusuf ko zikr nahi kiya.

Arz hai ke awaal to tabaqaat ke kai safhaat mafqood[1] hain, is liye Muhammad bin Yusuf ke adm-e-zikr ka daawa mahal-e-nazar hai. Duwam adm-e-zikr se ye kahan laazim aagaya ke Ibne Saad ki nazar mein wo kam hifz waale the. Aisa isi soorat mein kaha ja sakta hai ke jab Ibne Saad ne unka bhi tazkira kiya hota to dono ke taaruf mein tafreeq ki hoti, lekin aisa nahi hai, lihaaza ye daawa saabit na hua.

Neez, ilzaaman ham bhi keh sakte hain ke jarh-o-taadeel ke Imam Yahya bin Saeed ﷺ ne Yazeed bin Khusaifa ko apni kisi majlis mein na to siqa kaha aur naahi unka tazkira kiya, jabke usi tabqe se taalluq rakhne waale Muhammad bin Yusuf ko aala darje ka siqa qaraar diya, balke ek (1) riwayat ke mutaabiq yahan tak kaha: ‘لم أرشيخا يشبهه في الثقة’ “*Maine siqaahat mein Muhammad bin Yusuf ke ham-palla kisi ko nahi dekha*”.
(Tehzeeb al-Kamaal lil-Mizzi: 27/50; Tehzeeb-ut-Tehzeeb li-Ibne Hajar: 31/35)

[1] T: (مَفقُود) Khoya hua, ghaayab, gum-shuda [RKT]

Lihaaza maaloom hua ke Muhammad bin Yusuf jarh-o-taadeel ke Imam Yahya bin Saeed ki nazar mein Yazeed bin Khusaifa se ziyaada siqa the. Yaad rah eke Ibne Saad ke bil-muqaabil Imam Yahya bin Saeed rijaal ki baabat ziyaada maahir hain.

Chautha Shubha:

Imam Zahbi ؒ ne Muhammad bin Yusuf ke baare mein kaha: 'صدوق مقل'

"*Ye sadooq aur qaleel-ul-hadees hain*". (Al-Kaashf liz-Zahbi: V2 P232)

① Imam Zahbi ؒ ne sadqoo ke saath maql (مقل) bhi kaha hai, jisse ishaara milta hai ke mausoof ne maql ke etebaar se unhe'n sadooq keh diya hai. Yaane Imam Zahbi ؒ ki muraad ye hai ke unki marwiyaat ki taadaad kam hai, isi liye jin ki marwiyaat ziyaada hon unhe'n Imam Zahbi ؒ hafiz se taabeer karte hain, jis par unki kitaab *Tazkirah al-Huffaaz* shaahid hai.

Neez, Imam Zahbi ؒ ne to qillat-e-riwayat ki wajah se sirf 'صدوق' kaha hai, lekin Imam Ibne Maeen ka tarz-e-amal to ye tha ke wo qaleel-ul-hadees ruwaat ko 'ليس بشيء' keh diya karte the. Chaahe wo siqa-o-sabat hi kyoun na ho aur 'ليس بشيء' se muraad mutaalliqa raawi ke hifz ki kamzori nahi, balke uski marwiyaat ki qillat maqsood hoti thi. (At-Taareef Bi-Rijaal al-Muwatta: V3 P812; Fath al-Maghees: V2 P123; At-Tankeel: P54)

Lihaaza agar qaleel-ul-hadees ki wajah se kisi ko 'ليس بشيء' kehne se bhi koi farq nahi padta to phir qaleel-ul-hadees ke sabab kisi ko sadooq kehne se kya farq pad sakta hai?

Bana-baree'n Imam Zahbi ؒ ke us seeghe se haafize ki kamzori qatan muraad nahi jiski ek (1) zabardast daleel ye bhi hai ke agar Imam Zahbi ؒ ki nazar mein uska haafiza kamzor hota to mausoof uska tazkira Meezaan-ul-Etedaal mein zaroor karte, kyounke us kitab mein Imam Zahbi ؒ ne to un logo'n ka bhi tazkira kiya hai, jo siqa-o-sabat hain aur un par bila-wajah kalaam kiya gaya hai. Aisi soorat mein Muhammad bin Yusuf ka tazkira to Meezaan mein zaroor hona chaahiye, kyounke ye to khud Imam Zahbi ؒ ke nazdeek kamzor haafiza

waale the.

② Imam Zahbi ne usi kitaab mein Yazeed bin Khusaifa ko siqa kehne ke saath-saath unke baare mein Imam Ahmad ki jarh munkar al-hadees bhi naql ki hai aur koi difaa nahi kiya. Neez, uska tazkira Imam Zahbi ﷺ ne Meezaan mein bhi kiya hai aur wahan bhi koi difaa nahi kiya, jabke Muhammad bin Yusuf se mutaalliq Imam Zahbi ﷺ ne koi jarh naql nahi ki aur uska tazkira bhi Meezaan mein nahi kiya hai.

Qaraeen ghaur kare'n ke ek (1) raawi jise Imam Zahbi zuafa waali kitaab mein zikr kare'n aur koi difaa na kare'n, aisa raawi hifz-o-itqaan mein us raawi se badh kar kaise ho sakta hai jiska tazkira Imam Zahbi zuafa ki kisi bhi kitab mein na kare'n aur uske baare mein koi jarh na naql kare'n.

③ Mutaqaddimeen mohaddiseen ne muttafiqa taur par Muhammad bin Yusuf ko siqa kaha balke jarh-o-taadeel ke musallama Imam Yahya bin Saeed al-Qattaan ne unhe'n sabat qaraar diya hai, lihaaza mutaqaddimeen aur jarh-o-taadeel ke Imam Yahya bin Saeed ke bil-muqaabil Imam Zahbi kef aisle ki koi haisiyat nahi hai.

Paanchwaa'n Shubha:

Ek (1) saahab ne likha hai: Haafiz al-Maghrib Imam Abu Umar bin Abdul Bar (d 463h) farmate hain: 'وكان ثقة مأمونا' "*Ibne Khusaifa siqa-o-maamoon hain*". (At-Tamheed li-Ibne Abdul Bar: 23/25)

Arz hai ke masla zer-e-bahes mein hifz-o-zabt ke lihaaza se muwaazana ki baat chal rahi hai ke kaun aala darje ka zaabit[1] hai aur kaun adna darje ka zaabit hai, jabke 'مأمون' ke lafz se dayaanat waghaera ki gawaahi di jaati hai na ke zabt ki.

Chunache Imam Muslim ﷺ (d 261h) farmate hain:

حدثنا نصر بن علي الجهضمي حدثنا الأصمعي عن ابن أبي الزناد عن أبيه قال: أدركت بالمدينة مائة كلهم مأمون، ما يؤخذ عنهم الحديث، يقال: ليس من أهله.

[1] T: (ضابِط) Durust, theek, sahih, hifaazat karne waala [RKT]

"*Imam Abu az-Zanaad ؒ ne farmaya ke maine madina mein saikdo'n logo'n ko paaya jo maamoon the, lekin unse hadees ki riwayat nahi ki jaati thi, kyounke baqaul ahle ilm wo uske qaabil na the*". (Sahih Muslim: Muqaddama: V1 P12 [Sanad Sahih])

Ab agar Imam Ibne Abdul Bar ne siqa ke saath unhe'n 'مأمون' keh diya hai to ye sirf dayaanat ka bayaan hai, bhala usse hifz-o-zabt ka palda kaise bhaari kiya ja sakta hai?!

Shuzooz Ki Teesri Wajah:

Yazeed bin Khusaifa ki riwayat Hazrat Ayesha ؓ ki is riwayat ke bhi khilaaf hai jis mein Aap ﷺ ki salaat al-lail ki taadaad gyaara (11) batlaai gai hai. Yaad rah eke salaat al-lail hi ko ramzan mein taraweeh kaha jaata hai.

Kya Kisi Raawi Ne Yazeed bin Khusaifa Ki Mutaaba-at Ki Hai?

"*Al Ijma*" ke mazmoon-nigaar likhte hain: "*Bees (20) rakat taraweeh ke silsile mein Ibne Khusaifa munfarid hi nahi, balke unke che-che (6-6) mutaba-aat bhi maujood hain*". (Al-Ijma: Shumara 1 P27)

Arz hai ke che (6) to dar-kinaar koi ek (1) hi sahih riwayat pesh kar de'n jis mein Yazeed bin Khusaifa ki jagah kisi aur siqa raawi ne Muhammad bin Saaib ki sanad se ye bees (20) waali baat naql ki ho.

Hamare ilm ki had tak sirf ek (1) raawi Haaris bin Abdur Rahman ki mutaaba-at milti hai, lekin ye sanadan mauzoo-o-man-ghadat hai, jaisa ke tafseel guzar chuki hai. Uske alaawa kisi aur mutaaba-at ka sire se wujood hi nahi hai, sahih hona to bahut door ki baat hai.

Latifa: Kuch log Ameer Muawiya ؓ ke saahibzaade Ameer Yazeed ؒ par sabb-o-shitam[1] karte hain aur yahan tak kehte phirte hain ke Yazeed ke daur ke baad ahle sunnat ne apne ladko'n ka naam Yazeed rakhna band kar diya.

Arz hai ke ikkees (21) rakat ki taadaad Yazeed naami raawi hi bayan kar

[1] T: (سَبّ و شَتْم) Zulm-o-sitam, laan-taan [RKT]

rahe hain jo Yazid bin Muawiya ﷺ ke daur ke baad ke the, jabke gyaara (11) ki rakat ki taadaad Muhammad naami raawi bayan kar rahe hain.

Agar Yazeed ke mukhalifeen mazkoora-baala baat par yaqeen rakhte hain to phir unke usool ke mutaabiq Yazeed naami raawi koi accha raawi nahi hoga. Is liye un hazraat ko Yazeed bin Khusaifa ke bajaae Muhammad bin Yusuf ki riwayat ko tarjeeh deni chaahiye. Warna ek (1) taraf Yazeed naami se bhi nafrat aur doosri taraf Muhammadi sanad ko nazr-andaaz karke Yazeedi sanad ko gale laga lena, bahut hairat angez hai!!

Muwatta mein ek (1) muqata riwayat ko bhi bees (20) rakat waale pesh karte hain, lekin bad-qismati se us mein bhi Yazeed naami ek (1) raawi maujood hai, balke Bees (20) rakat se mutaalliq Abdullah bin Abbas ﷺ ke hawaale se jo marfoo hadees pesh ki jaati hai us mein bhi yazeed naam ka raawi maujood hai. (Isi kitaab ka safha: 307-353 dekhe'n)

Tambeeh: Kuch log Muhammad bin Yusuf ki riwayat ke bil-muqaabil Ibne Khusaifa ki riwayat ko is liye raajeh qaraar dete hain ke Ibne Khusaifa se riwayat karne waale shaagirdo'n ne rakat ki taadaad mein ikhtilaaf nahi kiya hai, jabke Muhammad bin Yusuf ke shagirdo'n ne taadaad-e-rakat mein ikhtilaaf kiya hai. Lihaaza Muhammad bin Yusuf ki riwayat marjooh hogi.

Awwalan: Arz hai ke is riwaayat mein Yazeed bin Khusaifa ke sirf aur sirf do (2) shagird hain, jabke Muhammad bin Yusuf ke aath (8) saaghird hain, un aath (8) mein se che (6) shagirdo'n ne muttafaqa taur par gyaara (11) rakat naql kiya hai. Yaane Ibne Khusaifa se agar do (2) shagirdo'n ne bil-ittifaaq bees (20) ki taadaad naql ki hai to Muhammad bin Yusuf se che (6) shagirdo'n ne bil-ittifaaq gyaara (11) ki taadaad naql ki hai.

Natija ye nikla ke Yazeed bin Khusaifa se jis taadaad ne muttafiq ho kar bees (20) naql kiya hai, us taadaad se teen (3) guna badi taadaad yaane che (6) shagirdo'n ne Muhammad bin Yusuf se muttafiq ho kar gyaara (11) naql kiya hai. Ahle baet agar ek (1) do (2) logo'n ne ikhtilaaf bhi kiya hai to usse koi farq nahi padta, zaahir hai ke jiske talaamiza ziyaada

honge, un mein ek (1) do (2) kamzor hifz waale bhi mil jaate hain jin se ghalati ho sakti hai.

Haa'n agar dono taraf shagirdo'n ki taadaad yaksaa'n hoti, yaane jis tarah is riwayat mein Yazeed bin Khusaifa ke sirf do (2) hi shagird hain, theek usi tarah Muhammad bin Yusuf ke bhi sirf do (2) hi shagird hote aur ye ikhtilaaf karte to baat kisi hadd tak qaabil-e-ghaur bhi thi, lekin muaamala aisa nahi hai. Kyounke Muhammad bin Yusuf ke shagirdo'n ki taadaad kai guna ziyaada hai.

Saniyan: Muhammad bin Yusuf ke che (6) shagirdo'n ne muttafaqa taur par ek (1) hi taadaad bayan ki hai, jin mein Imam Maalik, Yahya bin Saeed al-Qattan jaise jaleel-ul-qadr mohaddiseen bhi hain, lihaaza yahan ek-do (1-2) shagirdo'n ke ikhtilaaf ki koi haisiyat nahi.

Saalisan: Muhammad bin Yusuf ki shagirdo'n mein bhi ikthilaaf saabit nahi hai, jiski tafseel aarahi hai, kyounke jin che (6) shagirdo'n ne muttafaqa taadaad naql ki hai unki riwayaat saabit hain, usi tarah jis ne terah (13) ki taadaad naql ki hai wo bhi saabit hai, magar ye maanawi taur par gyaara (11) ki manaafi nahi hai. 'كما سيأتي' Jabke aathwaa'n 'na-maaloom' shakhs hai, lihaaza uske bayan ka koi etebaar hi nahi. Uski tafseel aarahi hai.

Ek (1) saahab ne likha hai: "*Hamare ilm ke mutaabiq Abdur Rahman Mubarakpuri se pehle kisi ek (1) mohaddis ne bhi is riwayat ko zaeef nahi kaha hai, lekin phir bhi Kifayat Saahab is riwayat ko zaeef saabit karne par tule hue hain*". (Majalla al-Ijma: Shumara 1 P16)

Yehi saahab ek (1) jagah na-cheez se mutaalaba karte hue likhte hain: "*Hamara ahle hadeeso'n se umooman aur Kifayat Saahab se khusoosan sawaal hai ke wo kam se kam Imam Nawavi ﷺ se pehle ka kisi ek (1) mohaddis se hawaala pesh kare'n jinho'n ne Ibne Khusaifa ki bees (20) rakat taraweeh waali riwayat ko zaeef kaha ho*". (Majalla al-Ijma: Shumara 1 P20)

Arz hai ke is riwayat par sabse pehle kisi mohaddis ki taraf se hukm laga hai to wo shuzooz hi ka laga hai, yaane sabse pehle is hadees ki tazeef hi ki gai hai aur ye hukm gyaara (11) rakat ke raawi Muhammad bin

Yusuf na lagaya hai, chunache ma-qabl mein guzr chuka hai aura age bhi baat aarahi hai ke jab Muhammad bin Yusuf ke shaagird ne bees (20) rakat ki taadaad ki baabat daryaaft kiya to Muhammad bin Yusuf ne uska sakhti se inkaar kiya aur uske liye Yazeed bin Khusaifa ko zimmedaar thehraya, jo saaf daleel hai ke Muhammad bin Yusuf bees (20) ki taadaad riwayat karne mein Yazeed bin Khusaifa ko khata-kaar thehra rahe hain. (Isi kitaab ka safha: P184, 253 dekhe'n)

Ruwaat Par Doosra Eteraaz

Kaha jaata hai ke Imam Maalik رحمہ اللہ se rakat-e-taraweeh ki taadaad ki riwayat mein ghalati hui, kyounke unke ustaz Muhammad bin Yusuf hi Dawood bin Qais ne bhi yehi riwayat bayan ki hai, lekin unho'n ne rakat ki taadaad gyaara (11) nahi ikkees (21) batlaai hai.

Abu al-Qaasim Rafefeq Dilaawari Saahab raqamtaraaz hain: "*Isi tarah hame'n yaqeen hai ke gyaara (11) ki riwayat jo Muwatta Imam Maalik mein hai isnaadan bilkul sahih hai, lekin hamare Ahle Hadees hazraat ki bad-qismati se Imam Maalik ikkees (21) ko gyaara (11) samajhne mein ghalat-fehmi ka shikaar ho gae the*". (At-Tauzeeh a'n Rakat at-Taraweeh: P170)

Arz hai ke ikkees (21) waali riwayat saabit hi nahi, lihaaza uski buniyaad par Imam Maalik رحمہ اللہ ki taghleet[1] hi be-maane hai.

Zel mein ham is riwayat ki haqiqat bayan karte hain.

Taghleet Imam Maalik رحمہ اللہ Ki Buniyaad Waali Munkar Riwayat:

Imam Abdur Razzaq رحمہ اللہ (d 211h) farmate hain:

عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ، وَغَيْرِهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ عُمَرَ جَمَعَ النَّاسَ فِي رَمَضَانَ عَلَى أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَعَلَى تَمِيمٍ الدَّارِيِّ عَلَى إِحْدَى وَعِشْرِينَ رَكْعَةً يَقْرَءُونَ بِالْمِئِينَ وَيَنْصَرِفُونَ عِنْدَ فُرُوعِ الْفَجْرِ.

"*Dawood bin Qais waghaera ne Muhammad bin Yusuf se naql kiya, unho'n ne Saaib bin Yazeed رضی اللہ عنہ se riwayat kiya ke unho'n ne kaha: Umar bin al-Khattab رضی اللہ عنہ ne ramzan mein logo'n ko Ubai bin Kaab aur Tamim Daari رضی اللہ عنہ ke saath ikkees (21) rakat taraweeh padhne ke liye jama kar*

[1] T: (تَغْلِيط) Ghalat qaraar dena [RSB]

diya. Ye sau-sau (100-100) aayaat padhte the aur fajr ke qareeb hi namaz se faarigh hote the". (Musannaf Abdur Razzaq: V4 P260)

Ye riwayat zaeef hai aur siqa-ruwaat ke khilaaf hai, lihaaza munkar hai. Uski illato'n ki tafseel mulaahaza ho:

Pehli Illat:

Imam Abdur Razzaq ne ye riwayat apne do (2) asaatiza se bayan ki hai:

① Dawood bin Qais.

② 'Waghaera' yaane ek (1) aur naam maaloom shakhs.

Jab koi mohaddis apne do (2) tareeq se ek (1) matn ke saath riwayat bayan kare to aam usool yehi hai ke wo matn dono turq ka maana jaaega, illa ye ke tareeq ki koi sareeh daleel mil jaae aur yahan sareeh daleel maujood hai ke Imam Abdur Razzaq ke dono ustaaz yaane 'Dawood bin Qais' aur 'ghaira (غيره)' (na-maaloom) ka matn mukhtalif hai. Chunache Muhammad bin Yusuf hi se Dawood bin Qais ki ye riwayat Imam Faryaab (d 301h) ne you'n naql ki hai:

حدثنا قتيبة، حدثنا وكيع عن داود بن قيس، عن محمد ابن يوسف الأعرج، عن السائب بن يزيد قال: كنا في زمن عمر بن الخطاب نفعله، يعني نربط الحبال في شهر رمضان بين السواري، ثم نتعلق بها حتى نرى فروع الفجر.

"*Saaib bin Yazeed ﷺ kehte hain ke ahd-e-farooqi mein, ham maah-e-ramzan mein, sutoono'n ke darmiyaan rassiyaa'n baandhte the, phir ham fajr ke zuhoor tak uska sahaara lete the*". (As-Siyaam lil-Faryaabi: P131 #175 [Sanad Sahih])

Mulaahaza farmae'n! Dawood bin Qais ki ye riwayat jo sahih sanad se saabit hai, us mein taadaad to dar-kinaar, sire se rakat hi ka zikr nahi, balke fajr tak rassiyo'n ka sahara lene ki baat hai, yaane kab tak namaz padhte the? Uska bayan hua hai.

Usse maaloom hai ke Dawood bin Qais ne is riwayat ko had-darja ikhtisaar ke saath bayan kiya hai aur sirf rassiyo'n ka sahara lene aur ikhtitaam-e-namaz ke waqt ko zikr kiya hai.

Ikhtitaam-e-namaz ka ye waqt Abdur Razzaq ki mazkoora riwayat mein bhi hai, lekin us mein rakat ki taadaad aur namaz ke aimma waghaera

ka bhi zikr hai.

Zaahir hai ke ye izaafi baate'n us na-maaloom shikhs hi ke matn ka hissa hain jin ka naam Imam Abdur Razzaq ne nahi batlaya hai, lihaaza us na-maaloom shakhs ke sabab ye riwayat zaeef hai. Yaad rahe ke ye tarz-e-amal yaane do (2) turq se mukhtalif alfaz ko yakja karke ek (1) hi siyaaq mein bayan karne ahle fan ke yahan na sirf maayoob baat hai, balke ba-kasrat aisa karna baais-e-jarh bhi hai, jaisa ke ma-qabl mein bataya gaya hai ke Waqidi par is wajah se bhi jarh ki gai hai.

Choonke Imam Abdur Razzaq se ye amal ba-kasrat saabit nahi hai, lihaaza is tarah ki ek-do (1-2) ghalati maaf hai, magar jis riwayat mein ye ghalati saabit ho gai wo riwayat us siyaaq mein sahih na hogi. Alaawa-baree'n aage is baat ka tazkira aaraha hai ke Imam Abdur Razzaq na-beena hone ke baad mutaghaiyyar ul-hifz ho gae the aur us haalat mein talqeen qubool kar liya karte the, yaane koi unki apni hi riwayat rad-o-badal ke saath bayan karta to usse bhi ittifaaq farma lete the, aur tabdeel ko bhaanp nahi paate the.

Zer-e-bahes riwayat Imam Abdur Razzaq se ad-Dabri ne bayan ki hai aur ad-Dabri ke baare mein bhi ahle fan ki shahadat hai ke ye bahut chote the jab unke waalid unhe'n Imam Abdur Razzaq ke halqa-e-dars mein baitha diya karte the. Jahan doosre log Imam Abdur Razzaq ki marwiyaat padh kar sunaate aur ad-Dabri use sunte. Mumkin hai ye riwayat jis halqa-e-dars mein ad-Dabri ne note ki hai, is mein kisi qaari ne Imam Abdur Razzaq ki us riwayat ke saath izaafa bhi bayan kar diya ho, jis par ya to Imam Abdur Razzaq mutanabba nahi ho sake, ya 'waghaera' keh kar uski izaafa-karda baat bhi shaamil-e-riwayat karli, shayad yehi wajah hai ke is taalib-e-ilm ka naam bhi na liya, balke, 'waghaera' keh kar uska hawaala de diya. *Wallahu aalam*.

<u>Doosri Illat</u>:

Ishaq bin Ibrahim ad-Dabri a'n Abdur Razzaq 'اسحاق بن ابراهيم الدبرى عن عبد الرزاق' ke tareeq mein zof. Musannaf Abdur Razzaq ke matbooa nuskhe mein mazkoora riwayaat ko Imam Abdur Razzaq se Ishaq bin Ibrahim ad-Dabri ne naql kiya hai aur is tareeq se Abdur Razzaq ki marwiyaat par

ahle fan ne kalaam kiya hai. Ishaq ad-Dabri ne Imam Abdur Razzaq se aakhri daur mein suna hai aur aakhir mein Abdur Razzaq ﷺ mukhtalat ho gae the. (Tafseel ke liye dekhiye: Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaeza: P247-248)

Lihaaza jab Imam Abdur Razzaq akheer mein mukhtalat ho gae the to jin logo'n ne unse ikhtilaat ke baad riwayaat ki hai wo hujjat nahi aur zer-e-tehqeeq riwayaat ko unse Ishaq ad-Dabri ne riwayat kiya jinho'n ne Imam Abdur Razzaq ke ikhtilaat ke baad unse riwayat ki hai.

Teesri Illat:

Imam Abdur Razzaq se naql karne waale 'Ishaq bin Ibrhim ad-Dabri' ye khud bhi mutakallim-feeh hain. (Tafseel ke liye dekhiye: Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaeza: P249-250)

Yaad rahe ke Musannaf Abdur Razzaq ki aam riwayaat Dabri ke tareeq se aane ke bawujood bhi maqbool hain, kyounke Dabri ki riwayat kitaab se hai, lekin jin riwayaat mein nakaarat aur mukhalifat ho wo Dabri ki wajah se mahl-e-nazr hongi.

Chauthi Illat:

Muhammad bin Yusuf ke che (6) shagirdo'n ne unse gyaara (11) ki taadaad naql ki hai. Un shagirdo'n mein Imam Maalik aur Imam Yahya bin Saeed jaise jaleel-ul-qadr mohaddiseen bhi hain, lihaaza jamhoor aur ausaq[1] ke khilaaf doosri taadaad batlaane waali ye riwayat munkar hai.

Riwayat-e-Mazkoora Ke Zaeef-o-Mardood Hone Ki Ek (1) Aur Zabardast Daleel:

Is riwayat ke zaeef-o-mardood hone ki ek (1) zabardast daleel ye bhi hai ke is riwayat mein Muhammad bin Yusuf ke hawaale se ikkees (21) ki taadaad naql ki gai hai, jabke Abu Bakr Nisapuri ki riwayat mein Muhammad bin Yusuf ke shagird Ismail bin Umaiya ne jab unse ye riwayat suni to unke ustaaz Muhammad bin Yusuf ne gyaara (11) ki taadaad batlaai, is par unke shagird Ismail bin Umaiya ne apne ustaaz ko rok kar poocha ke 'ya ikkees?' Is istifsaar par bhi Muhammad bin Yusuf

[1] T: (اَوثَق) Bohot mazboot, mazboot-tareen [RKT]

ne gyaara (11) ki taadaad riwayat ki aur ikkees ki taadaad se mutaalliq kaha ke ye to Yazeed bin Khusaifa bayan karte hain. Isse saabit hua ke Muhammad bin Yusuf ke hawaale se ikkees (21) ki taadaad naql karna saraasar ghalat hai, kyounke unho'n ne usse baraa-at zaahir kardi hai. والحمد لله

Is tafseel se maaloom huake ikkees (21) rakat waali riwayat saabit hi nahi, lihaaza use buniyaad bana kar Imam Maalik ﷺ ki taghleet karna bahut bada zulm hai.

Imam Abdul Bar ﷺ Ke Naqd Ka Jaaeza:

Allama Ibne Abdul Bar ﷺ (d 463h) ne jo ye kaha hai:

هكذا قال مالك في هذا الحديث إحدى عشرة ركعة، وغير مالك يخالفه فيقول في موضع إحدى عشرة ركعة (إحدى وعشرين) ولا أعلم أحدا قال في هذا الحديث إحدى عشرة ركعة غير مالك، والله أعلم.

"*Yaane Imam Maalik ﷺ ne gyaara (11) rakat riwayat kiya hai, jab ke Imam Maalik ke alaawa doosre raawi gyaara (11) rakat ke bajaae ikkees (21) rakat riwayat karte hain aur mujhe Imam Maalik ke alaawa ek (1) bhi raawi aisa nahi maaloom jisne is riwayat mein gyaara (11) rakat naql kiya ho*". (Al-Istizkaar: V2 P68)

Arz hai ke Allama Ibne Abdul Bar ﷺ ki ye baat durust nahi.

Awwalan: Allama Ibne Abdul Bar ﷺ ne ikkees (21) ki taadaad waali jin riwayaat par etemaad karke Imam Maalik ﷺ ki taghleet ki hai wo sahih nahi hai. كما مضى

Saniyan: Allama Ibne Abdul Bar ﷺ ne jo ye kaha hai ke mujhe ek (1) bhi raawi aisa nahi maaloom jis ne is riwayat mein gyaara (11) rakat naql kiya ho, ye bajaae khud bahut badi ghalati hai, kyounke Imam Maalik ke alaawa bhi bahut saare ruwaat ne usi riwayat ko bayaan karte hue gyaara (11) rakat ki taadaad naql ki hai, isi liye Imam Zarqaani ne Muwatta ki Sharah mein Allama Ibne Abdul Bar ki is baat ki bharpoor radd kiya hai.

Imam Zarqaani ﷺ farmate hain:

وَقَوْلُهُ: إِنَّ مَالِكًا انْفَرَدَ بِهِ، لَيْسَ كَمَا قَالَ، فَقَدْ رَوَاهُ سَعِيدُ ابْنُ مَنْصُورٍ مِنْ وَجْهٍ آخَرَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ فَقَالَ:

إِحْدَى عَشْرَةَ، كَمَا قَالَ مَالِك.

"*Ibne Abdul Bar ka ye kehna ke sirf Imam Maalik ne ye riwayat bayan karte hue gyaara (11) ki taadaad naql ki hai, durust nahi, kyounke Saeed bin Mansoor ne ek-doosre tareeq (Abdul Aziz bin Muhammad bin Obaid ad-Daraawardi) se Muhammad bin Yusuf se naql kiya aur us raawi ne bhi Imam Maalik ki tarah gyaara (11) ki taadaad naql ki hai*". (Sharah az-Zarqaani Alaa al-Muwatta: V1 P419)

Allama Subki (d 756h) bhi Haafiz Ibne Abdul Bar par rad karte hue farmate hain:

وَكَأَنَّهُ لَمْ يَقِفْ عَلَى مُصَنَّفِ سَعِيدِ بْنِ مَنْصُورٍ فِي ذَلِكَ فَإِنَّهُ رَوَاهَا كَمَا رَوَاهَا مالك عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ محمد بن يوسف شيخ مالك.

"*Lagta hai ke Ibne Abdul Bar ؒ Saeed bin Mansoor ki kitaab se waaqif hi nahi hue, kyounke us kitaab mein bhi Imam Maalik hi ki riwayat ke mutaabiq, Imam Maalik ke Shaikh Muhammad bin Yusuf se Abdul Aziz bin Muhammad ne riwayat kiya hai*". (Al-Haawi lil-Fataawa: V1 P417)

Balke Nemwi Hanafi bhi farmate hain:

مَا قاله ابن عَبْدِ الْبَرِّ مِنْ وَهَم مَالِكٍ فَغَلَطٌ جِدًّا، لأَنَّ مَالِكًا قَدْ تَابَعَهُ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عِنْدَ سَعِيدِ بْنِ مَنْصُورٍ فِي سُنَنِهِ، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ عِنْدَ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ فِي مُصَنَّفِهِ، كِلَاهُمَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، وَقَالَا: إِحْدَى عَشْرَةَ، كَمَا رَوَاهُ مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، وَأَخْرَجَ مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الْمَرْوَزِيُّ فِي قِيَامِ اللَّيْلِ مِنْ طَرِيقِ مُحَمَّدِ ابنِ إِسْحَاقَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ جَدِّهِ السَّائِبِ بن يَزِيدَ قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي فِي زَمَنِ عُمَرَ رضى الله عنه فِي رَمَضَانَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً، انتهى. هَذَا قَرِيبٌ مِمَّا رَوَاهُ مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ يُوسُفَ، أَي مَعَ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ.

"*Ibne Abdul Bar ne Imam Maalik ؒ ke wahem se mutaalliq jo baat kahi hai wo bilkul ghalat hai, kyounke Imam Maalik ؒ ki mutaaba-at Abdul Aziz bin Muhammad ne ki hai jaisa ke Sunan Saeed bin Mansoor mein hai aur Yahya bin Saeed al-Qattan ؒ ne bhi Imam Maalik ki mutaaba-at ki hai jisa ke Musannaf Ibne Abi Shaiba mein hai, chunache Abdul Aziz bin Muhammad aur Yahya bin Saeed al-Qattan, un dono Imamo'n ne (Imam Maalik hi ke Shaikh) Muhammad bin Yusuf se yehi riwayat naql ki hai aur un dono ne bhi isi tarah gyaara (11) rakat naql kiya hai. Jis tarah Imam Maalik ؒ ne naql kiya hai. Neez, Imam Mirwazi ؒ ne bhi*

qiyaam-ul-lail mein Muhammad bin Ishaq ke tareeq se riwayat ki to unho'n ne kaha: Mujh se Muhammad bin Yusuf ne bayan kiya, unho'n ne Saaib bin Yazeed ؓ se naql kiya ke unho'n ne kaha: Ham Umar Farooq ؓ ke daur mein terah (13) rakat padhte the. Ye riwayat bhi taqriban Imam Maalik ki Muhammad bin Yusuf se naql-karda riwayat hi ki tarah hai, baae'n-taur ke is riwayat mein isha ke baad ki do (2) sunnat rakat bhi shumaar karli gai hain". (Aasaar as-Sunan: V2 P52; dekhiye Tohfa al-Ahwazi: V3 P443)

Az hai ke uske alaawa bhi aur kai ruwaat ne BY se usi riwayat ko gyaara (11) ki taadaad ke saath naql kiya aur un sab ki kul taadaad che (6) hai.

Imam Maalik Ki Mutaaba-at:

Imam Maalik ؒ se gyaara (11) ki taadaad naql karne mein qatan koi ghalati nahi hui hai. Uski zabardast aur qatai daleel ye hai ke Imam Maalik ke ustaaz Muhammad bin Yusuf hi se che (6) aur raawiyo'n ne bhi yehi riwayat naql ki hai aur un sab ne bhi wohi taadaad naql ki hai jo Imam Maalik ؒ ne naql ki hai. Unke asma-e-giraami darj-e-zel hain:

- Ismail bin Umaiya bin Amr al-Quraishi ؒ (d 144h).
- Usama bin Ziad al-Laisi al-Madani Abu Zaid ؒ (d 153h).
- Ismail bin Jaafar bin Abi Kaseer al-Ansari ؒ (d 180h).
- Abdul Aziz bin Muhammad bin Obaid ad-Darawardi ؒ (d 186h).
- Imam Yahya bin Saeed al-Qattan ؒ (d 198h).
- Imam al-Maghaazi Muhammad bin Ishaq ؒ (d 150h).

In che (6) mutaba-aat mein se shuru ki paanch mutaba-aat mein saraahatan gyaara (11) ki taadaad ka zikr hai, jab ke chatti (6^{th}) mutaaba-at mein maanawi taur par ye taadaad mazkoor hai.

Zel mein un sab ki riwayaat mulaahaza ho'n.

Pehli Mutaaba-at az Ismail bin Umaiyya bin Amr bin Saeed al Quraishi:

Imam Abu Bakr Nisapuri ﷺ (d 324h) farmate hain:

حدثنا يوسف بن سعيد، ثنا حجاج، عن ابن جريج، حدثني إسماعيل بن أمية، أنّ محمد بن يوسف ابن أخت السائب بن يزيد أخبره، أنّ السّائب بن يزيد أخبره قال: جمع عمر بن الخطاب الناس على أبي بن كعب وتميم الداري، فكانا يقومان بمائة في ركعة، فما ننصرف حتى نرى أو نشك في فروع الفجر . قال: فكنا نقوم بأحد عشر.

"*Ismail bin Umaiya ﷺ ne Muhammad bin Yusuf se naql kiya, wo Saaib bin Yazeed ﷺ se naql karte hain ke unho'n ne kaha: Umar bin Khattab ﷺ ne logo'n ko Ubai bin Kaab aur Tamimdaari ﷺ ke saath taraweeh padhne ke liye jama kar diya, to ye dono ek (1) rakat mein sau (100) aayaat padhate the, phir jab ham namaz se faarigh hote to ham ko lagta ke fajr tuloo ho chuki hai. Saaib bin Yazeed ﷺ kehte hain ke ham gyaara (11) rakat padhte the*". (Fawaaid Abi Bakr an-Nisaburi: ق135/ب [Sanad Sahih];
(ورجاله كلهم من رجال الصحيحين خلا يوسف بن سعد فمن رجال النسائي وهو ثقة، و ابن جريج مدلس لكنه صرح بالتحديث في هذا السند)[1]

Note: Is riwayat ke aakhri mein Ismail bin Umaiya ka apne ustaaz se sawaal-o-jawaab bhi mazkoor hai jiska tazkira aage aaraha hai.

Doosri Mutaaba-at az Usama bin Zaid al-Laithi:

Imam Abu Bakr Nisapuri ﷺ (d 324h) farmate hain:

حدثنا الربيع بن سليمان، ثنا ابن وهب، حدثني ابن زيد، عن محمد بن يوسف عن السائب بن يزيد، قال: جمع عمر بن الخطاب الناس في قيام رمضان على أبي ابن كعب وتميم الداري كانا يقومان أحد عشرة ركعة.

"*Usama bin Zaid al-Laithi al-Madani ﷺ ne Muhammad bin Yusuf se naql kiya, wo Saaib bin Yazeed ﷺ se naql karte hain ke Umar bin Khattab ﷺ ne ramzan mein logo'n ko Ubai bin Kaab aur Tamimdaari ﷺ ke saath taraweeh padhne ke liye jama kar diya, to ye dono gyaara (11) rakat padhate the*". (Fawaaid Abi Bakr Abdullah bin Muhammad bin Ziyaad an-Nisaburi: ق135/ب [Sanad Sahiah] Sabhi rijaal siqaa hain inke tarjame At-Tehzeeb mein dekhiye)

[1] T: Aur iske raawi sab sahihain ke raawiyo'n mein shaamil hain. Siwaae Yusuf bin Saad ke, jo Nasai ke raawi hain aur wo siqa hain aur Ibne Juraij mudallis hain. Lekin unho'n ne is sanad mein hadees bayan karne ka sareeh zikr kiya hai [RSB]

Teesri Mutaaba-at az Ismail bin Jaafar bin Abi Kaseer al-Ansari:

Ali bin Hajr bin Ayaas as-Saadi (d 244h) farmate hain:

ثنا إِسْمَاعِيلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ الْكِنْدِيُّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ أَنَّهُمْ كَانُوا يَقُومُونَ فِي زَمَنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ بِإِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً يَقْرَءُونَ فِي الرَّكْعَةِ بِالْمِائَتَيْنِ حَتَّى إِنَّهُمْ لَيَعْتَمِدُونَ بِالْعِصِي.

"*Ismail bin Umaiya ne Muhammad bin Yusuf se naql kiya, wo Saaib bin Yazeed ﷺ se naql karte hain ke unho'n ne kaha ke log Umar Farooq ﷺ ke daur mein gyaara (11) rakat taraweeh padhte the, aur ek-ek (1-1) rakat mein sau-sau (100-100) aayaat padhte the, yahan tak ke taweel qiyaam ki wajah se lakdi par tek laga kar khade hote the*". (Ahadees Ismail bin Jaafar: 440 [Sahih alaa shart ash-shaikhain; Ismail bin Jaafar ki tareeq se Fazaail al-Quran: V1 P406)

Chauthi Mutaaba-at az Abdul Aziz bin Muhammad bin Obaid ad-Darawardi:

حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي محمد بن يوسف سَمِعْتُ السَّائِبَ بنَ يَزِيدَ يَقُولُ: كُنَّا نَقُومُ فِي زَمَانِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ بِإِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً، نَقْرَأُ فِيهَا بِالْمِئِينَ، وَنَعْتَمِدُ عَلَى الْعِصِيِّ مِنْ طُولِ الْقِيَامِ، وَنَنْقَلِبُ عِنْدَ بُزُوغِ الْفَجرِ.

"*Abdul Aziz bin Muhammad ad-Darawardi ﷺ ne Muhammad bin Yusuf se naql kiya, wo Saaib bin Yazeed ﷺ se naql karte hain ke unho'n ne kaha: Ham Umar Farooq ﷺ ke zamane mein gyaara (11) rakat taraweeh padhte the, ham sau-sau (100-100) aayaat padhte the, lakdi par tek laga kar khade hote the aur tuloo-e-fajr ke qareeb hi namaz se faarigh hote the*". (Al-Haawi lil-Fataawa: V1 P416; Al-Masabeeh Fee Salaat at-Taraweeh li-Suyuti: P38 [Sanad Sahih])

Allama Submit ﷺ ne is riwayat ko had-darja sahih qaraar dete hue kaha:

وَفِي مُصَنَّفِ سَعِيدِ بْنِ مَنْصُورٍ بِسَنَدٍ فِي غَايَةِ الصِّحَّةِ.

"*Yaane Saeed bin Mansoor ki kitaab mein had-darja sahih sanad ke saath ye riwayat marwi hai*". (Al-Haawi Lil Fataawa lis-Suyuti: V1 P417)

Tambeeh: Baaz hazraat se chook hui hai aur unho'n ne Imam Subki ki us tasheeh ko Imam Suyuti ki tasheeh samajh liya, masalan Haafiz Zubair Ali Zai Saahab likhte hain: "*Jalaluddin Suyuti (d 911h) is riwayat ke baare*

mein likhte hain: ‘وفي مصنف سعيد بن منصور بسند في غاية الصحة’ *“Aur ye (gyaara (11) rakat waali riwayat) musannif Saeed bin Mansoor mein bahut sahih sanad ke saath hai”*. (Al-Masabeeh Fee Salaat at-Taraweeh: P15; Qiyaam-e-Ramzan: P25, 35, P49, P79)

Arz hai ke ye tasheeh Imam Suyuti ؒ kin ahi, balke Imam Subki ki hai jise Imam Suyuti ne naqal kiya hai.

Paanchwee’n Mutaaba-at az Imam Yahya bin Saeed ؒ:

Imam Ibne Abi Shaiba ؒ (d 235h) farmate hain:

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، أَنَّ السَّائِبَ أَخْبَرَهُ أَنَّ عُمَرَ جَمَعَ النَّاسَ عَلَى أُبِي وَتَمِيمٍ فَكَانَا يُصَلِّيَانِ إِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً ، يَقْرَآنِ بِالْمِئِينَ، يَعْنِي فِي رَمَضَانَ.

“Imam Yahya bin Saeed al-Qattan ؒ ne Muhammad bin Yusuf se naql kiya, wo Saaib bin Yazeed ؓ se naql karte hain ke Umar bin Khattab ؓ ne ramzan mein logo’n ko Ubai bin Kaab aur Tamim Daari ؓ ke saath taraweeh padhne ke liye jama kar diya, to ye dono gyaara (11) rakat padhate the aur har rakat mein sau-sau (100-100) aayaat padhate the”. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V2 P91 [Sanad Sahih]; Taareekh al-Madina: V2 P713 li Umar bin Shubbah)

Chatti Mutaaba-at az Imam Ibne Ishaq ؒ:

Imam Abu Bakr Nisapuri ؒ (d 324h) farmate hain:

حدثني أبي، عن ابن إسحاق، قال: حدثني محمد بن يوسف بن عبد الله ابن أخت السائب، عن السائب، قال: كُنَّا نُصَلِّي فِي زَمَنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فِي رَمَضَانَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً وَمَا كُنَّا نَخْرُجُ إِلَّا فِي وِجَاهِ الصُّبْحِ، كَانَ الْقَارِىءُ يَقْرَأُ فِي كُل رَكْعَةٍ خَمْسِينَ آيَةٌ سِتِّينَ آية.

“Imam Muhammad bin Ishaq ne Muhammad bin Yusuf se naql kiya, wo Saaib bin Yazeed ؓ se naql karte hain ke unho’n ne kaha: Ham Umar Farooq ؓ ke daur mein ramzan mein terah (13) rakat padhte the aur ham subh ke qareeb hi namaz se faarigh hote the. Qaari ek (1) rakat mein pachaas (50) se saath (60) aayaat ki tilaawat karta tha”. (Fawaaid Abi Bakr Abdullah bin Muhammad bin Ziyaad an-Nisaburi: أ/136ق [Sanad Hasan])

Tatbeeq:

Ibne Ishaq ki is riwayat mein bhi maanawi taur par Imam Maalik ki mutaaba-at ki gai hai, kyounke us mein jo terah (13) rakat ka zikr hai, wo Imam Maalik ki riwayat mein mazkoor gyaara (11) rakat ke mukhaalif nahi hai. Kyounke dono mein tatbeeq mumkin hai aur wo is tarah ke Ibne Ishaq ki riwayat mein isha ke baad ki do (2) sunnat rakat bhi shumaar kar li gai hai.

Tatbeeq-e-Mazkoor Ki Misaal:

Is tatbeeq ki misaal Allah ke Nabi ﷺ ki salaat-ul-lail se mutaalliq sahihain mein marwi mukhtalif riwayaat bhi hain. Chunache Hazrat Ayesha ؓ ki maaroof riwayat mein ye taadaad gyaara (11) rakat batlaai gai hai. (Sahih Bukhari: H2013) Jabke sahabi-e-rasool Zaid bin Khalid al-Johni ؓ ne ye taadaad terah (13) rakat batalate hue kaha hai: ‘فَذَلِكَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً’ *“To ye terah (13) rakate’n ho gaee’n*”. (Sahih Muslim: H765)

Bukhari-o-Muslim ki ye dono riwayaat baaham muztarib ya ek-doosre ke khilaaf nahi hain, balke un dono mein tatbeeq ki soorat ye hai ke Zaid bin Khalid al-Johni ؓ ne Isha ke baad ki do (2) rakat bhi shumar karli hain, jaisa ke unki riwayat ke siyaaq se saafi zaahir hai aur hadees-e-Ayesha ke tahat us par poori tafseel guzar chuki hai.

Ham kehte hain yehi soorat-e-tatbeeq Imam Maalik ki riwayat aur Ibne Ishaq ki riwayat ke maabaen bhi ikhtiyaar ki jaaegi.

Ghar Ki Misaal:

Lutf to ye hai ke ikhtilaaf ki yehi soorat-e-haal ahnaaf ki un zaeef-o-mardood mustadal[1] riwayaat mein bhi hain jinhe’n wo bees (20) rakat ki daleel mein pesh karte hain. Chunache un riwayaat mein se:

- Kisi mein bees (20) rakat ka zikr hai. (Kitab as-Siyaam lil-Faryaabi: P185)
- To kisi mein ikkees (21) rakat ka zikr hai. (Musannaf A. Razzaq: V4 P260 H7730)

[1] T: (مُستَدَل) Jis par daleel pesh ki gai ho, jo saabit ho, suboot ko pohoncha hua, mudallal [RKT]

To kisi mein te-ees (23) rakat ka zikr hai. (Musannaf A. Razzaq: V4 P261 H7733)

Lekin ahnaaf ko yahan iztiraab nazar nahi aata, balke wo bade maze se unke mabaen tatbeeq de kar mutmaeen ho jaate hain aur iztiraab ka naam tak nahi lete.

Arz hai ke agar bees (20), ikkees (21), te-ees (23) mein tatbeeq mumkin hai to gyaara (11) aur terah (13) mein tatbeeq kyounkar na-mumkin hai?

Balke ek (1) mauzoo riwayat mein sataees (27) rakat ka zikr aaya to ahnaaf ne us mein ibtidaai chaar (4) rakat ke baare mein kaha ke ye isha ki chaar (4) farz rakat thee'n. كما سيأتي

Al-gharz Imam Maalik ki riwayat aur Imam Ibne Ishaq ki riwayat mein baae'n-taur tatbeeq mumkin hai ke Imam Maalik ki riwayaat mein khaalis rakat-e-taraweeh ka bayan hai, jabke Imam Ibne Ishaq ki riwayat mein rakat-e-taraweeh ke saath isha ke baad ki do (2) rakat sunnat bhi shumaar karli gai hain.

Ghar Ki Shahaadat:

Chunache deobandiyo'n ke Allama Nemwi Hanafi ne bhi Imam Malik ki riwayat mein aur Imam Ibne Ishaq ki riwayaat mein yehi tatbeeq deen-e-islaam hai aur phir ye tatbeeq dene ke baad Imam Ibne Ishaq ki us riwaya tko Imam Malik ki riwayat ki mutaaba-at ke zimn mein pesh kiya hai. Mulaahaza ho'n mausoof Nemwi Hanafi ke alfaaz:

لِأَنَّ مَالِكًا قَدْ تَابَعَهُ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عِنْدَ سَعِيدِ بْنِ مَنْصُورٍ فِي سُنَنِهِ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ عِنْدَ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ فِي مُصَنَّفِهِ كِلَاهُمَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ وَقَالَا إِحْدَى عَشْرَةَ كَمَا رَوَاهُ مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، وَأَخْرَجَ مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الْمَرْوَزِيُّ فِي قِيَامِ اللَّيْلِ مِنْ طَرِيقِ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ جَدِّهِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي فِي زَمَنِ عُمَرَ هُ فِي رَمَضَانَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً، انتهى . هَذَا قَرِيبٌ مِمَّا رَوَاهُ مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، أَيْ مَعَ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ.

"*Kyounke Imam Maalik رحمه الله ki mutaaba-at Abdul Aziz bin Muhammad ne ki hai jaisa ke Sunan Saeed bin Mansoor mein hai aur Yahya bin Saeed al-Qattaan رحمه الله ne bhi Imam Malik ki mutaaba-at ki hai, jaisa ke Musannaf Ibne Abi Shaiba mein hai. Chunache, Abdul Aziz bin Muhammad aur Yahya bin Saeed al-Qattaan, un dono imaamo'n ne*

(Imam Malik hi ke Shaikh) Muhammad bin Yusuf se yehi riwayat naql ki hai aur un dono ne bhi isi tarah gyaara (11) rakat naql kiya, jis tarah Imam Malik ﷺ ne naql kiya hai. Neez, Imam Mirwazi ﷺ ne qiyaam-ul-lail mein Muhammad bin Ishaq ke tareeq se riwayat ki to unho'n ne kaha: Mujh se Muhammad bin Yusuf ne byana kiya, unho'n ne Saaib bin Yazeed ﷺ se naql kiya ke unho'n ne kaha: Ham Umar Farooq ﷺ ke daur mein terah (13) rakat padhte the. Ye riwayat bhi taqriban Imam Malik ki Muhammad bin Yusuf se naql-karda riwayat hi ki tarah hai, baae'n-taur ke is riwayat mein Isha ke baad ki do (2) sunnat rakat bhi shumaar karli gai hain". (Aasaar as Sunan: V2 P52; Tohfa al-Ahwazi: V3 P443)

Mumkin hai kisi ke zehen mein ye ishkaal aae ke Ibne Ishaq ne ba-jamaat namaz-e-taraweeh ki taadaad riwayat ki hai aur isha ki sunnat ba-jamaat nahi padhi jaati to Ibne Ishaq us mein sunnat-e-isha ko kaise shaamil kar sakte hain? To arz hai ke Ibne Ishaq ne shuru mein jis usloob se ye rakat bayan ki hain un mein jamat ke saath padhne ki saraahat nahi ahi. Balke unho'n ne ijmaal ke saath bayan kiya hai, lihaaza unki riwayat mein sunnat-e-isha baghaer jamat aur namaz-e-taraweeh ba-jamaat dono shaamil hai.

Aur agar Ibne Ishaq ki riwayat aur Imam Malik ki riwayat mein tatbeeq na di jaae aur ye maana jaae ke Ibne Ishaq ki is riwayat Imam Malik ki riwayat se mukhtalif hai to daree'n soorat Ibne Ishaq ki riwayat shaaz qaraar paaegi, kyounke Ibne Ishaq siqa hain aur baaz ne unke hifz par kalaam bhi kiya hai. Jabke Imam Maalik ﷺ ausaq aur ahfaz hain aur ausaq ke khilaaf siqa ki riwayat shaaz qaraar paati hai.

Mazeed bar-aa'n Imam Maalik ﷺ ki mutaaba-at bhi chaar (4) ruwaat ne ki hai jin min Yahya bin Saeed al-Qattaan jaise zabardast mohaddis bhi hain. Aisi soorat mein laazmi taur par Imam Maalik ki riwayat raajeh hogi aur Ibne Ishaq ki riwayat shaaz-o-na-qaabil-e-iltifaat hogi.

Lekin hamari nazar mein tatbeeq ki soorat hi behtar hai, kyounke uski nazeer hame'n sahihain ki riwayat mein bhi milti hai.

Faaeda: Haafiz Zubair Ali Zai Saahab farmate hain: "*Ye riwayat ba-sanad-e-muttasal nahi mili, lihaaza mardood hai*". (Qiyaam-e-Ramzan: P36)

Arz hai ke is riwayat ki muttasil sanad Fawaaid Abi Bakr Abdullah bin Muhammad bin Ziyaad an-Nisapuri mein maujood hai, jise oopar naql kiya gaya hai aur ye sanad hasan hai, lihaaza maqbool hai.

Phir hamare nazdeek ye riwayat, Imam Maalik ki riwayat ke mukhaalif nahi, balke maanawi taur par uski muaiyyad[1] hai, lekin agar koi Ibne Ishaq ki riwayat ko Imam Maalik ki riwayat ke khilaaf samjhe to use laazmi taur par Ibne Ishaq ki riwaya tko shaaz tasleem karna chaahiye, kyounke Ibne Ishaq hifz-o-itqaan mein Imam Maalik se kamtar hain aur apni riwayat mein munfarid bhi hain. Jabke Imam Maalik unki nisbat ausaq aur ahfaz hain aur apni riwayat mein munfarid bhi nahi, balke Yahya bin Saeed jaise jaleel-ul-qadr mohaddis samet paanch (5) ruwaat ne unki mutaaba-at ki hai. كما مضٰى، وللّٰه الحمد

Note: Baaz hazraat ne Ibne Abi Shaiba waghaera se munqata-o-zaeef shawaahid bhi pesh karte hain, us silsile mein arz hai ke ye tamaam shawaahid munqata hone ke saath-saath Muwatta ki us saabit-shuda riwayat ke khilaaf hain, lihaaza munkar hain aur munkar riwyaat hamesha munkar hi hoti hai wo shawaahid ke laayaq nahi hoti.

Is poori tafseel se maaloom hua ke Muwatta Imam Malik ki riwayat aala darje ki sahih-o-hujjat hai.

Mutaaba-at Par ek (1) Eteraaz Aur Uska Jaaeza:

Maulana Tahir Gyaawi Saahab ne mazkoora-baala mutaba-aat ko rad karne ke liye shagofa choda hai ke un mutaba-aat mein gyaara (11) rakat ke alfaaz to hain, lekin ye bayan nahi hai ke unka hukm Umar Farooq ﷺ ne diya tha.

Farmate hain: "*Un mein se ek (1) bhi ba-hukm farooqi gyaara (11) rakat padhne ki riwayat nahi karta, balke sab ke sab sirf gyaara (11) rakat naql karte hain. Pas ba-hukm-e-farooqi gyaara (11) rakat ki riwayat mein Imam Maalik munfarid-o-tanha reh jaate hain, aur unka koi mutaabe nahi hai. Bana-baree'n Allama Ibne Abdul Bar ka khayaal apni jagah bilkul durust hai ke Imam Malik ke alaawa kisi ne ye gyaara (11) rakato'n*

[1] T: (مُؤَيَّد) Jis ki taaeed ki jaae, jis ki himaayat ki jaae [RKT]

ka ba-hukm-e-farooqi padhna riwayat nahi kiya hai". (Ahsan at-Tanqeeh: P345)

Ham kehte hain:

Awwalan: Is iqtibaas ki aakhri sutoor par tawaajo de'n ke Maulana Gyaawi Saahab ne apne shagofe ko Allama Ibne Abdul Bar ki taraf bhi mansoob kar diya hai, halaanke Allama Ibne Abdul Bar ne apne naqd mein 'hukm-e-farooqi ki saraahat' ko buniyaad hargiz nahi banaya hai. Balke 'gyaara (11) rakat' ko buniyaad banaya hai. Neez unho'n ne apne naqd ko mudallal karne ke liye Imam Maalik ki riwayat ke khilaaf chaubees (24) rakat waali riwayaat pesh ki hain. Un mein is baat ka iltizaam nahi kiya hai ke wohi riwayaat pesh kare'n jin min 'hukm-e-farooqi ki saraahat' ho.

Munaasib maaloom hota hai ke dobaara Imam Ibne Abdul Bar ke naqd ki talkhees pesh kardi jaae.

Imam Ibne Abdul Bar رحمه الله ne sabse pehle ye kaha:

ولا أعلم أحدا قال في هذا الحديث إحدى عشرة ركعة غير مالك، والله أعلم.

"*Mujhe nahi maaloom ke is hadees mein kisi en ne bhi 'gyaara (11) rakat' kaha hai, siwaae Malik ke.* والله أعلم". (Al-Istizkaar li-Ibne A. Bar: V2 P68)

Mulaahaza farmae'n! Imam Maalik ke siwa kisi se sire se 'gyaara (11) rakat' ke alfaaz hi ko maadoom bata rahe hain, na ke in alfaaz ke saath 'hukm-e-farooqi ki saraahat' ko. Lekin, Maulana Gyaawi Saahab ka kamaal dekhe'n ke kis tarah se baat ko ghuma diya aur naqd ko 'gyaara (11) rakat' ke alfaaz se hata kar 'hukm-e-farooqi ki saraahat' ke saath jod diya. Ye tehreefi kaarwaai na sirf ye ke ilmi bad-dayaanati hai, balke Imam Ibne Abdul Bar ki tanqees bhi hai, kyounke naqd mein aisi harf-parasti aur be-tukki baato'n ka muzaahara na unki kitaabo'n mein milta hai aur na unke shayaan-e-shaan hai.

Ab aage badhiye! Imam Ibne Abdul Bar رحمه الله ne iske baad Imam Maalik ki riwayat ke khilaaf jo deegar riwayaat zikr ki hain wo ye hain:

① Dawood bin Qais waali, (jo zaeef hai aur peeche guzar chuki hai).

② Yahya bin Saeed ki riwayat (jo munqata hai aura age aarahi hai).

③ Haaris bin Abdur Rahman ki riwayat (jo mauzoo aur manghadat hai aur peeche guzar chuki hai).

④ Yazeed bin Rumaan ki riwayat (jo munqata hai aura age aarahi hai).

Uske baad kaha: 'وهذا كله يشهد بأن الرواية بإحدى عشرة ركعة وهم وغلط' "*Ye saari riwayaat batlaati hain ke gyaara (11) rakat waali riwayat wahem aur ghalat hai*". (Al-Istizkaar li-Ibne A. Bar: V2 P69)

In chaaro'n riwayaat ke alfaaz ham is kitab mein naql kar chuke hain. Agar Maulana Tahir Gyaawi Saahab ki falsafa-sanji ko ba-rooe-kaar laakar unke alfaaz par ghaur kiya jaae to un mein se koi riwayat bhi Imam Maalik ki riwayat ke mukhaalif na hogi, kyounke pehli, teesri aur chauthi riwayaat Maulana Gyaawi Saahab ke meyaar par hukm-e-farooqi bayan nahi kartee'n. Doosri riwayat mein hukm-e-farooqi zaroor hai. Lekin ye hukm Ubai bin Kaab aur Tameem Daari ﷺ ke liye nahi balke 'رَجُلًا' ke lafz se na-maaloom shakhs ke liye hai.

Ahle baet ghaur kare'n ke Imam Ibne Abdul Bar ke pesh-e-nazar bhi agar Gyaawi Saahab jaisi shagofa sanji[1] hi thi to unho'n ne un ghair-mutaalliq riwayaat ko Imam Maalik ki riwayat ke khilaaf kaise pesh kar diya?

Saaf waazeh hai ke Imam Ibne Abdul Bar ﷺ ke ilm mein sire se gyaara (11) rakat waali koi riwayat hai hi nahi hai, aur agar unki nigaah in riwayaat par pad jaati jin mein usi tareeq se gyaara (11) rakat manqool hai to wo hargiz Imam Maalik ki taghleet na karte.

Yehi wajah hai ke jisne bhi is tareeq mein gyarah rakat ke alfaaz dekhe, usne fauran Imam Maalik ka difa kiya, hatta ke khud Nemwi Hanafi bhi gyaara (11) rakat waali riwayaat dekh kar Imam Maalik ki taaeed kiye baghaer nahi reh sake, aur unho'n ne bhi Imam Ibne Abdul Bar ki is chook par tambeeh karna zaroori samjha, jaisa ke hawaale guzar chuke

[1] T: (شگوفه سنجی) Be-buniyaad baate'n karna, khalaa mein baate'n karna, Shaikh Kifayat yahan ye kehna chaahte hain ke Gyaawi Saahab ki baat haqiqat par mabni nahi aur sirf unki khush-khyaali ya unka khush-numa bayaan hai [RSB]

hain.

Yahan ye wazaahat bhi dilchaspi se khaali na hogi ke Maulana Tahir Gyaawi Saahab ne mutaaba-at par ye eteraaz is gharz se kiya ke Imam Ibne Abdul Bar ke naqd ko mabni-bar-sawaab qaraar de'n, lekin dar-haqiqat unke us eteraaz ne Imam Ibne Abdul Bar ke naqd ke bhi parkhacche udaa diye hain, kyounke matn ka ye ikhtilaaf un riwayaat mein bhi hai jin ko buniyaad bana kar Haafiz Ibne Abdul Bar ne naqd kiya tha.

Saniyan: Qaabil-e-ghaur baat ye hai ke saari mutaaba-at ek (1) hi tareeq: 'عن محمد بن يوسف، عن السائب بن يزيد' se hain, aur buniyadi mazmoon bhi ek (1) hi hai, jiska matlab ye hua ke sab ka makhraj ek (1) hi hai, lihaaza jab saari mutaaba-at muttahid al-makhraj hain to sab ka taalluq ek (1) hi waaqia se hoga aur alfaaz ke ikhtilaaf ko ikhtisaar-o-tafseel aur riwayat bil-maane par mahmool kiya jaaega.

Saalisan: Maulana Tahir Gyaawi Saahab ka ye farmana bhi durust nahi hai ke Imam Maalik ki mutaaba-at mein hukm-e-farooqi ka bayaan nahi, kyounke kai mutaba-aat mein ye alfaaz hain: 'جمع عمر بن الخطاب' yaane Umar bin Khattab ﷺ ne logo'n ko jama kiya, uske baad gyaara (11) rakat ka zikr hai jisse saaf zaahir hai ke Umar Farooq ﷺ ne jis tarah jamat par jama kiya tha, isi tarah gyaara (11) rakat par bhi jama kiya tha, usse inkaar siwaae harf-parasti aur maanawi tehreef ke kuch nahi.

Raabian: Ye baat bhi ghau rkarne ki hai ke alfaaz ka jo zaahiri ikhtilaaf hai wo adad-e-rakat ke alaawa deegar hisso'n se mutaalliq hai, lekin adad-e-rakat yaane 'gyaara (11) rakat' ke alfaaz par saari mutaaba-at mein ittifaaq hai, is liye ikhtilaaf ka koi asar bhi hoga to wo deegar hisso'n se mutaalliq hoga, lekin adad-e-rakat par koi harf nahi aasakta.

Khamsan: Sabse ahem baat to ye ke Imam Maalik ki riwayat ki tasheeh ke liye un mutaba-aat ki zaroorat bhi nahi hai, kyounke Imam Maalik ki riwayat ke khilaaf jo bhi riwayaat hain un mein se ek (1) bhi riwayat sahih-o-saabit hi nahi hai.

Saadisan: Bil-farz ye tasleem kar le'n ke mutaba-aat waali riwayaat alag

riwayaat hain tab to Sahaba se gyaara (11) rakat taraweeh ke suboot mein riwayaat ki qitaar lag jaaegi, kyounke har riwayat se sahaba ki alag-alag jamat se saabit hoga ke wo gyaara (11) rakat hi padhte the aur Imam Maalik ki riwayat bhi mehfooz-o-sahih bar-qaraar rahegi, kyounke uske khilaaf ek (1) riwayat bhi saabit nahi hai.

Kya Imam Maalik Ne Bhi Bees (20) Rakat Ki Taadaad Riwayat Ki Hai?

Maulana Tahir Gyaawi Saahab ne mutaaba-at ko radd karne ke liye jis laffaazi ka sahaara liya tha, uski ahsan tariqa se tanqeeh kardi gai hai, usi zimn mein mausoof ne usse bhi ziyaada ajooba-nigaari ye ki hai ke Haafiz Ibne Hajar ﷺ ke ek (1) wahem ko bhi apne haq mein bataur-e-daleel istemaal kar liya, chunache Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne sabqat qalmi ya waham se ye likh diya tha:

وروى مالك من طريق يزيد بن خصيفة عن السائب بن يزيد عشرين ركعة، وهذا محمول على غير الوتر.

"*Imam Maalik ne Yazeed bin Khusaifa a'n as-Saaib bin Yazeed ke tareeq se bees (20) rakat riwayat kiya hai aur ye witr ke alaawa par mahmool hai*". (Fath-ul-Baari: V4 P254 [P: As-Salafiya])

Imam Shaukani ne bhi Fath-ul-Baari ki usi riwayat se dhoka kha kar usi riwayat ko Imam Maalik ki taraf mansoob kar diya. Un dono ahle ilm ki us chook se faaeda uthaate hue Maulana Tahir Gyaawi Saahab ne ye daawa kar diya ke Yazeed bin Khusaifa ki bees (20) rakat waali riwayat Imam Maalik ne bhi riwayat ki hai. (Ahsan at-Tanqeeh: P351-354)

Halaanke ye Haafiz Ibne Hajar ﷺ ka wahem hai, kyounke Yazeed bin Khusaifa waali riwayat na Muwatta Maalik mein hai aur na Imam Maalik hi ke tareeq se kisi aur kitab mein uska koi naam-o-nishaan hai.

Isi liye Allama Albani ﷺ ne kaha: 'وعزاه الحافظ في الفتح لمالك فوهم' "*Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne Fath-ul-Baari mein waham ka shikaar ho kar use Imam Maalik ki taraf mansoob kar diya*". (Salaat at-Taraweeh: P49)

Uski ek (1) daleel ye bhi hai ke khud Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne *Al Hidaya* ki takhreej mein jahan taadaad-e-rakat waali riwayaat par bahes ki hai, wahan Ibne Khusaifa ki bees (20) rakat waali is riwayat ko sirf Imam

Bayhaqi ki taraf mansoob kiya hai aur Imam Maalik ki taraf sirf Yazeed bin Rumaan waali munqata riwayat mansoob ki hai. (Ad-Durriya Fee Takhreej Ahadees al-Hidaya: V1 P203)

Waazeh rahe ke Haafiz Ibne Hajar رحمہ اللہ ko Fath-ul-Baari mein mutaaddid riwayaat ke intisaab mein wahem hua hai, balke khud Sahih Bukhari hi ki riwayat ki taraf ihaala[1] karne mein unse sahoo hua hai, chunache salaat-ul-lail hi ki rakat par bahes ke dauraan mein ek (1) muqaam par likhte hain:

وأما ما رواه الزهري عن عروة عنها كما سيأتي في باب ما يقرأ في ركعتي الفجر بلفظ، كان يصلي بالليل ثلاث عشرة ركعة ثم يصلي إذا سمع النداء بالصبح ركعتين خفيفتين.

"*Rahi wo riwayat jise zohri ne Urwah ke waaste se Amma Ayesha رضی اللہ عنہا se riwayat kiya hai, jaisa ke* 'باب ما يقرأ في ركعتي الفجر' *ke tahat ye riwayat aarahi hai, uske alfaaz hain: Aap ﷺ terah (13) rakat padhte the, phir jab fajr ki azaan sunte the to do (2) halki rakat padhte*". (Fath-ul-Baari: V3 P21 [P: As-Salafiya])

Halaanke Sahih Bukhari mein mazkoora baab mein ye riwayat '*Zohri*' ne nahi, balke 'هشام بن عروه' (Hisham bin Urwa) ne Urwa ke waaste se Amma Ayesha رضی اللہ عنہا se naql ki hai. (Sahih Bukhari: H1170)

Imam Zohri ne Urwa ke waaste se Amma Ayesha رضی اللہ عنہا se jo riwayat naql ki hai us mein shuru mein terah (13) nahi, balke gyaara (11) rakat padhne ki baat hai aur uske baad fajr ki door rakat sunnat padhne ki baat hai, un riwayaat ke mabain tatbeeq par bahes Hadees-e-Ayesha رضی اللہ عنہا ke zimn mein ho chuki hai.

Yahan maqsood ye dikhlana hai ke Haafiz Ibne Hajar رحمہ اللہ wahem ke sabab jab khud Sahih Bukhari mein maujood Hisham ki riwayat ko Zohri ki taraf mansoob kar sakte hain to agar Bayhaqi ki riwayat ko Maalik ki taraf mansoob kar diya to us mein koi taajjub ki baat nahi hai.

Insaaf-pasand aadmi ko auhaam-parasti ke bajaae haqiqato'n par iman laana chaahiye.

[1] T: (احالہ) Hawaala dena, tawajjo dena [RSB]

Kya Is Riwayat Ke Ruwaat Ka Amal Uske Khilaaf Hai?

Baaz log ye eteraaz bhi karte hain ke is riwayat ke jo raawi hain, sabke amal uske khilaaf hai.

Arz hai:

Awwalan: Is riwayat ke kisi ek (1) bhi raawi ka amal uske khilaaf nahi hai, is silsile mein jo riwayaat pesh ki jaati hain wo sab ki sab zaeef hain.

Saniyan: Bil-farz kisi raawi ka amal uske khilaaf bhi saabit ho to uska matlab sirf ye hai ke us raawi ne nafil samajh kar apni taraf se kuch rakat ziyaada padhi hain, lekin us raawi ne nafil samajh kar apni taraf se kuch rakat ziyaada padhi hain, lekin iska ye matlab hargiz nahi ho sakta ke usne gyaara (11) rakat ki riwayat bayan hi nahi ki. (Anwaar al-Badar: P395-397)

Is poori bahes se natija ye nikla ke Muwatta Imam Maalik ki riwayat bilkul sahih hai, balke sahihain ki shart par sahih hai aur us par kisi bhi tarah ke eteraaz ki koi gunjaaish nahi.

Kya Muhammad bin Yusuf Ne Apni Bayan-karda Taadaad 'Gyaara (11) Rakat' Se Rujoo Kar Liya Tha?

Muhammad bin Yusuf Ki Ek (1) Riwayat Mein Lafzi-o-Maanawi Tehreef Ki Nakaam Koshish:

Guzishta bahes mein Muhammad bin Yusuf ki ye riwayat bhi guzri hai ke jab unho'n ne apne halqa-e-dars mein apne ustaaz Ibn as-Saaib ki sanad se gyaara (11) rakat ki riwayat bayan ki to unke ek (1) shaagird ne daryaaft kiya ke 'ya ikkees (21)?'. Jis par Muhammad bin Yusuf ne ikkees (21) rakat ki sakhti se tardeed ki aur kaha ke is tarah to Ibne Khusaifa ne suna hai. Kya mein ikkees (21) rakat kaha? Yaane Muhammad bin Yusuf farmate hain ke jab maine kisi bhi dars mein aur kabhi ikkees (21) rakat kaha? Yaane Muhammad bin Yusuf farmate hain ke jab maine kisi bhi dars mein aur kabhi ikkees (21) ki taadaad bayan hi nahi ki to mujh se ye poochne ka koi matlab hi nahi hai.

Mulaahaza kare'n! Ye riwayat waazeh hai ke Muhammad bin Yusuf ne shagird ke istifsaar par ikkees (21) ki taadaad ki sakhti se tardeed-o-

taghleet ki aur uske liye Ibne Khusaifa ko zimmedaar thehraya ke ye unhi ke parda-e-samaa-at ki kotaahi hai. Chunache jab Muhammad bin Yusuf ka dars khatm hua to unke mazkoora shagird Ibne Khusaifa ke paas gae aur unse us taadaad ke baare mein pooch-taach ki to wo taraddud ka shikaar ho gae aur kehne lage: Mujeh lagta hai ke hamare ustaaz Ibn as-Saaib ne ikkees (21) kaha tha.

Yaane jis etemaad aur wusooq ke saath Muhammad bin Yusuf gyaara (11) taadaad hi bayan karte the, Ibne Khusaifa apne bayan mein us etemaad aur wusooq ka izhaar nahi kar sake aur apni hifz mein taraddud ka izhaar kiya, is soorat-e-haal ko dekhne ke baad ek (1) maamooli aql rakhne waala shakhs bhi Muhammad bin Yusuf hi ke bayaan ko tarjeeh dega jo na sirf ye ke shak-o-taraddud se baalatar hai, balke apne saath mukammal etemaad aur wusooq liye hue hai.

Is riwayat par mazeed bahes karne se pehle ek (1) baar phir se usko sanad-o-matn ke saath acchi tarah dekh le'n.

Poori Riwayat Ma' Sanad-o-Matan:

Imam Abu Bakr an-Nisapuri رحمہ اللہ (d 324h) farmate hain:

حدّثنا يوسف بن سعيد، ثنا حجاج، عن ابن جريج، حدثني إسماعيل بن أمية أنّ محمد بن يوسف ابن أخت السائب بن يزيد أخبره، أنّ السائب بن يزيد أخبره قال: جمع عمر بن الخطاب الناس على أبي بن كعب وتميم الداري، فكانا يقومان بمائة في ركعة، فما ننصرف حتى نرى أو نشك في فروع الفجر. قال: فكنا نقوم بأحد عشر، قلت: أو واحد وعشرين؟! قال: لقد سمع ذلك من السّائب بن يزيد، ابنُ خصيفة - فسألتُ يزيد بن خصيفة، فقال: حسبتُ أن السائب قال: أحد وعشرين - قال محمد: أَوَ قلت لإحدى وعشرين؟

"Saaib رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke Umar bin Khattab رضی اللہ عنہ ne logo'n ko Ubai bin Kaab aur Tamam Daari رضی اللہ عنہم ke saath taraweeh padhne ke liye jama kar diya, to ye dono ek (1) rakat mein sau (100) aayaat padhate the. Phir jab ham namaz se faarigh hote the to ham ko lagta ke fajr tuloo ho chuki hai. Saaib رضی اللہ عنہ kehte hain ke ham gyaara (11) rakat padhte the. Is riwayat ke raawi Ismail bin Umaiya ne jab Muhammad bin Yusuf se ye suna to poocha: Ya ikkees (21) rakat? Muhammad bin Yusuf ne kaha: Is tarah ki baat Yazeed bin Khusaifa ne hi Saaib رضی اللہ عنہ se suni hai. Ismail bin Umaiya kehte hain ke phir maine Yazeed bin Khusaifa se us baare mein sawaal

kiya to unho'n ne kaha: Mujhe lagta hai ke Saaib ﷺ ne ikkees (21) kaha tha. Muhammad bin Yusuf ne kaha: Kya maine ikkees (21) rakat kaha?". (Fawaaid Abi Bakr an-Nisaburi: أ/135ق)

Is hadees mein jis safaai se lafzi-o-maanawi tehreef karne ki nakaam koshish ki gai hai, us par aagaah hone ke liye darj-e-zel baate'n acchi tarah samajh le'n.

Riwayat Ke Asal Raawi Aur Unke Do (2) Shagirdo'n Ke Bayan Mein Ikhtilaaf:

Ahd-e-Farooqi mein ba-jamaat taraweeh ke waqiaat ko bayan karne waale asal raawi Saaib ﷺ hain, phir unse unke do (2) shagirdo'n ne ye waaqia bayan kiya hai:

① Muhammad bin Yusuf.

② Yazeed bin Khusaifa.

Un dono ne apne ustaaz Saaib ﷺ se hi taraweeh ka ye waaqia naql kiya hai, lekin taraweeh ki rakat naql karne mein dono ke bayan mein ikhtilaaf hai.

Muhammad bin Yusuf ne Saaib ﷺ se gyaara (11) rakat ki taadaad bayan ki hai, jabke Yazeed bin Khusaifa ne Saaib ﷺ se ikkees (21) ki taadaad bayan ki hai. Zaahir hai ke Saaib ﷺ ne koi ek (1) hi taadaad bayan ki hai, is liye unke dono shagirdo'n mein se kisi ek (1) hi ki baat sahih hai aur doosre ke haafiza ne ghalati ki hai.

Behrehaal ye dono shagird jab khud ustaad ban gae aur hadees ka dars dene lage to dono apne-apne shagirdo'n ko ye waaqia bayan karte rahe aur har-ek (1) apni-apni taadaad hi ko bayan karta raha. Muhammad bin Yusuf 'gyaara (11) rakat' ki taadaad bayan karte rahe aur Yazeed bin Khusaifa 'ikkees (21) rakat' ki taadaad bayan karte rahe.

Ismail bin Umaiya Ki Taraf Se Jaanch-padtaal:

Ismail bin Umaiya ek (1) aise raawi hain jinho'n ne mazkoora dono hazraat yaane Muhammad bin Yusuf aur Yazeed bin Khusaifa dono ka

zamana paaya hai aur aage chal kar un dono ki shagirdi bhi ikhtiyaar ki hai, lekin abhi Ismail bin Umaiya ne un dono mein se kisi se bhi ba-zaat-e-khud taraweeh waali riwayat nahi suni thi ke usi dauraan mein kisi ne ghalat-bayaani kardi ke Muhammad bin Yusuf ne waaqia taraweeh bayan karte hue 'ikkees (21) rakat' ki taadaad bayan ki hai. Imam Abdur Razzaq رحمہ اللہ ne us shakhs ka hawaala bhi diya hai. كما مضى

Lekin uska naam nahi bataya hai jisse andaaza lagaya ja sakta hai ke ye koi qaabil-e-zikr shakhs nahi tha. Ye baat Ismail bin Umaiya tak bhi pohonchi, yaane Muhammad bin Yusuf se ba-raah-e-raast ye waaqia sunne se pehle hi un tak ye baat pohonch gai ke Muhammad bin Yusuf ne taraweeh ke waaqia mein ikkees (21) ki taadaad bayan ki hai.

Lekin jab Ismail bin Umaiya ne khud Muhammad bin Yusuf ke halqa-e-dars mein unki zabaani ye riwayat suni to unho'n ne taraweeh ke us waaqia mein gyaara (11) ki taadaad bayan ki, zaahir hai us par Ismail bin Umaiya ko haeraani hogi.

Agar ye baat nab hi maane'n ke Ismail bin Umaiya ko Muhammad bin Yusuf hi se naql ki gai ikkees (21) waali baat pohonchi thi to bhi choonke bees (20) se mutaalliq bhi kuch riwayaat hain is liye mumkin hai ke unhe'n riwayaat ke pesh-e-nazar Ismail bin Umaiya ne sawaal kiya ho. Lekin pehli baat hi ziyaada qareen-e-sawaab[1] hai, kyounke Muhammad bin Yusuf ke hawaale se na-maaloom shakhs ne 'ikkees (21) ki taadaad' naql ki thi aur usi 'ikkees (21) ki taadaad' ka hawaala de kar iby ne sawaal kiya tha.

Muhammad bin Yusuf Se Sawaal:

Chunache Ismail bin Umaiya ne fauran sawaal kiya jise wo bayan karte hue kehte hain: 'قلت: أو واحد وعشرين؟' *"(Ismail bin Umaiya kehte hain:) Maine poocha: Ya ikkees (21) rakat?"*.

Ghaur farmae'n! Yaha'n sawaal lafz 'أَوْ' *"ya"* ke zariye ho raha hai, jiska matlab waazeh hai ke wo mahez istifsaar kar rahe hain, lihaaza yahan

[1] T: (قَرِينِ صَواب) Sach ke mutaabiq, sacchaai ke qareeb, munaasib [RKT]

kisi ko ye nahi samajhna chaahiye ke wo apne ustaaz ko ghalati par tok rahe hain, ya unki islaah kar rahe hain. Agar ghalati tokne aur islaah karne ki soorat hoti to wo 'أوْ' "*ya*" ke zariye apni baat na rakhte, balke seedha ikkees (21) ki taadaad bata kar apne ustaaz ko bhi wohi bayan karne ke liye bolte, lekin yahan aisa bilkul nahi hai, lihaaza ye jo kuch hai mahez ek (1) istifsaar aur sawaal hai. Agar use tokne se taabeer kiya jaae to bhi uska matlab yehi hoga ke istifsaar ke liye toka tha, naake islaah ke liye aisa kaha tha.

Muhammad bin Yusuf Ka Jawaab:

Ismail bin Umaiya ki taraf se mazkoora-baala istifsaar par Muhammad bin Yusuf ne jo jawab diya, use Ismail bin Umaiya ne you'n naql kiya:

قال: لقد سمع ذلك من السائب بن يزيد، ابن خصيفة، أو قلت: لإحدى وعشرين؟

"*Muhammad bin Yusuf ne kaha: Is tarah ki baat Yazeed bin Khusaifa ne hi Saaib ﷺ se suni hai, kya maine ikkees (21) rakat kaha?*".

Is jawaab mein Muhammad bin Yusuf ne ye bataya ke ikkees (21) ki taadaad unho'n ne hargiz nahi suni hai, balke use to Yazeed bin Khusaifa ne hi suna hai. Yahan jawab mein 'لقد سمع' ke zariye jo taakeed hai wo samaa ki nisbat se mutaalliq hai, yaane ye samaa hamara nahi, balke ye to Yazeed bin Khusaifa hi ka hai, ba-alfaaz deegar is tarah ki baat to Yazeed bin Khusaifa hi ne suni hai.

Aur Muhammad bin Yusuf apni taraf se uski nisbat ki nafi karke uski nisbat poori taakeed ke saath Yazeed bin Khusaifa ki taraf kar rahe hain, jiska waazeh mafaad ye hai ke wo us taadaad ke sunne mein Yazeed bin Khusaifa ko khatakaar thehra rahe hain, yaane ikkees (21) ki taadaad Yazeed bin Khusaifa hi ne suni hai, lekin unse sunne mein ghalati hui hai.

Waazeh rah eke jis tarah bolne, likhne, padhne mein ghalati ho jaati hai, isi tarah sunne mein bhi ghalati ho jaati hai. Insan jab ghaflat ka shikaar ho, ya uska zehen-poori tarah se haazir na ho to wo kuch ka kuch sun leta hai aur aaj ke daur mein to ye cheez is qadr aam hai ke shayad hi koi insaan ho, jiske saamne kabhi koi aisa mauqa na aaya ho ke us ke saamne kuch kaha gaya ho, lekin use kuch aur hi sunaai na diya ho. Bil-

khusoos jab kahi gai cheez aisi ho ke usse milti-julti cheez pehle bhi zehen mein aati rahi ho, aise mawaaqe par zara si ghaflat bhi quwwat-e-samaa-at ko dhoka de jaati hai.

Baaz rawiyaat-e-hadees ke saath bhi aisa hua ke unse sunne mein ghalati hui hai, isi liye aimma-e-ilal ke yahan ye baat musallam hai ke sunne mein bhi ghalati ho sakti hai, chunache ek (1) riwyat par kalaam karte hue Imam Daraqutni farmate hain:

وهذا وهم فيه ابن عباد على الدراوردي، عن حميد حين سمعه ابن عباد منه.

"*Humaid ke tareeq se, Ad-Daraawardi se is riwayat ko jis waqt Ibne Ibaad ne suna, us waqt wahem ka shikaar ho gae*". (Al-Ilzamaat wat-Tatabbo lid-Daraqutni: P361)

Mulaahaza farmaae'n! Yahan Imam Daraqutni رحمہ اللہ raawi ko aen sunte waqt hi wahem ka shikaar batla rahe hain, yaane baqaul Daraqutni unse sunne mein ghalati ho gai hai. Waazeh rahe ke is hawaale se sirf ye dikhlaana maqsood hai ke aen sunte waqt raawi ka wahem ka shikaar ho jaana, yaane sunne mein gahalati kar jaana, ye mohaddiseen ko musallam hai. Warna Imam Daraqutni رحمہ اللہ ye taabeer istemaal na karte.

Rahi ye baat ke us hadees ko sunte waqt kya waaqai Ibne Abbaad se ghalati hui hai? Ye alag masla hai. Baaz mohaddiseen ne Imam Daraqutni رحمہ اللہ ke is qaul se ittifaaqi kiya hai, lekin baaz ahle ilm ne adm-e-ittifaaq ka izhaar kiya hai, lekin us taabeer par kisi ne giraft nahi ki hai, ke koi raawi sunne mein ghalati kaise kar sakta hai? Yehi wajah hai ke jis ne bhi ghalati ki nafi ki hai, us ne Ibne Abbaad ki mutaaba-at pesh ki hain.

Khulaasa ye ke zer-e-bahes riwayat mein ikkees (21) ki taadaad Yazeed bin Khusaifa hi ne suni hai aur unke sunne mein ghalati hui hai.

Muhammad bin Yusuf ne jawaab ke aakhir mein jo kaha: 'أَوَ قلت: لإحدى وعشرين' "*Kya maine ikkees (21) rakat kaha?*" Yahan 'أَوَ' waao (و) ke zabar ke saath hai jo istifhaam[1] ke liye aata hai, jaise Quran mein darjano'n muqamaat par hai:

[1] T: (اِسْتِفْہام) Sawaal, daryaaft karna, poochna [RKT]

Kya Un Logo'n Ne Dekha Nahi… ?. اَوَلَمۡ يَرَوۡا. (Surah-ar-Raad: 41)

Yahan ye istifhaam, istifhaam-e-inkaari[1] hai aur 'لإحدى و عشرين؟' mein 'laam' (ل) ye zabar ke saath laam-taakeed nahi hai, kyounke laam-taakeed jis par daakhil hota hai use majroor[2] ya mansoob[3] nahi karta, jabke 'إحدى و عشرين' yahan laam (ل) ke sabab majroor hai. Pata chala ke ye laam (ل) yahan zer ke saath hai aur laam-jaarah hai.

Al-gharz Muhammad bin Yusuf ne jawab mein ikkees (21) ki taadaad ka sakhti se inkaar kiya aur use Yazeed bin Khusaifa ka wahem qaraar diya hai.

Yazeed bin Khusaifa Se Sawaal:

Ismail bin Umaiyya ne jab ye suna ke Yazeed bin Khusaifa aisa bayan karte hain to baad mein tehqeeq ki gharz se unke paas bhi pohonche aur rakat ki taadaad ke baare mein pooch-taach ki.

Yazeed bin Khusaifa Ka Jawaab:

Yazeed bin Khusaifa ne jo jawaab diya use naql karte hue Ismail bin Umaiya kehte hain:

فسألتُ يزيد بن خصيفة، فقال: حسبتُ أن السائب قال: أحد وعشرين.

"*Ismail bin Umaiya kehte hain ek (1) phir maine Yazeed bin Khusaifa se us baare mein sawaal kiya to unho'n ne kaha: Mujhe lagta hai ke Saaib ﷺ ne ikkees (21) kaha tha*".

Saaf zaahir hai ke Yazeed bin Khusaifa shak mein padh gae aur kaha ke mujhe lagta hai ke hamare ustaaz Saaib ﷺ ne ikkees (21) kaha tha.

Mulaahaza kare'n ke kaha'n Muhammad bin Yusuf ka ba-baang-e-

[1] T: (اِسْتِفْہامِ اِنْکاری) Jisse nafi maqsood hoti hai, jaise tum ye kaam kyun karte ho? [Urdn]
[2] T: (مَجرُور) Wo ism ya zameen jis par jumle ya faqre mein harf-e-jaar asar andaaz ho. (Qawaaed-e-Arbi) Wo ism jisse pehle harf-e-jaar aae aur is liye us ism ke aakhri harf par zer (ِ) aae ya jis ism ke aakhri harf par us ke muzaaf ilaih hone ki wajah se zer (ِ) ho [RKT]
[3] T: (مَنصُوب) Wo harf jis par zabar lagaya gaya ho, jis par zabar ho, maftooh (harf) [RKT]

duhul[1] aur poore wusooq aur etemaad ke saath gyaara (11) ki taadaad bayan karna aur saath hi ikkees (21) kea dad ki sakhti se tardeed karna, aur kahan Yazeed bin Khusaifa jin ki haalat ye hai ke mukhaalif ki bayan-karda taadaad par ungli uthana to door ki baat khud apni bayan-karda taadaad par unhe'n itminaan nahi hai.

Us soorat-e-haal se ye haqiqi poori tarah aashkaar ho jaati hai ke Saaib ﷺ se jo taadaad Muhammad bin Yusuf ne naql ki hai wo durust hai aur Yazeed bin Khusaifa ne jo taadaad bayan ki hai wo unke haafize ki kotaahi aur ghaflat ka natija hai. Bil-khusoos jab ham ye dekhte hain ke Yazeed bin Khusaifa ki ye sirf waahid ghalati nahi hai, balke aur bhi mutaaddid riwayaat ke bayan mein unse sahoo[2] hua hai, jiski bina par baaz mohaddiseen ne unke haafize par qadghan[3] lagaya hai aur unhe'n wahem, soo-e-hifz[4] aur apne shareek-e-dars saathiyo'n se alag-thalag riwayaat bayan karne se muttasif[5] kiya hai to ye baat qataiyat tak pohonch jaati hai ke is riwayat mein ghalati ka sudoor unhee'n ki taraf se hua hai aur Muhammad bin Yusuf ka bayan sau-feesad durust hai.

Tehqeeq Ke Baad Ismail bin Umaiya Ki Taraf Se Us Riwayat Ka Bayaan:

Ismail bin Umaiya ne jab Muhammad bin Yusuf se taraweeh ka ye waaqia suna aur phir Yazeed bin Khusaifa se bhi pooch-taach karli to uske baad jab ye apne shaagirdo'n se us waaqia ko bayan karte, to Muhammad bin Yusuf hi ki riwayat bayan karte the aur jab Muhammad bin Yusuf se apna sawaal-o-jawaab naql karte, to Muhammad bin Yusuf ke jawaab ke beech mein jumla motarza ke taur par Yazeed bin Khusaifa se apni pooch-taach bhi shaamil karke bayan kar dete the.

Chunache jab Ismail bin Umaiya ne apne ustaaz Muhammad bin Yusuf se rakat ki taadaad ki baabat daryaaft kiya tha to Muhammad bin Yusuf ka jawaab ye tha:

---

[1] T: (بَه بانْگِ دُہُل) Zor-zor se, sabke saamne [RKT]
[2] T: (سَہْو) Ghalati, bhook-chook, ghaflat [RKT]
[3] T: (قَدْغَن) Rok-tok, mumaaniat, manaahi, paabandi, bandish [RKT]
[4] T: (سوء حفظ) Kamzor haafiza, ghalati karne waala haafiza [RSB]
[5] T: (مُتَّصِف) Khoobiyaa'n rakhne waala, saaheb-e-sifat, jis mein koi wasf paaya jaae [RKT]

قال: لقد سمع ذلك من السائب بن يزيد، ابنُ خصيفة، أو قلت: لإحدى وعشرين؟

"*Muhammad bin Yusuf ne kaha: Is tarah ki baat Yazeed bin Khusaifa ne hi Saaib ﷺ se suni hai, kya maine ikkees (21) rakat kaha?*". (Fawaaid Abi Bakr an-Nisaburi: أ/135ق)

Us jawaab mein ye tha ke ikkees (21) ki taadaad Yazeed bin Khusaifa ne hi suni hai, jiski bina par Yazeed bin Khusaifa se bhi Ismail bin Umaiya ne pooch-taach ki thi, is liye Ismail bin Umaiya baad mein jab Muhammad bin Yusuf ka ye jawaab naql farmate to Yazeed bin Khusaifa ke ihaale[1] waale jumle ke baad, Yazeed bin Khusaifa se apni pooch-taach bhi shaamil karke, Muhammad bin Yusuf ka jawaab is tarah bayan karte:

قال: لقد سمع ذلك من السائب بن يزيد ابن خصيفة، فسألتُ يزيد بن خصيفة، فقال: حسبتُ أن السائب قال: أحد وعشرين - قال محمد: أَوَ قلت لإحدى وعشرين؟

"*Muhammad bin Yusuf ne kaha: Is tarah ki baat Yazeed bin Khusaifa ne hi Saaib bin Yazeed ﷺ se suni hai. Ismail bin Umaiya kehte hain ke phir maine Yazeed bin Khusaifa se us baare mein sawaal kiya to unho'n ne kaha: Mujhe lagta hai ke Saaib bin Yazeed ﷺ ne ikkees (21) kaha tha. Muhammad bin Yusuf ne kaha: Kya maine ikkees (21) rakat kaha?*". (Fawaaid Abi Bakr an-Nisaburi: أ/135ق)

Yaane, Ismail bin Umaiya, Muhammad bin Yusuf ke jawab ke ibtidaai alfaaz jo Yazeed bin Khusaifa se mutaalliq the, unhe'n naql karke fauran hi Yazeed bin Khusaifa se apni pooch-taach bayan kar dete aur phir Muhammad bin Yusuf ke jawaab ka baqiya hissa bhi ye keh kar mukammal karte: 'قال محمد: أَوَ قلت: لإحدى و عشرين؟' "*Muhammad bin Yusuf ne kaha: Kya maine ikkees (21) rakat kaha?*".

Ye hai us riwayat ki poori tafseel jisne us haqiqat se parda utha diya ke Saaib ﷺ se ikkees (21) ki taadaad naql karne mein Yazeed bin Khusaifa se ghalati hui hai aur sahih taadaad gyaara (11) hi hai, jaisa ke Muhammad bin Yusuf ne naql kiya.

Ye riwayat saamne aane ke baad baaz ahnaaf buri tarah bokhla gae, is liye unho'n ne hasb-e-aadat is riwayat mein bhi baaz lafzi aur maanawi

[1] T: (احاله) Hawaala dena, tawajjo dena [RSB]

tehreef karne ki nakaam koshih ki, jiski tardeed ham agli sutoor mein pesh karte hain.

Muhammad bin Yusuf Ki Riwayat Mein Lafzawi-o-Maanawi Tehreef Ki Kahani

Kya Ismail bin Umaiya Ne Apne Ustaaz Muhammad bin Yusuf Ko Ghalati Par Toka?

Is riwayat mein maanawi tehreef karte hue sabse pehle ye kaha gaya ke jab Muhammad bin Yusuf ne gyaara (11) ki taadaad bayan ki to unke shagird Ismail ne tok diya!

Agar ye tokna us maane mein liya jaae ke rok kar istifsaar[1] kiya to ye durust hai, lekin tehreef karne waale yahan tokna bol kar ye muraad lete hain ke ghalati par girift ki, jabke ye saraasar khilaaf-e-haqiqat hai. Kyounke Ismail ne ghalati par nahi toka tha, balke sirf sawaal kiya tha jis ki wazaahat ma-qabl mein ho chuki hai aur uski wajah ham batla chuke hain ke Muhammad bin Yusuf ke hawaale se kisi ne ye ghalat-bayaani kardi ke unho'n ne ikkees (21) ki taadaad bayan ki hai.

Us shakhs ka kisi ne naam nahi bataya hai, Imam Abdur Razzaq ki riwayat mein 'وغيره' ke zariye mahez uska hawaala hai. Choonke Muhammad bin Yusuf ke hawaale se ikkees (21) bayan karne waale ki koi khaas waq-at[2] na thi, is liye jab Ismail ne us baare mein Muhammad bin Yusuf se sawaal kiya to uska koi hawaala nahi diya, kyounke wo us qaabil nahi tha.

'Al-Ijma' ke mazmoon-nigaar ne likha hai: "*Aur is qadr yaqini taur par pohoncha ke uske khilaaf sunne se hairaani ho, ye usi waqt ho sakta hai jabke unke paas motabar siqa raawi se Muhammad bin Yusuf ki ikkees (21) waali riwayat pohonchi ho*". (Al-Ijma: Shumara: 1 P61)

Arz hai ke hairaani ki wajah ye nahi thi ke Muhammad bin Yusuf ne gyaara (11) kyoun bayan kar diya? Balke hairaani ki wajah ye baat thi ke

[1] T: (اِسْتِفْسار) Daryaaft, pooch-gach, sawaal karna, pochna [RKT]
[2] T: (وَقعَت) Izzat, martaba, qadr, azmat, buzurgi [RKT]

unhee'n ke hawaale se kisi ne ikkees (21) ki taadaad kyoun bayan ki hai? Aur ye bayan karne waale ki koi haisiyat hi na thi, isi liye Ismail bin Umaiya ne uska hawaala tak nahi diya. Lihaaza ye kehna ke 'motabar siqa raawi Muhammad bin Yusuf ki ikkees (21) waali riwayat pohonchi ho' mahez khaam-khyaali[1] hai. Zara kutub-e-ahadees chaan maariye aur bataaiye ke Muhammad bin Yusuf se kis siqa raawi ne ikkees (21) ki taadaad naql ki hai?

Bil-khusoos jabke Muhammad bin Yusuf ne sakhti ke saath inkaar karte hue ye bhi kha hai: 'أَوَ قلت: لإحدى و عشرين؟' *"Kya maine ikkees (21) rakat kaha?"*

Matlab unho'n ne ikkees (21) ki taadaad kabhi bayan nahi ki. Maeed ye dekhe'n ke Muhammad bin Yusuf ne jab ye kaha ke ikkees (21) ki taadaad to Yazeed bin Khusaifa bayan karte hain to Ismail unke paas pohonch gae, lekin jis bande ne Muhammad bin Yusuf ke hawaale se ikkees (21) ki taadaad bayan ki thi, uska naam na liya aur na uske paas pooch-taach ke liye gae.

Ye saari baate'n is baat ki daleel hain ke ye bayan karne waala shakhs kisi khaas muqaam-o-martaba ka haamil na tha. Yehi wajah hai ke Ismail ne apne ustaaz se ikkees (21) rakat ki baabat istifsaar hi kiya hai, naake unki islaah ke liye unko toka hai.

Kya Muhammad bin Yusuf Ne Gyaara (11) Ki Taadaad Ko Yazeed bin Khusaifa Ki Taraf Mansoob Kiya Hai?

Doosri tehreef karte hue ye kaha gaya ke Muhammad bin Yusuf ne gyaara (11) ki taadaad ko Yazeed bin Khusaifa ki taraf mansoob kiya, chunache tehreef karne waalo'n ne kaha ke jab Muhammad bin Yusuf ke shagird ne ikkees (21) ki taadaad ka zikr kiya to us par Muhammad bin Yusuf ne kaha ke jo main bayan karta hoo'n, yaane gyaara (11) ki taadaad, yehi taadaad Yazeed bin Khusaifa bhi bayan karte hain, jaakar unse pooch lo!

Is tehreef ka parda chaak karne ke liye ek (1) baar phir se Ismail aur unke

[1] T: (خام خَیالی) Ghalat khayaali, ghalat gumaan, wahem [RKT]

ustaaz Muhammad bin Yusuf ka sawaal-o-jawaab mulaahaza kar le'n:

Ismail bin Umaiya ka sawaal tha: 'قلت: أو واحد و عشرين؟' "*Ismail bin Umaiya ne poocha: Ya ikkees (21) rakat?*" Muhammad bin Yusuf ka jawaab tha: 'قال: لقد سمع ذلك من السائب بن يزيد، ابنُ خصيفة' "*Is tarah ki baat Yazeed bin Khusaifa ne hi Saaib ﷺ se suni hai*".

Mulaahaza kare'n! Sawaal mein sirf 'ikkees' ki taadaad ka zikr hai aur Muhammad bin Yusuf ne 'ذلك' "*Ise*" keh kar ikkees (21) ki taadaad hi ko Yazeed bin Khusaifa ki taraf mansoob kiya hai, lekin tehreef karne waalo'n ne ye shosha choda ke 'ذلك' ism-e-ishaara hai, jo door ke liye aata hai, is liye ham ne door waale adad, yaane gyaara (11) ko muraad liya hai.

Halaanke yahan 'ذلك' ek (1) sawaal ke jawaab mein kaha gaya hai aur us salaal mein sirf ke hi adad 'واحد و عشرين' yaane 'ikkees (21)' ka zikr hai, jaisa ke ham oopar sawaal ke jawaab naql kar chuke hain, lihaaza laazmi aur qatai taur par uska mushaar-ilai[1] bees (20) ki taadaad hi hai, kyounke sawaal mein koi doosra adad sire se maujood hi nahi.

Aur tehreef karne waalo'n ne jo ye kaha hai: "*Ustaaz (Muhammad bin Yusuf ﷺ) ka jumla jo pehle hai, us mein gyaara (11) hai aur shaagird (Ismail bin Umaiya ﷺ) ka jumla jo baad mein hai us mein ikkees (21) hai (aur pehle ham bata chuke hain ke 'ذلك' se door ki taraf ishaara hota hai) lihaaza yahan bhi gyaara (11) ki taraf ishaara hai is liye ke wo ikkees (21) ke muqaable mein door hai*". (Al-Ijma: Shumaara: 1 P75)

Ye arbi zabaan aur nahoo ke qawaaid se naa-balad[2] hone ka suboot hai, kyounke qata-nazar iske, ke 'ذلك' qareeb ke liye bhi aata hai, ye jab kalaam mein baeed (door) hi ke liye bhi aata hai to uska matlab yehi hota hai ke mashaar-ilai is lafz 'ذلك' ke baad nahi, balke usse pehle hai.

[1] T: (مُشار اِلَيه) (Wo cheez ya shkhas) Jiski jaanib ishaara kiya gaya ho, jiska pehle zikr aachuka hai [RKT]

[2] T: (نا بَلَد) Na-jaanne waala, naa-aashna, naa-waaqif, laa-ilm, gawaar, anjaan [RKT]

Masalan Quran mein hai:

Aur Libaas Parhezgaar Ka Wo Sabse Behtar Hai. وَلِبَاسُ التَّقْوٰى. (Surah-al-Aaraaf: 26)

Is aayat mein ism-e-ishaara 'ذٰلِكَ' aur uska mashaar-ilai 'لِبَاسُ التَّقْوٰى' hai, jo usse pehle hai aur uske itna qareeb hai ek (1) bilkul iusse juda hua hai.

Ahle baet yahan koi kahe ke ham 'لِبَاسُ التَّقْوٰى' ko 'ذٰلِكَ' ka mashaar-ilai nahi maan sakte, kyounke wo to usse bilkul qareeb hai, balke usse juda hua hai. Is liye 'لِبَاسُ التَّقْوٰى' se bhi pehle jo cheez mazkoor hai aur door hai, wo yaha'n 'ذٰلِكَ' ka mashaar-ilai hogi, kyounke 'ذٰلِكَ' door ke liye aata hai! To bataaiye us shakhs ke ahmaq aur jaahil hone mein koi shubha reh jaata hai?

Dar-asl 'لِبَاسُ التَّقْوٰى' ka 'ذٰلِكَ' se pehle aajaana hi door ke maane mein hai, is liye 'ذٰلِكَ' se pehle jitni bhi cheeze'n hongi, wo sab door ki maani jaanegi aur 'ذٰلِكَ' se muraad wo cheez hogi jo uske sabse ziyaad qareeb hogi. Lekin mazmoon-nigaar ki jahaalat dekhiye ke door ka matlab ye bata rahe hain ke jo cheez 'ذٰلِكَ' se pehle zikr hokar bhi sabse door mazkoor hai. SubhanAllah!

Ye khud-saakhta ehtemaal ke Muhammad bin Yusuf ne jis taadaad ko Yazeed bin Khusaifa ki taraf mansoob kiya hai wo gyaara (11) ki taadaad bhi ho sakti hai, use sabse pehle Daktoor Baqqali Saahab ke zehen ne taraasha hai aur unhee'n ke mazmoon ko dekh kar tehreer karne waalo'n ne poori terheeri kaarwaai anjaam deen-e-islaam hai.

Lekin yehi Daktoor Baqqali Saahab farmate hain:

وإما أنه سمع ذلك العدد الذي ذكره إسماعيل بن أمية أي أحد وعشرين ، وهذا أظهر للإشارة إلى أقرب مذكور.

"*Aur ye bhi ho sakta hai ke Muhammad bin Yusuf ne Yazeed bin Khusaifa ki taraf jis taadaad ke sunne ki nisbat ki hai wo wohi taadaad ho jise Ismail bin Umaiya ne (apne sawaal mein) zikr kiya hai aur wo ikkees (21)*

ki taadaad hai, aur yehi ziyaada zaahir hai, kyounke ye sabse qareeb mazkoor hai". (Fasl al-Khitaab Fee Bayaan Adad Rakat Salaat at-Taraweeh Fee Zamn Umar bin Khattab)

Mulaahaza farmae'n! Tehreef karne waalo'n ke masiha bhi elaan farma rahe hain ke zaahir yehi hai Muhammad bin Yusuf ki muraad ikkees (21) ki taadaad hai, kyounke ye 'ذٰلِكَ' se pehle se aqrab mazkoor hai.

Alaawa-baree'n yahan aqrab aur abad[1] ki baat karni hi fuzool hai, kyounke Muhammad bin Yusuf ne mazkoora baat ek (1) sawaal ke jawaab mein hi kahi hai aur sawaal mein sirf ek (1) hi adad 'ikkees (21)' ka zikr hai, is liye mashaar-ilai qatai-o-laazmi taur par yehi adad hai.

Hairat hai ke jab sawaal mein sire se doore kisi adad ka zikr hi nahi hai, to na-jaane kis aql-o-mantiq se aqrab-o-abad ki bahes chedi ja rahi hai.

'Al-Ijma' ke mazmoon-nigaar ne apni us tehreef ki apne zom mein do (2) wajhe'n bataai hain: Ek (1) ishaara waali aur doosri ye ke Muhammad bin Yusuf ne Yazeed bin Khusaifa ko apna himayati bataya hai. (Al-Ijma: Shumaara: 1 P75)

Halanke doosri baat pehli baat ka natija hai, yaane pehle jab 'ذٰلِكَ' ka mashaar-ilai tae karne mein ghalati ki to us ghalati ka wohi natija saamne aaya jise mazmoon-nigaar ne doosri wajah bana kar pesh kiya hai. Is liye jab pehli baat baatil saabit ho gai to usse nikla hua natija bhi baatil ho gaya. *Walhamdulillah.*

Aage mazmoon-nigaar ne baatil buniyaad par nikaale gae baatil natije ki tashreeh karte hue ye bataya hai ke Muhammad bin Yusuf ne qasam kha kar taakeed ke saath ye kaha hai ke ye baat Yazeed bin Khusaifa ne kahi hai. (Al-Ijma: Shumaara: 1 P76)

Arz hai ke Muhammad bin Yusuf ke jumle mein qasam naa ki koi cheez hai hi nahi, ye bhi tehreef-garo'n ki tehreef ka hissa hai, mazeed ye ke ye qasam ho ya taakeed ho, ye sab mahez is liye ke Muhammad bin Yusuf kehna chaahte hain ke ye baat maine nahi balke Yazeed bin

[1] T: (اَبْعَد) Baeed-tar, ziyaada door, bahut pare [RKT]

Khusaifa ne kahi hai, jaisa ke pehle ham uski wazaahat kar chuke hain.

Balke ham mazmoon-nigaar hi ke usloob mein keh sakte hain ke choonke yahan Muhammad bin Yusuf poori taakeed ke saath apni baat keh rahe hain jiska matlab hi yehi hai ke wo bees (20) rakat ki taadaad ke inkaari haina ur khud par tohmat na-qaabil-e-bardaasht samajhte hain aur ye duniya jaanti hai ke jab kisi maasoom par koi tohmat laga de to wo qasam kha kar ya poori taakeed se baraa-at ka izhaar karta hai.

Is tarah is taakeedi usloob se bhi yehi baat saabit hui ke Muhammad bin Yusuf ki taraf bees (20) rakat ki nisbat mahez ek (1) bohtaan hai aur unho'n ne sakhti ke saath usse baraa-at zaahir kardi hai. والحمد لله

Kya Muhammad bin Yusuf ne Yazeed bin Khusaifa Ke Simaa Ko Sahih Qaraar Diya Hai?

Tehreef karne waalo'n ne khud to ye bat tasleem na ki ke Muhammad bin Yusuf ne ikkees (21) ki taadaad, Yazeed bin Khusaifa ki taraf mansoob ki hai, lekin choonke ham yehi maante hain jaisa ke alfaaz-e-hadees bilkul sareeh aur waazeh hain, is liye tehreef-nigaaro'n ne seena-zori karte hue us mafhoom mein bhi ye daawa kiya ke Muhammad bin Yusuf ne 'لقد سمع...' yaane 'لام' aur 'قد' ki taakeed istemaal karte hue poori taakeed ke saath kaha hai ke Yazeed bin Khusaifa ne ikkees (21) ki taadaad suni hai, yaane Muhammad bin Yusuf ne Yazeed bin Khusaifa ke simaa[1] par poori taakeed ke saath sahih batlaya hai.

Arz hai ke peeche ye wazaahat guzar chuki hai ke Muhammad bin Yusuf ne simaa ki nisbat Yazeed bin Khusaifa ki taraf ki hai aur usi par zor diya hai, lekin unke simaa ko sahih nahi kaha, balke uske ghalat hone ki taraf ishara kiya hai.

Mazmoon-nigaar ne ye bhi eteraaz kiya hai ke ham ne 'لام' aur 'قد' ki taakeed ka tarjuma kyoun nahi kiya? Arz hai ke ye saari taakeed, Yazeed bin Khusaifa ki taraf ikkees (21) ke simaa ki nisbat ke liye hai, na ke nafs-e-simaa ki sehat ke liye hai. Yahan 'لام' aur 'قد' ke baad sirf ek (1) lafz nahi,

[1] T: (سَماع) Kaan lagaa kar sunna, dehaan se ya apne kaan se sunna [RKT]

balke poora jumla hai. Yaane saara zor us par hai ke ye simaa Yazeed bin Khusaifa ka hai, is liye ham ne tarjuma mein zor aur taakeed usi nisbat ke saath rakha hai aur you'n kaha hai ke 'is tarah ki baat' Yazeed bin Khusaifa ne suni hai.

Aur lutf ki baat ye hai ke tehreef karne waalo'n ne khud ye maane taraashe hain ke Muhammad bin Yusuf ne jis taadaad ke simaa ki nisbat Yazeed bin Khusaifa ki taraf ki hai wo gyaara (11) hai. Lekin jb Ismail ne Yazeed bin Khusaifa se pooch-taach ki to unho'n ne ikkees (21) ki taadaad ke baare mein izhaar-e-khyaal kiya. Yaane un logo'n ki nazr mein Muhammad bin Yusuf ne jo baat 'لام' aur 'قد' ki taaeed ke saath kahi thi wo poori ki poori ghalat hai. SubhanAllah!

Ek (1) taraf to ye seena-zori ke 'لام' aur 'قد' ki samet Muhammad bin Yusuf ki poori baat hi ghalat thehra rahe hain aur doosri taraf ye kat-hujjati ke Muhammad bin Yusuf ne 'لام' aur 'قد' ke saath simaa ki nisbat, Yazeed bin Khusaifa ki taraf ki hai, is liye wo us simaa ko bhi sahih maan rahe hain. Ee'n che boo al-ujbi ast![1]

Us kat-hujjati ke bal-boote par mazmoon-nigaar ne aage likha hai: "*Isse Sahabi-e-Rasool ke haafize par sawaal uthne lagega ke unho'n ne Hazrat Umar ke zamane mein padhi jaane waali namaz-e-taraweeh ki rakat ki taadaad kisi ko gyaara (11) rakat batlaai aur kisi ko ikkees (21)*". (Al-Ijma: Shumaara: 1 P77)

Arz hai ke sawaal Sahabi-e-Rasool ke haafize par nahi, balke sawaal Yazeed bin Khusaifa ke haafize par uthega ke jab Muhammad bin Yusuf ne poore wusooq ke saath Sahabi se gyaara (11) rakat suni hai to Yazeed bin Khusaifa ne ikkees (21) kaise sun liya? Zaahir hai ke ye taadaad sunne mein unse ghalati hui aur unke haafize ne kotaahi ki hai, uske alaawa bhi kai muqamaat par unse is tarah ki chook hui hai, yehi wajah hai ke ba-qaaeda mohaddiseen ne unke haafize par sawaal uthaya hai aur unhe'n wahem ka shikaar hone waala aur munkar al-hadees kaha hai. كما مضى

Mazmoon-nigaar ne aage likha hai:

[1] T: (ایں چه بوالعجبی است) Ye kya ajeeb baat hai [RSB]

"*Ye maane lene ki wajah se jab Kifayatullah Saahab par ye eteraaz hua ke aap sahabi ke haafiza par kalaam kar rahe ho to kehne lage: Muhammad bin Yusuf ne yahan sirf ye kaha hai ke aisa Ibne Khusaifa ne suna hai, lekin ye hargiz nahi kaha ke sahih taur par suna hai. Ajeeb be-tuki baat hai! Kya jab bhi koi raawi kisi ke hadees sunne ka tazkira karta hai to kya ye bhi kehta hai ke usne sahih suna hai? Kya Bukhari-o-Muslim ki sanad mein har raawi apne ustaaz ke baare mein ye kehta hai ke unho'n en falaa'n se suna aur sahih suna hai?!*" (Al-Ijma: Shumaara: 1 P77)

Arz hai ke Bukhari-o-Muslim ki sanado'n mein jab koi raawi apne ustaad ka simaa zikr kar ta hai to us simaa ko kisi doosre raawi ke simaa ke khilaaf zikr nahi karta, lekin yahan Muhammad bin Yusuf ne Saaib ﷺ s eapna ek (1) simaa zikr kiya hai aur poore wusooq aur etemaad ke saath zikr kiya hai, phir uske khilaaf Yazeed bin Khusaifa ka simaa zikr kiya hai.

Yaha'n siyaaq roz-e-raushan ki tarah Ayaan karta hai ke Muhammad bin Yusuf apne simaa ke khilaaf Yazeed bin Khusaifa ke simaa ko ghalat batla rahe hain aur ma-qabl mein ham waazeh kar chuke hain ke jis tarah bolne, likhne, padhne mein ghalati ho jaati hai. Usi tarah sunne mein bhi ghalati ho jaati hai, insaan jab ghaflat ka shikaar ho ya uska zehen poori tarah se haazir na ho to wo kuch ka kuch sun leta hai aur aaj ke daur mein to ye cheez is qadar aam hai ke shayad hi koi insaan ho jiske saamne kabhi koi aisa mauqa na aaya ho ke uske saamne kaha gaya ho kuch lekin use kuch aur hi sunaai na diya ho.

Bil-khusoos jab kahi gai cheez aisi ho ke usse milti-julti cheez pehle bhi zehen mein aati rahi ho, aise mawaaqe par zara si ghaflat bhi, quwwat-e-samaa-at ko dhoka de jaati hai.

Is baat ko ham Imam Daraqutni ke ek (1) kalaam se bhi waazeh kar chuke hain ke ek (1) riwayat par kalaam karte hue Imam Daraqutni ne kaha:

وهذا وهم فيه ابن عباد على الدراوردي، عَن حميد حين سمعه ابن عباد منه.

"*Humaid ke tareeq se, ad-Daraawardi se is riwayat ko jis waqt Ibne Abbaad ne suna, us waqt wahem ka shikaar ho gae*". (Al-Ilzamaat wa Tatabbo lid-Daraqutni: P361)

Mulaahaza farmaae'n! Yaha'n Imam Daraqutni رحمۃ اللہ علیہ, Daraawardi se Ibne Abbaad ka simaa zikr kar rahe hain aur phir use ghalat batla rahe hain. Yaha'n Imam Daraqutni رحمۃ اللہ علیہ, ne Ibne Abbaad ke simaa ko ghalat isi wajah se kaha hai, kyounke unki nazar mein doosre ruwaat ka simaa unke simaa se mukhtalif tha.

Maaloom hua ke raawi ka mutlaq simaa zikr karna ek (1) cheez hai aur kisi ke mukhaalif kisi ka simaa zikr karna doosri cheez hai. Yahan Muhammad bin Yusuf ne apne simaa ke khilaaf Yazeed bin Khusaifa ka simaa zikr kiya hai aur hifz-o-zabt mein by ka palda bhaari hai, is liye unke simaa hi ko tarjeeh di jaaegi aur Yazeed bin Khusaifa ka simaa mardood qaraar paaega. Bil-khusoos jab ke khud Yazeed bin Khusaifa ko bhi apne simaa par itminaan aur sharah-e-sadr[1] nahi hai, kyounke jab Ismail bin Umaiya ne unse poocha to unho'n ne 'حسبت' ke zariye izhaar-e-khayaal farmaya. Yaane ye kaha ke mera gumaan hai ke Saaib ne ikkees (21) kaha tha. Ab wusooq-o-yaqeen ke bar-khilaaf zann-o-takhmeen[2] waali baat kaun sunega?

'Al-Ijma' ke mazmoon-nigaar ne Ibne Khusaifa ke qaul 'حسبت' (mera khayaal) se mutaalliq ye safaai deen-e-islaam hai ke aur bhi kai ahadees mein baaz ruwaat ne kisi jumle ko usi tarah gumaan ke seeghe se bayan kiya hai to kya unki ahadees bhi rad kardi jaaen? (Maa-hasl az Al-Ijma: Shumaara: 1 P77-81)

Arz hai ke ye kisne kaha ke har gumaan mardood hoga? Beshak har gumaan radd nahi hoga, lekin baaz gumaan na sirf ye ke qaabil-e-tardeed hota hai, balke baaz gumaan gunaah bhi hota hai. Motariz ne jo misaale'n pesh ki hain un mein se kisi bhi misaal mein raawiyo'n ke gumaan ke khilaaf koi baat nahi kahi gai. Lekin yahan soorat-e-haal ye hai ke Yazeed bin Khusaifa ka gumaan Muhammad bin Yusuf ke wusooq-o-yaqeen ke khilaaf hai, lihaaza aisa gumaan jo yaqeen ke muqaabil ho wo bila-shubha qaabil-e-radd hoga.

Aage motariz ki ek (1) be-tuki mulaahaza ho. Farmate hain: "*Ismail bin*

[1] T: (شَّرْحِ صَدْر) Shak-o-shuba se door hona [RKT]
[2] T: Gumaan-o-andaaza [RKT]

Umaiya jinho'n ne Muhammad bin Yusuf ko gyaara (11) rakhat bayan karne par toka tha, unho'n ne bhi Yazeed bin Khusaifa ko 'حسبت' *aur ikkees (21) rakat kehne par nahi toka*". (Al-Ijma: Shumara 1: P77-81)

Allah ke bande! Jo shakhs khud hi 'حسبت' ki zabaan mein baat kar raha hai, bhala use tokne ki kya zaroorat hai?

Neez, Ismail bin Umaiya ke halqa-e-dars mein baith kar unki riwayat nahi samaa-at farma rahe the ke unhe'n tokte, balke unke mutaalliq ek (1) baat suni thi, wohi unse poochne gae the, jiske jawaab mein unke paas jo kuch tha, wo 'حسبت' ke libaas mein baahar aaya, ab bhala is mein tokne ki haajat hi kya hai?

Yaad rahe ke ma-qabl mein ham waazeh kar chuke hain ke Iby ne apne ustaz Muhammad bin Yusuf ko bhi ghalati par nahi toka tha, ablke mahez istifsaar ke lehje mein sawaal kiya tha.

Mazmoon-nigaar ne doosre turq se Yazeed bin Khusaifa ki riwayat ka hawaala de kar ye bataya hai ke Yazeed bin Khusaifa ne bhi doosre mawaaqe par baghaer shak ke bayaan kiya hai. Arz hai ke ye koi nahi kehta ke Yazeed bin Khusaifa ya Muhammad bin Yusuf riwayat bayan karte waqt shak ka izhaar karte the, balke jo baat kahi ja rahi hai wo ye hai ke un dono ki bayan-karda taadaad ke baare mein jab dono se sawaal hua to un dono mein se sirf Yazeed bin Khusaifa ne apni bayan-karda taadaad par shak ka izhaar kiya. Jabke Muhammad bin Yusuf ne sawaal karne par bhi kisi tarah ke shak-o-shubha ka izhaar nahi kiya, is liye Muhammad bin Yusuf ki baat hi motabar hai.

Baaz ne kaha: "*Asa baat to ye hai ke Yazeed Ibne Khusaifa khud koi hadees bayan nahi kar rahe the, balke jab Ibne Umaiya ne Muhammad bin Yusuf se gyaara (11) rakat waali hadees unko bataai aur sawaal kiya to unho'n ne Muhammad bin Yusuf ke baare mein gumaan lagaya aur kaha:* 'حسبت أن السائب قال: إحدى و عشرين' '*Mera khayaal hai ke Saaib ﷺ ne (Ibne Yusuf se) farmaya ikkees (21) rakat*'.".

Arz hai ke ye baat koi nahi kehta ke Yazeed bin Khusaifa ne hadees bayan

karte waqt shak ka izhaar kiya hai, balke baat ye hai ke jab us baare mein Yazeed bin Khusaifa se sawaal hua to unho'n ne yaqeen ke saath jawaab nahi diya, balke shak ke saath jawaab diya, unka us mauqa par shak ke saath jawaab dene hi ko daleel banate hue Ahle Hadees kehte hain ke Yazeed bin Khusaifa ko apni bayan-karda taadaad par poori tarah se wusooq nahi tha.

Jabke Muhammad bin Yusuf se bhi rakat ke baare mein sawaal hua, lekin unho'n ne jawaab mein kisi shak ka izhaar nahi kiya hai, balke poore wusooq ke saath gyaara (11) rakat ki taadaad batlaai hai.

Ba-alfaaz-e-deegar ye keh le'n ke ahadees bayan karte waqt dono mein se kisi ne shak ka izhaar nahi kiya, lekin jab taadaad-e-rakat ke baare mein dono se sawaal hua to un dono mein sirf Yazeed bin Khusaifa ne shak ka izhaar kiya, jab ke Muhammad bin Yusuf ne kisi shak ka izhaar nahi kiya, balke poore wusooq-o-yaqeen aur etemaad se gyaara (11) rakat hi ki tadaad batlaai hai. Is liye ye bhi ek (1) wajah hai jiski bina par Muhammad bin Yusuf ke muqaable mein Yazeed bin Khusaifa ka bayan na-qaabil-e-etebaar hai.

Kya Ismail Ne Yazeed Bin Khusaifa Ke Jawaab Se Muhammad bin Yusuf Ko Aagaah Kiya?

Tehreef karne waalo'n ne ye kahani bhi banaai hai ke Ismail ne jab Yazeed bin Khusaifa se sawaal kiya aur unka jawaab maaloom kiya to waapas aakar Muhammad bin Yusuf ko bhi usse aagaah kiya.

Is manghadat kahani ka riwaya ke andar door-door tak koi naam-o-nishaan nahi hai, balke ma-qabl mein wazaahat ki ja chuki hai ke Ismail bin Umaiya baad mein jab apne shagirdo'n ko ye riwayat sunate to riwayat ke baad aakhir mein apne dono ustaazo'n se apne sawaal-o-jawaab ka bhi zikr karte. Lekin ye baat kisi jhooti riwayat mein bhi nahi hai ke Ismail bin Umaiya ne Yazeed bin Khusaifa se kiye gae sawaal-o-jawaab ka tazkira baad mein Muhammad bin Yusuf se kiya tha.

Bhala Muhammad bin Yusuf ko uski zaroorat hi kya hai? Kyounke unhe'n to pehle se maaloom hai ke Yazeed bin Khusaifa us riwayat mein ghalati karke ikkees (21) ki taadaad bayan karte hain, balke Muhammad bin

Yusuf ka ye bayan sun kar hi unke saagrid Ismail, Yazeed bin Khusaifa ke paas gae the.

Dar-asl ye kahani is liye banaai gai hai taake Muhammad bin Yusuf ke rujoo waali baat ghadhi jaa sake, jiski wazaahat aage mulaahaza kare'n.

Kya Muhammad bin Yusuf Ne Apni Bayan-karda Taadaad Se Rujoo Kar Liya Tha?

Ismail bin Umaiya jab is riwayat ko bayan karte to apne ustad Muhammad bin Yusuf ke jawaab ke beech mein bataur jumla motarza, Yazeed bin Khusaifa se apni pooch-taach bhi batate the, jiski tafseel guzar chuki hai.

Tehreef karne waalo'n ne is riwayat mein lafzi tehreef ye ki hai ke Muhammad bin Yusuf ke jawaab ke aakhri tukde ko ibtidaai hisse se lafzan aur maanan bilkul alag kar diya, chunache Muhammad bin Yusuf ke jawaab ka aakhri tukda istifhaam-e-inkaari (sawaal-e-inkaar) ki shakl mein ye tha: 'أَوَ قلت: لإحدى و عشرين؟' *"Kya maine ikkees (21) rakat kaha?"*

Yaha'n 'أَوَ' waao 'و' ke zabar ke saath hai, jo istifhaam (sawaal) ke liye aata hai. Jaise Quran mein darjado'n muqamaat par hai:

Kya Un Logo'n Ne Dekha Nahi... ?. اَوَلَمۡ يَرَوۡا اَنَّا نَاۡتِي. (Surah-ar-Raad: 41)

Yahan iske zariye jo istifhaam (sawaal) hai wo inkaari sawaal hai, jise arbi mein isftihaam-e-inkaari kaha jaata hai. Yaane Muhammad bin Yusuf bees (20) rakat waali baat ki sakhti se tardeed karne ke liye farma rahe hain ke '*Kya mein ikkees (21) rakat kaha?*' Yaane maine aisa hargiz bayan nahi kiya hai.

Yahan maqsood koi sawaal poochna nahi hai, balke sawaal ke andaaz mein ek (1) cheez ka sakhti se inkaar karna maqsood hai. Ham log bhi urdu zabaan mein is tarah ke 'inkaari sawaal' ka istemaal karte rehte hain aur ye baat bilkul aam-faham hai.

Lekin, 'Al-Ijma' ke mazmoon-nigaar ka mablagh-e-ilm[1] dekhiye. Farmate hain: "*Agar ye 'أَوَ' ho to us soorat mein ye sawaal ke liye hota hai… aur ye baat bilkul waazeh hai ke jahan sawaal hoga wahan yaqeen nahi hoga, is liye ke sawaal hota hi wahan hai jahan shak ho, yaqeeni baat maaloom na ho. Agar koi baat yaqeeni taur par maaloom ho to wahan sawaal ke kya maane?*" (Al-Ijma: Shumaara 1: P82)

Is be-tuki baat par mazmoon-nigaar ko itna naaz tha ke use bold karke likha hai. Ab unko kaun samjhaae ke sawaal ki ek (1) qism sawaal-e-inkaar bhi hai, jise istifhaam-e-inkaari kaha jaata hai aur is tarah ke sawaal ke andaaz mein poore yaqeen ke saath baat ki jaati hai. Yahan sawaal ki jo nauiyat hai wo sawaal-e-inkaar yaane istifhaam-e-inkaari hai, na ke kisi tarah ka istifsaar ya izaafa-e-ilm ke liye koi sawaal hai. Mazmoon-nigaar se guzaarish hai ke zara waqt nikaal kar arbi qawaaid ki kitaabo'n mein 'istifhaam-e-inkaari' ki behes padh leejiye.

Afsos hai ke mazmoon-nigaar ne sawaal ki mazkoora-baala be-tuki tashreeh karne ke baad usi ke bal-boote par yahan 'أَوَ' ke sawaaliya hone se inkaar kiya aur lafzi tehreef karte hue yaha'n 'أَوَ' ko waao 'و' par zabar padhne ke bajaae saakin padha. Phir use 'بل' (balke) ke maane mein le liya, halaanke yahan us maane ka saabiqa kisi bhi jumle se koi taalluq hi nahi hai. Khud 'Al-Ijma' ke mazmoon-nigaar ne likha hai: "*Aur kaha'n par ye 'أَوَ' aur kahan par 'أَوْ' padhna hai, usko aage peeche ka sentence (jumla) dekh kar maaloom kiya jaata hai*". (Al-Ijma: Shumaara: 1 P82)

Arz hai kea age aur peeche ke tamaam alfaaz ke saath Muhammad bin Yusuf ka jawaab mulaahaza farmaae'n:

قال: لقد سمع ذلك من السائب بن يزيد، ابن خصيفة، أو قلت: لإحدى وعشرين؟

"*Muhammad bin Yusuf ne kaha: Is tarah ki baat Yazeed bin Khusaifa ne hi Saaib bin Yazeed ﷺ se suni hai, kya mein ikkees (21) rakat kaha?*". (Fawaaid Abi Bakr an-Nisaburi: أ/135ق)

Waazeh rahe ke is jawaab ke beech mein jumla-motarza ke taur par

[1] T: (مَبلَغِ عِلْم) Ilmi istedaad, dast-gaah [RKT]

Ismail bin Umaiya ne jo baat ki hai wo Muhammad bin Yusuf kin ahi hai. Jabke 'أَوَ' ye Muhammad bin Yusuf ka kalaam hai, isl iye usko sirf Muhammad bin Yusuf hi ke kalaam se jod kar dekha jaaega. Is bina par Muhammad bin Yusuf ka poora kalaam haazir hai, koi bhi aqalmand insan use ek (1) nazar hi dekh kar bata dega ke yaha'n 'أَوَ' istifhaam-e-inkaari hai, yaane Muhammad bin Yusuf ikkees (21) ki taadaad bayan karne se inkaar kar rahe hain.

Uske bar-khilaaf agar yaha'n 'أَوَ' ko 'أَوْ' padhe'n to ma-qabl aur ma-baad ka koi bhi lafz us mafhoom ka saath nahi dega. Isi liye mazmoon-nigaar ko ye kahani banana padi ke Ismail bin Umaiya ne waapas aakar Muhammad bin Yusuf ko Yazeed bin Khusaifa ka jawaab bataya to unho' ne rujoo kiya, jabke is baat ke liye us riwayat mein ek (1) harf bhi maujood nahi hai.

Isi tarah 'لإحدى و عشرين' mein laam 'ل' ko zer ke saath padhne ke bajaae zabar ke saath padha gaya aur use laam-taakeed batlaya gaya hai. Halanke yahan agar laam taakeed hota to 'عشرين' ko 'عشرون' hona chaahiye, kyounke laam-taakeed jar ka amal nahi karta hai, lekin makhoota mein 'عشرين' majroor hai. Ye zabardast daleel hai ke yahan laam-taakeed hargiz nahi hai.

'Al Ijma' ke mazmoon-nigaar ki dhitaai bhi qaabil-e-deed[1] hai, ek (1) to khud laam-jaarah ko laam-taakeed padh liya, phir us chori par seena-zori dekhe'n, farmate hain: "*Is tarah ke tarjuma se bachne ke liye Kifayatullah Saahab ne laam-taakeed ka tarjuma hi uda diya*". (Al-Ijma: Shumaara: 1 P82)

Mohtaram! Pehle yahan laam-taakeed ka wujood to saabit keejiye! Tarjuma ka matlab baad mein karna! Mazmoon-nigaar ne ek (1) sawaal baar-baar kiya ke Allama Albani ne aur na-cheez ne pehle jab se yriwayat naql ki thi to us jumle ko kyoun naql nahi kiya tha?

Mohtaram uski wajah saaf hai ke hamara maqsood sirf ye tha ke

[1] T: (قَابِلِ دِيْد) Dekhne ke qaabil [RSB]

Muhammad bin Yusuf ki riwayat aur unka mauqif batlaae'n aur uske liye sirf itna hissa hi kaafi tha jitna ham ne naql kiya.

Tambeeh: 'Al-Ijma' ke mazmoon-nigaar ne Muhammad bin Yusuf ki taraf baatil taur par rujoo ki baat mansoob karne ke baad ye bhi kaha hai ke Daktoor Kamaal ne bhi yehi baat kahi hai ke Muhammad bin Yusuf ne gyaara (11) ki taadaad bayan karne se rujoo kar liya hai.

Halanke Daktoor Qaalmi par ye sareeh bohtaam hai, unho'n ne hargiz aisi koi baat nahi kahi hai, albatta unho'n ne sirf ye ehtemaal pesh kiya tha ke ho sakta hai Muhammad bin Yusuf ne gyaara (11) ki taadaad bataan emein Yazeed bin Khusaifa ko apna hamnawa zaahir kiya ho, lekin us ehtemaal ko bhi unho'n ne aage khud hi marjooh qaraar de diya hai aur doosre ehtemaal ke baare mein 'وهذا أظهر' keh kar use hi tarjeeh di hai.

Al-gharz, Muhammad bin Yusuf ka ye jumla unke mukammal jawaab ka aakhri hissa hai aur us mein rujoo ki baat to dar-kinaar, sakhti se ikkees (21) rakat ki taadaad ka inkaar hai.

In tamaam baato'n ke saath hi is par bhi ghaur keejiye ke Muhammad bin Yusuf se Imam Maalik samet che (6) siqa shagirdo'n ne sahih sanad se gyaara (11) rakat hi naql ki, balke ek (1) aur shagird ibne ishaq ne bhi maanawi taur par yehi naql kiy ahai. Ye saari riwayaat pesh ki ja chuki hain. Ye bhi is baat ki daleel hai ke Muhammad bin Yusuf ki taraf rujoo ki nisbat mahez ek (1) iftira[1] aur bohtaan hai.

Khulaasa-e-bahes ye ke is riwayat mein Muhammad bin Yusuf ne gyaara (11) ki taadaad bayan ki hai aur poore wusooq ke saath bayan ki hai aur saath hi Yazeed bin Khusaifa ki bayan-karda taadaad ki tardeed bhi kardi hai aur khud Yazeed bin Khusaifa bhi apni bayan-karda par itminaan ka izhaar nahi kar sake. Lihaaza Muhammad bin Yusuf ki gyaara (11) ki taadaad waali riwayat aala darje ki sahih riwayat hai. والحمد لله

[1] T: (اِفْتِرا) Bohtaan, tohmat, jhoota ilzaam, khilaaf-e-waaqia ya ghalat baat [RKT]

Kya Ba-jamaat Namaz-e-Taraweeh Hazrat Umar Farooq ﷺ Ki Ejaad Hai?

Maahe ramazn mein aksar log kaha karte hain ke jamaat ke saath taraweeh Hazrat Umar Farooq ﷺ ne ejaad ki hai aur usi par bas nahi, balke baaz log ye baat kehkar usse bidat-e-hasana ke jawaaz par istidlaal karte hain, halaanke ye baat hi sire se ghalat hai ke jamaat ke saath taraweeh Umar Farooq ﷺ ki ejaad hai aur sacchaai ye hai ke jamaat ke saath taraweeh Umar Farooq ﷺ ke ibtidaai daur mein bhi hoti thi, balke Abu Bakr ﷺ ke ahd-e-khilaafat mein bhi jamat ke saath taraweeh hoti thi, balke usse bhi qabl Allah ke Nabi ﷺ ke daur mein bhi ba-jamaat taraweeh hoti thi.

Is baat ki daleel kahee'n aur nahi balke aen usi hadees mein maujood hai jise pesh karke kaha jaata hai ke ba-jamaat taraweeh Hazrat Umar Farooq ﷺ ki ejaad hai. Ye Bukhari ki hadees hai, aaiye poori hadees dekhte hain:

عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدٍ القَارِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ رضى الله عنه لَيْلَةً فِي رَمَضَانَ إِلَى المَسْجِدِ، فَإِذَا النَّاسُ أَوْزَاعٌ مُتَفَرِّقُونَ، يُصَلِّي الرَّجُلُ لِنَفْسِهِ، وَيُصَلِّي الرَّجُلُ فَيُصَلِّي بِصَلاَتِهِ الرَّهْطُ، فَقَالَ عُمَرُ: إِنِّي أَرَى لَوْ جَمَعْتُ هَؤُلاَءِ عَلَى قَارِئٍ وَاحِدٍ لَكَانَ أَمْثَلَ ، ثُمَّ عَزَمَ فَجَمَعَهُمْ عَلَى أُبَيِّ بنِ كَعْبٍ، ثُمَّ خَرَجْتُ مَعَهُ لَيْلَةً أُخْرَى، وَالنَّاسُ يُصَلُّونَ بِصَلاَةِ قَارِئِهِمْ، قَالَ عُمَرُ: نِعْمَ البِدْعَةُ هَذِهِ، وَالَّتِي يَنَامُونَ عَنْهَا أَفْضَلُ مِنَ الَّتِي يَقُومُونَ، يُرِيدُ آخِرَ اللَّيْلِ وَكَانَ النَّاسُ يَقُومُونَ أَوَّلَهُ.

"*Abdur Rahman bin Abd al-Qaari se riwayat hai ke unho'n ne bayan kiya: Main Umar bin Khattab ﷺ ke saath ramzan ki ek (1) raat masjid mein gaya. Log mutafarriq aur muntashir the, koi akela namaz padh raha tha aur koi is tarah namaz padh raha tha ke uske saath ek (1) jamaat namaz padh rahi thi. Us par Umar ﷺ ne famraya: Mera khayal hai ke agar main tamaam logo'n ko ek (1) qaari ke peeche jama kar doo'n to ziyaada accha hoga, chunache aap ne yehi thaan kar Ubai bin Kaab ﷺ ko unka imam bana diya*".

"*Phir ek (1) raat jo main unek saath nikla to dekha ke log apne imam ke peeche namaz (e taraweeh) padh rahe hain. Umar ﷺ ne farmaya: Ye naya tariqa behtar aur munaasib hai aur (raat ka) wo hissa jis mein ye log so jaate hain is hisse se behtar aur afzal hai jis mein ye namaz padhte hain. Aap ki muraad raat ke aakhri hisse (ki fazilat) se thi,*

kyounke log ye namaz raat ke shuru hi mein padh lete the". (Sahih Bukhari: V3 P45; Kitab Salaat at-Taraweeh: 2010)

Is hadees mein ghaur keejiye ke Umar Farooq ﷺ jab pehli raat Abdur Rahman bin Abd al-Qaari ke saath masjid mein aae to masjid mein ye manzar dekha: 'فَإِذَا النَّاسُ أَوْزَاعٌ مُتَفَرِّقُوْنَ، يُصَلِّي الرَّجُلُ لِنَفْسِهِ' "*Log mutafarriq aur muntashir the, koi akela namaz padh raha tha*". Lekin uske saath-saath usi raat masjid mein ye manzar bhi dekha: 'وَيُصَلِّي الرَّجُلُ فَيُصَلِّي بِصَلَاتِهِ الرَّهْطُ' "*Aur koi is tarah namaz padh raha tha ke uske saath ek (1) jamaat namaz padh rahi thi*".

Sahih Bukhari ki sharah karne waale Haafiz Ibne Hajar ﷺ is jumle ki tashreeh karte hue likhte hain: 'وَحَاصِلُهُ أَنَّ بَعْضَهُمْ كَانَ يُصَلِّي مُنْفَرِدًا وَبَعْضُهُمْ يُصَلِّيْ جَمَاعَةً' "*Iska mafhoom ye hai ke baaz akele namaz padh rahe the aur baaz jamaat ke saath namaz padh rahe the*". (Fath-ul-Baari: V4 P252)

Ghaur kare'n! Bukhari ki usi riwayat mein saaf daleel maujood hai ke log shuru hi se jamat ke saath namaz-e-taraweeh padh rahe the. Yaane us raat masjid mein Umar Farooq ﷺ ki aamad se qalb hi log jamat se namaz-e-taraweeh padh rahe the aur logo'n ka yehi amal ahd-e-Abu Bakr Siddiq ﷺ mein bhi tha, balke adh-e-risaalat se hi ye amal jaari tha.

Aisi soorat mein ye kehna qatan durust nahi ke ba-jamat namaz-e-taraweeh Umar Farooq ﷺ ki ejaad hai?

Ab raha sawaal ye ke phir us raat Umar Farooq ﷺ ne jo faisla kiya tha wo kya tha?

To arz hai ke us raat Umar Farooq ﷺ ka faisla ye tha ke jo log akele-akele namaz padh rahe hain unhe'n bhi jamat ke saath namaz padhne ka hukm diya jaae. Yaane masjid mein ba-jamaat namaz ki shakl baaqi rakhi jaae aur jo log akele-akele namaz padh rahe hain un sab ko paaband kiya jaae ke wo bhi jamat ke saath namaz padhe'n.

Chunache Umar Farooq ﷺ ne hukm saadir kar diya ke sab log jamat mein shaamil ho kar ek (1) hi imam ke saath ekatthe ho kar namaz padhe'n.

Ye hai taraweeh se mutaalliq Umar Farooq ﷺ ke hukm ki haqiqat. Jis

mein ye kahee'n nahi hai ke jamat se taraweeh ki namaz Umar Farooq ﷺ ne ejaad ki hai, balke uske bar-aks us mein is baat ka sareeh suboot hai ke jamat ke saath taraweeh shuru hi se ho rahi thi aur ye silsils ahd-e-risaalat hi se chala aaraha tha.

Waazeh rahe ke baaz ahadees mein jo ye manqool hai ke Aap ﷺ ne teen (3) raat jamaat ke saath taraweeh padhai uske baad aap ne taraweeh ki imaamat nahi karwaai, iska ye matlab nahi hai ke Aap ﷺ ke us amal se qabl ya uske baad jamat se taraweeh ka koi suboot hi nahi tha, balke kai ahadees se is baat ka suboot milta hai ke un teen (3) raato'n ke alaaawa bhi Sahaba Kiraam ﷺ jamat ke saath taraweeh padhte the aur Allah ke Nabi ﷺ ne use manzoor farmaya tha.

Imam Ibne Hibban ﷺ (d 354h) farmate hain:

أخبرنا أبو يعلىٰ، قال حدثنا عبد الأعلىٰ بن حماد النرسي، قال: حدثنا يعقوب القمي، قال: حدثنا عيسى بن جارية، قال: حدثنا جابر بن عبد الله، قال: جاء أبي بن كعب إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال: يا رسول الله! كان مني الليلة شيء في رمضان، قال: وما ذاك يا أبي؟ قال: نسوة في داري قلن إنا لا نقرأ القرآن فنصلي بصلاتك، قال: فصليت بهن ثماني ركعات، ثم أوترت، قال: فكان شبه الرضا، ولم يقل شيئا.

"*Jaabir bin Abdullah ﷺ se riwayat hai ke Ubai bin Kaab ﷺ Allah ke Nabi ﷺ ke paas aae aur kaha: Allah ke Rasool! Guzishta raat ramzan mein mujh se ek (1) cheez sarzad hui hai. Allah ke Rasool ﷺ ne kaha: Aye Ubai! Wo kya cheez hai? Ubai bin Kaab ﷺ ne kaha: Mere gha rmein khawateen ne mujh se kaha ke ham Quran nahi padh saktee'n, lihaaza hamari khwaahish hai ke aap ki iqtida mein namaz padhe'n. Ubai bin Kaab ﷺ kehte hain ke phir maine unhe'n aath (8) rakat taraweeh jamaat se padhaai, phir witr padhaya. Allah ke Nabi ﷺ ne use manzoor farmaya aur us par koi nakeer na ki*". (Sahih Ibne Hibban: Al-Ihsaan: V6 P290 H2549 [Sanad Sahih])

Ye waaqia un teen (3) raato'n ka nahi hai jin mein Allah ke Nabi ﷺ ne ba-jamaat namaz-e-taraweeh padhai thi. Isse maaloom hua ke ahd-e-risaalat mein hi jamat ke saath taraweeh padhne apr Sahaba Kiraam ka amal tha aur use Allah ke Nabi ﷺ ki manzoor haasil thi.

Balke ek (1) hadees se maaloom hota hai ke masjid mein bhi Sahaba

Kiraam ﷺ jamaat ke saath taraweeh padhne par amal-paera the. Chunache Imam Abu Dawood ﷺ (d 275h) farmate hain:

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم فَإِذَا أُنَاسٌ فِي رَمَضَانَ يُصَلُّونَ فِي نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: مَا هَؤُلَاءِ؟، فَقِيلَ: هَؤُلَاءِ نَاسٌ لَيْسَ مَعَهُمْ قُرْآنٌ، وَأُبَيُّ ابْنُ كَعْبٍ يُصَلِّي، وَهُمْ يُصَلُّونَ بِصَلَاتِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم : أَصَابُوا، وَنِعْمَ مَا صَنَعُوا.

"*Syedna Abu Huraira ﷺ bayan karte hain ke Rasool Allah ﷺ tashreef laae aur dekha ke log ramzan mein masjid ki ek (1) jaanib mein namaz padh rahe hain. Aap ﷺ ne poocha: Ye kya kar rahe hain? Kaha gaya ke un logo'n ko Quran yaad nahi hai aur Ubai bin Kaab ﷺ namaz padh rahe hain to ye log bhi unke saath naamz padh rahe hain, to Nabi-e-Kareem ﷺ ne farmaya: Unho'n ne durust kiya aur bahut khoob kiya*". (Sunan Abu Dawood: V2 P50 H1377 [Hasan])

Ye waaqia un teen (3) raato'n ka nahi hai, jin mein Aap ﷺ ne ba-jamaat namaz-e-taraweeh padhai thi. Isse maaloom hua ke ahd-e-risaalat mein ba-jamaat taraweeh par Sahaba Kiraam ﷺ ka amal tha aur ye amal ahd-e-risaalat ke baad ahd Abu Bakr Siddiq aur Umar Farooq ﷺ ke daur tak bhi jaari tha, jaisa ke Bukhari ki hadees se waazeh kiya ja chuka hai. Is liye ye kehna durust nahi hai ke Umar Farooq ﷺ ne ba-jamaat taraweeh ki buniyaad daali.

Albatta Umar Farooq ﷺ ne jo hukm saadir kiya tha us mein khaas baat ye thi ke aap ne masjid mein fardan-fardan taraweeh padhne se mana kiya tha aur masjid mein sirf jamaat ke saath namaz padhne ka hukm diya tha, aur ye tariqa bhi Umar Farooq ﷺ ka apna ejaad-karda nahi tha, balke Umar Farooq ﷺ ne use sirf jaari kiya tha aur tariqa Allah ke Nabi ﷺ ka tha.

Chunache ye baat muttafiq-alae hai ke Aap ﷺ ne teen (3) raat taraweeh ki jamaat is tarah karaai thi ke un teen (3) raato'n mein sab ke sab jamaat mein shareek the aur akele padhne waala koi na tha, lekin agle din Allah ke Nabi ﷺ ne ye keh kar amal rok diya ke kahee'n ye farz na ho jaae.

Lekin Aap ﷺ ki wafaat ke baad deen mukammal ho gaya aur ab us namaz ke farz hone ka imkaan nahi tha, is liye Umar Farooq ؓ ne Aap ﷺ ke us tariqa ko jaari kar diya, kyounke uske band karne ki jo wajah thi wo ab baaqi nahi reh gai thi.

Al-gharz Umar Farooq ؓ ne jo tariqa jaari kiya tha wo unka apna ejaad-karda nahi tha, balke Allah ke Nabi ﷺ se saabit-shuda tha.

Yahan ek (1) baat ye bhi kahi ja sakti hai ke agar ye tariqa Umar Farooq ؓ ka pna ejaad-karda nahi tha to Umar Farooq ؓ ne use 'نِعْمَ الْبِدْعَةُ هَذِهِ' yaane "*ye naya tariqa bahut accha hai*" kyoun kaha?

To arz hai ke yahan Umar Farooq ؓ ne 'bidat' ka lafz sharai-o-istilaahi maane mein istemaal nahi kiya, balke lughawi maane mein istemaal kiya hai. Dar-asl shariyat mein 'bidat' us tariqa ko kehte hain jo ejaad ke etebaar se naya ho naake amal ke etebaar se. Yaane kisi tariqa ki ejaad ahd-e-risaalat ke baad hui hai to wohi tariqa shariyat mein 'bidat' qaraar paaega, lekin agar kisi tariqa ki ejaad ahd-e-risaalat mein hi hui ho, lekin us par amal baad mein shuru hua to us tariqa ko shariyat ki istilaah mein 'bidat' nahi kahenge, kyounke ye amal ejaad ke etbaar se naya nahi, balke sirf amal ke etebaar se naya hai. Lekin lughat mein bidat har tarah ki nai cheez ko kehte hain, yaane lughat ke etebaar se har nae tariqa ko bidat keh sakte hain khwah wo ejaad ke etebaar se naya ho ya amal ke etebaar se.

Isko misaal se you'n samjhe'n ke maghrib se qabl do (2) rakat sunnat padhne ka tariqa Nabi ﷺ ke daur ka tariqa hai aur aaj ke daur mein bahut saari masaajid mein us tariqa par amal nahi ho raha. Ab agar koi shaksh aisi kisi masjid mein us tariqa par amal jaari kara de to ye tariqa amal ke etebaar se naya hoga. Is liye lughawi etebaar se use 'bidat' yaane naya tariqa keh sakte hain, lekin ejaad ke etebaar se ye naya nahi hai, is liye sharai etebaar se use 'bidat' nahi keh sakte.

Doosri misaal you'n samajhe'n ke kisi company area mein ya raaste mein koi aisi masjid ho jahan fajr ke alaawa baqiya sirf chaar (4) waqt ki namaz hoti hai aur fajr ki namaz nahi hoti, lekin kuch dino ke baad us masjid ke aas-paas musalman aabaad ho jaae'n aur us masjid mein fajr ki namaz

bhi shuru kar de'n to ye tariqa us masjid mein naya tariqa hoga aur lughwi etebaar se use 'bidat' yaane naya tariqa keh sakte hain.

Lekin sharai etebaar se use 'bidat' nahi keh sakte, kyounke ye tariqa ejaad ke etebaar se naya nahi, balke sirf amal ke etebaar se naya hai.

Theek isi tarah ka maamal Umar Farooq ﷺ ke jaari-karda tariqa ka hai, ye tariqa amal ke etebaar se naya tha, is liye lughwi etebaar se use 'bidat' yaane naya tariqa keh sakte hain, jaisa ke Umar Farooq ﷺ ne kaha, lekin sharai etebaar se us tariqa ko 'bidat' nahi keh sakte, kyounke ye tariqa ejaad ke etebaar se naya nahi hai. Balke sirf amal ke etebaar se naya hai, kyounke uski ejaad ahd-e-risaalat mein hi hai, jaisa ke ma-qabl mein tafseel pesh ki gai hai.

Haiat[1] ki baat hai ke log Umar Farooq ﷺ ke us amal se bidat-e-hasana ke jawaaz par istidlaal karte hain, halaanke Umar Farooq ﷺ ke us amal se bidat-e-hasana ki taaeed nahi, balke tardeed hoti hai.

Ghaur kare'n ke ek (1) tariqa par amal ko Allah ke Nabi ﷺ ne is wajah se rok diya tha ke kahee'n us mein izaafa na ho jaae, yaane ye farz na ho jaae aur Aap ﷺ ki wafaat ke baad deen mein koi izaafa na ho ho sakta, is haqiqat par imaan hi ki wajah se Umar Farooq ﷺ ne us tariqa ko jaari kar diya, kyounke Umar Farooq ﷺ ka ye eteqaad tha ke ahd-e-risaalat ke baad deen mein ab nai cheez ki gunjaaish nahi hai, is liye us nabwi tariqa mein bhi ab koi izaafa nahi ho sakta, lihaaza use jaari karne mein deen mein nai cheez ke izaafe ki gunjaaish nahi hai.

Goya Umar Farooq ﷺ ke us faisle mein ye elaan maujood hai ke deen mein ab kisi nai cheez ki gunjaaish nahi hai, lekin afsos ke aen uske bar-aks Umar Farooq ﷺ ke usi faisle se bidat-e-hasana ke jawaaz par istidlaal kiya ja raha hai. Use kehte hain: 'تفسير القول بما لا يرضى به قائله'

[1] T: (بَيِّنَت) Zaahiri banaawat, soorat-shakal, huliya [RKT]

Baab 3: Aath (8) Rakat Taraweeh Aur Ahle Ilm Ka Mauqif

Aath (8) Rakat Taraweeh Aur Ijma-e-Ummat:

Baaz hazraat awaam ko ye bataate hain ke bees (20) rakat hi taraweeh hai aur usi par sab ka ijma hai. Phir wo baaz ahle ilm ke aqwaal ya aamaal pesh karte hain, halaanke ummat mein agar kisi ne bees (20) par amal kiya hai ya use durust jaana hai to bhi usne ye daawa nahi kiya hai ke ye taadaad sunnat-e-Rasool ﷺ se saabit hai, balke baaz ne aam nafil samajh kar aur baaz salaf se manqool hone ke sabab ikhtiyaar kiya hai, yehi wajah hai ke sab ne bees (20) par ittifaaq nahi kiya, balke baaz ne sunnat ke mutaabiq gyaara (11) rakat hi ko ikhtiyaar kiya hai aur baaz ne bees (20) se bhi zaaid taadaad ikhtiyaar ki hai.

Lekin ijmaai taur par na to ummat ne kabhi bees (20) ki taadaad par ittifaaq kiya hai aur na use masnoon kaha hai, albatta uske bar-aks gyaara (11) rakat par ahd-e-sahaba mein qaulan-o-amalan har tarah se ittifaaq-o-ijma raha hai.

Chunache ma-qabl mein guzar chuka hai ke Umar Farooq رضی اللہ عنہ ne gyaara (11) rakat padhne ka hukm diya aur kisi ek (1) bhi sahabi ne uski mukhalifat na ki, isi tarah amalan bhi Umar Farooq رضی اللہ عنہ ke hukm ke mutaabiq Sahaba Kiraam رضی اللہ عنہم ne gyaara (11) rakat hi taraweeh padhi aur usi par amal kiya, uske khilaaf qaulan ya amalan kisi ek (1) bhi sahabi se koi sahih riwayat maujood nahi hai. Is liye ye kehna bilkul bajaa hai ke sahaba ka gyaara (11) rakat taraweeh par qaulan-o-amalan ijma ho gaya tha aur usse zaaid padhne ki shuruaat baad mein hui hai.

Aath (8) Rakat Taraweeh Aur Aqwaal Ahle Ilm:

Ayesha Siddiqa رضی اللہ عنہا Ka Mauqif:

Shuru mein Hazrat Ayesha رضی اللہ عنہا ki hadees guzar chuki hai ke aap ne qiyaam-e-ramzan, yaane taraweeh se mutaalliq sawaal karne par farmaya ke ramzan-o-ya ghair-ramzan Aap ﷺ gyaara (11) se ziyaada nahi padhte the.

Is riwayat mein Hazrat Ayesha رضی اللہ عنہا ki taraf se aksar taadaad ko hasr ke

saath bayan karna, goya unki taraf se ye kehna hai ke taraweeh ho ya aam dino mein raat ki namaz, us mein gyaara (11) rakat se ziyaada nahi padhni chaahiye.

Umar Farooq ﷺ Ka Mauqif:

Muwatta Ki Sahih riwayat guzar chuki hai ke Hazrat Umar Farooq ﷺ ne gyaara (11) rakat padhane ka hukm diya tha. Ye sareeh daleel hai ke Umar Farooq ﷺ gyaara (11) rakat taraweeh hi ke qaayal the.

Tamaam Sahaba Kiraam ﷺ Ka Mauqif:

Ahd-e-Farooqi ﷺ mein jab gyaara (11) rakat ka hukm Umar Farooq ﷺ ki taraf se hua to kisi ek (1) bhi sahabi ne uski mukhalifat na ki, ye is baat ki daleel hai ke tamam Sahaba usi taadaad par amal-paera the.

Imam Maalik ﷺ Ka Mauqif:

Imam Ash-hab bin Abdul Aziz ﷺ (d 204h) apne ustaz Imam Maalik se naql karte hain:

الذي آخذ به لنفسي في قيام رمضان هو الذي جمع عمر ابن الخطاب عليه الناس إحدى عشرة وهي صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا أدري من أحدث هذا الركوع الكثير.

"*Maine apne liye ramzan mein rakat-e-taraweeh ki jo taadaad pasand karta hoo'n, wo wohi taadaad hai jis par Umar Farooq ﷺ ne sab ko jama kiya tha aur wo gyaara (11) rakat ki taadaad hai, us taadaad mein Allah ke Nabi ﷺ ne bhi ye namaz padhi hai aur main nahi jaanta ke itni saari rakat (jin par ahle madina ka amal hai) wo kisne ejaad ki hai!!*". (As-Salaat wa Tahajjud: P287 T: Aadil)

Imam Maalik ﷺ Ke Shagird Ka Bayaan:

Is qaul ko Imam Maalik se unke shagird Imam Ash-hab bin Abdul Aziz (d 204h) ne naql kiya hai jo Imam Maalik ke zabardast siqa shaagird aur saahib-e-tasnifaat hain. Phir unke hawaale se ye qaul Ibne Mughees ne zikr kiya hai aur ye bhi saahib-e-tasneef hain aur Ibne Mughees ke hawaale se Abdul Haq al-Ashbili (d 581h) ne zikr kiya hai. Imam Maalik ke ek-doosre shagird Ibn al-Qaasim ne bhi Imam Maalik se aisa hi naql

kiya hai. كما سيأتي

Ek (1) Eteraaz Ka Jawaab: Kya Imam Maalik ﷺ Ke Doosre Shaagird Ibn al-Qaasim Ne Imam Maalik ﷺ Se 33 Rakat Naql Kiya?

Imam Suyuti ne Imam Joori ke hawaale se bhi Imam Maalik ka yehi qaul naql kar diya to baaz maslak-parasto'n ne uske khilaaf Ibn al-Qaasim ki riwayat pesh ki, ke unho'n ne Imam Maalik se ye naql kiya hai:

قال مالك: بعث إلي الأمير وأراد أن ينقص من قيام رمضان الذي كان يقومه الناس بالمدينة - قال ابن القاسم وهو تسعة وثلاثون ركعة ،بالوتر ست وثلاثون ركعة والوتر ثلاث قال مالك: فنهيته أن ينقص من ذلك شيئا، وقلت له: هذا ما أدركت الناس عليه وهذا الأمر القديم الذي لم يزل الناس عليه.

"*Imam Maalik ne kaha ke ameer ne mere paas ye paeghaam bheja ke madina mein log jis taadaad-e-rakat par aamil hain us mein wo kami karwana chaahte hain. Ibn al-Qaasim kehte hain ye taadaad 39 rakat thi, jin mein teen (3) witr thi. Imam Maalik ne kaha: Maine us mein kuch bhi kami karwaane se mana kar diya aur kaha: Maine un logo'n ko aise hi padhte hue paaya hai aur ye bahut pehle se chala aaraha hai, jis par ye log jama hain*". (Al Mudawwana: V1 P287)

Uske jawaab mein Haafiz Zubair Ali Zai Saahab ne khwah-ma-khwah Imam Maalik se Ibn al-Qaasim ki riwayat hi ko mashkook thehra diya hai. (Qiyaam-e-Ramzan: P45; P46; P85) Halaanke mausoof agar matn par ghaur kar lete to Imam Maalik se Ibn al-Qaasim ke naql-karda aqwaal ke inkaar ka takalluf na karte.

Dar-asal Ibn al-Qaasim ne jo Imam Maalik se naql kiya hai, us mein door-door tak is baat ka naam-o-nishaan nahi hai ke Imam Maalik bhi us taadaad ke qaayal the, us mein sirf ye hai ke us waqt ahle madina ka amal 39 rakat par tha aur waha'n ke ameer ne jabran use kam karwana chaaha, lekin Imam Maalik ne mana farma diya. Isse ye pata chalata hai ke Imam Maalik ﷺ ne ziyaada padhne waalo'n se taaruz[1] karna aur jabran unhe'n kam padhne par majboor karna pasand nahi farmaya, lekin khud Imam Maalik ﷺ ne apne liye sunnat-e-rasool aur sunnat-e-sahaba waali taadaad hi ikhtiyaar ki.

[1] T: Mukhalifat, ikhtilaaf [RKT]

Yehi wajah hai ke jin shagirdo'n ne bhi Imam Maalik se gyaara (11) ki taadaad naql ki unho'n ne saraahat ki hai ke ye taadaad Imam Maalik ؒ ne khaas apne liye ikhtiyaar ki thi. Jaisa ke oopar ke hawaale ke alfaaz hain: 'الذي آخذ به لنفسي' yaane Imam Maalik ؒ farmate hain ke "*Jo taadaad main apne liye pasand karta hoo'n*".

Allama Aeni ne bhi jab gyaara (11) rakat ko Imam Maalik ka mauqif batlaya to in alfaaz mein zikr kiya: 'وهو اختيار مالك لنفسه' "*Aur Imam Maalik ne khud ke liye yehi taadaad ikhtiyaar ki hai*". (Umdatul-Qaari: V11 P127)

Balke ghaur kare'n to Ibn al-Qaasim ki ye riwayat bhi ishara kar rahi hai ke Imam Maalik ؒ sunnat se zaaid rakat pasand nahi faramate, kyounke ameer ne zaaid rakat ko kam karne ke liye unse baat-cheet ki, jisse ishaara milta hai ke ameer ko Imam Maalik ka mauqif pata tha aur ameer ki khwaahish ye thi ke jis tarah Imam Maalik ne apne liye sunnat ko ikhtiyaar kiya hai, usi tarah sab ko uska paaband bana diya jaae.

Lekin Imam Maalik ؒ ne ek (1) zamane se jaari us amal ke khilaaf sarkaari iqdaam karne se rok diya, taake usse kisi tarah ka fitna khada na ho.

Imam Maalik Se Unke Shagird Ibn al-Qaasim Ne Bhi Gyaara (11) Ki Taadaad Naql Ki Hai:

Ham ne oopar Imam Maalik ؒ ke sahgird Imam Ibne Ash-hab aur Imam Ibn al-Qaasim ke bayanaat mein jo tatbeeq deen-e-islaam hai, uski ek (1) daleel ye bhi hai ke khud Ibn al-Qaasim ؒ ne bhi Imam Maalik se gyaara (11) ki taadaad naql ki hai. Lekin aen wohi baat kahi hai jo ham ne mazkoora tatbeeq mein pesh ki hai.

Chunache Abdul Haq al-Ashbili, Ibn al-Qaasim se hi naql karte hain:

وقال ابن القاسم كره مالك أن ينقص الناس من عدد الركوع الذي جرى به العمل في مسجد رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو تسع وثلاثون ركعة بالوتر والوتر ثلاث، واختار هو لنفسه إحدى عشرة ركعة.

"*Ibn al-Qaasim ne kaha: Imam Maalik ne is baat ko na-pasand kiya ke Masjid-e-Nabawi mein jis taadaad par logo'n ka amal tha use kam karwaae'n aur ye taadaad 39 rakat thee'n, jin mein teen (3) witr thi.*

Lekin Imam Maalik ﷺ ne khud apne liye gyaara (11) rakat hi ko ikhtiyaar kiya". (As-Salaat wa Tahajjud: P287 [T: Aadil])

Mulaahaza farmae'n ke is hawaale se to doodh ka doodh aur paani ka paani ho gaya.

Imam Bukhari ﷺ Ka Mauqif:

Imam Bukhari ﷺ ne salaat-ut-taraweeh ke tahat Hazrat Ayesha ؓ ki gyaara (11) rakat waali hadees zikr ki hai aur us zimn bees (20) rakat waali koi riwayat taaliqan bhi zikr nahi ki, na uski taraf koi ishaara kiya hai, jiska siwaae iske koi matlab nahi ke Imam Bukhari ﷺ gyaara (11) rakat-e-taraweeh hi ke qaayal hain.

Imam Abu Bakr bin al-Arbi ﷺ Ka Mauqif:

Aap likhte hain:

والصحيح أن يصلى إحدى عشر ركعة صلاة النبي عليه السلام وقيامة فأما غير ذلك من الأعداد فلا أصل له.

"*Sahih ye hai ke gyaara (11) rakat padhi jaae'n jaisa ke Nabi-e-Kareem ﷺ padhte the aur qiyaam karte the, uske alaawa jo doosri taadaad hain, unki koi asal nahi*". (Aarizah al-Ahwazi: V4 P19)

Imam Abu al-Abbas Ahmad bin Umar al-Qurtabi ﷺ Ka Mauqif:

Aap likhte hain:

وقال كثير من أهل العلم: إحدى عشرة ركعة، أخذا بحديث عائشة رضى الله عنها المتقدم.

"*Aur bahut se ahle ilm ne Ayesha ؓ ki mazkoora hadees ki bina par kaha hai ke (taraweeh ki) gyaara (11) rakat hain*". (Al-Mufhim Limaa Ashkal Min Talkhees Kitaab Muslim: V2 P390)

Aath (8) Rakat Taraweeh Aur Ulama-e-Ahnaaf Ki Shahaadat

Imam Muhammad bin al-Hasan ash-Shaibaani ﷺ (d 189h) farmate hain: 'باب: قيام شهر رمضان وما فيه من الفضل' "*Maahe Ramzan mein qiyaam ka bayan aur us baare mein fazaail*". Is par taaleeq[1] mein Allama Lucknawi

[1] T (تَعْلِيق) Haashiya, wazaahat, footnote [RKT]

ﷺ ne likha hai: ‘ويسمى التراويح’ *“Aur use yaane qiyaam-e-ramzan ko taraweeh ke naam se jaana jaata hai”*. (At-Taaleeq al Mumajjad: V1 P351)

Is baab ke tahat Imam Muhammad bin Hasan ne taraweeh se mutaalliq ahadees. Masalan: Gyaara (11) rakat se mutaalliq hadees-e-Ayesha pesh ki hai aur aakhir mein likha hai:

وبهذا كله نأخذ لا بأس بالصلاة في شهر رمضان أن يصلي الناس تطوعا بإمام، لأن المسلمين قد أجمعوا على ذلك ورأوه حسنا.

“*Ham un tamaam baato’n ko qubool karte hain, maah-e-ramzan ki namaz (taraweeh) mein koi harj nahi hai ke log ek (1) imam ke saath adaa kare’n, kyounke musalman ne us par ijma kiya hai aur use behtar jaana hai*”. (Muwatta Muhammad bin al-Hasan Shaibani: P91)

Allama Kamaluddin al-maaroof Baaban al-Humaam Hanafi ﷺ (d 861h) farmate hain:

فتحصل من هذا كله أن قيام رمضان سنة إحدى عشرة بالوتر في جماعة فعله عليه الصلاة والسلام.

“*In baato’n se maaloom hua ke ye gyaara (11) rakat witr samet taraweeh Aap ﷺ ne padhi hai*”. (Fath-ul-Qadeer Sharah Hidaya: V1 P468)

Allama Zainuddin Baaban Nujaim al-Masri ﷺ (d 970h) farmate hain:

وقد ثبت أن ذلك كان إحدى عشرة ركعة بالوتر كما ثبت في الصحيحين من حديث عائشة.

“*Aur beshak saabit hai ke wo (taraweeh ki masnoon rakat) witr samet gyaara (11) rakat hain jai sake sahihain mein Hazrat Ayesha ؓ ki hadees se saabit hai*”. (Bahr ar-Raaiq Sharah Kanz ad-Daqaaiq: V2 P72)

Mulla Ali al-Qaari ﷺ (d 1014h) farmate hain:

فتحصل من هذا كله أن قيام رمضان سنة إحدى عشرة بالوتر في جماعة فعله عليه الصلاة والسلام.

“*In baato’n se maaloom hua ke ye gyaara (11) rakat witr samet taraweeh Aap ﷺ ne padhi hai*”. (Mirqaat al-Mafateeh lil-Mulla al-Qaari: V3 P973)

Shaikh Abdul Haq Mohaddis Dehelwi ﷺ (d 1052h) farmate hain:

“*Ab raha ramzan-ul-mubaarak mein qiyaam-e-shab jise taraweeh kehte hain, to uska bayan in sha Allah roze ke baab mein aaega, aur tehqeeq*

ye hai ke ramzan-ul-mubaarak mein Huzoor-e-Akram ﷺ ki namaz aap ki aadat-e-sharifa hi ke mutaabiq thi aur wo gyaara (11) rakate'n thee'n, jise tahajjud mein padha karte the jaisa ke maaloom hua". (Madaarij an-Nubuwwah: V1 P480 Tarjuma: Ghulam Moinuddin)

Allama Hasan bin Ammaar bin Ali al-Sharnablaali al-Masri al-Hanafi رحمۃ اللہ علیہ (d 1069h) farmate hain:

وصلاتها بالجماعة سنة كفاية، لما ثبت أنه صلى الله عليه وسلم صلى بالجماعة إحدى عشر ركعة بالوتر.

"*Aur is (taraweeh) namaz ko jamat se padhna sunnat-e-kifaya hai, kyounke Allah ke Nabi ﷺ se saabit hai ke aap ne ba-jamaat witr samet gyaara (11) rakat padhee'n*". (Miraaqi al-Falaah Sharah Noor al-Eezaah: P157)

Mohaddis Shah Waliullah Dehelwi رحمۃ اللہ علیہ (d 1176h) likhte hain:

'از فعل آنحضرت صلعم یازیادہ رکعت ثابت شدہ در قیام رمضان' Aap ﷺ ke fe'l se qiyaam-e-ramzan (taraweeh) mein gyaara (11) rakat saabit hain. (Musaffa-o-Musawwa Sharah Muwatta: P175)

Allama Tahtaawi رحمۃ اللہ علیہ (d 1231h) farmate hain:

وقت ثبت أن ذلك كان إحدى عشرة ركعة بالوتر.

"*Aur ye baat saabit hai ke wo (taraweeh ki masnoon rakat) witr samet gyaara (11) hai*". (Haashiya at-Tahtaawi Alaa ad-Dur al-Mukhtar: V1 P295)

Maulana Muhammad Qutbuddin Khan Dehelwi Hanafi رحمۃ اللہ علیہ (d 1289h) likhte hain: "*Aap ﷺ se choonke gyaara (11) rakate'n padhni saabit hui hain, is liye Aap ﷺ kea mal-mubaarak se mushabahat ke qasd se Hazrat Umar رضی اللہ عنہ ne baaz raato'n mein gaayra rakat padhne ka hukm diya*". (Mazaahir-e-Haq: V1 P821)

Note: Baaz rato'n mein nahi, balke tamaam raato'n mein Umar Farooq رضی اللہ عنہ ka yehi hukm tha, uske bar-khilaf Umar رضی اللہ عنہ se kuch sabit nahi hai.

Maulana Abdul Hai Lucknawi رحمۃ اللہ علیہ (d 1304h) likhte hain:

وأمّا العدد فروى ابن حبّان وغيره أنه صلي بهم في تلك الليالي ثمان ركعات وثلاث ركعات وتراً.

"*Jahan tak (masnoon rakat-e-taraweeh ki) tadad ki baat hai to Ibne Hibban waghaera ne riwayat kiya hai ke Aap ﷺ ne un raato'n mein aath*

(8) rakat aur teen (3) rakat witr padhi thee'n". (Umdah ar-Raaya bi-Thashsheeh Sharah al-Wiqaaya: V1 P166)

Maulana Muhammad Ahsan Siddiqi Nanotwi رحمه الله (d 1312h) likhte hain:

لأن النبي صلى الله عليه وسلم لم يصلها عشرين بل ثماني.

"*Kyounke Nabi ﷺ ne (taraweeh) bees (20) rakat nahi padhe'n balke aath (8) rakat padhe'n*". (Haasiya Kanz ad-Daqaaiq: V1 P122 [Maktaba Bushra])

Maulana Rasheed Ahmad Gangohi رحمه الله (d 1323h) likhte hain: "*Azaa'n jumla ek (1) dafa gyaara (11) rakat padhna hai, chunache Jaabir رضي الله عنه ne riwayat kiya hai ke Rasool Allah ﷺ ne ek (1) shab mein gyaara (11) rakat taraweeh ba-jamaat padhi*". (Taalifaat-e-Rashidiya: P315; Ar-Raai an-Najeeh: P13)

Maulana Khalil Ahmad Sahanranpuri رحمه الله (d 1346h) Saahab likhte hain: "*Aur sunnat-e-muwakkada hona taraweeh ka aath (8) rakat to bil-ittifaaq hai*". (Baraheen-e-Qaatia: P195)

Allama Anwar Shah Kashmiri رحمه الله (d 1353h) likhte hain:

ولا مناص من تسليم أن تراويحه كانت ثمانية ركعات.

"*Ye maane baghaer koi chaara nahi ke Nabi ﷺ ki taraweeh aath (8) rakat hi thee'n*". (Al-Urf ash-Shazi lil-Kashmiri: V2 P208)

Maulan Abdul Shukoor Lucknawi رحمه الله (d 1381h) likhte hain: "*Agarche Nabi ﷺ se aath (8) rakat taraweeh masnoon hai*". (Ilm al-Fiqa: P198)

Maulana Muhammad Yusuf Banori رحمه الله (d 1397h) ne Allama Anwar Shah Kashmiri رحمه الله ka qaul ba-raza-o-raghbat naql karte hue likha:

ولا بد من تسليم أنه صلى الله عليه وسلم صلى التراويح أيضا ثماني ركعات.

"*Ye tasleem kiye baghaer chaara nahi hai ke Nabi ﷺ ne taraweeh bhi aath (8) rakat hi padhee'n*". (Maarif as-Sunan: V5 P543)

Uske baad aage Banori Saahab ne Sahih Ibne Hibban ne Hadees-e-Jaabir رضي الله عنه ko naql karke uski pur-zor taaeed ki hai. (Maarif as-Sunan: V5 P544)

Rabbul Aalameen baaqi ahnaaf hazraat ko bhi taufeeq de ke wo bhi us haqiqat ka eteraaf aur uska izhaar kare'n ke taraweeh ke silsile mein Nabi-e-Akram ﷺ ki sunnat gyaara (11) rakat hi thi.

Hissa Duwam
Mukhalifeen Ke dalaael
Ka Jaaeza

Baab 1: Kya Bees (20) Rakat Taraweeh Quran Se Saabit Hai?

Kuch logo'n ne bahut hi ajeeb-o-ghareeb daawa karte hue kaha hai ke Quran-e-Majeed se bees (20) rakat taraweeh ka suboot milta hai. Barelwiyo'n ke mufti Ahmad Yaar Gujrati likhte hain: "*Ham bi-fazlihi-ta'ala iska suboot Quran-e-Paak ki tarteeb, ahadees-e-sahiha, aqwaal-e-ulama, aqli dalaael se dete hain*".

Aage chalkar likhte hain: "*Dekhna ye hai ke Qurani ruku ko ruku kyou'n kehte hain? Kutub-e-qirat se maaloom hua ke Hazrat Umar aur Usman* رضی اللہ عنہما *taraweeh mein jis qadr Quran padh kar ruku farmate the, us hisse ka naam ruku rakha gaya, choonke taraweeh bees (20) rakat padhi jaati thi aur sataeeswee'n (27th) ramzan ko khatm hota tha, is lihaaz se Quran-e-Paak ke kul paanch-sau-chalees (540) ruku hone chaahe'n, lekin choonke khatm ke din baaz rakato'n mein choti-choti do (2) soorate'n padhli jaati thee'n, is liye Quran-e-Kareem ke paanch-sau-sataawan (557) ruku hue*".

"*Agar taraweeh aath (8) rakat hoti to ruku do-sau-sola (216) hone chaahiye the. Qurani rukuaat ki taadaad bata rahi hai ke taraweeh bees (20) rakat chaahiye. Kya koi wahaabi saahab aath (8) rakat taraweeh maan kar rukuaat-e-qurani ki wajah bata sakenge?*". (Jaa al Haq: P439)

Mazkoora-baala ibaarat mein Mufti Saahab ne Quran-e-Majeed ke rukuaat se bees (20) rakat taraweeh saabit ki hai aur awaam ko ye taassur diya hai ke Quran-e-Majeed se bees (20) rakat taraweeh ka suboot milta hai.

Mufti Saahab ne apne istidlaal ki imaarat is buniyad par qaayam ki hai ke Umar bin Khattab-o-Usman رضی اللہ عنہم ke daur mein ek (1) hi baar Quran khatm hota tha aur har rakat mein ek (1) ruku ki tilaawat ki jaati thi.

Arz hai ke hame'n un baato'n ka sire se koi suboot mila hi nahi ke Sahaba taraweeh mein sird ek (1) baar Quran khatm karte the aur har rakat mein ek (1) ruku ki tilaawat farmate the. Albatta Allah ke Nabi ﷺ ne ek (1) maah mein Quran-e-Kareem khatm karne ka umoomi hukm diya hai, chunache Imam Abu Dawood رحمہ اللہ (d 275h) farmate hain:

حدثنا سليمان بن حرب، ثنا حماد، عن عطاء بن السائب، عن أبيه، عن عبد الله بن عمرو ، قال : قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم: صم من كل شهر ثلاثة أيام، واقرأ القرآن في شهر، فنا قصني وناقصته، فقال: يوما، وأفطر يوما. قال صم عطاء واختلفنا عن أبي فقال بعضنا: سبعة أيام، وقال بعضنا خمسا.

"*Sahabi-e-Rasool Abdullah bin Amr* ﷺ *se riwayat hai ke Rasool Allah* ﷺ *ne farmaya: Har mahine mein teen (3) roze rakha karo aur mahina bhar mein ek (1) Quran khatm kiya karo. Phir rozo'n ki taadaad aur khatm-e-quran ki muddat mein mere aur Aap* ﷺ *ke darmiyaan ikhtilaaf hua to Aap* ﷺ *ne farmaya: Accha to phir ek (1) din roza rakhle aur ek (1) din chod de. Ataa kehte hain ke mere waalid se logo'n ne riwayat karne mein ikhtilaaf kiya hai, baaz ne khatm-e-quran ki aakhri muddat saat din bataai hai aur baaz ne paanch din*". (Sunan Abu Dawood: V1 P442 H1389 [Sanad Sahiah])

Lihaaza mumkin hai ke Sahaba Kiraam ﷺ maah-e-ramzan mein kam-az-kam ek (1) baar khatm-e-quran ka ehtemaam karte ho'n, albatta iski koi sareeh daleel nahi mili. والله أعلم

Lekin jahan tak Mufti Saahab ki doosri baat hai ke har rakat mein ek (1) ruku ki tilaawat hoti thi to ye bilkul ghalat hai, kyounke pehli baat to ye ke kisi bhi mustanad riwayat mein iska suboot nahi, balke ye musallama baat hai ke Quran ki rukuaati taqseem ahd-e-sahaba ke baad ki hai. Aaj bhi arbo'n ke yahan Quran ke jo aam nuskhe hain un mein rukuaat ka koi naam-o-nishaan nahi hota, is liye ye daawa qatan ghalat hai ke sahaba ek (1) rakat mein ek (1) ruku padhte the aur isi liye us majmua aayaat ka naam ruku pada.

Doosri baat ye ke sahih riwayat mein is baat ka suboot milta hai ke Umar Farooq ﷺ ke daur mein Sahaba Kiraam ﷺ ek (1) rakat mein ek (1) ruku mein shaamil aayaat se ziyaada aayaat ki tilaawat karte the. Masalan: Sau (100) ya saath (60) ya pachaas (50) ya tees (30) waghaera, balke Umar Farooq ﷺ ke hukm se ek (1) rakat mein jannati jitni aayaat padhi jaati thi usse mutaalliq Mufti Saahab ka usool ba-rooe-kaar laaya jaae to saabit hoga ke Qurani aayaat se bees (20) rakat-e-taraweeh ke bajaae aath (8) rakat taraweeh ka suboot milta hai.

Chunache Mufti Saahab ki ye baat zehen mein rakhe'n ke Umar Farooq

ﷺ ke daur mein sirf ek (1) baar Quran khatm hota tha aur wo bhi kuch din qabl ho jaata tha, ab zel ki riwayaat mulaahaza farmaae'n jis mein ye zikr ke Umar Farooq ﷺ ne qurra-e-kiraam ko ek-ek (1-1) rakat mein kitni aayaat padhne ka hukm diya tha. Chunache Imam Ibne Abi Shaiba ﷺ (d 235h) farmate hain:

حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، قَالَ: دَعَا عُمَرُ الْقُرَّاءَ فِي رَمَضَانَ، فَأَمَرَ أَسْرَعَهُمْ قِرَاءَةٌ أَن يُقْرَأَ ثَلَاثِينَ آيَةٌ، وَالْوَسَطَ خَمْسًا وَعِشْرِينَ آيَةٌ ، وَالْبَطِيءَ عِشْرِينَ آيَةٌ.

"*Abu Usman ﷺ farmate hain ke Umar Farooq ﷺ ne ramzan mein qurra ko bulaya aur tez-raftaar mein qirat karne waale ko hukm diya ke ek (1) rakat mein tees (30) aayaat padhe aur mutawassit[1] raftaar mein qirat karne waale ko hukm diya ke wo ek (1) rakat mein pacchees (25) aayaat padhe aur sust-raftaar mein qirat karne waale ko hukm diya ke wo ek (1) rakat mein bees (20) aayaat padhe*". (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V2 P162 [Shaikhain ki shart par iski sanad sahih hai])

Ye riwayat Bukhari-o-Muslim ki shart par sahih hai. Us sahih riwayat ke mutaabiq teeno raftaar mein padhne waale qurra agar aath (8) rakat taraweeh padhenge, tabhi ramzan mein sirf ek (1) baar Quran khatm hoga, neez ikhtitaam ramzan se kuch din qabl hi khatm hoga, jaisa ke Mufti Saahab ne kaha: "*Aur sattaeeswee'n ramzan ko khatm hota tha…*". (Jaa al-Haq: P439)

Tafseel Mulaahaza Ho:

Tez-raftaar Qaari Ki Qirat Aur Rakat-e-Taraweeh:

Umar Farooq ﷺ ne tez-raftaar qaari ko ek (1) rakat mein tees (30) aayaat padhne ka hukm diya, chunache agar ye qaari aath (8) rakat mein tees-tees (30-30) aayaat padhega to ek (1) din mein kul 240 aayaat padhi jaaengi aur tees (30) din mein 7200 aayaat padhi jaaengi aur aakhri dino'n mein aayaat bahut mukhtasar hoti hain, is liye zaahir hai un dino'n mein mazeed aayaat padhi jaaengi aur Quran mein kul 6236 aayaat hain.

Yaane har rakat mein tees (30) rakat mein tees (30) aayaat ki tilaawat ki

[1] T: (مُتَوَسِّط) Darmiyaani, beech mein waaqe [RKT]

jaae aur isi tarah poore maah tak aath (8) rakat padhi jaae to us hisaab se ramzan mein kuch din qabl ek (1) baar Quran khatm ho jaata hai, jaisa ke Mufti Saahab ka daawa hai.

Mutawassit Raftaar Qaari Ki Qirat Aur Rakat-e-Taraweeh:

Umar Farooq ﷺ ne mutawassit raftaar qaari ko ek (1) rakat mein pachees (25) aayaat padhne ka hukm diya, chunache agar ye qaari aath (8) rakat mein pachees-pachees (25-25) aayaat padhega to ek (1) din mein kul do-sau (200) aayaat padhi jaaengi aur tees (30) din mein che-hazaar (6000) aayaat padhi jaaengi. Aakri dino'n mein aayaat bahut mukhtasar hoti hain, is liye zaahir hai un dino'n mein mazeed aayaat padhi jaaengi aur Quran mein kul 6236 aayaat hain.

Yaane har rakat mein pachees aayaat ki tilaawat ki jaae aur isi tarah poore maah tak aath (8) rakat padhi jaae'n to us hisaab se bhi ramzan mein kuch din qabl ek (1) baar Quran khatm ho jaata hai, jaisa ke Mufti Saahab ka daawa hai.

Sust-raftaar Qaari Ki Qirat Aur Rakat-e-Taraweeh:

Umar Farooq ﷺ ne sust-raftaar qaari ko ek (1) rakat mein bees (20) aayaat padhne ka hukm diya, chunache agar ye qaari aath (8) rakat mein bees-bees (20-20) aayaat padhega to ek (1) din mein kul 160 aayaat padhi jaaengi aur tees (30) din mein 4800 aayaat padhi jaaengi. Aakhri dono mein aayaat bahut mukhtasar hoti hain, is liye zaahir hai un dono'n mein mazeed aayaat padhi jaaengi aur Quran mein kul 6236 aayaat hain.

Yaane har rakat mein bees (20) aayaat ki tilaawat ki jaae aur isi tarah poore maah tak aath (8) rakat padhi jaae'n to us hisaab se ramzan mein kuch din qabl ek (1) baar quran khatm ho jaata hai, jaisa ke Mufti Saahab ka daawa hai.

Uske bar-khilaaf agar ikkees (21) rakat padhi jaae'n to Umar Farooq ﷺ ke hukm ke mutaabiq tez-raftaar aur mutawassit raftaar se padhne waale qaari ke yahan do (2) baar Quran mukammal khatm ho jaaega aur teesri baar bhi shuru ho jaaega.

Isi tarah sust-raftaar padhne waale ke yahan ek (1) baar mukammal khatm hone ke saath-saath doosri baar nisf se zaaid hissa padha jaaega, jabke Mufti Saahab ka daawa hai ke Umar Farooq ﷺ ke daur mein Quran ek (1) hi baar kham hota tha wo bhi maah ke ikhtitaam se qabl hota tha, aisa usi soorat mein mumkin hai jab taraweeh mein sirf aath (8) rakat ho'n.

Is tafseel se maaloom hua ke Qurani aayaat ya rukuaat se bees (20) taraweeh ka qatan suboot nahi, balke agar Mufti Saahab ke usool par baat ki jaae to kaha ja sakta hai, ke qurani aayaat se aath (8) rakat-e-taraweeh hi ka suboot milta hai.

Baab 2: Bees (20) Rakat Se Mutaalliq Marfoo Riwayaat Ka Jaaeza

Zakhira ahadees mein sirf do (2) marfoo riwayaat milti hain jin se bees (20) rakat taraweeh ki daleel li jaati hai, zel mein un dono marfoo riwayaat ka jaaeza pesh-e-khidmat hai.

Pehli Marfoo Riwayaat: Hadees-e-Ibne Abbas ﷺ:

Imam Ibne Abi Shaiba ﷺ (d 235h) farmate hain:

حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، قَالَ: أَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّي فِي رَمَضَانَ (فِي غَيْرِ جَمَاعَةٍ) عِشْرِينَ رَكْعَةً وَالْوِتْرَ.

"*Sahabi-e-Rasool Ibne Abbas ﷺ se marwi hai ke Allah ke Rasool ﷺ ramzan mein baghaer jamat ke bees (20) rakat aur witr padhte the*". (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V2 P164; Al Muntakhab min al-Musnad li-Abd bin Hameed: P218 #653; Mojam-ul-Kabeer lit-Tabrani: V11 P393 H12102; Al Ausat: V1 P244 H798, V5 P324 H5440; Al Kaamil Fee Zuafa ar-Rijaal: V1 P391; Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P496; Mauzah Auhaam al-Jama wa Tafreeq lil-Khateeb: V1 P387; Taareekh Baghdad: V13 P501; At-Tamheed li-Ibne Abdul Bar: V8 P115 waghaera. Ye sab Abu Shaiba Ibrahim bin Usman ke zariye se hain aur Ibne Adi aur Bayhaqi ke paas izaafat hai aur uski isnaad mauzoo hai)

Is riwayat ki sanad mein ek (1) raawi 'Abu Shaiba Ibrahim bin Usman' hai, jis par mohaddiseen ne sakht jarhe'n ki hain, qadre tafseel mulaahaza ho.

Abu Shaiba Ibrahim bin Usman Par Mohaddiseen Ki Jarh:

Imam Shu'ba bin al-Hajjaaj ﷺ (d 160h) farmate hain: 'كذب وَاللهِ' "*Allah ki qasam usne jhoot bola*". (Al-Ilal wa Maarifa ar-Rijaal: V1 P287 [Sanad Sahih])

Imam Ibne Saad ﷺ (d 230h) farmate hain: 'ضَعِيْفُ الْحَدِيْثِ' "*Ye zaeef-ul-hadees hai*". (At-Tabaqaat al-Kubra li-Ibne Saad: V6 P384)

Imam Ibne Maeen ﷺ (d 233h) farmate hain: 'لَيْسَ بِثِقَة' "*Ye siqa nahi hai*". (Taareekh Ibne Maeen Riwaaya ad-Daarmi: P242)

Imam Ahmad bin Hambal ﷺ (d 241h) farmate hain: 'مُنكر الْحَدِيْثِ' "*Ye munkar al-hadees hai*". (Al-Jarh wa Taadeel li-Ibne Abi Haatim: V2 P115 [Sanad Sahih])

Imam Jozjaani ﷺ (d 259h) farmate hain: 'أَبُوْ شَيْبَةَ إِبْرَاهِيْمُ بْنِ عُثْمَانَ سَاقِطٌ' "*Abu Shaiba Ibrahim bin Usman saaqit[1] hai*". (Ahwaal ar-Rijaal lil-Jozjaani: P9)

Imam Abu Zurah ar-Raazi ﷺ (d 264h) farmate hain: 'ضَعِيْفٌ' "*Zaeef hai*". (Al-Jarh wa Taadeel li-Ibne Abi Haatim: V2 P115)

Imam Abu Haatim ar-Raazi ﷺ (d 277h) farmate hain: 'ضَعِيْفُ الْحَدِيْثِ، سَكتُوا عَنْهُ وَتَرَكُوْا حَدِيْثَه' "*Ye zaeef-ul-hadees hai. Logo'n ne uski tauseeq se khamoshi ikhtiyaar ki hai aur uski hadees tark kardi hai*". (Al-Jarh wa Taadeel li-Ibne Abi Haatim: V2 P115)

Imam Bukhari ﷺ (d 256h) farmate hain: 'سكتوا عَنْهُ' "*Logo'n ne uski tauseeq se khamoshi ikhtiyaar ki hai*". (At-Taareekh al-Kabeer lil-Bukhari: V1 P310)

Imam Ibne Adi ﷺ (d 365h) farmate hain:
'وَلأبِيْ شَيْبَةَ أَحَادِيْثُ غَيْرُ صَالِحَة غَيْر مَا ذكرت عَنِ الْحكم و عَنْ غَيْرِهِ، وَهُوَ ضَعيفٌ عَلىٰ ما بينته'
"*Abu Shaiba ki Hakam waghaera se mazkoora ahadees ke alaawa bhi kai ghair-durust ahadees hain aur ye zaeef hai, jaisa ke maine bayan kiya hai*". (Al-Kaamil Fee Zuafa ar-Rijaal li-Ibne Adi: V1 P392)

Imam Tirmizi ﷺ (d 279h) farmate hain:

[1] T: (ساقِط) Radd kiya hua, mauqoof, mustarad, zaael [RKT]

‘إِبرَاهِيْمُ بْنُ عُثمَانَ هُوَ أَبُوْ شَيْبَة الْوَاسِطِيْ مُنكر الْحَدِيْث’ *“Ibrahim bin Usman, ye Abu Shaiba al-Waasiti hai aur ye munkar al-hadees hai”*. (Sunan Tirmizi: V3 P337 [T: Shakir])

Imam Nasai ﷺ (d 303h) farmate hain:
‘إِبرَاهِيْمُ بْنُ عُثمَانَ هُوَ أَبُوْ شَيْبَة مَتْرُوك الْحَدِيْث كُوْفِيْ’ *“Ibrahim bin Usman, ye matrook al-hadees hai, kufi hai”*. (Az-Zuafa wal Matrukoon lin-Nasai: P12)

Imam Daraqutni ﷺ (d 385h) ne bhi ise matrukeen mein zikr kiya hai. (Az-Zuafa wal Matrukeen lid-Daraqutni: P4)

Imam Bayhaqi ﷺ (d 458h) farmate hain:
‘تفرد به أبو شيبة إبراهيم بن عثمان العبسي الكوفي وهو ضعيف’ *“Ise bayan karne mein Abu Shaiba Ibrahim bin Usman al-A’bsi al-Kufi munfarid hai aur ye zaeef hai”*. (Sunan Kubra lil-Bayhaqi: V2 P496)

Imam Ibn al-Qisaraan ﷺ (d 507h) farmate hain: ‘وإبراهيم متروك الحديث’ *“Ibrahim ye matrook al-Hadees hai”*. (Zakhira al-Huffaaz li-Ibne Qeesrani: V1 P548)

Imam Imam Nawavi ﷺ (d 676h) farmate hain:
‘وَأَبُوْ شَيْبَةَ هُوَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ عُثْمَانَ وَكَانَ قَاضِيْ وَاسِط وَهُوَ ضَعِيْفٌ مُتَّفَقٌ عَلَى ضَعْفِهِ’ *“Abu Shaiba, ye Ibrahim bin Usman hai. Ye waasiti ka qaazi tha, ye zaeef hai aur uske zaeef hone par ittifaaq hai”*. (Sharah an-Nawavi Alaa Muslim: V1 P64)

Yahan is baat par dehaan de’n ke Imam Nawavi ﷺ ne uske zof par ittifaaq naql kiya hai.

Imam Zahbi ﷺ (d 748h) farmate hain: ‘ترك حديثه’ *“Iski hadees chod di gai hai”*. (Al-Kaashf liz-Zahbi: V1 P219)

Imam Haithami ﷺ (d 807h) farmate hain: ‘إبراهيم بن عثمان أبو شيبة وهو متروك’ *“Ibrahim bin Usman, Abu Shaiba ye matrook al-hadees hai”*. (Majma az-Zawaaid lil-Haithami: V4 P180)

Haafiz Ibne Hajr ﷺ (d 852h) farmate hain: ‘متروك الحديث’ *“Matrook al-hadees hai”*. (Taqreeb-ut-Tehzeeb li-Ibne Hajar: #215)

Faaeda: Ahnaaf mein se bhi bahut se hazraat ne us raawi ko zaeef ya

jhoota qaraar diya hai. Masalan:

Maulana Taqi Usmani Saahab ek (1) hadees ke baare mein farmate hain: "*Ye Ibrahim bin Usman ki wajah se zaeef hai*". (Dars-e-Tirmizi: V3 P304)

Allama Ahmad bin Muhammad bin Jaafar Qudoori Hanafi ne ek (1) riwayat se mutaalliq kaha hai: 'ولأن أبا شيبة إبراهيم بن عثمان قاضي واسط كذاب' "*Kyounke Abu Shaiba Ibrahim bin Usman, waasit ka qaazi bahut bada jhoota hai*". (Kitaab at-Tajreed lil-Qudoori: P203)

Ulama-e-Ahnaaf ke mazeed hawaale aage bhi aarahe hain.

Raawi-e-mazkoor Ki Kisi Bhi Imam Ne Tauseeq Ya Taadeel Nahi Ki:

Raawi-e-mazkoor se mutaalliq bahut se naaqideen ki jarhe'n milti hain, lekin ham ne oopar sirf un jurooh ko pesh kiya hai jo apne qaaileen se saabit hain, un naaqideen ke bar-khilaaf kisi ek (1) bhi naaqid se raawi-e-mazkoor ki tauseeq sire se manqool hi nahi, tauseeq to dar-kinaar us badnaseeb raawi ki taadeel bhi kisi imam se kahee'n nahi milti.

Is haqiqat ko saamne rakhne ke baad ye baat waazeh honi chaahiye ke baaz hazraat jo un jurooh ka jawaab dene ki koshish karte hain aur mufassire aur mutashaddid waghaera ki bahes shuru karte hain, ye sab laa-yaani hai, kyounke un par bahes ki naubat tab aati hai jab muqaabil mein tauseeq bhi saabit ho aur uska palda bhaari ho, lekin yahan soorat-e-haal ye hai ke jarh ke muqaable mein tauseeq sire se saabit hi nahi hai.

Imam Nawavi ﷺ se zof par ittifaaq ka qaul guzar chuka hai. Uske alaawa Imam Suyuti ﷺ (d 911h) farmate hain:

مَعَ أَنَّ هَذَيْنِ الْإِمَامَيْنِ الْمُطَّلِعَيْنِ الْحَافِظَيْنِ الْمُسْتَوعِبَيْنِ حَكَيَا فِيهِ مَا حَكَيَا وَلَمْ يَنْقُلَا عَنْ أَحَدٍ أَنَّهُ وَثَّقَهُ وَلَا بِأَدْنَى مَرَاتِبِ التَّعْدِيلِ.

"*Un dono huffaaz, baa-khabar aur waase-ul-ilm aimma ne uske baare mein jo naql kiya wo kiya, uske saath kisi ek (1) se bhi manqool nahi hai ke usne use siqa kaha hai aur uski adna darje ki bhi taadeel ki ho*". (Al-Haawi Lil Fataawa: V1 P414)

Lekin kuch log mughaalata dene ke liye Imam Ibne Adi aur Yazeed bin

Haroon ka ghair-mutaalliq qaul pesh karke ye baawar karaane ki koshish karte hain ke us raawi ki taadeel ki gai hai aur ye deendaar raawi hai, halaanke un dono imamo'n ne bhi na to us raawi ki tauseeq ki hai aur na hi taadeel. Zel mein un imaamo'n ke kalaam ki wazaahat ki jaarahi hai.

Imam Ibne Adi Ka Qaul:

Imam Ibne Adi se naql kiya jaata hai ke unho'n ne kaha:

ولأبي شيبة أحاديث صالحة غير ما ذكرت عن الحكم وعن غيره.

"*Abu Shaiba ki Hakam waghaera se mazkoora ahadees ke alaawa bhi kai durust ahadees hain aur ye zaeef hai, jaisa ke maine bayan kiya hai*".
(Al-Kaamil li-Ibne Adee: V1 P241)

Arz hai:

Awwalan: Ye ibaarat 'Al Kaamil' ke jis nuskhe se naql ki gai hai us mein us ibaarat ke andar ek (1) lafz saaqit hai aur wo hai 'صالحة' se qabl 'غير' ka lafz. Yaane, asal ibaarat 'غير صالحة' ke alfaaz ke saath hai.

Jaisa ke 'Al Kaamil' ke darj-e-zel nuskhe mein hai:

ولأبي شيبة أحاديث غير صالحة غير ما ذكرت عن الحكم وعن غيره.

(Al-Kaamil Fee Zuafa ar-Rijaal li-Ibne Adee: V1 P392 [T: Aadil-o-rufaqaa])

Yaane us nuskhe mein 'صالحة' se qabl laf 'غير' maujood hai aur yehi sahih hai. Iski do (2) daleele'n hain:

① 'Al Kaamil' ke kai makhtutaat mein is muqaam par lafz-e-'غير' maujood hai. Unhee'n mein se wo makhtoota bhi hai jo Daktoor Bashaar Awaad ke zer-e-mutaala-a tha jaisa ke unho'n ne Tehzeeb-ul-Kamaal ke haashiye mein wazaahat ki hai, unke alfaaz aage aarahe hain. Isi tarah teen (3) mohaqqiqeen ki tehqeeq se Beirut se 'Al Kaamil' ka jo nuskha taba hua hai us mein bhi mutaalliqa ibaarat lafz-e-'غير' ke isbaat ke saath hai, jaisa ke oopar hawaala diya gaya.

Us nushkhe ke muhaqqiqeen ne kul gyaara (11) makhtooto'n se us kitaab ki tehqeeq ki hai, lekin haashiye mein us muqaam par nuskho'n

ka koi ikhtilaaf nahi bataaya, jisse maaloom hota hai ke unke paas tamaam makhtooto'n mein maujood ye ibaarat lafz-e-'غير' ke isbaat hi ke saath thi, warna mohaqqiqeen haashiye mein nuskho'n ka ikhtilaaf zaroor batlaate, jaisa ke deegar muqamaat par unho'n ne nuskho'n ke ikhtilaaf ko batlaya hai.

② Ibaarat ka siyaaq-o-sabaaq bhi us lafz 'غير' ke isbaat par shaahid hai.

Ghaur kare'n ke Imam Ibne Adee رحمہ اللہ ne sabse pehle us raawi ki ghair-durust ahadees pesh ki hain, uske baad kaha ke mazkoora ghair-durust ahadees ke alaawa bhi uski mazeed ghair-durust ahadees hain. Chunache Ibne Adee رحمہ اللہ ka poora kalaam ye hai:

ولأبي شيبة أحاديث غير صالحة غير ما ذكرت عن الحكم وعن غيره.

"*Abu Shaiba ki Hakam waghaera se mazkora ahadees ke alaawa bhi kai ghair-durust ahadees hain aur ye zaeef hai, jaisa ke maine bayan kiya hai*". (Al-Kaamil Fee Zuafa ar-Rijaal li-Ibne Adee: V1 P392)

Is ibaarat mein 'غير ما ذكرت عن الحكم و عن غيره' par ghaur keejiye. Yaane, Imam Ibne Adee رحمہ اللہ farma rahe hain ke oopar maine uski jo chand ghair-durust ahadees pesh ki hain uske alaawa bhi isse ghair-durust ahadees marwi hain. Ye siyaaq saaf batlaata hai ke Ibne Adee ne raawi-e-mazkoor ki jin ahadees ko ginaaya hai aur jin ki taraf ishaara kiya hai dono ki nauiyat ek (1) hi hai, mazeed ye ke uske fauran baad apne us faisle ki ye illat bhi batlaai hai: 'وهو ضعيف على ما بينته' "*Aur ye zaeef hai, jaisa ke maine bayaan kiya hai*". (Al-Kaamil Fee Zuafa ar-Rijaal li-Ibne Adee: V1 P392)

Yaane, aisa is wajah se hai, kyounke ye zaeef raawi hai. Daktoor Bashaar Awaad ne bhi mazkoora dono dalaael ki buniyaad par apna yehi mauqif pesh kiya hai ke is ibaarat mein lafz-e-'غير' bhi maujood hai.

Mausoof Tehzeeb-ul-Kamaal ke haashiye mein farmate hain:

الذي في نسختي المصورة من الكامل لابن عدي: غير صالحة. وهو الأصوب فيما أرى لقول ابن عدي قبل هذا بعد أن أورد لإبراهيم جملة من الأحاديث غير الصالحة: ولابي شَيْبَة أحاديث غير صالحة غير ما ذكرت عن الحكم وعن غيره، وهو ضعيف على ما بينته والظاهر لنا من المقارنات الكثيرة أن المزي اعتمد رواية أخرى من الكامل لابن

عدي غير التي عندي لكثرة ما أجد من الاختلاف بين الذي في الكامل، وبين الذي ينقله المزي عنه، وهذا ليس من عادته فهو دقيق في النقل في الأغلب الأعم.

"*Mere paas maujood Kaamil ke musawwar nuskha mein* 'غير صالحة' *"(uski ahadees durust nahi hain) hai aur meri nazar mein yehi sahih hai, kyounke usse qabl Imam Ibne Adee* رحمه الله *ne uski chand ghair-durust ahadees pesh karke kaha: "Aur Abu Shaiba ki Hakam waghaera se mazkoora ahadees ke alaawa bhi kai ghair-durust ahadees hain aur ye zaeef hai, jaisa ke maine bayan kiya hai*". *Aur kai muqamaat par muqaarana*[1] *se zaahi rhota hai ke Imam Mizzi ne Kaamil ke kis nuskhe par etemaad kiya hai jo mere paas maujood nuskhe se alag hai, kyounke maine apne paas maujood nuskhe mein Imam Mizzi ke nuskhe mein kaafi ikhtilaaf paaya hai aur ye unki aadat nahi hai, kyounke wo naql karne mein aam taur par bahut baareek-been hain*". (Haashiya#4; Tehzeeb ul-Kamaal lil-Mizzi: V2 P151)

Daktoor Bashaar ki wazaahat se ye bhi maaloom hua ke Imam Mizzi رحمه الله ke saamne bhi wohi makhtoota tha jis mein mazkoora ibaarat adhoori thi.

Saniyan: Agar us ibaarat mein 'غير' ka isbaat nab hi maane'n, tab bhi us ibaarat mein raawi-e-mazkoor kin a to tauseeq hai aur naahi taadeel. Us mein sirf ye hai ke uski baaz marwiyaat durust hain. Ab agar kisi raawi ne chand durust baate'n naql kar dee'n to usse ye kahan saabit hua ke wo raawi motabar ya deendaar hai. Ek (1) riwayat ke mutaabiq to shaitaan ne bhi aayat-al-kursi se mutaalliq durust baat kahi aur Allah ke Nabi ﷺ ne uski tasdeeq bhi ki. Lekin saath mein use jhoota bhi qaraar diya, chunache farmaya: 'أَمَا إِنَّهُ قَدْ صَدَقَكَ وَهُوَ كَذُوْبٌ' "*Usne tum se sach kaha hai, lekin ye jhoota hai*". (Ibne Khuzaima: #2424; Bukhari Malaqan: V3 P131 H2311)

Maaloom hua ke kazzaab log bhi kabhi-kabhi sahih baat bayan kar dete hain, lekin usse ye qatan saabit nahi hota ke aisi chand riwayaat bayan karke wo qaabil-e-etebaar ho gae.

Neez, Imam Ibne Adee رحمه الله ne mazkoora kalaam ke baad fauran kaha:

[1] T: (مُقارَنَه) Ekattha karna, jamaa karna [RKT]

‘وهو ضعيف على ما بينته’ “*Aur ye zaeef hai jaisa ke maine bayan kiya*”. (Al-Kaamil Fee Zuafa ar-Rijaal li-Ibne Adee: V1 P392)

Ye is baat ka zabardast suboot hai ke Imam Ibne Adee ﷺ use behre-soorat zaeef hi maante hain, lihaaza qaayal ki mansha ke khilaaf uske qaul ki tashreeh karna bahut badi khiyaanat hai.

Tambeeh: Imam Ibne Adee ne Abu Shaiba ko zaeef kehne ke baad aage use ‘إبراهيم بن أبي حية’ se behtar bataya hai. Poori ibaarat ek-saath ye hai:

ولأبي شيبة أحاديث غير صالحة غير ما ذكرت عن الحكم وعن غيره، وهو ضعيف على ما بينته، وهو وإن كان نسب إلى الضعف فإنه خير من إبراهيم بن أبي حية الذي تقدم ذكره.

“*Aur Abu Shaiba ki Hakam waghaera se mazkoora ahadees ke alaawa bhi kai ghair-durust ahadees hain aur ye zaeef hai jaisa ke maine bayan kiya hai, taaham ye agarche zaeef hai, lekin Ibrahim bin Abi Haiya se behtar hai, jiska zikr pehle ho chuka hai*”. (Al-Kaamil Fee Zuafa ar-Rijaal li-Ibne Adee: V1 P392)

Maulana Tahir Gyaawi Saahab ne Imam Ibne Adee ki ibaarat ka sirf aakhri hissa: “*Ye agarche zaeef hai lekin Ibrahim bin Abi Haiya se behtar hai*” pehs kiya.

Uske baad Ibrahim bin Abi Haiya ki tauseeq mein Imam Ibne Maeen se ‘شيخ ثقة كبير’ ke alfaaz naql karne ke baad kaha: “*Lihaaza jab Ibrahim bin Abi Hiya siqa-kabeer hain to jo unse behtar hoga wo to ba-darja-e-ooola bahut ziyaada siqa hoga, is liye is baat ke tasleem kiye baghaer koi chaara nahi hai ke Ibne Adee ne Abu Shaiba ko Ibrahim bin Abi Haiya se behtar bata kar unki zabardast tauseeq kardi*”. (Ahsan at-Tanqeeh: P165)

Arz hai:

Awwalan: Abu Shaiba ko Ibrahim bin Abi Haiya se behtar jisne kaha hai wo Imam Ibne Adee hain naake Imam Ibne Maeen. Is liye Imam Ibne Adee ke us taqaabul ko samajhne ke liye khud Ibne Adee ki nazar mein Ibhraim bin Abi Haiya ki haisiyat dekhni hogi. Imam Ibne Adee ne Abu Shaiba se pehle Ibrahim bin Abi Haiya hi ka tazkira kiya hai aur use zaeef qaraar dete hue kaha:

وضعف إبراهيم بن أبي حية بين على أحاديثه ورواياته، وأحاديث هشام بن عروة التي ذكرتها كلها مناكير.

"*Ibrahim bin Abi Haiya ka zof uski ahadees-o-riwayaat par waazeh hai, Hisham bin Urwa (se us) ki jo ahadees maine zikr ki hain wo sab ki sab munkar hain*". ()(Al-Kaamil Fee Zuafa ar-Rijaal li-Ibne Adee: V1 P392)

Imam Zahbi ﷺ ne Imam Ibne Adee ki usi tazeef ke pesh-e-nazar Ibrahim bin Abi Haiya ke baare mein likha: 'ضعفه ابن عدي' "*Ibne Adee ne use zaeef kaha hai*". (Taareekh al-Islam: V4 P796 [T: Bashaar])

Mulaahaza farmaae'n ke Imam Ibne Adee ki nazar mein Ibrahim bin Abi Haiya bhi zaeef hi hai, is liye uske muqaable mein Abu Shaiba ko Ibne Adee ka behtar bataana aur Abu Shaiba ki tauseeq hargiz nahi hai, balke tazeef mein unka darja batlaana maqsood hai.

Saniyan: Imam Ibne Adi ne pehle Abu Shaiba ki poori saraahat ke saath tazeef ki hai aur uske baad taqaabul pesh kiya hai, chunache taqaabul se qabl Ibne Adee ne saaf taur se likha hia: 'وهو ضعيف على ما بينته' "*Aur ye zaeef hai jaisa ke maine bayaan kiya*". (Al-Kaamil Fee Zuafa ar-Rijaal li-Ibne Adee: V1 P392)

Lihaaza jab khud Ibne Adee ﷺ taqaabul ke baad bhi Abu Shaiba ko zaeef hi batla rahe hain to Maulana Gyaawi Saahab ka us taqaabul se khud-saakhta mafhoom nikaalna ghalat hai.

Waazeh rah eke Ibrahim bin Abi Haiya ke baare mein Ibne Maeen ki tauseeq marjooh hai aur qaul-e-raajeh mein ye bhi zaeef hi hai, jaisa ke Imam Ibne Adee ne kaha hai. (Mazeed aqwaal ke liye dekhiye: Lisaan al-Meezaan li-Ibne Hajar: V1 P271 [T: Abi Ghaddah])

Yazeed bin Haroon Ka Qaul:

Imam Ibne Maeen ﷺ (d 233h) farmate hain:

قال يزيد بن هارون ما قضى على الناس رجل يعني في زمانه أعدل في قضائه منه.

"*Yazeed bin Haroon ne kaha: Apne zamane mein usse behtar kisi ne faisla nahi kiya*". (Taareekh Ibne Maeen Riwaaya ad-Dauri: V3 P523)

Arz hai ke Yazeed ke us qaul se mahez durust faisla karne ki baat hai aur

durust faisla karne se kisi ki deendaari qatan saabit nahi hoti. Musalman to darkinaar kitne ghair-muslimeen hain jo durust faisle karte hain to kya unko deendaar aur muttaqi maan liya jaae?

Allama Nazeer Ahmad Amlawi رحمہ اللہ farmate hain: "*Adl fil-qaza to baaz ghair-muslimo'n ka bhi zarb-ul-misl hai, nau-sherwaa'n aadil ka naam aap ne bhi suna hoga, ba-qaul Shaikh Saadi marhoom: Nau-sherwaa'n narmrd keh naam nako guzaasht* (نوشیرواں نمرد کہ نام نکو گزاشت)". (Anwaar Masabeeh: P181-182)

Uske baad Allama Nazeer Ahmad Amlawi رحمہ اللہ ne Shureeh رضی اللہ عنہ ki misaal pesh ki hai ke haalat-e-kufr mein ye itne durust faisle karte the ke Abu al-Hakm se mashoor ho gae, Allah ke Nabi ﷺ ne bhi unke faisle ki tehseen ki, lekin unki kuniyat tabdeel kardi. (Sunan Abu Dawood: H4955 [Sanad Sahih])

Uske baad Allama Nazeer Ahmad Amlawi رحمہ اللہ aagle chalkar likhte hain: "*Sochne ki baat hai ke jab adl fee al-qazaa se kisi shakhs ka musalman hona laazmi nahi to bhala tadayyun*[1] *aur taqwa, hifz-o-zabt ka wo martaba jo qubool-e-riwayat ke liye mohaddiseen ke nazdeek motabar hai uska suboot sirf itni si shahaadat se kaise ho jaaega?!*" (Anwaar al-Masabeeh: P181-182)

Yaad rahe ke Yazeed ke us qaul ke naaqil Ibne Maeen رحمہ اللہ ba-kasrat deendaari ke etebaar se bhi ruwaat ko siqa kehte rehte hain aur doosre muqaam par unhe'n ruwaat ki hifz-o-zabt ke etebaar se tazeef bhi karte hain, lekin zer-e-tazkira raawi ko Ibne Maeen رحمہ اللہ ne sirf zaeef kaha aur kisi bhi mauqa par use siqa nahi kaha, jisse maaloom hua ke Ibne Maeen رحمہ اللہ ki nazr mein bhi Yazeed ke us qaul se zer-e-tazkirah raawi ki deendaari saabit nahi hoti.

Is Riwayat Ke Mardood Hone Par Ijma Hai:

Bees (20) rakat waali ye riwayat mohaddiseen ke yahan bil-ittifaaq mardood, yaane na-qaabil-e-qubool hai. Albatta use radd karte hue kisi ne zaeef kaha, kisi ne sakht zaeef kaha, kisi ne munkar kaha, kisi ne

[1] T: (تَدَيُّن) Deendaari, dayanat-daari, parhezgaari, sadaaqat, sacchaai [RKT]

maalool kaha to kisi ne mauzoo kaha, lekin behrehaal use mardood qaraar dene par tamaam ke tamaam mohaddiseen muttafiq hain, zel mein ham chand mohaddiseen ki tasrihaat pesh karte hain:

Hadees-e-Mazkoor Ki Tazeef Karne Waale Mohaddiseen:

Imam Bayhaqi رحمۃ اللہ علیہ (d 458h) farmate hain:

تفرد به أبو شيبة إبراهيم بن عثمان العبسي الكوفي وهو ضعيف.

"*Use riwayat karne mein Abu Shaiba Ibrahim bin Usman al-Absi al-Kufi munfarid hai aur ye zaeef hai*". (Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P496)

Imam Ibne Abdul Bar رحمۃ اللہ علیہ (d 463h) farmate hain:

وروي عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه كان يصلي في رمضان عشرين ركعة والوتر إلا أنه حديث يدور على أبي شيبة إبراهيم بن عثمان جد بني أبي شيبة وليس بالقوي.

"*Allah ke Nabi ﷺ se marwi hai ke aap ramzan mein bees (20) rakat aur witr padhte the, magar is hadees ka daar-o-madaar Abu Shaiba Ibrahim bin Usman par hai aur ye qawi nahi hai*". (At-Tamheed li-Ibne Abdul Bar: V8 P118)

Imam Zahbi رحمۃ اللہ علیہ (d 748h) farmate hain:

ومن مناكير أبي شيبة ما روى البغوي، أنبأنا منصور بن أبي مزاحم، أنبأنا أبو شيبة عن الحكم، عن مقسم، عن ابن عباس : كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي في شهر رمضان في غير جماعة بعشرين ركعة والوتر.

"*Aur Abu Shaiba ki munkar raiwayaat mein se uski ye riwayat bhi hai aur Abdullah bin Abbas رضی اللہ عنہ se marwi hai ke Allah ke Rasool ﷺ ramzan mein jamaat ke baghaer bees (20) rakat aur witr padhte the*". (Meezaan al-Etedaal liz-Zahbi: V1 P48)

Imam Haithami رحمۃ اللہ علیہ (d 807h) farmate hain:

عن ابن عباس قال: كان النبي صلى الله عليه وسلم يصلي في رمضان عشرين ركعة والوتر. رواه الطبراني الكبير والأوسط وفيه أبو شيبة إبراهيم وهو ضعيف.

"*Abdulalh bin Abbas رضی اللہ عنہ se mrrwi hai ke Allah ke Rasool ﷺ ramzan mein bees (20) rakat aur witr padhe the. Ise Tabrani ne 'Kabeer' aur 'Ausat' mein riwayat kiya hai aur us mein 'Abu Shaiba, Ibrahim' hai aur ye zaeef hai*". (Majma az-Zawaaid lil-Haithami: V3 P224)

Imam Boosiri ﷺ (d 840h) farmate hain:

وَمَدَارُ أَسَانِيْدِهِمْ عَلَى إِبْرَاهِيمَ بْنِ عُثْمَانَ أَبِي شَيْبَةَ، وَهُوَ ضَعِيفٌ، وَمَعَ ضَعْفِهِ مُخَالِفٌ لِمَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ فِي صَحِيحِهِ مِنْ حَدِيثِ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَتْ صَلَاةُ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم بِاللَّيْلِ فِي رَمَضَانَ وَغَيْرِهِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةٌ مِنْهَا رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ.

"*Unki sanado'n ka daar-o-madaar Ibrahim bin Usman, Abu Shaiba par hai aur ye zaeef hai. Zaeef hone ke saath-saath ye us hadees ke khilaaf bhi hai jise Imam Muslim ﷺ ne apni sahih mein Amma Ayesha ؓ ki hadees se riwayat kiya hai ke unho'n ne farmaya: Allah ke Rasool ﷺ ki raat ki namaz ramzan aur ghair-ramzan mein terah (13) rakat hoti thee'n aur un mein fajr ki do (2) rakat bhi shaamil hoti thee'n*". (Ithaaf al-Khaira al-Mahrah lil-Boosiri: V2 P384)

Haafiz Ibne Hajar ﷺ (d 852h) farmate hain:

وأما ما رواه ابن أبي شيبة من حديث ابن عباس: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي في رمضان عشرين ركعة والوتر فإسناده ضعيف وقد عارضه حديث عائشة هذا الذي في الصحيحين مع كونها أعلم بحال النبي صلى الله عليه وسلم ليلا من غيرها.

"*Aur Ibne Abi Shaiba ne Ibne Abbas ؓ ki hadees se jo ye riwayat kiya hai ke Allah ke Rasool ﷺ ramzan mein bees (20) rakat aur witr padhte the to uski sanad zaeef hai aur ye hadees sahihain mein maujood Hazrat Ayesha ؓ ki us hadees ke khilaaf bhi hai, mazeed ye ke Hazrat Ayesha ؓ Aap ﷺ ki raat ki namaz se mutaalliq doosro'n se ziyaada jaankaar hain*". (Fath-ul-Baari: V4 P254)

Allama Ahmad bin Mauhammad bin Ali bin Hajr al-Haithami ﷺ (d 974h) farmate hain:

وَأَمَّا مَا وَرَدَ مِنْ طُرُقٍ أَنَّهُ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّي فِي رَمَضَانَ عِشْرِينَ رَكْعَةً وَالْوِتْرَ، وَفِي رِوَايَةٍ زِيَادَةٌ فِي غَيْرِ جَمَاعَةٍ، فَهُوَ شَدِيدُ الضَّعْفِ اشْتَدَّ كَلَامُ الْأَئِمَّةِ فِي أَحَدِ رُوَاتِهِ تَجْرِيحًا وَذَمًّا.

"*Aur baaz turq se jo ye waarid hai ke Aap ﷺ ramzan mein bees (20) rakat aur witr padhte the aur ek (1) raiwayat mein ye izaafa hai ke baghair jamat ke padhte the to ye sakht zaeef hai, uske ek (1) raawi ke baare mein aimma ne sakht jarh aur mazammat ki hai*". (Al-Fataawa al-Fiqhiya al-Kubra: V1 P194)

Imam Suyuti ﷺ (d 911h) farmate hain:

هَذَا الْحَدِيثُ ضَعِيفٌ جِدًا لَا تَقُومُ بِهِ حُجَّةٌ.

"*Ye hadees bahut ziyaada zaeef hai aur usse hujjat qaayam nahi ho sakti*". (Al-Haawi lil-Fataawa: V1 P413)

Hadees-e-Mazkoor Ki Tazeef Karne Waale Hanafi Akaabir:

Imam Zeli Hanafi رحمۃ اللہ علیہ (d 762h) farmate hain:

Lihaaza ye riwayat munqata hai, neez ye riwayat munqata hone ke saath-saath Ubai bin Kaab ؓ se manqool sahih riwayat ke khilaaf bhi hai. Kyounke mutaaddid sahih riwayaat mein manqool hai ke Ubai bin Kaab ؓ Umar Farooq ؓ ke hukm se gyaara (11) rakat padhate the. (Isi kitaab ka safha 160 dekhiye)[1]

Isi tarah ye riwayat ahd-e-nabawi mein Ubai bin Kaab ؓ ke us amal ke bhi khilaaf hai jis par Allah ke Nabi ﷺ ne razamandi zaahir ki thi. (Isi kitaab ka safha 155 dekhiye)[2]

Maaloom hua ke Ubai bin Kaab ؓ se bees (20) rakat taraweeh saabit nahi, balke uske bar-aks unse aath (8) rakat-e-taraweeh ka suboot milta

[1] T: Ye Urdu pdf ka page number hai [RSB]
[2] T: Ye Urdu pdf ka page number hai [RSB]

hai. Walhamdulillah

⑤ Abdur Rahman bin Abi Bakrah ﷺ Ka Asar

Imam Ibne Abi ad-Duniya (d 281h) farmate hain:

حدثنا شجاع، ثنا هشيم، أنبأ يونس، قال: شهدت الناس قبل وقعة ابن الأشعث وهم في شهر رمضان، فكان يؤمهم عبد الرحمان بن أبي بكر صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم، و سعيد بن أبي الحسن، ومروان العبدي، فكانوا يصلون بهم عشرين ركعة، ولا يقنتون إلا في النصف الثني، وكانوا يختمون القرآن مرتين، وزاد المروزي: فإذا دخل العشر زادوا واحدة.

"*Yunus bin Obaid al-Abdi al-Basri kehte hain ke maine Ashat ke fitne se qabl maah-e-ramzan mein logo'n ko dekha, unhe'n Sahabi-e-Rasool Abdur Rahman bin Abi Bakrah ﷺ, Saeed bin Abi al-Hasan aur Marwaan al-Abdi imaamat karwaate aur ye unhe'n bees (20) rakat padhate the aur aadhe ramzan ke baad hi qunoot karte the aur do (2) dafa Quran khatm karte the. Imam Mirwazi ki riwayat mein ye bhi hai ke jab aakhri Ashra aata tha to chaar (4) rakat mazeed izaafa kar lete*". (Fazaail Ramzan li-Ibne Abi ad-Duniya: P53; Qiyaam Ramzan li-Muhammad bin Nasr al-Mirwazi: P21)

Awwalan: Hamari nazar mein ye riwayat zaeef hai aur uski sanad ke saath mazkoora matn ka ilhaaq kisi raawi ka wahm hai, uski daleel ye hai ke aen usi tareeq se deegar ausaq logo'n ne riwayat kiy ato us mein doosre matn ka zikr hai. Chunache sabse pehle us tareeq par ghaur kare'n jo you'n hai: 'حدثنا شجاع، ثنا هشيم، أنبا يونس بن عبيد قال...'

Aur aen usi tareeq se is riwayat ko Imam Abu Dawood jise siqa-o-sabat ne riwayat kiya to us mein usi tareeq se Hasan Basri ki riwayat you'n manqool hai.

حَدَّثَنَا شُجَاعُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ جَمَعَ النَّاسَ عَلَى أُبَيِّ بنِ كَعْبٍ، فَكَانَ يُصَلِّي لَهُمْ عِشْرِينَ لَيْلَةً، وَلَا يَقْنُتُ بِهِمْ إِلَّا فِي النِّصْفِ الْبَاقِيُّ، فَإِذَا كَانَتِ الْعَشْرُ الأَوَاخِرُ تَخَلَّفَ فَصَلَّى فِي بَيْتِهِ، فَكَانُوا يَقُولُونَ: أَبَقَ أَبَيُّ.

"*Syedna Umar bin Khattab ﷺ ne logo'n ko Syedna Ubai bin Kaab ﷺ par jama farma diya. Wo unhe'n bees (20) raat namaz padhate the aur qunoot na karte the, magar nisft akheer mein qunoot karte the. Jab aakhri ashrah aajaata to jamaat karana chod dete aur apne ghar mein*

padhte the to log kehte ke Ubai bhaag gae". (Sunan Abu Dawood: V1 P454 H1469)

Zan-e-ghaalib yehi hai ke is tareeq ke saath Abu Dawood ﷺ ki riwayat hi durust hai, uski daleel ye hai ke aen usi tareeq se Imam Abi ad-Duniya ne doosre muqaam par you'n naql kiya hai:

حدثنا شجاع بن مخلد، قال: ثنا هشيم قال منصور: أنبا الحسن، قال: كانوا يصلون عشرين ركعة، فإذا كانت العشر الأواخر زاد ترويحة شفعين.

"*Ye riwayat bhi Shujaa hi ke tareeq se hai, sirf Hasheem ke ustaaz ki jagah Yunus ke bajaae Mansoor ka zikr hai. Ghaur kare'n ke mazkoora tareeq hi se ye riwayat bhi Hasan Basri se manqool hai, neez is riwayat ke akheer mein ye saraaha hai.* (Fazaail-e-Ramzan: P56)

'فإذا كانت العشر الأوخر زاد ترويحة شفعين' Ye bilkul wohi alfaaz hain jo zer-e-bahes riwayat mein bhi manzool hai jaisa ke Imam Mirwazi ke hawaale se shuru mein hi darj kiya gaya, ys us baat ki daleel hai ke fil-haqiqat zer-e-bahes riwayat Hasan Basri waali hi riwayat hai jis mein kisi raawi ke wahem se doosri ghair-maaloom-us-sanad riwayat bhi zam ho gai hai.

Is tafseel se maaloom hua ke mazkoora sanad garche ba-zaahir sahih maaloom hoti hai magar is mein makhfi illat ye hai ke uske matn mein raawi ke wahem kiw ajah se doosri riwayat zam ho gai hai, jiski asal sanad na-maaloom hai, aur is riwayat ke saath jo sanad hai wo Hasan Basri ki riwayat waali sanad hai jo munqata hai, lihaaza ye riwayat zaeef hai.

Shujaa bin Makhlad Ki Mutaaba-at Ka Jaaeza:

Baaz hazraat ka kehna hai ke Sareej bin Yunus ne Shujaa bin Makhlad ki mutaaba-at ki hai, jaisa ke Ibne Asaakir ne kaha ke Imam Ibne Asaakir ﷺ (d 571h) farmate hain:

أخبرنا أبو غالب بن البنا، أنا أبو محمد الجوهري، أنا أبو عبد الله الحسين بن عمر بن عمران بن حبيش الضراب نا حامد بن محمد بن شعيب البلخي، ناسريج بن يونس، نا هشيم أنا يونس بن عبيد قال شهدت وقعة ابن الأشعث أبي ، وهم يصلون فى شهر رمضان، وكان عبد الرحمن بن بكرة صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم وسعيد بن أبي الحسن وعمران العبدي فكانوا يصلون بهم عشرين ركعة ولا يقنتون إلا في النصف الثاني وكانوا يختمون القرآن

مرتين.

"*Yunus bin Obaid al-Abdi al-Basri kehte hain ke maine Ashat ke fitne se qabl (maah-e-ramzan mein) logo'n ko dekha, unhe'n Sahabi-e-Rasool Abdur Rahman bin Abi Bakrah ﷺ, saeed bin Abi al-Hasan aur Marwaan al-Abdi imaamat karwaate aur ye unhe'n bees (20) rakat padhate the aur aadhe ramzan ke baad hi qunoot karte the aur do (2) dafa Quran khatm karte the. Imam Mirwazi ki riwayat mein ye bhi hai ke jab aakhri ashra aata tha to chaar (4) rakat mazeed izaafa kar lete*". (Taareekh-e-Dimishq: V36 P13 [iske rijaal siqa hain])

Arz hai ke ye mutaaba-at bajaae khud mukhtalif-ul-matn hai. Is liye ke ye jis tareeq se manqool hai aen usi tareeq se isi riwayat ko Ibn al-Jauzi ne naql kiya to ye matn bayan karke Hasan Basri ki riwayat waala matn bayan kiya. Chunache At-Tehqeeq li-Ibn al-Jauzi mein aen usi tareeq ke saath ye riwayat you'n hai: Imam Ibn al-Jauzi رحمہ اللہ (d 597h) farmate hain:

أخبرنا به أبو المعمر، أنبأنا محمد بن مرزوق، أنبأنا أبو بكر أحمد بن علي أنبأنا أبو محمد الجوهري... و أنبأنا محمد بن عبد الملك عن الجوهري: أنبأنا الحسين بن عمر الضراب، حدثنا حامد بن محمد بن شعيب، حدثنا سريج ابن يونس، حدثنا هشيم أنبأنا يونس عن الحسن أن عمر بهم عشرين ليلة من الشهر ولا يقنت بهم إلا في النصف الثاني فإذا كان العشر الأواخر تخلف فصلى في بيته

"*Syedna Umar bin Khattab ﷺ ne logo'n ko Syedna Ubai bin Kaab ﷺ par jama farma diya. Wo unhe'n bees (20) raat namaz padhate the aur qunoot na karte the, magar nisf akheer mein qunoot karte the aur jab aakhri ashra aajaata to jamat karaana chod dete aur apne ghar mein padhte the*". (At-Tehqiq Fee Ahadees al-Khilaaf li-Ibn al-Jauzi: V1 P459 [Iske rijaal siqa hain])

Maaloom hua ke is tareeq ke matn mein bhi wohi ikhtilaaf hai jo Shujaa bin Makhlad ke tareeq mein hai, yaane is tareeq se bhi dono riwayaat naql ki gai hain. Aisi soorat mein mushkil ye hai ke is mutaaba-at ko shujaa ke bayaan-karda kis matn ka mutaabe[1] qaraar denge?

Ham to kehte hain ke is mutaaba-at ka bhi mukhtalif-ul-matn hona is baat ki daleel hai ke zer-e-bahes riwayat ka matn sahih taur par zabt nahi

[1] T: (مُتابِع) Ek (1) raawi koi hadees bayan kare aur doosra raawi uske muwaafiq doosri hadees bayan kare to doosri hadees ko mutaabe kahenge [RKT]

kiya jaa saka hai aur us mein kisi doosri riwayat ke matn ki bhi aamezish ho gai hai.

Yaad rah eke ye tareeq sirf unhee'n riwayaat mein maaroof hai aur usse deegar riwayaat manqool nahi hain. Lihaaza taadaad-e-matn aur taadaad-e-riwayat ki koi gunjaaish nahi hai. Balke laazmi baat yehi hai ke is tareeq se naql hone waala matn ek (1) hi hai aur hamari nazar mein raajeh baat ye hai ke ye matn Hasan Basri waali riwayat hi ka matn hai aur wajah tarjeeh wohi hai jo ham ne oopar bayan ki hai.

Us poori tafseel se maaloom hua ke Shujaa bin Makhlad ke tareeq se asal riwayat wohi hai jo Abu Dawood mein hai, yaane Hasan Basri ki riwayat hai aur ye riwayat zaeef hai, neez is mein 'عشرين ركعة' 'ashreen rakat' ke bajaae 'عشرين ليلة' 'ashreen lailah' hai.

Saaniyan: Yaad rah eke agar is rwiayat ko saabit bhi maan le'n to usse ye saabit nahi hota ke Abdur Rahman bin Abi Bakr bees (20) rakat sunnat samajh kar padh rahe the, kyounke riwayat mein aisi koi saraahat nahi hai, balke Imam Mirwazi ki riwayat se pata chalta hai ke ye log sunnat nahi. Balke mutlaq nafil hi ki niyyat se bees (20) rakat padhte the.

Chunache Imam Mirwazi رحمه الله (d 294h) farmate hain:

يُونُسُ رَحِمَهُ اللهُ: أَدْرَكْتُ مَسْجِدَ الْجَامِعِ قَبْلَ فِتْنَةِ ابْنِ الأَشْعَثِ يُصَلِّي بِهِمُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ وَسَعِيدُ بْنُ أَبِي الْحَسَنِ، وَعِمْرَانُ الْعَبْدِيُّ كَانُوا يُصَلُّونَ خَمْسَ تَرَاوِيحَ، فَإِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ زَادُوا وَاحِدَةً، وَيَقْنُتُونَ فِي النِّصْفِ الآخِرِ، وَيَخْتِمُونَ الْقُرْآنَ مَرَّتَين. (Qiyaam Ramzan li-Muhammad bin Nasr al-Mirwazi: P222)

Ibne Saba riwayat mein hai ke 'فَإِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ زَادُوْا وَاحِدَةً' yaane aakhri ashre mein ek (1) taraweeh ka aur izaafa kar lete the, ye is baat ki daleel hai ke wo log nafil samajh kar hi padhte the, lihaaza agar is riwayat ko saabit bhi maan liya jaae to usse bila-taayyun aath (8) rakat se zaaed taraweeh padhne ka suboot milta hai.

Baab 4: Bees (20) Rakat Taraweeh Aur Ghair-mutaalliq Behse'n

Jin logo'n ke paas asal dalaael nahi hote wo ghair-mutaalliq behse'n ched kar us kami ko poori karne ki koshish karte. Bees (20) rakat taraweeh waale jab Nabi-e-Akram ﷺ aur Sahaba se bees (20) rakat saabit nahi kar paate to ghair-mutaalliq aur mantiqi guftagu shuru ka dete hain. Zel mein is pehlu se mutaalliq kuch wazaahate'n pesh-e-khidmat hain.

Fasl-e-Awwal: Rakat-e-Taraweeh Aur Aasaar-e-Taabaeen

Baaz hazraat jab ye dekhte hain ke bees (20) rakat se mutaalliq marfoo riwayaat manghadat aur mauqoof riwayaat zaeef hain to wo taabaeen ke aasaar pesh karna shuru kar dete hain. Halaanke taabaeen se ye cheez saabit bhi ho jaae to bhi be-sood hai. Kyounke taabaeen ka qaul-o-amal kisi ke yahan bhi hujjat-o-daleel ki haisiyat nahi rakhta, neez maaloom hona chaahiye ke rakat-e-taraweeh se mutaalliq taabaeen se teen (3) tarah ka amal milta hai:

① Gyaara (11) rakat. Ye un taabaeen ka amal hai jo ahd-e-farooqi mein Umar Farooq رضی اللہ عنہ ke mutaiyyan-karda imam ke saath taraweeh padhte the. (Isi kitaab ka safha 155 dekhiye)[1]

② Bees (20) rakat. Ye bhi baaz taabaeen se manqool hai. Lekin unse ye qatan saabit nahi ke unho'n ne us taadaad ko sunnat samajh kar apnaya ho.

③ Bees (20) se zaaid rakat. Ye bhi baaz taabaeen se saabit hai. Imam Ibne Abi Shaiba رحمہ اللہ (d 235h) farmate hain:

حدثنا حفص عن الحسن بن عبيد الله، قال: كان عبد الرحمن بن الأسود يصلي بنا في رمضان أربعين ركعة ويوتر بسبع.

"Hasan bin Obaidullah kehte hain ke Abdur Rahman bin Aswad hame'n ramzan mein chalees rakat padhate the aur saat rakat witr padhate

[1] T: Ye Urdu pdf ka page number hai [RSB]

the". (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V5 P156 H7897 [Sanad Sahih, T: Ash-Shashri])

Yaad rahe ke Abdur Rahman bin al-Aswad kibaar taabaeen mein se hain. Imam Ibne Abi Shaiba ﷺ (d 235h) farmate hain:

حدثنا ابن مهدي عن داود بن قيس، قال: أدركت الناس بالمدينة في زمن عمر بن عبد العزيز وأبان بن عثمان يصلون ستة وثلاثين ركعة ويوترون بثلاث.

"*Dawood bin Qais kehte hain ke maine Umar bin Abdul Aziz aur Aabaan bin Usman ke zamane mein logo'n ko paaya wo chattees (36) rakat padhte the aur teen (3) witr padhte the*". (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V5 P156 H7899 [Sanad Sahih, T: Ash-Shashri])

Un mein sabse afzal-o-mustahab amal pehli qism ka hai, kyounke ye amal Nabi-e-Akram ﷺ aur Sahaba Kiraam رضي الله عنهم kea mal ke muwaafiq hai.

Fasl-e-Duwam: Rakat-e-Taraweeh Aur Aimma Arba

Baaz log ye ghalat-bayani karte hain ke aimma arba mein sab bees (20) rakat sunnat taraweeh ke qaayal the, halaanke Aimma Arba mein se kisi bhi imam ne bees (20) rakat ko sunnat nahi kaha hai. Tafseel mulaahaza ho:

- Imam Abu Hanifa ﷺ (d 150h), Imam Abu Hanifa ﷺ se rakat-e-taraweeh ki baabat koi bhi saabit qaul maujood nahi hai. Albatta unke shagird Imam Muhammad ne gyaara (11) rakat taraweeh zikr karke usi ko apnaya hai. (Isi kitaab ka safha: 292 dekhiye)

Mumkin hai ke unke ustaaz Abu Hanifa ka bhi yehi qaul-o-amal raha ho, kyounke yahan unho'n ne apne imam se koi ikhtilaaf zikr nahi kiya hai. Wallahu aalam

- Imam Maalik ﷺ (d 179h). Imam Maalik ﷺ se saraahatan saabit hai ke unho'n ne gyaara (11) rakat taraweeh ko sunnat kaha hai aur usi ko apnaya hai, jaisa ke tafseel guzar chuki hai. (Isi kitaab ka safha 288 dekhiye)

- Imam Shafai ﷺ (d 204h). Imam Shafai ﷺ farmate hain:

رأيت الناس يقومون بالمدينة تسعا وثلاثين ركعة قال: وأحب إلي عشرون قال وكذلك يقومون بمكة، قال: وليس في

شيء من هذا ضيق ولا حد ينتهي إليه، لأنه نافلة، فإن أطالوا القيام وأقلوا السجود فحسن، وهو أحب إلي وإن أكثروا الركوع والسجود فحسن.

"*Maine madina mein 39 rakat (taraweeh) padhte hue dekha hai aur mujhe bees (20) rakat pasand hain. Makka waale isi taadaad mein padhte hain, is silsile mein koi tangi nahi hai aur naa hi uski koi mutaiyyan hadd hai, kyounke ye nafli namaz hai, lihaaza agar qiyaam lamba kar le'n aur rakate'n kam kar de'n to ye accha hai aur mujhe yehi pasand hai aur agar rakate'n ziyaada kar de'n to ye bhi accha hai*". (Mukhtasar Qiyaal al-Lail lil-Mirwazi: P222)

Mulaahaza farmae'n! Imam Shafai ﷺ ne khud bees (20) ki taadaad ko pasand farmaya lekin is taadaad ko sunnat-e-rasool qaraar nahi diya, balke poori saraahat ke saath kaha hai ke us mein koi tangi nahi hai aur uski koi mutaiyyan hadd nahi hai, lihaaza baaz logo'n ka bees (20) rakat ko sunnat bata kar Imam Shafai ﷺ ki taraf bhi yehi baat mansoob karna saraasar ghalat hai.

Waazeh rah eke Imam Shafai ﷺ ne bees (20) ki taadaad ko gyaara (11) ke muqaable mein pasandida nahi qaraar diya, balke ahle madina kea mal untalees (39) ke muqaable mein use pasandida qaraar diya hai aur agar usooli baat kehte hue farmaya hai ke agar qiyaam lamba ho aur rakat kam ho'n to ye mere nazdeek ziyaada pasandida hai.

Imam Shafai ﷺ ke us usooli bayan ki raushni mein untalees ke muqaable mein bees (20) ki taadaad ziyaada pasandida hogi, kyounke uski rakat kam hain, lekin agar Imam Shafai ﷺ ke us usool hi ki raushni mein bees (20) aur gyaara (11) ka taqaabul kiya jaae to gyaara (11) ki taadaad hi ziyaada pasandida qaraar paaegi. Kyounke bees (20) ke muqaable mein us mein rakat ki taadaad kam hai.

۞ Imam Ahmad bin Hambal ﷺ (d 241h). Imam Ahmad ﷺ ne rakat-e-taraweeh ke silsile mein farmaya:

قد قيل فيه ألوان، يروى نحو من أربعين ، إنما هو تطوع.

"*Is silsile mein mukhtalif baate'n kahi gai hain, taqriban chalees tak ki baat bayan ki jaati hai aur darhaqiqat ye nafil namaz hai*". (Masaail Ahmad wa Ibne Raahwiya: V1 P193 [Daar al-Hijra])

Imam Tirmizi ﷺ ne Imam Ahmad se ye bhi naql kiya hai: 'ولم يقض فيه بشيء' "*Aur Imam Ahmad ne khud koi faisla nahi kiya*". (Sunan Tirmizi: V3 P161 [Shakir])

Imam Ahmad ﷺ ne sire se bees (20) rakat ki baat hi nahi ki hai, che-jaaeke use sunnat qaraar de'n. Lihaaza Imam Ahmad ﷺ ki taraf bees (20) rakat ki sunnat ko mansoob karna mahez ek (1) iftira hai aur kuch nahi.

Is tafseel se maaloom hua ke Aimma Arba ke yahaan agar kisi khaas taadaad ko sunnat kaha gaya hai to wo sirf gyaara (11) rakat hi ki taadaad hai aur Aimma Arba mein se uske qaayal Imam Maalik ﷺ hain. Gyaara (11) ke alaawa kisi bhi doosri taadaad ko Aimma Arba mein se kisi ne bhi sunnat nahi kaha hai.

Fasl-e-Suwam: Rakat-e-Taraweeh Aur Ijmaa-e-Ummat

Baaz logo'n ne apna ye maamool bana rakha hai ke apni har baat ko ijmaai bataate phirte hain, hatta ke jis masle mein wo ijmaa-e-ummat ke khilaaf shaaz aur munfarid raah par gaamzan ho jaate hain, us mein bhi naam-nihaad ijma ka daawa karte phirte hain.

Dar-asl Kitab-o-Sunnat ke dalaael ke saamne unki ek (1) nahi chalti aur aae-din log unke maslak se taaib ho kar Kitab-o-Sunnat ki taraf rujoo karte jaa rahe hain.

Is liye un hazraat ne 'ijmaa' ke naam par awaam ko maroob[1] karne ki koshish ki hai, balke hadd ho gai ke hamare ilaaqe mein kuch logo'n ne apne maslak ke tahaffuz ke liye ek (1) iraada qaayam kiya aur uska naam hi 'Ijma Foundation' rakh diya.

Rakat-e-Taraweeh se mutaalliq bhi un hazraat ne yehi propaganda kar rakha hai ke bees (20) rakat taraweeh ke sunnat hone par ummat ka ijma hai, halaanke ijmaa to door ki baat poori taareekh-e-islam mein kisi ek (1) bhi siqa imam ne bees (20) rakat-e-taraweeh ko sunnat-e-rasool nahi kaha hai, uske bar-aks mutaaddid aimma balke khud ulama-e-

[1] T: (مَرْعُوب) Dar ya khauf ke saath kisi shae ya shakhs se mutaassir hone waala, dara hua, darne waala [RKT]

ahnaaf mein se bhi ek (1) acchi-khaasi taadaad ne aath (8) rakat yaane ma-witr rakat-e-taraweeh hi ko Nabi ﷺ ki sunnat tasleem kiya hai aur sacchaahi to ye hai ke gyaara (11) rakat-e-taraweeh ki masnooniyat hi par ijma saabit hai, jaisa ke Muwatta waghaera ki sahih riwayat pesh ki ja chuki hai. Ek (1) baar phir mulaahaza ho:

Imam Maalik رحمه الله (d 179h) farmate hain:

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّهُ قَالَ: أَمَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أُبَيِ بْنَ كَعْبٍ وَتَمِيمَا الدَّارِيِّ أَنْ يَقُومَا لِلنَّاسِ بِإِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً قَالَ: وَقَدْ كَانَ الْقَارِئُ يَقْرَأُ بِالْمِيِّينَ، حَتَّى كُنَّا نَعْتَمِدُ عَلَى الْعِصِي مِنْ طُولِ الْقِيَامِ، وَمَا كُنَّا نَنْصَرِفُ إِلَّا فِي فُرُوعِ الْفَجْرِ.

"*Saaib bin Yazeed رضي الله عنه se riwayat hai ke Umar bin Khattab رضي الله عنه ne Ubai bin Kaab aur Tameem Daari رضي الله عنه ko gyaara (11) rakat-e-taraweeh padhne ka hukm diya, Saaib bin Yazeed رضي الله عنه kehte hain ke Imam sau-sau (100-100) aayate'n ek (1) rakat mein padhta tha, yahan tak ke ham taweel qiyaam ki wajah se lakdi par tek laga kar khade hote the aur fajr ke qareeb hi namaz se faarigh hote the*". (Muwatta Maalik: V1 P115 [Shaikhain ki shart par iski sanad sahih hai; Sunan Nasai Kubra; V3 P113 H4687 [Malik ki turq se]; Sharah Maani al-Aasaar lit-Tahaawi: V1 P293 H1741; Al-Fawaaid li-Abu Bakr an-Nisaburi: أ136/ق; Sunan Kubra lil-Bayhaqi: V2 P496 H4392 [ye sabhi Malik ke turq se hain])

Ye riwayat Bukhari-o-Muslim ki shart par sahih hai, uski sanad mein kisi illat ka naam-o-nishaan tak nahi, is riwayat se maaloom hua ke Umar Farooq رضي الله عنه ne aath (8) rakat taraweeh aur teen (3) rakat witr hi ka hukm diya aur unke daur mein aath (8) rakat taraweeh hi hoti thi.

Us riwayat ke bar-khilaaf kisi ek (1) bhi riwayat mein ye suboot nahi milta ke ahd-e-farooqi mein ya usse qabl ya uske baad kisi ek (1) bhi sahabi ne aath (8) rakat se zaaed taraweeh padhi ho. Isse saabit hua ke taraweeh ki aath (8) rakat hone par tamaam sahaba ka ijma tha, ab jab aath (8) rakat par sahaba ka ijma ho gaya to phir uske bar-khilaaf ijma mumkin hi nahi hai.

Is ijma ke baad baaz ahle ilm ne baad ke adwaar mein nafil ke taur par kuch izaafi rakate'n padhi hain, lekin kisi ne bhi un izaafi rakato'n ko sunnat-e-rasool ki haisiyat nahi deen-e-islaam, neez un izaafi rakato'n ki bhi kisi taadaad par koi ittifaaq nahi hua, balke us mein zabardast

ikhtilaaf hai. Chunache kisi ne masnoon taadaad gyaara (11) hi ko ikhtiyaar kiya to kisi ne 19, 20, 24, 28, 35, 36, 38, 39, 41, 47 mein se kisi taadaad ko ikhtiyaar kiya hai. (Fath-ul-Baari: V4 P253; Umdatul-Qaari: V11 P127)

Imam Ahmad رحمه الله (d 241h) ne rakat-e-taraweeh ke silsile mein farmaya:

قد قيل فيه ألوان، يروى نحو من أربعين، إنما هو تطوع.

"*Is silsile mein mukhtalif baate'n kahi gai hain, taqriban chalees tak ki baat bayan ki jaati hai aur dar-haqiqat ye nafil namaz hai*". (Masaail Ahmad wa Ibne Raahwiya: V1 P193 [Dar al-Hijra])

Imam Tirmizi رحمه الله (d 279h) farmate hain:

واختلف أهل العلم في قيام رمضان.

"*Ahle ilm ne qiyaam-e-ramzan ke silsile mein ikhtilaaf kiya hai*". (Sunan Tirmizi: V3 P161 [Shakir])

Imam Abu Bakr bin al-Arbi (d 543h) farmate hain:

والصحيح أن يصلى إحدى عشرة ركعة صلاة النبي عليه السلام وقيامة فأما غير ذلك من الأعداد فلا أصل له.

"*Sahih ye hai ke gyaara (11) rakat padhi jaae'n, jaisa ke Nabi ﷺ padhte the aur qiyaam karte the, uske alaawa jo doosri taadaad hain unki koi asal nahi hai*". (Aarizah a-Ahwazi: V4 P19)

Imam Abul Abbas Ahmad bin Umar al-Qurtubi رحمه الله (d 656h) farmate hain:

ثم اختلف في المختار من عدد القيام ..... وقال كثير من أهل العلم: إحدى عشرة ركعة أخذا بحديث عائشة رضى الله عنها المتقدم.

"*Taraweeh ki kitni rakat ikhtiyaar ki jaae'n? Us baare mein ikhtilaaf hai, bahut se ahle ilm ne Ayesha رضي الله عنها ki mazkoora hadees ki bina par kaha hai ke (taraweeh ki) gyaara (11) rakat hain*". (Al-Mufhim Limaa Ashkal Min Talkhees Kitab Muslim: V2 P390)

Allama Aeni (d 855h) farmate hain:

وقد اختلف العلماء في العدد المستحب في قيام رمضان على أقوال كثيرة ..... وقيل: إحدى عشرة ركعة وهو اختيار مالك لنفسه، واختاره أبو بكر العربي.

"*Qiyaam-e-ramzan (taraweeh) ki mustahab taadaad-e-rakat ke baare mein ulama ne ikhtilaaf karte hue bahut saari baate'n kahi hain, (phir) aage mukhtalif aqwaal naql karne ke baad kehte hain) aur ek (1) qaul gyaara rakat ka hai. Imam Maalik ne apne liye usi ko ikhtiyaar kiya hai aur Abu Bakr ibn al-Arbi ne bhi usi ko ikhtiyaar kiya hai*". (Umdatul-Qaari: V11 P126-127)

Imam Suyuti (d 911h) farmate hain: 'إن العلماء اختلفوا في عددها' "*Ulama ne is (taraweeh) kea dad ke baare mein ikhtilaaf kiya hai*". (Al-Haawi lil Fataawa: V1 P336 [P: Dar al-Kutub al-Ilmiya])

Ikhtilaaf ki is qadr tasrihaat[1] ke bawujood ijma ka daawa khilaaf-e-haqiqat hai. Mazeed ye ke mutakhkhireen mein jin logo'n ne ijma ka daawa kiya hai, unho'n ne ahd-e-farooqi ki taraf mansoob bees (20) rakat waali riwayat ki bina par aisa kaha hai aur ham saabit kar chuke hain ke ahd-e-farooqi mein bees (20) nahi, balke gyaara (11) rakat par ittifaaq hua tha.

Lihaaza unhee'n hazraat ke usool se ahd-e-farooqi mein gyaara (11) rakat hi par ijma saabit hota hai aur baad mein nafil ki haisiyat se mazeed rakat padhne ke silsile mein ikhtilaaf hota hai.

Fasl-e-Chahrum: Rakat-e-taraweeh Aur Panj-waqta Namazo'n Ki Rakat

Baaz logo'n ne apna ye maamool bana rakha hai ke apni har baat ko ijmaai bataate phirte hain, hatta ke Mufti Ahmad Yar Khan Naeemi Saahab ne bees (20) rakat ke isbaat ke liye ek (1) ajeeb-o-ghareeb daleel ye bhi pesh ki hai: "*Din raat mein kul bees (20) rakat zaroori hain, satrah (17) farz aur teen (3) witr, is liye taraweeh ki rakat bhi bees (20) honi chaahiye*". (Ma-haasil az Jaa al-Haq: Hissa Awwal: P440)

Arz hai: Awwalan: Mufti Saahab ne din raat ki zaroori namaz ki rakat bees (20) batlaai hai, halaanke farz namaz ki rakat kul satra (17) hi hain aur witr ki namaz farz nahi, balke sunnat hai.

[1] T: (تَصْرِيح) Wazaahat, saraahat, tauzeeh [RKT]

Saniyan: Taraweeh ki namaz farz nahi balke sunnat hai, isi liye agar Mufti Saahab ko rakat-e-taraweeh ko milaana hi tha to sunnat namaz se milaana tha aur din-raat mein kam se kam sunnat rakat ki taadaad gyaara (11) hi hai.

عن ابن عمر رضى الله عنه قال : حفظت من النبي صلى الله عليه وسلم عشر ركعات ركعتين قبل الظهر، وركعتين بعدها، وركعتين بعد المغرب في بيته، وركعتين بعد العشاء في بيته وركعتين قبل صلاة الصبح.

"*Ham se Sulaiman bin Harb ne bayan kiya, unho'n ne kaha ke ham se Hammad bin Zaid ne bayan kiya, unse Ayyub Sakhtiyani ne bayan kiya, unse Naafe ne, unse Abdullah bin Umar ﷺ ne kaha ke mujhe Nabi-e-Kareem ﷺ se dus (10) rakat sunnate'n yaad hain. Do (2) rakat sunnat Zohar se pehle, do (2) rakat sunnat-e-Zohar ke baad, do (2) rakat sunnat maghrib ke baad apne ghar mein, do (2) rakat sunnat isha ke baad apne ghar mein aur do (2) rakat sunnat subh ki namaz se pehle*". (Sahih Bukhari: V2 P58 H1180)

In dus (10) rakat ke saath witr ki kam se kam taadaad ek (1) rakat hai. (Sunan Abu Dawood: H1422 [Hadees Sahih]; Sahih Bukhari: H3765)

Maaloom hua ke din raat ki sunnat rakat ki kam se kam taadaad gyaara (11) hi hai, lihaaza is bina par Mufti Saahab ki mantiq ke mutaabiq taraweeh ki rakat gyaara (11) hi honi chaahiye.

Saalisan: Agar ham farz rakat ki bhi baat kare'n to Zohar, Asar, aur Isha ki jo chaar-chaar (4-4) rakat hain, musaafir unhe'n qasr karke do-do (2-2) rakat padhta hai, us etebaar se musaafir ki din raat ki farz namaz gyaara (11) rakat hoti hain. Maaloom hua ke ghair musaafir din raat mein satrah (17) rakat padhta hai, jabke musaafir gyaara (11) rakat padhta hai, yaane din-raat mein kam se kam jitni farz rakat har shakhs ko padhni hoti hain wo gyaara (11) rakat hain.

Lihaaza Mufti Saahab ke usool ke mutaabiq farz rakat ki safari taadaad ka bhi yehi taqaaza hai ke taraweeh ki rakat gyaara (11) hi honi chaahiye.

Shah Waliullah Mohaddis Dehelwi رحمه الله (d 1157h) farmate hain:

أقول: هذا إشارة إلى أن الله تعالى لم يفرض عليهم إلا مقدارا يتأتى منهم، ففرض عليهم أولا إحدى عشرة ركعة،

ثم أكملها بباقى الركعات في الحضر، ثم أمدها بالوتر للمحسنين لعلمه صلى الله عليه وسلم أن المستعدين للإحسان يحتاجون إلى مقدار ،زائد فجعل الزيادة بقدر الأصل إحدى عشرة ركعة.

"*Main kehta hoo'n ke ye uski taraf ishaara hai ke Allah Ta'ala ne logo'n par namaz ki wo miqdaar hi farz ki hai jisko wo adaa kare'n, chunache pehle un par gyaara (11) rakate'n farz huee'n, phir hazr mein mazeed baaqi rakato'n ke saath use mukammal kar diya gaya, phir ehsaan-o-neki karne waalo'n ko witr ke saath madad di, kyounke Huzoor ﷺ ko maaloom tha ke neki-o-ehsaan ki istitaa-at rakhne waale zaaed miqdar ke zarooratmand hain, chunache asal yaane gyaara (11) rakat ke ba-qadr izaafa kiya gaya*". (Hujjatullah al-Baaligha: V2 P28 [Tarjuma urdu nuskhe se manqool hai])

Mulaahaza farmaae'n ke Shah Waliullah Mohaddis Dehelwi رحمه الله raat ki gyaara (11) rakat namaz ki tauzeeh mein ye farma rahe hain ke asal farz gyaara (11) rakat hi ke ba-qadr raat ki namaz ki rakat bhi gyaara (11) hain. Ab ye daleel Mufti Saahab hi par ulat gai, mausoof farz namazo'n ki rakat se taraweeh ki rakat saabit karne chale the, lekin Shah Waliullah Mohaddis Dehelwi رحمه الله farz namaz ki rakat hi ke pesh-e-nazar raat aur taraweeh ki namaz ki taadaad gyaara (11) batla rahe hain.

Fasl-e-Panjum: Rakat-e-taraweeh Aur Lafz-e-Taraweeh

Baaz log lafz-e-'taraweeh' se rakat-e-taraweeh ki taadaad bees (20) saabit karte hue kehte hain ke taraweeh ye 'tarwiha' (ترويحة) ki jama hai aur tarwiha chaar (4) rakat ke baad aaraam karne ko kehte hain. Taraweeh jama hai aur jama ka itlaaq kam se kam teen (3) par hota hai, lihaaza agar sirf gyaara (11) rakat taraweeh maani jaae to us mein sirf do (2) hi tarwiha ka mauqa hota hai, aisi soorat mein us par jama ka itlaaq nahi hona chaahiye.

Arz hai:

Awwalan: Taraweeh ka naam Quran ya Sahih Hadees mein waarid nahi hai, balke ye baad mein ahle ilm ki taraf se diya hua naam hai. Is liye us naam se rakat-e-taraweeh saabit karna intihaai ghair-maaqool baat hai, bil-farz maan bhi le'n ke aath (8) rakat se ye naam munaasibat nahi rakhta to ghalati us naam mein hogi na ke un dalaael mein jin mein aath

(8) rakat aur ma' witr gyaara (11) rakat ka suboot hai.

Saniyan: Jama ka itlaaq sirf teen (3) par hi nahi hota, balke arbi zabaan mein do (2) par bhi jama ka itlaaq hota hai, iski mutaaddid misaale'n Quran-o-Ahadees mein maujood hain.

Masalan, Quran ki aayat:

اِنۡ تَتُوۡبَاۤ اِلَى اللّٰهِ فَقَدۡ صَغَتۡ قُلُوۡبُكُمَا‌ۚ
(Surah-at-Tahreem: 4)

(Aye Nabi ki dono biwiyo!) Agar Tum Dono Allah Ke Saamne Tauba Karlo (to bahut behtar hai) Yaqinan Tumhare Dil Jhuk Pade Hain.

Is aayat mein Allah Ta'ala sirf do (2) insaano ke liye 'quloob' (dilo'n) ka istemaal kiya hai. Jo qalb (dil) ki jama hai, ye is baat ki daleel hai ke do (2) par bhi jama ka itlaaq hota hai. Isi tarah Quran ki aayat hai:

فَاِنۡ لَّمۡ يَكُنۡ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗۤ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ‌ۚ فَاِنۡ كَانَ لَهٗۤ اِخۡوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ.
(Surah-an-Nisa: 11)

Aur Agar Aulaad Na Ho Aur Maa-baap Waaris Hote Ho'n To Uski Maa Ke Liye Ek-tihaai ⅓ Hissa Hai, Haa'n Agar Maiyyat Ke Kai Bhai Ho'n To Phir Uski Ma Aka Chatta Hissa Hai.

Is aayat mein Allah Ta'ala ne bayan farmaya hai ke agar maiyyat ki aulaad na ho, lekin uske 'اِخۡوَةٌ' (kai bhai) maujood hoo'n to aisi soorat mein maiyyat ki maa ko sadas ⅙ (chatta hissa) milega.

Yahan 'اِخۡوَةٌ' ka lafz jama hai, lekin choonke do (2) par bhi jama ka itlaaq hota hai is liye agar be-aulaad maiyyat ke sirf do (2) bhai honge to bhi uski maa ko sadas ⅙ (chatta) hissa hi milega, jaisa ke ahle faraaiz ke yahaan ye baat musallam hai.

Lekin lafz-e-taraweeh waali mazkoora falsafa-sanji ba-rooe-kaar laai jaae to ye maanna padega ke be-aulaad maiyyat ke do (2) bhaiyo'n ki maujoodgi mein maiyyat ki maa ko sadas ⅙ (chatta) nahi, balke suls (ek-tihaai) ⅓ hissa milna chaahiye.

Quran ke alaawa ahadees mein bhi do (2) par jama ka itlaaq hua hai, masalan ek (1) mauqa par Nabi-e-Akram ﷺ ne apne do (2) sahaba ko

mukhatib karte hue farmaya: : ‘إني خشيت أن يقذف في قلوبكما شيئا’ “*Mujhe andesha hua ke shaitan tumhare dilo’n mein kuch daal na de*”. (Sahih Bukhari: V4 P49 H2035)

Yahan Allah ke Nabi ﷺ ne sirf do (2) Sahaba ke liye ‘قلوب’ (dilo’n) ka istemaal kiya hai, jo qalb (dil) ki jama hai. Zaahir hai do (2) ke paas sirf do (2) hi dil ho sakte hain, lihaaza yahan jama ka itlaaq do (2) par hi hai.

Neez namaz ba-jamaat farz hai, lekin agar kisi mauqa par sirf do (2) hi log ho’n to wo dono jamat ke saath hi farz namaz ada karenge, sirf do (2) ki wajah se koi nahi keh sakta hai ke un dono ki jamat nahi ho sakti. Kyounke jamat mein kam se kam teen (3) afraad hone chaahiye. Balke sirf do (2) log hi jamat bana lenge, kyounke do (2) par bhi jamat ka itlaaq hota hai.

Is tafseel se maaloom hua ke do (2) par bhi jama ka itlaaq hota hai aur choonke gyaara (11) rakat taraweeh mein bhi do (2) tarwiha hota hai, lihaaza us do (2) par bhi jama ‘taraweeh’ ke itlaaq mein koi ishkaal nahi hai.

Fasl-e-Shashum: Rakat-e-Taraweeh Aur Harmain (Makka-o-Madina)

Baaz hazraat Harmain Makka-o-Madina ka amal pesh karte hain ke wahan taraweeh bees (20) rakat hoti hai. Arz hai:

Awwalan: Afsos ke saath kehna padta hai ke baaz hazraat ramzan mein harmain ke aimma aur wahan kea mal ko is qadr ehmiyat dete hain ke use musallama daleel ke zumre mein shumaar karte hain, lekin ye hazraat ghair-ramzan mein harmain ke aimma kea mal ko daleel jaanna to dar-kinaar unhe’n musalman bhi maanna gawaara nahi karte, balke sare aam fatwa dete hain ke unke peeche sire se namaaz hi jaaiz nahi.

Aakhir ye aisi boo-al-ujbi[1] hai ke ramzan mein ek (1) sunnat namaz mein un aimma ka amal daleel-o-hujjat qaraar paae aur ghair-ramzan mein sunant to dar-kinaar unki taraf se farz namaz ki bhi koi haisiyat na rahe

[1] T: (بُوالْعَجَبی) Shobada-baazi, makkaari, chalbaazi, ajeeb baat [RKT]

aur unki iqtida mein namaz padhna bhi najaaiz thehre.

Saniyan: Tamaam ahnaaf apni kutub mein dalaael ki sirf chaar (4) qisme'n bayan karte hain: Quran, Sunnat, Ijma, aur Qiyaas.

Ab sawaal ye hai ke ramzan mein ek (1) paachwee'n daleel ka izaafa kaise ho gaya? Zaahir hai ke jab unke yahan bhi ye musallam hai ke harmain ka amal koi daleel nahi hai to khwah-ma-khwah mahez ramza mein ise daleel ki haisiyat se pesh karna kahan ka insaaf hai?

Salisan: Kitab-o-Sunnat mein kahee'n bhi is baat ki zamaanat nahi deen-e-islaam gai hai ke harmain mein jo amal bhi hoga wo hujjat-o-daleel qaraar paaega, balke ek (1) waqt tha ke khud Khana-e-Kaaba mein butho'n ki pooja hoti thi, lekin ye qatan is baat ki daleel nahi ban sakti ke butho'n ki pooja bhi jaaez hai. Neez baadmein ek (1) daur guzra hai ke haram mein chaar (4) musallo'n ki bidat raaej[1] thi, use bhi haram ki wajah se sanad na mil saki, balke ek (1) waqt aaya ke us bidat ko jad se ukhaad phenka gaya. Walhamdulillah

Raabian: Harmain mein ibtida mein jo amal tha wo gyaara (11) rakat hi ka tha, Allah ke Nabi ﷺ ne teen (3) din taraweeh padhai jis mein gyaara (11) rakat hi padhaae'n. Ahd-e-farooqi mein jab ba-zaabta masjid mein ek (1) jamat se taraweeh adaa ki gai to us mein bhi gyaara (11) rakat hi padhi jaati thee'n. Lekin baad mein doosri adaad[2] ka koi etebaar nahi hai.

Khamsan: Harmain mein baad mein jo gyaara (11) se zaaid rakat padhi gaee'n wo aam nafl samajh kar padhi gaee'n, unke baare mein kisi bhi siqa imam ne ye fatwa nahi diya ke yehi taadaad sunnat-e-rasool ﷺ saabit hai.

Saadisan: Harmain mein poore maah sirf bees (20) rakat hi nahi padhi jaatee'n, balke aakhri ashre mein mazeed dus rakat ka izaafa hota hai, jabke ahnaaf use daleel nahi banaate.

Saabian: Harmain mein aur bahut se aamaal hote hain, lekin ahnaaf

[1] T: (رائج) Dastoor ya maamool ke mutaabiq, jaari, chalta, maqbool-e-aam [RKT]
[2] T: (عَدَد) Ginti, shumaar, taadaad [RKT]

unhe'n daleel nahi jaante, balke harmain ki aen taraweeh hi se mutaalliq ahnaaf sirf uski rakat ke liye harmain ka hawaala dete hain lekin harmain ki taraweeh mein jo rakat ke alaawa deegar ausaaf hain unke liye ye hazraat harmain ke amal ko daleel nahi banaate. Masalan: Harmain ki taraweeh mein raful yadain, aameen bil-jahr waghaera ka amal hota hai. Sawaal ye hai ke agar rakat, harmain ki taraweeh ka hissa hain to kya ye ausaaf harmain ki taraweeh ka hissa nahi hain?

Thamaaniya: Harmain mein aur bhi bahut se aamaal hain jo ahnaaf ke khilaaf hain, lekin ahnaaf kabhi apne khilaaf harmain ke un aamaal ko daleel nahi shumaar karte, zel mein harmain mein hone waale bees (20) aamaal pesh-e-khidmat hain jinhe'n ahnaaf durust nahi samajhte. Sabse pehle ham un aamaal ko ginaate hain jo harmain ki taraweeh hi mein anjaam diye jaate hain.

① Yahan ruku mein jaate waqt aur ruku se uthne ke baad bhi raful yadain kiya jaata hai.

② Yahan namaz mein aameen oonchi aawaaz se kahi jaati hai.

③ Yahan qunoot mein raful yadain nahi hota hai.

④ Yahan shumba, yaane ek (1) rakat mein khatm-e-quran ka amal nahi hota.

Ye wo aamaal hain jo khaas harmain ki taraweeh ke hain, ab agar harmain ki taraweeh ki taadaad hujjat hai to harmain hi mein taraweeh mein hone waale ye aamaal hujjat kyou'n nahi?

Mazeed yahan ke aur aamaal bhi dekhe'n:

⑤ Yahan zaban se roze ki niyyat nahi ki jaati.

⑥ Yahan waqt ke hisaab se sehri mein taakheer aur iftaar mein jaldi ki jaati hai, jaisa ke hadees hai, lekin ahnaaf uski mukhlifat karte hain.

⑦ Yahan namaze'n awwal waqt mein adaa ki jaati hain, lekin ahnaaf uske khilaaf karte hain.

⑧ Yahan namaz-e-fajr se qabl bhi ek (1) azaan kahi jaati hai, ahnaaf ka

us pa ramal nahi.

⑨ Yahan azaan se qabl-o-baad murawwaja durood nahi padha jaata.

⑩ Yahan takbeer, ikheri kahi jaati hai, ahnaaf ka amal iske khilaaf hai.

⑪ Yahan namaz-e-fajr andhere mein adaa ki jaati hai, jabke ahnaaf ujaale mein fajr padhte hain.

⑫ Yahan aurato'n ko masjid mein aane ki ijaazat hai, jabke ahnaaf apni aurato'n ko masjid aane se rokte hain.

⑬ Yahan asr ki namaz kisi cheez ka saaya uske misl ho jaae to us waqt aada ki jaati hai.

⑭ Yahan namaz ki niyyat zaban se nahi ki jaati, jabke ahnaaf ke yahan ye bidat paai jaati hai.

⑮ Yahan namaz-e-maghrib se qabl do (2) rakat sunnat padhte hain, jabke ahnaaf uske munkri hain.

⑯ Yahan farz namazo'n ke baad ijtimaai dua nahi ki jaati, jabke ahnaaf us par shiddat se amal karte hain.

⑰ Yahan namaz-e-eid ke khutbe se pehle koi waaz-o-nasihat nahi ki jaati, lekin ahnaaf uske khilaaf namaz-e-eid se qabl waaz-o-nasihat karte hain.

⑱ Yahan namaz-e-eidain mein kul baarah (12) takbiraat kahi jaati hain, lekin ahnaaf namaz-e-eidain mein sirf che takbiraat padhte hain.

⑲ Yahan masjid mein namaz-e-janaza padhi jaati hai, jabke ahnaaf use ghair-durust qaraar dete hain.

⑳ Yahan janaze mein Surah al-Faatiha padhi jaati hai jabke ahnaaf uske munkir hain.

Istidraak

(Tahajjud Aur Taraweeh Mein Farq Se Mutaalliq Chand Mazeed Shubhaat Ka Izaala)

‘سننت لكم قيامه’ Waali Zaeef Hadees Se Istidlaal:

Imam Nasai رحمہ اللہ (d 303h) farmate hain:

أخبرنا محمد بن عبد الله بن المبارك، قال: حدثنا أبو هشام، قال: حدثنا القاسم بن الفضل، قال: حدثنا النضر بن شيبان، قال: قلت لأبي سلمة بن عبد الرحمن: حدثني بشيء سمعته من أبيك سمعه أبوك من رسول الله صلى الله عليه وسلم، ليس بين أبيك وبين رسول الله صلى الله عليه وسلم أحد في شهر رمضان. قال: نعم! حدثني أبي، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : إن الله تبارك وتعالى فرض صيام رمضان عليكم وسننت لكم قيامه، فمن صامه وقامه إيمانا واحتسابا خرج من ذنوبه كيوم ولدته أمه.

“Nazr bin Shaibaan kehte hain: Maine Abu Salama bin Abdur Rahman se kaha ke aap mujh se maahe ramzan ke mutaalliq koi aisi baat bayan kare’n jo aap ne apne waalid (Abdur Rahman bin Auf رضی اللہ عنہ) se suni ho aur use aap ke waalid ne Rasool Allah ﷺ se suna hoa, aap ke waalid aur Rasool Allah ﷺ ke beech koi aur haayal na ho. Unho’n ne kaha: Accha suno! Mujh se mere waalid ne bayan kiya ke Rasool Allah ﷺ ne farmaya: Beshak Allah Tabaarak wa Ta'ala ne tum par ramzan ke roze farz kiye hain aur maine tumhare liye us mein qiyaam karne ko sunnat qaraar diya hai, us (maah) mein jo shakhs imaan ke saath sawaab ki niyyat se roza rakhega aur (ibaadat par) kamar-basta hoga to wo apne gunaaho’n se aise nikal jaaega jaise uski maa ne use aaj hi jana ho”. (Sunan Nasai: V4 P158 H2210)

Awalan: Ye hadees zaeef hai, iski sanad mein maujood An-Nazr bin Shaibaan zaeef hai.

Imam Ibne Maeen رحمہ اللہ (d 233h) farmate hain: ‘ليس حديثه بشيء’ *“Iski hadees ki koi haisiyat nahi hai”*. (Al-Jarh wa Taadeel li-Ibne Abi Haatim: V8 P476 [Sanad Sahih] [T: Al Muaalami])

Haafiz Ibne Hajar رحمہ اللہ (d 852h) farmate hain: ‘لين الحديث’ *“Ye leen-ul-hadees hai”*. (Taqreeb-ut-Tehzeeb li-Ibne Hajar: 7136)

Unhe'n sirf Imam bne Hibban ﷺ ne siqa kaha hai aur ye bhi kaha hai: ‘كان ممن يخطىء’ "*Ye ghalati karne waalo'n mein se the*". (As-Siqaat li-Ibne Hibban: V7 P534 [P: Al-Usmaniya])

Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne Ibne Hibban ki tauseeq ko rad karte hue kaha hai ke jab uski sirf ek (1) hi hadees hai aur us mein bhi usne ghalati ki hai to use siqaat mein shumaar karna ghalat hai.

Unke alfaaz hain: ‘فتضعيف النضر على هذا متعين’ "*Is bina par Nazr ki tazeef mutaiyyan hai*". (Tehzeeb-ut-Tehzeeb li-Ibne Hajar: V10 P439 [P: Al-Hind])

Waazeh rahe ke us raawi ne sirf yehi ek (1) hadees bayan ki hai aur us mein bhi ghalati kardi hai, isl iye uski tauseeq ki zarra baraabar bhi gunjaaish nahi hai. Jaisa ke Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne kaha hai. Dar-asl Nazr bin Shaibaan ne Abu Salama ki hadees ko radd-o-badal karke bayan kar diya hai.

Ramzan ke roze aur qiyaam ki fazilat se mutaalliq Abu Salama ne Abu Huraira ﷺ ki ek (1) hadees bayan ki hai, jo Sahih Bukhari: H2014 aur Sahih Muslim: H759 waghaera mein maujood hai. Us mein wo alfaaz nahi hain jo Nazr bin Shaibaan ne bayan kiye hain jo is baat ki daleel hai ke Nazr bin Shaibaan ne Abu Salama ki hadees ko bayan karne mein ghalati ki hai, is liye mohaddiseen ne us par jarh ki hai aur uski is hadees ko zaeef qaraar diya hai.

Imam Daraqutni ﷺ (d 385h) farmate hain:

ورواه الزهري عن أبي سلمة بن عبد الرحمن، عن هريرة، ولم يذكر فيه وسننت للمسلمين قيامه. وإنما ذكر فيه فضل صيامه، وحديث الزهري أشبه بالصواب.

"*Is hadees ko Imam Zohri ne Abu Salama a'n* (عن) *Abu Huraira* ﷺ *se riwayat kiya haia ur us mein* ‘و سننت للمسلمين قيامه’ *(aur maine musalmano ke liye uske qiyaam ko masnoon qaraar diya) ke alfaaz ka zikr nahi kiya, balke roze ki fazilat ko bayan ki hai aur Zohri ki riwayat hi qareen-e-sawaab hai*". (Al-Ilal lid-Daraqutni: V4 P283 [T: Mahfooz as-Salafi])

Tahir Gyaawi Saahab Ki Ek (1) Fahash-ghalati:

Aimma-e-hadees ke yahaan ye baat muttafiq-alae hai ke Nazr bin

Shaibaan ne sirf yehi hadees bayan ki hai aur in alfaaz ki riwayat mein ye munfarid hai, lekin Tahir Gyaawi Saahab ne na-jaane kis aalam mein ye likh diya ke ek (1) aur raawi ne Nazr bin Shaibaan ki mutaaba-at ki hai. Tahir Gyaawi Saahab ye daawa karte hue Imam Zahbi ka hawaala dete hue likhte hain: "*Allama Zahbi farmate hain ke Bazzaar ne jo ye daawa kiya hai ke Nazr bin Shaibaan is riwayat mein mutafarrid hai, sahih nahi hai* 'قلت: وقع لي حديثه عاليا من رواية القاسم بن الفضل الحداني عنه' "*Main kehta hoo'n ke Nazr bin Shaibaan waali hadees, Qaasim bin al-Fazl al-Hadaani a'n* (عن) *an-Nazr se bhi ek (1) aali sanad se haath lagi hai*". (Meezaan-ul-Etedaal liz Zahbi: V8 P258 [T: Al-Bajaawi])

Haasil ye hua ke Nazr bin Shaiban is riwayat mein mutafarrid nahi hai, balke ek (1) doosra raawi bhi usi riwayat ko naql karta hai jiski sanad aali hai.

Aage farmate hain: "*Agar ham Nazr bin Shaibaan ke andar zof tasleem kar bhi le'n to bhi taadaad-e-turq se uska anjbaar*[1] *ho jaata hai*". (Ahsan at-Tanqeeh: P380)

Mulaahaza farmae'n! Imam Zahbi رحمہ اللہ ne apni jo aali sanad zikr ki hai wo bhi oopar pohonch kar Nazr bin Shaibaan se hi milti hai. Yaane Imam Zahbi رحمہ اللہ ki sanad mein bhi ye zaeef raawi maujood hai, lihaaza us sanad ka hawaala dekar ye kehna ke Nazr bin Shaibaan is riwayat mein mutafarrid nahi hai, bahut hi ajeeb-o-ghareeb hone ke saath usool-e-hadees se na-waaqfiyat ka bhi ghammaaz[2] hai.

Saniyan: Agar is hadees ko sahih bhi maan le'n to Quran mein jis namaz-e-tahajjud ka zikr hai wo aam kaifiyat waali namaz-e-tahajjud hai, jabke ramzan mein yehi tahajjud alag kaifiyaat mein adaa ki jaati hai, jiski taaleem Nabi ﷺ ne deen-e-islaam hai aur uski targheeb deen-e-islaam hai, is liye uski nisbat Nabi ﷺ ki taraf hai. Isse sirf dono ki kaifiyat alag-alag hona saabit hota hai, naake aslan dono namazo'n ka alag-alag hona jaisa ke ma-qabl mein wazaahat ki ja chuki hai.

[1] T: (اِنْجِبار) Jod baethna, marammat hona [RKT]
[2] T: (غَمّاز) Aeb bayaan karne waala ya zaahir karne waala [RKT]

Sahih Muslim Ki Ek (1) Hadees Se Ghalat Istidlaal:

Imam Muslim رحمہ اللہ (d 261h) farmate hain:

حدثني زهير بن حرب، حدثنا أبو النضر هاشم بن القاسم، حدثنا سليمان، عن ثابت، عن أنس رضى الله عنه قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم، يصلى في رمضان، فجئت فقمت إلى جنبه، وجاء رجل آخر، فقام أيضا حتى كنا رهطا فلما النبي صلى الله عليه وسلم أنا خلفه جعل يتجوز في الصلاة، ثم دخل رحله فصلى صلاة لا يصليها عندنا، قال: قلنا له حين أصبحنا أفطنت لنا الليلة؟ قال: فقال: نعم، ذاك الذي حملني على الذي صنعت .....

"*Syedna Anas رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ramzan mein namaz padhte the, so main aaya aur Aap ﷺ ke pehlu mein khada ho gaya aur doosra shakhs aaya wo bhi khada ho gaya, yahan tak ke ek (1) jamat jama ho gai, phir jab Aap ﷺ ne hamari sun-gun paai*[1] *to namaz halki padhne lage, phir apne khema mein tashreef le gae aur aisi namaz padhi (yaane bahut lambi) ke hamare saath na padhte the, phir ham ne subh ko zikr kiya ke Aap ﷺ ko kya khabar ho gai thi raat ko hamari iqtida ki? Aap ﷺ ne farmaya: Haa'n, usi sabab se to maine kiya jo kuch kiya (yaane namaz halki ki)…*". (Sahih Muslim: V3 P775 H1104)

Is hadees se ye mafhoom kasheed kiya jaata hai ke Nabi ﷺ ne masjid mein sahaba ke saath jo namaz padhi thi wo taraweeh thi aur khema mein jaakar jo namaz padhi thi wo tahajjud thi.

Arz hai ke is hadees ka siyaaq saaf taur se dalaalat karta hai ke Nabi ﷺ masjid mein jo namaz padh rahe the, usi namaz ka baqiyya hissa jaakar kehma mein padha tha aur masjid mein uska padhna is liye band kar diya tha kyounke aap ke saath Sahaba bhi shareek-e-namaz ho gae the au rchoonke Aap ﷺ taweel namaz padhna chaahte the is liye ye pasand nahi farmaya ke Sahaba ke saath namaz ko lamba kare'n, lihaaza Aap ﷺ ne jab Sahaba ki shumooliyat mehsoos ki to namaz mukhtasar kardi aur phir masjid se nikal kar khema mein chale gae aur waha'n jaakar tawaalat ke saath usi namaz ko mukammal kiya.

Hadees mein jo ye mazkoor hai ke khema mein Aap ﷺ ne aisi namaz padhi jo hamare saath nahi padhte the, isse muraad namaz ki tawaalat

[1] T: (سُن گُن) Ilm hona, khabar milna/pohonchna [RKT]

hai. Yaane Aap ﷺ ne khema mein jitni taweel namaz padhi utni taweel namaz hamare saath nahi padhte the.

Allama Muhammad bin Ali bin Aadam bin Musa al-Ethiopi is hadees ki sharh mein likhte hain: 'والمراد أنه صلى الله عليه وسلم صلى في رحله صلاة طويلة لم يصلها معهم'

"*Isse muraad ye hai ke Aap ﷺ ne apne kheme mein itni taweel namaz padhi thi ke utni taweel namaz Aap ﷺ sahaba ke saath na padhte the*". (Al-Bahr al-Muheet as-Sajaaj Fee Sharah Sahih Muslim: V20 P617)

Maaloom hua ke Aap ﷺ ne us raat do (2) alag-alag namaze'n nahi padhee'n, balke ek (1) hi namaz thi jise Sahaba ke saath mukhtasar ada kiya aur phir usi namaz ko khema mein jakar tawaalat ke saath adaa kiya.

Note: Is hadees mein 'رحل' (khema) se muraad masjid ki wo jagah hai jo Aap ﷺ ke etekaaf ke liye mukhattas[1] thi. (Al-Bahr al-Muheet as-Sajaaj: V20 P617)

Kya Imam Bukhari رحمہ اللہ Ne Taraweeh Ke Baad Tahajjud Bhi Padhi?

Imam Bayhaqi رحمہ اللہ (d 458h) farmate hain:

أخبرنا أبو عبد الله الحافظ، أخبرني محمد بن خالد الصوفي، حدثنا مسبح بن سعيد، قال كان محمد بن إسماعيل البخاري إذا كان أول ليلة من شهر رمضان يجتمع إليه أصحابه فيصلي بهم، فيقرأ في كل ركعة عشرين آية، وكذلك إلى أن يختم القرآن، وكذلك يقرأ في السحر ما بين النصف إلى الثلث من القرآن، فيختم عند السحر في كل ثلاث ليال، وكان يختم بالنهار كل يوم ختمة، ويكون ختمه عند الإفطار كل ليلة، ويقول: عند كل ختمة دعوة مستجابة.

"*Misbah bin Saeed kehte hain ke Muhammad bin Ismail Bukhari رحمہ اللہ ka maamool ye tha ke jab ramzan ki pehli raat hoti to aap ke shaagird aap ke saath jama hote, Imam Bukhari رحمہ اللہ unhe'n namaz padhate aur har rakat mein bees (20) aayaat padhte, yahan take ke Quran khatm karte, isi tarah sehr ke waqt bhi Quran ke aadhe aur tihaai hisse ke darmiyaan padhte, is tarah har teen (3) raat mein sehr ke waqt ek (1) Quran khatm karte aur din mein bhi rozaana ek (1) Quran khatm karte. Ye khatm iftaar ke waqt har raat hota aur farmate ke har Quran ke khatm ke baad dua qubool hoti hai*". (Shobul Imaan: V3 P524; Muqaddama Fath-ul-Baari: P481)

Is riwayat ki bina par kaha jaata hai ke Imam Bukhari taraweeh ke saath

[1] T: (مُخْتَص) Makhsoos, muntakhab kiya hua, khaas [RKT]

sehr ke waqt namaz-e-tahajjud bhi padhte the.

Arz hai:

Awwal: Is riwayat mein sehr ke waqt namaz-e-tahajjud padhne ki saraahat nahi, balke sirf Quran padhne ki saraahat hai, neez isi riwayat mein aage ye bhi hai ke Imam Bukhari ﷺ din mein bhi Quran khatm karte the to kya isse ye muraad hoga ke din mein bhi Imam Bukhari ﷺ kisi tarah ki namaz padhte the aur usi mein Quran khatm karte the? Zaahir hai ke koi bhi aisi baat nahi keh sakta. Lihaaza sehr ke waqt bhi jab sirf Quran padhne ka zikr hai to baghaer kisi sareeh daleel ke yahan namaz ke andar Quran padhna muraad nahi liya ja sakta.

Saniyan: Ye riwayat saabit bhi nahi hai, kyounke Imam Bukhari ﷺ se ye baat naql karne waale Misbah bin Saeed hain. Baaz sanado'n mein ye naam kaatibo'n ne ghalat likha hai, lekin sahih naam Misbah bin Saeed hi jaisa ke aksar kitaabo'n mein hai. (Shobul Imaan: V3 P524; Taareekh Dimishq: V52 P79; Taghleeq at-Taaleeq li-Ibne Hajar: V5 P399)

Neez doosri riwayaat ki kai sanado'n mein bhi yehi naam hai. Ye Abu Jaafar Misbah bin Saeed al-Waraaq al-Bukhari hain. Unke haalaat aur unki tauseeq hame'n nahi mil saki, lihaaza ye riwayat saabit nahi hai.

Aks Makhtoota Fawaaid Abi Bakr an-Nisapuri (ق135/ب)